وانچہ آن بابیل با آن پیل کرد | وانچہ پشہ کلۂ نمرود خورد
وانکہ سنگ انداخت داؤدے بدست | گشت سہ صد پارہ و لشکر شکست
سنگ می بارید بر اعدائے لوط | تا کہ در آب سیہ خوردند غوط
گر بگویم از جمادات جہان | عاقلانہ یاری پیغمبران
مثنوی چندان شود کہ چل شتر | گر کشد عاجز شود از بار بر

[۱] جلد آ بلقیس ورنہ ہو برا | دشمن اور باغی ہو سب لشکر ترا
پردہ دار ابتر ترے در کو کرے | جان تیری دشمنی تجھسے رکھے
[۲] سارے ذراتِ زمین و آسمان | حق کے لشکر ہین بوقت امتحان
باد کو دیکھا کیا کیا عاد سے | آب کو دیکھا کہ کیا طوفان رکھے
جو کچھ اس دریا نے فرعون پر کیا | اور زمین نے جو کہ قارون پر کیا
جو کیا بابیل نے اس پیل سے | جو کیا مچھر نے اس نمرود سے
پھینکا جو داؤد نے اس سنگ کو | مار لشکر تین سو ٹکڑے وہ ہو
سنگ برسے دشمنون پر لوط کے | تا وہ غرق آب سیہ مین ہو گئے
مین جماداتِ جہان کی یاوری | گر کہون پیغمبرون سے جو کری
[۳] اسقدر ہو مثنوی کہ نے اٹھے | وہ اگر چالیس اونٹون پر لدے

[۱] جلد آ آلخ ۲ شعر اے بلقیس جلد آ ورنہ برا ہووے باغی و دشمن سب لشکر تیرا ہووے پردہ دار تیرے دروازے کو ابتر کرے اور تیری جان تجھسے دشمنی رکھے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ [۲] سارے آلخ ۷ شعر سب ذرات زمین و آسمان کے لشکر حق کے ہین وقت امتحان کے باد کو دیکھا کہ کیا کیا عاد سے وہ آب کو دیکھا کہ کیا کیا طوفان رکھتا ہے جو کچھ اس دریا نے فرعون پر کیا اور زمین نے جو کہ قارون پر کیا جو کیا ہے ابابیل نے اس پیل سے جو کیا اس مچھر نے نمرود پر جو داؤد نے اس سنگ کو پھینکا تو مار لشکر کو تین سو ٹکڑے ہو کر لوط کے دشمنون پر سنگ برسے تا کہ وہ غرق آب سیاہ ہو گئے مین جمادات جہان کی مددگاری اگر کہون جو پیغمبرون نے کی ہے یعنی سب موجودات جہان حق کے لشکر ہین کہ اسکے حکم سے باغیان حق کے ساتھ کیا کیا کچھ کیا آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ [۳] اسقدر آلخ ۶ شعر اسقدر مثنوی ہووے کہ نہ اٹھے اگر وہ چالیس اونٹ پر لدے جبکہ کافر گواہی دست و پا دیوے وہ حق کا لشکر ہووے اور یہ کافر ہووے اے ضد کرنے والے حق سے فعل مین تو درمیان اسکے لشکر کے ہی خوف کر تیرا جزو جزو اسکے لشکر کا لشکر مطیع ہے اب بغاوت سے وہ تیرا مطیع ہے اگر وہ کہے چشم کو پیرو درد ہووے اور وہ درد سو مغز تجھ سے نکالے اگر دانتون سے کہے کہ تم وبال لاؤ تو دانتون سے گوشمال دیکھے یعنی جیسے جماد حق کے حکم مین ہین اسی طرح تیرے جزو جزو بھی سب حق کے لشکر ہین جسکو وہ حکم دے وہ وبال لائے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

دست بر کافر گواهی میدهد — لشکر حق میشود سر می نهد
دست کافر پہ گواہی جبکہ دے — حق کا لشکر ہووے وہ یہ سر رکھے

ای نموده ضد حق در فعل درس — در میان لشکر اوئی بترس
حق سے اے ضد کرنیوالے فعل پر — درمیان لشکر کے ہی تو اسکے ڈر

جزو جزوت لشکر او در وفاق — مر ترا اکنون مطیع اند از نفاق
تیرا جز جز لشکر اسکا ہے مطیع — اب بغاوت سے وہ تیرا ہی مطیع

گر بگوید چشم را کو را فشار — درد چشم از تو بر آرد صد دمار
گر کہے وہ چشم کو پر درد ہو — سو نکالے مغز تجھسے درد و دو

گر بدندان گوید او بنما وبال — پس ببینی تو ز دندان گوشمال
گر کہے دانتون کو تم لاؤ وبال — دیکھے تو دانتون سے از بس گوشمال

باز کن طب را بخوان باب العلل — تا ببینی لشکر تن را عمل
سلہ کھول تو طب کو پڑھ باب العلل — تا تو دیکھے لشکر تن کا عمل

چونکه جان جان هر جزوت ویست — دشمنی با جان جان آسان کیست
جان کی جان ہر جزو کی تیری وہ ہے — دشمنی کب سہل جان کی جان سے

خود رها کن لشکر دیو و پری — کز میان جان کنندم صفدری
لشکر دیو و پری سے تو گذر — کہ کرون مین جان مین تیرے اثر

ملک را بگذار بلقیس از نخست — چون مرا یابی همه ملک آن تست
چھوڑ اے بلقیس پہلے ملک کو — مجھکو پائے ملک وہ سب ملک ہو

خود بدانی چون بر من آمدی — که تو بے من نقش گرمابه بدی
جانے تو خود پاس میرے آئے جو — نقش تھی حمام کی بے میرے تو

نقش اگر خود نقش سلطان غنیست — صورتست از جان خود بی چاشنیست
نقش ہی گر نقش سلطان غنی — ہے وہ صورت جان سے بے چاشنی

زینت او از برای دیگران — باز کرده بیهده چشم و دهان
زینت اسکی دوسرون کے واسطے — آنکھ منھ بیہودہ کھولا کس لئے

ای که در بیگار خود را باخته — دیگران را تو ز خود نشناخته
سلہ تو نے اک بیگاری اپنے کو کیا — دوسرون کو خود سے نے جانا ذرا

تو بهر صورت که آئی نیستی — که منم این و الله آن تو نیستی
آیا جس صورت پہ تو قائم رہا — کہ یہ مین ہون واللہ نے تو وہ ذرا

یکزمان تنها بمانی تو ز خلق — در غم و اندیشه مانی تا بحلق
خلق سے تنہا تو گر دم بھر رہے — فکر و غم مین حلق تک تو غرق ہے

این تو کے باشی که تو آن اوحدی — که خوش و زیبا و سرمست خودی
تو یہ کب ہے بلکہ وہ واحد تو ہے — کہ خوش و زیبا و سرمستی رکھے

مرغ خویشی صید خویشی دام خویش — صدر خویشی فرش خویشی بام خویش
مرغ اپنا صید اپنا اپنا دام — صدر اپنا فرش اپنا اپنا بام

جوهر آن باشد که قائم با خودست — آن عرض باشد که فرع او شدست
وہ ہی جوہر جو کہ قائم آپ ہے — وہ عرض ہے جو کہ وہ شاخ اک بنے

---

سلہ کھول الخ ے شعر تو طب کھول اور باب مرض کا پڑھ تاکہ تو لشکر تن کا عمل دیکھے تیرے ہر ایک جزو کی جان وہ ہی ہے
کب دشمنی سہل ہے جان کی جان سے یعنی جان کی جان خدا ہے آگے رجوع بقصہ ہے تو لشکر دیو و پری سے گذر کہ مین تیری جان
مین اثر کرون اے بلقیس پہلے ملک کو چھوڑ دے جو تو مجھکو پائے وہ سب ملک تیری ہووے تو خود کو جانے جو میرے پاس آئے
کہ تو ایک نقش حمام کا بغیر میرے تھی اگر سلطان کا نقش ہے تو وہ ایک نقش ہے پس وہ صورت ہے اور جان سے بے چاشنی ہے
اس کی زینت دوسرون کے واسطے ہے اور ہاتھ منھ بیہودہ کس واسطے کھولا یعنی اگر تو میرے پاس آئے تو خود کو پہچانے ورنہ
تو مثل ایک نقش کے بے جان ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ١٢ سلہ تو نے الخ ٦ شعر تو نے خود کو ایک بیگاری کہا دوسرون
کو خود سے ذرا نہین جانا یعنی وہ بھی تو ہی کہے تو جس صورت پر آیا قائم رہا کہ مین یہ ہون اور واللہ تو وہ ذرا نہین ہے اگر تو دم بھر مین خلق
سے تنہا رہے فکر و غم مین حلق تک تو غرق ہے آگے حقائق ہین یہ تو کب ہے بلکہ تو وہ واحد ہے کہ خوش و زیبا و سرمستی رکھتا ہے مرغ اپنا و
صید اپنا و دام اپنا و صدر اپنا و فرش اپنا و بام اپنا وہ جوہر ہے کہ جو قائم خود ہے اور وہ عرض ہے جو ایک شاخ بنتا ہے یعنی تو خود
ذات حق ہے اور خود کو مثل دوسرون کے بیگاری جانتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ١٢

| | | | |
|---|---|---|---|
| گر تو آدم زادهٔ چون او نشین<br>چیست اندر خم که اندر نهر نیست<br>این جهان خم ست و دل چون جوی آب | جملهٔ ذرات را در خود بہ بین<br>چیست اندر خانه کاندر شهر نیست<br>این جهان حجره ست و دل شهر عجاب | گر ہی آدم زاد تو مثل اسکے بیٹھ<br>خم مین کیا ہے جو نہین ہی نہر مین<br>یہ جہان خم اور دل جون نہر ہے | جملہ ذرون کو تو اندر اپنے دیکھ<br>گھر مین کیا ہے جو نہین ہے شہر مین<br>یہ جہان گھر اور دل جون شہر ہے |

## ظاہر گردانیدن سلیمان عم که خالصاً لامر اللہ جہد است در ایمان تو یک ذرہ غرضے نیست مرا نه در نقش تو و نه در حسن تو و نه در ملک تو چون چشم جانت باز شود خود بہ بینی

## ظاہر کرنا سلیمان عم کا که خاص واسطے اللہ کے کوشش ہے اور تیرے ایمان مین ایک ذرہ مجکو غرض نہین ہے نہ تیرے نقش مین نہ تیرے حسن مین اور نہ تیرے ملک مین جب کہ آنکھ جان تیری کی کھلے گی تو خود دیکھ لیگی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہین بیا کہ من رسولم دعوتی<br>ور بود شہوت امیر شہوتم<br>بت شکن بود ست اصل اصل ما<br>گر در آیم از رہی در بتکدہ | چون اجل شہوت کشم نی شہوتے<br>نے اسیر شہوت در وی بتم<br>چون خلیل حق و جملہ انبیا<br>بت سجود آرد بجا در معبدہ | جلد آ کہ مین نبی ہون دعوتی<br>گر ہو شہوت مین ہون شہوت کا امیر<br>بت شکن ہے اصل کی اصل امری<br>بتکدے مین آؤن گر مین آپ سے | توڑون شہوت جون اجل نے شہوتی<br>نہ ہون روئے بت نہ شہوت کا اسیر<br>جون خلیل اللہ اور جملہ نبی<br>بت کرے معبد مین سجدہ بس مجھے |

۵۱ گر ہے الخ ۳ شعر اگر تو آدم زاد ہے اسکے مانند بیٹھ اور سب ذرون کو اپنے اندر دیکھ آگے اسکی مثال ہے خم مین کیا ہے جو کہ نہر مین نہین ہے گھر مین کیا ہے جو کہ شہر مین نہین ہے یہ جہان خم ہے اور دل مانند نہر کے ہے یہ جہان گھر ہے اور دل مانند شہر کے ہے یعنی جو ذات اسکی تمام جہان مین پر ہے وہ ہی جسم انسان مین ہے مگر ہر جا ایک کے ساتھ ظہور کرتی ہے جیسے تابش آفتاب کی ہر ایک جا پر ہے مگر ذرے مین چمکتی ہے اسی طرح ذات حق کی ہر ایک شے مین ہے مگر انسان مین اور ہی چمک دکھاتی ہے الا اسکے دیکھنے کو چشم باطن چاہیئے یہ توحید ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۲ جلد آ الخ ۷ شعر اے بلقیس جلد آ کہ مین پیغمبر اہل دعوت ہون و شہوت توڑتا ہون مانند اجل کی اور اہل شہوت نہین ہون اگر شہوت ہو مین شہوت کا امیر ہون نہ روئے بت و نہ شہوت کا اسیر ہون میری اصل کی اصل بت شکن ہے مانند خلیل اللہ کے و جملہ انبیا کے بتکدے مین اگر مین آپ سے آؤن بت معبد مین سجدہ مجھے کرے یعنی مولانا مقام تشبیہ سے تنزیہ کی جانب جانا بیان فرماتے ہین آگے اسکے حقائق ہین بتخانہ مین احمد صلعم اور ابو جہل گئے اس جانے اور اس جانے مین فرق ہے وہ آئین بت انکو سجدہ کرین اور اگر یہ آئے بت کو یہ سجدہ کرے مانند امت کے جہان شہوتی بتخانہ ایک ہے اور انبیا کفار کا گھر ہے یعنی دنیا ایک بتخانہ ہے انبیا و کفار دونون اس مین رہتے ہین مگر فرق دونون مین اتنا ہے کہ دنیا انبیا کی تابعدار ہے اور کفار دنیا کے فرمانبردار ہین آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| احمد و بوجہل در بتخانہ رفت | زین شدن تا آن شدن فرقیست زفت | دیر مین بوجہل و احمد بس گئے | فرق اُس جانے مین اس جانی مین ہے |
| این درآید سر نہند او را بتان | ان درآید سر نہد چون امتان | آئین وہ سجدہ کرین انکو بتان | آئے یہ سجدہ کرے جون امتان |
| این جہان شہوتے بتخانہ ایست | انبیا و کافران را لانہ ایست | ہے جہان شہوتی بتخانہ ایک | انبیا کفار کا کاشانہ ایک |
| لیک شہوت بندۂ پاکان بود | زر نہ سوزد زانکہ نقد کان بود | [1] پر یہ شہوت بندۂ پاکان ہے | نے جلے زر کیونکہ نقد کان ہے |
| کافران قلب اند و پاکان ہمچو زر | اندرین بوتہ در اند این دو نفر | کھوٹا زر کافر ہین پاکان مثل زر | اس کٹھائی مین ہین یہ دونون نفر |
| قلب چون آمد سیہ شد در زمان | زر درآمد زری او شد عیان | کھوٹا زر آئے سیہ ہو اُس مان | زر کھرا آئے کھراپن ہو عیان |
| دست و پا انداخت اندر بوتہ زر | در رخ آتش ہمی خندہ چو خور | اس کٹھائی مین وہ مارے دست و پا | اور ہنسے جون خور وہ آتش مین پڑا |
| جسم ما روپوش باشد در جہان | ما چو دریا زیر این کہ در نہان | تن ہمارا روپوش ہے اندر جہان | مثل دریا زیر کہ ہون مین نہان |
| شاہ دین را منگر ای نادان بطین | کین نظر کردست ابلیس لعین | شاہ دین کو دیکھ مت مٹی سے تو | کہ نظر حاصل تھی یہ ابلیس کو |
| کے توان اندود این خورشید را | با کفے گل تو بگو آخر مرا | [2] کب کرے آلودہ اس خورشید کو | ایک مٹھی خاک سے کہہ مجھکو تو |
| گر بریزی خاک و صد خاکسترش | بر سر نورا و برآید بر سرش | گر تو پھینکے خاک اُس کے نور پر | خاک وہ تجھپر پڑے وہ لوٹکر |
| کہ کہ باشد کہ بپوشد روے آب | طین کہ باشد کہ بپوشد آفتاب | کاہ کیا ہے کہ چھپائے روے آب | مٹی کیا ہے کہ چھپائے آفتاب |
| خیز بلقیسا چو ادہم شاہ وار | دود ازین ملک سہ روزہ برآر | اٹھ تو اے بلقیس ادہم کی مثال | ملک فانی کی ہوس سے نکال |

| | |
|---|---|
| بقیہ قصۂ ابراہیم ادہم روح اللہ روحہ | باقی قصۂ ابراہیم ادہم روح اللہ روحہ کا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بر سر تختے شنید آن نیکنام | طقطقے و ہاے ہوئے شب ز بام | [3] رات کو اُسنے سنا بس تخت پے | ہائے ہو اور کھٹ کھٹاہٹ بام سے |
| گامہاے تند بر بام سرا | گفت با خود این چنین زہرہ کرا | دلمین سوچا کہ یہ طاقت کسکو ہے | کہ کرے یہ کام مشکل بام سے |
| بانگ زد بر روزن قصر او کہ کیست | این نباشد آدمی ماناپریست | روزن خانہ سے بس آواز دی | کون ہے نے آدمی بل ہے پری |

سلہ پر یہ شہوت الخ ۶ شعر ولیکن یہ شہوت پاکون کی بندہ ہے زر نہین جلتا ہے کیونکہ نقد کان ہے کافر کھوٹا زر و پاک مثل زر خالص کے ہین اس کٹھائی دنیا مین یہ دونون زر ہین اگر کھوٹا زر آئے سیاہ اسدم ہووے اور اگر کھرا زر آئے کھراپن عیان ہووے اس کٹھائی مین وہ ہاتھ پانون مارے اور ہنسے مانند خورشید کہ وہ آتش مین پڑا ہمارا بدن روپوش جہان مین ہے اور مانند دریاے زیر کاہ پوشیدہ ہون شاہ دین کو تو مٹی سے مت دیکھ کہ یہ نظر ابلیس کو حاصل تھی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ کب کرے الخ ۴ شعر کب آلودہ کرے اُس خورشید کو ایک مٹھی خاک سے تو مجھ کو کہ اگر تو خاک اُس کے نور پر پھینکے وہ خاک تجھپر لوٹ کر پڑے گی کاہ کیا ہے کہ روے آب کو چھپائے مٹی کیا چیز ہے کہ آفتاب کو چھپائے اے بلقیس تو اٹھ ادہم کے مانند اور ملک فانی کی ہوس سر سے نکال یعنی اولیاء اللہ کو ایک بشر تو مشت خاک سے نہ جان آگے ابراہیم ادہم کا قصہ ہے فافہم ۱۲ سلہ رات کو الخ ۳ شعر رات کو اُس نے ایک تخت پر سنا ہاے ہو اور کھٹ کھٹاہٹ بام سے دل مین سوچا کہ یہ کسکو طاقت ہے کہ یہ مشکل کام بام پر کرے پس روزن خانہ سے آواز دی کہ کون ہے تو آدمی نہین بلکہ پری ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سر فرو بردند قومے بو العجب / ما ہمی گردیم شب بہر طلب
ہین چہ می جوئید گفتند اشتران / گفت اشتر بام بر کہ جست آن
پس بگفتندش کہ تو بر تخت جاہ / تو ہمی جوئی ملاقات اِلٰہ
خود ہمان بد دیگر او کس ندید / چون پری از آدمی شد ناپدید
معنیش پنہان و او در پیش خلق / خلق کے بینند غیر ریش و دلق
چون ز چشم خویش و خلقان دور شد / ہمچو عنقا در جہان مشہور شد
جان سیمرغے کہ آمد سوے قاف / جملہ عالم از و یابند لاف
چون رسید اندر سبا آن نور شرق / غلغلے افتاد در بلقیس و خلق
روحہاے مردہ جملہ پر زدند / مردگان از گور تن سر بر زدند
یک دگر را مژدہ میدادند ہان / یک ندائے میرسد از آسمان
زان ندا دینہا ہمی گردند گبز / شاخ و برگ دل ہمی کردند سبز
از سلیمان آن نفس چون نفخ صور / مردگان را وا رہانید از قبور
مر ترا بادا سعادت بعد ازین / غم گذشت واللہ اعلم بالیقین

جھانکے جھانک کر اُس قوم نے کی گفتگو / ڈھونڈھتے پھرتے ہین ہم سب رات کو
ڈھونڈھتے کیا ہو کہا ہم اونٹ کو / بولا چھت پر اونٹ کب یا لاش ہو
بولے وہ کہ تخت شاہی پر سدا / کس طرح ڈھونڈھے تو ہو وصل خدا
خود وہی تھا نے کسیکو وہ دکھا / جون پری سا آدمی سے چھپ گیا
معنی پنہان اور وہ ہے پیش خلق / خلق کب دیکھے سوائے ریش و دلق
خود سے اور مخلوق سے جو دور ہو / مثل عنقا سب مین وہ مشہور ہو
جان سیمرغ آئے جو کہ قاف کو / جملہ عالم اُس پہ مارے لاف کو
جبکہ پہونچا وہ سبا مین نور شرق / شور بس کرنے لگے بلقیس و خلق
روح سب مردون کی خوش خرم ہوئی / زندگی مردون کو گور و تن ملی
دیتے آپس مین مبارکبادیان / کہ یہ پہونچی ہے ندائے آسمان
رونق دین اس ندا سے کرتے تھے / شاخ دل کو سبز اپنی کرتے تھے
پس سلیمان سے وہ دم جون نفخ صور / زندہ مردون کو کرے اندر قبور
بعدہ تجکو سعادت ہو مبین / غم گیا واللہ اعلم بالیقین

## بقیہ قصہ اہل سبا و ارشاد سلیمان ع مر آل بلقیس را کہ ہر یکی اندر خود و مشکلات

## باقی قصہ اہل سبا کا اور ارشاد کرنا سلیمان ع کا قوم بلقیس کو کہ ہر ایک خود مین و مشکلات

۵۱ جھانک کر الخ ۶ شعر اُس قوم نے جھانک کر گفتگو کی کہ ہم سب ڈھونڈھتے پھرتے ہین رات کو کیا ڈھونڈھتے ہو کہا ہم اونٹ کو ڈھونڈھتے ہین اُنھون نے کہا چھت پر کب اونٹ تلاش ہوتا ہے اُنھون نے کہا کہ تخت شاہی پر کس طرح ڈھونڈھتا ہے وصل خدا کا آگے اسکے حقائق ہین خود وہی تھا اور کسیکو وہ نہ دکھا پری کے مانند آدمی سے وہ چھپا یعنے پوشیدہ اُس کا اور وہ آگے خلق کے خلق کب دکھتی ہے بجز ریش کے اور لباس کے جو خود سے و مخلوق سے دور ہو عنقا کے مانند وہ سب مین مشہور ہو یعنی بام پر جو تلاش شتر کرتی تھی وہ خود ذات تھی کہ شکل بشر ہو کر آئی تھی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۲ جان سیمرغ الخ ۷ شعر جو جان سیمرغ کوہ قاف کو آئے تمام عالم اُسپر لاف مارتا ہے جبکہ وہ سبا مین نور شرق پہونچا پس شور کرنے لگی بلقیس و خلق اللہ یعنی جناب رسول مقبول صلعم جبکہ سبا نا سوت مین آئے سب مشتاق ہوئے و خلق مثل سبا کے شور و غل کرنے لگی مردون کی روح خوش و خرم ہوئی مُردون نے زندگی گور تن مین پائی آپس مین مبارکبادیان دینے لگے کہ یہ ندائے آسمانی پہونچی ہے رونق دین کی اُس ندا سے کرتے تھے اور اپنی شاخ دل کو سبز کرتے تھے پس سلیمان علیہ السلام سے وہ دم مانند نفخ صور کے مردون کو کرتے اندر قبور کی یعنی جناب رسول مقبول صلعم کے تشریف لانے سے دنیا مین مردہ دل زندہ ہوتے تھے بعدہ تجکو سعادت ہین غم گیا اللہ خوب جانتا ہے ساتھ یقین کے آگے قصہ اہل سبا کے حقائق مین ہے فافہم ۱۲

## دین دیدہ کشاینده وصید کردن ہر مرغ را بصفیر ہمان جنس مرغان

## دین مین نظر کرین اور شکار کرنا ہر مرغ کا اُسی جنس کے مرغون کی صفیر سے

قصہ گویم از سبا مشتاق وار — چون صبا آمد بسوے لالہ زار
لاقت الاشباح یوم وصلہا — عادت الاولاد صوب اصلہا
امۃ العشق خفی فی الامم — مثل جود حولہ یوم السقم
ذلۃ الارواح من اشباحہا — عزۃ الاشباح من ارواحہا
ایہا العشاق السقیا لکم — انتم الباقون والبقیا لکم
ایہا الشابون قوموا اعشقوا — ذاک ریح یوسف فاستنشقوا
منطق الطیر سلیمانی بیا — بانگ ہر مرغے کہ آید می سرا
چون بمرغانت فرستاد ست حق — لحن ہر مرغے بدادست سبق
مرغ جبری را زبان جبر گو — مرغ پر اشکستہ را از صبر گو

کہتا ہون قصہ سبا مشتاق وار[۵۱] — جون صبا آیا بسوے لالہ زار
لاقت الاشباح یوم وصلہا — عادت الاولاد صوب اصلہا
ملاقات کی بدنون نے روز وصل اپنی کے — عود کیا اولاد نے طرف اصل اپنی کے ۱۲
امۃ العشق خفی فی الامم — مثل جود حولہ یوم السقم
گروہ عاشقون کا پوشیدہ ہے آدمیون مین ۱۲ — مانند اُس سخی کے کہ گرد اُسکے رنج وملامت ہے
ذلۃ الارواح من اشباحہا — عزۃ الاشباح من ارواحہا
خواری جانون کی انکے جسمون سے ہے ۱۲ — ارجمندی جسمون کی انکی ارواح سے ہے ۱۲
ایہا العشاق السقیا لکم — انتم الباقون والبقیا لکم
اے عاشقو پینا شراب محبت کا تمہارے لئے ہے ۱۲ — تم ہمیشہ رہوگے اور ہمیشگی تمہارے لئے ہے ۱۲
ایہا الشابون قوموا اعشقوا — ذاک ریح یوسف فاستنشقوا
اے جوانو کھڑے رہو اور عاشق ہو ۱۲ — وہ عشق بوے یوسف ہے بس سونگھو اس بوکو ۱۲
منطق الطیر سلیمانی توآ[۵۲] — بانگ مرغون کو کہ جو آئے سُنا
بھیجا حق نے پاس مرغون کے تجھے — لحن مرغون کا دیا پہلے تجھے
مرغ جبری کو تو کہہ بس جبر سے — مرغ پر ٹوٹے کو کہہ تو صبر سے

۵۱ کہتا ہون آلخ ۶ شعر قصہ سبا کا کہتا ہون مشتاق کے مانند کہ صبا کے مانند آیا طرف لالہ زار کے ترجمہ ملاقات کی بدنون نے بروز وصل لینے کے عود کیا اولاد نے طرف اصل اپنی کی ترجمہ گروہ عاشقون کا پوشیدہ ہے آدمیون مین مانند اُس سخی کے کہ گرد اُس کے رنج وملامت ہے ترجمہ خواری جانون کی ان کے جسمون سے ہے ارجمندی جسمون کی ارواح انکی سے ہے ترجمہ اے عاشقو شراب محبت کا پینا تمہارے لئے ہے تم ہمیشہ رہوگے اور ہمیشگی تمہارے لئے ہے ترجمہ اے جوانو کھڑے ہو اور عاشق ہو وہ عشق بوے یوسف ہے پس سونگھو اس بو کو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

۵۲ منطق الطیر آہ ۴ شعر اے منطق الطیر سلیمانی تو آ بانگ مرغون کی کہ جو آئے سُنا یعنی وحی الٰہی جو آئے ہم کو سُنا تجھ کو مرغون کے پاس بھیجا اللہ نے اور لحن مرغون کا اول تجھ کو دیا مرغ جبری کو زبان جبری سے کہہ مرغ پر ٹوٹے کو صبر سے کہہ مرغ صابر کو تو خوش رکھ اور معاف مرغ عنقا کو سنا او صاف قاف سے ہر ایک کی زبان مین یارسول اللہ تم راز الٰہی سنادو کہ تاتسکین ہووے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

مرغ صابر را تو خوش دار و معاف
مرغ عنقا را بخوان اوصاف قاف
مر کبوتر را حذر فرما ز باز
باز را از حلم گوے و احتراز
وان خفاشے را که ماند او بینوا
می کنش با نور جفت و آشنا
کبک جنگی را بیاموزان تو صلح
مر خروسان را نما اشراط صبح
همچنین میرو ز هدهد تا عقاب
ره نما واللہ اعلم بالصواب

مرغ صابر کو تو خوش رکھ اور معاف
مرغ عنقا کو سنا اوصاف قاف
اور کبوتر کو بچا تو باز سے
باز کو رکھ باز حلم و ساز سے
اور چمگادڑ کو جو ہے بینوا
کر موافق نور سے اور آشنا
کبک جنگی کو سکھا دے صلح تو
اور بتا مرغون کو شرط صبح تو
اسطرح ہدہد سے جا تو تا عقاب
رہ نما واللہ اعلم بالصواب

## آزاد شدن بلقیس از ملک و مست شدن او از شوق ایمان و التفات او از همه ملک منقطع شدن الا از تخت

## آزاد ہونا بلقیس کا ملک سے اور مست ہونا اسکا شوق ایمان سے اور جانا اسکے التفات کا سب ملک سے الا تخت سے باقی رہنا

چون سلیمان سوے مرغان سبا
یک صفیرے کرد بست آن جمله را
جز مگر مرغے که بد بیجان و پر
یا چو ماهی گنگ بود از اصل کر
نے غلط گفتم که کر گر سر نهد
پیش وحی کبریا سمعش دهد
چونکه بلقیس از دل و جان عزم کرد
بر زمان رفته هم افسوس خورد
ترک مال و ملک کرد او آنچنان
که بترک نام و ننگ آن عاشقان
آن غلامان و کنیزان بے ناز
پیش چشمش همچو پوسیده پیاز

سوے مرغان سبا کرکے صفیر
اس سلیمان نے کیا سبکو اسیر
ان سوا مرغون کے جو بیجان تھے
یا تھے بہرے مثل مچھلی اصل سے
نے غلط بولا جو بہرا سر رکھے
وحی کے آگے حق اسے شنوائی دے
عزم دل سے جو کیا بلقیس نے
کھایا افسوس اور گذشتہ عمر پے
چھوڑا ملک و مال اپنے آپ سے
چھوڑتا جون ننگ و نام عشاق ہے
وہ غلام اور لونڈیاں باحسن و ناز
آگے اسکے مثل پوسیدہ پیاز

سك ٥١ اور کبوتر الخ یے شعر کبوتر کو باز سے تو بچا اور باز کو کھلا رکھ علم و ساز سے اور چمگادڑ کو جو بے نوا ہے موافق اور آشنا کر نور سے کبک جنگی کو صلح سکھا دے اور مرغون کو بتا دے شرط صبح کی اس طرح ہدہد سے عقاب تک راہ بتلا اللہ خوب جانتا ہے یعنی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم تم عام سے خاص تک سب کو راستی عنایت کرو آگے رجوع بقصہ ہے جانب مرغان سبا کے آواز دے کر اس سلیمان علیہ السلام نے سب کو اسیر کیا ان مرغون کے سوا جو کہ بیجان تھے یا بہرے تھے مانند مچھلی اصل سے مین نے غلط نہین کہا کہ جو بہرا سر رکھے وحی کے آگے حق اسے شنوائی دے یعنی جو کوئی گوش شنوا نہین رکھتا ہے اگر وہ وحی الٰہی سے آگے سر رکھے حق اس کو گوش شنوا عنایت کرے آگے بلقیس کا حال ہے فافہم ١٢ سك ٥٢ عزم الخ یہ شعر جو بلقیس نے ارادہ دل سے کیا اور گذشتہ عمر پر افسوس کھایا اس نے ملک و مال آپ سے چھوڑا جیسے عشاق ننگ و نام چھوڑتے ہین وہ غلام وہ لونڈی سب سراپا ناز اس کے آگے مانند پیاز بوسیدہ کے تھے باغ اور محل اور آب روان عشق کے سبب سے ایک بھی ظاہر دیکھتے تھے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ١٢

باغہا و قصرہا و آب رود — بیش چشم از عشق گلخن می نمود
عشق در ہنگام استیلا و خشم — زشت گرداند لطیفان را بچشم
مر زمرد را نماید گند نا — غیرت عشق این بود معنی لا
لا الہ الا ہو انیست اے پناہ — کہ نماید مہ ترا دیگ سیاہ
ہیچ آل و ہیچ مخزن ہیچ رخت — نے دریغش آمد الا جز کہ تخت
پس سلیمان از دلش آگاہ شد — کز دل او تا دل او راہ بد
آن کسی کو بانگ مرغان بشنود — از ضمیر ہر یکے واقف بود
نالۂ مخفی موران بشنود — ہم فغان سر دوران بشنود
آنکہ گوید رمز قالت نملة — ہم بداند رمز این طاق کہن
دید از دورش کہ آن تسلیم کیش — تلخش آمد فرقت آن تخت خویش
گر بگویم آن سبب گردد دراز — کہ چرا بودش بہ تخت آن عشق ساز
گرچہ این کلک و قلم خود بیحسیست — نیست جنسے کاتب او را مونسیست
ہمچنین ہر آلت پیشہ ورے — ہست بیجان مونس ہر جانورے
این سبب را من معین گفتمی — گر نبود چشم فہمت را نمی
از بزرگی تخت کز حد میفزود — نقل کردن ہیچ نوع امکان نبود
خورد ہ کارے بود تفریقش خطر — ہمچو اوصال بدن با یکدگر
پس سلیمان گفت گرچہ فی الاخیر — سرد خواہد شد برو تاج و سریر

باغ اور محلات اور آب وان — عشق سے دکھتے تھے اک گلخن عیان
عشق[۱] وقت جوش اپنے خشم سے — بد دکھاتا نیک کو ہے آنکھ سے
اور زمرد کو دکھائے گند نا — عشق کی غیرت ہی ہے معنی لا
لا الہ الا ہو ہے اے پناہ — کہ دکھے مہ تجکو اک دیگ سیاہ
کچھ خزانہ مال اور کچھ رخت سے — نے تھا افسوس اسکو الا تخت سے
دل سے آگاہی سلیمان کو ہوئی — اسکے دل سے اسکے دل تک راہ تھی
وہ[۲] کوئی کہ بانگ مرغ کی سنے — ہر ضمیر دل سے آگاہی رکھے
چونٹیون کا نالۂ مخفی سنے — شور اسرار زمانہ بھی سنے
جو کہ کہوے رمز قالت نملة — پس وہ جانے رمز بھی طاق کہن
دور[۳] سے دیکھا فراق تخت جو — تھا گران اس صاحب تسلیم کو
گر کہون اسکا سبب ہووے دراز — کس لئے وہ تخت سے تھی عشقباز
گرچہ یہ کلک و قلم بے حس کہے — جنس نے کاتب کا مونس اسکا ہے
ایسے ہی ہر آلہ اہل کسب کا — مونس اہل جان کا بیجان ہوا
اس سبب کو مین معین کہتا اگر — تم کا چشم فہم نے رکھتی اثر
تھا[۴] بزرگی مین وہ تخت از حد سوا — اور کسی نوع سے وہ جا سکتا نہ تھا
تھا مرصع ڈر بگڑ جانے کا تھا — جیسے باہم عضو ہے اک دوسرا
پس سلیمان بولے گرچہ تخت سے — انتہا مین ہوگی نفرت بس اُسے

[۱] عشق الخ ۵ شعر عشق وقت خشم و جوش کے نیک کو بد دکھلاتا ہے آنکھ سے اور زمرد کو گند نا دکھلائے عشق کی غیرت ہی اور یہ معنی لا ہی لا الہ الا ہو یہ ہے کہ تجکو ماہ دکھے ایک دیگ سیاہ یعنی عشق یہ شے ہو کہ ہنگام پر جوش کے نیک بد دکھائے اور غیرت سے نفی کر کے اثبات کر دے آگے رجوع بقصہ ہے مال و خزانہ اور اسباب سے کچھ افسوس اسکو نہ تھا الا تخت سے تھا اسکے دل سے آگاہی سلیمان علیہ السلام کو ہوئی اُنکے دل سے بلقیس کے دل تک ایک راہ تھی آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ [۲] وہ کوئی الخ ۳ شعر گر کوئی کہ بانگ مرغ کی سنے ہر ایک ضمیر سے آگہی رکھے یعنی جو شخص آواز مرغون کی سنے کہ وہ اپنی زبان سے باتین کرتے ہین وہ ضمیر کیون نہین جانے کہ وہ بھی باطن مین ہی جو چیونٹیون کا نالہ پوشیدہ سنے اور شور اسرار زمانہ بھی سنے کہ کہوے رمز قالت نملة وہ جانے رمز آسمان کہنہ کے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ [۳] دور سے الخ ۵ شعر دیکھا دور سے جو فراق تخت کو اُس صاحب تسلیم کو گران تھا اگر اسکا سبب کہون دراز ہووے کسواسطے کہ وہ تخت سے عشقباز تھی اگرچہ یہ قلم حس نہین رکھتا ہی وہ جنس کاتب کا نہین ہی الا مونس اسکا ہی ایسے ہی ہر ایک آلہ کسب کا جو ہر اہل جان ہو اس سبب سے مین معین کہتا اگر چشم فہم تم کا اثر نہ رکھتی یعنی اشیاء دنیا اگرچہ بیجان ہین مگر اہل جان کی مونس ہین کہ وسیلہ اُنکے ہی سے کاروائی ہوتی ہی مگر چشم فہم پر نم ہے کہ سمجھ نہین سکتی ہی اسی طرح بلقیس کا تخت تھا آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ [۴] تھا بزرگی مین الخ ۴ شعر وہ تخت بزرگی مین سوا تھا اور کسی نوع سے وہ جا نہ سکتا تھا وہ مرصع تھا اور خوف بگڑ جانے کا تھا جیسے عضو باہم ایک دوسرا ہی پس سلیمان علیہ السلام نے کہا کہ اگرچہ تخت سے انتہا مین نفرت اسکو ہوگی آگے حقائق اسکے ہین جان و دل وحدت سے جبکہ رنگین ہو تو جان کو رونق ہوا اور جسم کو نہ آگے مثال اسکی ہی جبکہ گوہر قعر دریا سے عیان ہو کوئی خاشاک کو پھر وہان نہ دیکھے جبکہ آفتاب پر ضیا طلوع ہو برج عقرب کو
[۵] پھر کون رکھے بھلا یعنی جبکہ وحدت سے جان رنگین ہوئے پھر چشم کو کیا قدر و منزلت رہے جیسے آفتاب جبکہ طلوع ہو پھر شب کون دیکھ سکتا ہی آگے رجوع بقصہ فافہم ۱۲

چون ز وحدت جان برون آید بکر — جسم را با فر او نبود فرے
چون برآید گوہر از قعر بحار — ننگری اندر کف خاشاک و خار
سر بر آرد آفتاب با شرر — دم عقرب را کہ سازد مستقر
لیک خود با این ہمہ بر بد و حال — جست باید تخت او را انتقال
تا نگردد خستہ ہنگام لقا — کودکانہ حاجتش گردد روا
ہست بر ما سہل و او را بس عزیز — تا بود بر خوان حوران دیو نیز
عبرت جانش بود آن تخت باز — ہمچو دلق و چارقی پیش ایاز
تا بداند در چہ بود آن مبتلا — از کجاہا در رسید او تا کجا
خاک را و نطفہ را و مضغہ را — پیش چشم ما ہمی دارد خدا
کز کجا آوردمت اے بدنیت — کہ ازان آید ہمی خفریقیت
تو بدان عاشق بدی در دور آن — منکر آن فضل بودے آن زمان
این کرم چون دفع آن انکار تست — کہ میان خاک میکردی نخست
حجت انکار شد انشار تو — از دوا بدتر شد این بیمار تو
خاک را تصویر این کار از کجا — نطفہ را خصمی و انکار از کجا
چون دران دم بیدل و بے سر بدی — فکرت و انکار را منکر بدی
از جمادی چونکہ انکارت برست — ہم ازین انکار حشرت شد درست
پس مثال تو چو آن حلقہ زنیست — کز درونش خواجہ گوید خواجہ نیست

جان و دل وحدت سے جب نکلیں بنے — جان کو رونق نہو پھر جسم سے
قعر دریا سے جو گوہر ہو عیان — نے کف و خاشاک کو دیکھے وہان
جب طلوع ہو آفتاب پرضیا — برج عقرب کون پھر رکھے بھلا
باوجود اس سب کے[1] تخت اسکا وے — ابتدا مین چاہیئے لانا اُسے
تا نہو دل خستہ ہنگام لقا — مثل کودک حاجت اسکی ہو روا
سہل ہمکو اور اُسے دشوار ہے — خوان پر پریون کے دیو خوار ہے
عبرت اسکی جان کو وہ تخت ہو — جیسے چپلی گودڑی آیاز کو
تا کہ جانے مبتلا وہ کس مین تھی — اور کہان سے وہ کہان تک آگئی
خاک کو نطفہ کو مضغہ حمل کو — حق رکھے ایسے ہی میرے روبرو
مین کہان سے تجکو لایا زشت خو — کہ تجھے آتی ہے رنجش اس سے جو
اُسکا تو عاشق تھا اسکے دور مین — منکر ان فضلون کا تھا اس طور مین
یہ کرم[2] دافع ترے انکار کا — جو کہ پہلے خاک مین کرتا تو تھا
حجت انکار ہوئی تیری ظہور — تیرا بیمار اور دوا سے پر فتور
خاک کو اُسکا تصور تھا کہان — دشمنی انکار نطفہ کو کہان
جو کہ اس دم بیدل و بے سر تھا — فکر اور انکار کا منکر تھا تو
تیرا انکار اب جمادی سے اُگا — حشر اور انکار سے ثابت ہوا
حلقہ زن کی ہو مثل تیری یہین — خواجہ اندر سے کہے خواجہ نہین

ف١ باوجود الخ ٨ شعر باوجود اس سب حال کے اس کا تخت ابتدا مین لانا چاہیئے تا دل خستہ ہنگام ملاقات کے نہ ہو مثل کودک حاجت اُس کی روا ہووے ہم کو سہل اور اُس کو دشوار ہے دیو بھی پریون کے خوان پر رہے اُس کی جان کو وہ تخت عبرت ہو جیسے پرانے جوتے اور گودڑی ایاز کو تھی تا کہ جانے وہ کس مین مبتلا تھا اور کہان سے کہان تک وہ آگیا خاک کو و نطفہ کو و مضغہ کو حمل کو حق ایسے ہی رکھے ہمارے روبرو آگے اس کے حقائق ہین مین کہان سے لایا تجکو اے زشت خو کہ جو تجھے رنجش آتی ہو کس سے تو اُسکا عاشق تھا اُسکے دور مین اور ان فضلون کا منکر تھا اس طور مین یعنی ہر ایک مقام مین انسان حق رکھتا ہے مگر وہ اپنی اصل کو بھولا ہوا ہے مگر اولیا اللہ کے وہ اصل روبرو ہے کہ حق کہان سے کہان تک لایا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ١٢

ف٢ یہ کرم الخ ٦ شعر یہ کرم تیرے انکار کا دافع ہے جو کہ اول خاک مین تو کرتا تھا یعنی آدم علیہ السلام کے پتلے کو جو خاک فرشتون نے جانا ہی تو خاک نے انکار کیا وہ سبب ظہور ہوئی تیرا بیمار ہوا دوا سے زیادہ بیمار ہوا خاک کو اسکا تصور کہان تھا نطفے کو دشمنی و انکار کہان جو کہ فکر و انکار کا تو منکر تھا تیرا انکار اب جمادی سے اُگا اس انکار سے حشر ثابت ہوا یعنی جو کہ حکما منکر ہین اس امر کے کہ حشر جمادی کا نہ ہوگا پس مولانا ثابت کرتے ہین کہ انکار کرنا حشر کا اس قول سے خود ثابت ہے کہ جمادی کا حشر ہوگا یہ مثال تیری حلقہ زن کی ہے کہ خواجہ اندر سے کہے خواجہ نہین ہے آگے اس کی مثال ہے فافہم ١٢

حلقه زن زین نیست دریابد که هست / پس زحلقه برندارد هیچ دست
پس همه انکارت مبین میکند / کز جماد او حشر صدفن میکند
چند صنعت رفت ای انکار تا / آب و گل انکار زاد از هل اتی
آب و گل میگفت خود انکار نیست / بانگ میزد بی خبر کاخبار نیست
من بگویم شرح این را صد طریق / لیک خاطر لغزد از گفت دقیق
شرح آنرا لب ببستم ای کیا / بهر نقل تخت بلقیس از سبا

[1] حلقہ زن اور اس سے جانے کہ وہ ہے / ہاتھ کب حلقہ سے باز اپنا رکھے
کرتا ظاہر بس ترا انکار ہے / کہ جمادی سے وہ سو محشر کرے
چند صنعت جو گئین انکار تا / ہل اتی سے آب و گل نے بس جنا
آب و گل کہتا تھا خود انکار نے / بانگ دی ہے بے خبر اخبار نے
شرح اسکی سو طریقہ سے کہون / قول کی دقت سے مین پر خوف ہون
شرح اسکی چھوڑدی بلقیس کے / بس سبا سے تخت لانے کیلئے

## چاره کردن سلیمان علیه السلام در احضار تخت بلقیس از سبا

## تدبیر کرنا سلیمان علیہ السلام کا حاضر کرنے مین تخت بلقیس کے سبا سے

پس سلیمان گفت با لشکر عیان / تخت او را حاضر آرید این زمان
گفت عفریتی که تختش را بفن / حاضر آرم تا تو زین مجلس شدن
گفت آصف من باسم اعظمش / حاضر آرم پیش تو در یک دمش
گرچه عفریت اوستاد سحر بود / لیک آن از نفخ آصف رو نمود
حاضر آمد تخت بلقیس آن زمان / لیک ز آصف نز فن عفریتیان
گفت حمد الله برین و صد چنین / که بدیدستم ز رب العالمین
پس نظر کرد آن سلیمان سوی تخت / گفت آری گول گیری ای درخت

[2] اپنے لشکر سے سلیمان نے کہا / لاؤ اسدم تخت اسکا تم اٹھا
دیو اک بولا کہ اسکے تخت کو / لاؤن مین جبتک یہان سے تم اٹھو
بولا آصف اسم اعظم سے ابھی / آپ کی خدمت مین لاؤن ای نبی
دیو گرچہ سحر مین استاد تھا / دم مین آصف کے گروہ آگیا
تخت بلقیس آگیا اسدم تبے / دم سے آصف کے نہ فن سے دیو کے
شکر حق ایسے وسواسطور کے / مین نے دیکھے ہین خدائے پاک سے
[3] بس سلیمان نے جو دیکھا سوے تخت / بولے احمق گیر ہے تو ای درخت

[1] حلقہ زن الخ ۶ شعر حلقہ زن اور اس سے جانے کہ وہ ہے ہاتھ حلقہ سے کب باز رکھے ہے تیرا انکار بس ظاہر کرتا ہے کہ وہ جمادی کا حشر کرے چند صنعت جو گئین تا انکار ہل اتی سے آب و گل نے جنا آب و گل کہتا تھا کہ خود انکار نہین ہے آواز دی ہے اسے بیخبر اخبار نہین ہے یعنی اس انکار سے خود اقرار حشر کا ثابت ہے کہ خواجہ اس خاک مین موجود ہے ورنہ محض خاک کو اقرار و انکار سے کیا نسبت پس ذات حق کی ہر شے مین موجود ہے واللہ علی کل شئ محیط کے یہ معنی ہین اسکی شرح سو طریقہ سے کہون ولی وقت مین ڈرتا ہون اسکی شرح چھوڑدون سبا سے بلقیس کے تخت لانے کے لئے آگے بلقیس کا بیان ہے فافہم ۱۲ [2] اپنے الخ ۶ شعر سلیمان ع نے اپنے لشکر سے کہا تم اسدم تخت اسکا اٹھا کر لاؤ اک دیو بولا کہ جبتک تم اٹھو یہان سے مین تخت لاؤن آصف نے کہا کہ اسم اعظم سے ابھی آپ کی خدمت مین لاؤن ای نبی اگرچہ دیو سحر مین استاد تھا لیکن دم مین آصف کی اسدم تخت بلقیس کا آگیا لیکن آصف کے دم سے نہ دیو کے فن سے شکر حق کا ایسے وسواس طور کے عجائب مین نے خدائے پاک سے دیکھے ہین یعنی آصف نے کہا کہ ایسے وسواس طرح کے عجائبات مین نے دیکھے شکر حق کا کرنا چاہیئے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ [3] پس سلیمان نے الخ ۱ شعر پس سلیمان علیہ السلام نے جانب تخت کے دیکھا فرمایا کہ ای درخت تو احمق گیر ہے آگے سنگ و چوب کے کہ منقش ہین بہت نادان اپنا سر رکھتے ہین ساجد مسجود جان سے بیخبر ہین اور جان سے تھوڑا اثر اور حرکت دیکھتے ہین دیکھا اور حیران ہوا کہ سنگ نے بات کی و اشارے جبدم کئے جو کھیلی نرد خدمت کی بے جگہ شیر سنگین کو شیر جانا اس شیر حقیقی نے بخشش کی اس گئے کو ہڈی ڈالدی حق نے فرمایا کہ اگرچہ وہ کتا میری راہ پر نہین ہے ولیکن میری ہڈی لطف عام ہے یعنی کفار نے جو بتان سنگین کچھ حرکت و اثر پایا اسکو سجدہ کیا یہ بھی بخشش حق ہے کہ سگان دنیا کو گویا ایک ہڈی ڈالدی ہے کہ وہ اس سے خوش ہین جیسے کفار عرب ساجد بتون کے تھے چنانچہ حلیمہ سعدیہ کا قصہ آگے بیان ہے فافہم ۱۲

پیش سنگ و چوب چون نقشی کنند / اے بسا گولان کہ سرہا می‌زنند
ساجد و مسجود از جان بیخبر / دیدہ از جان جنبشی و اندک اثر
دیدہ در وقتیکہ شد حیران و دنگ / کہ سخن گفت و اشارت کرد سنگ
نرد خدمت را چو نا موضع بباخت / شیر سنگی را شقی شیری شناخت
از کرم شیر حقیقی کرد جود / استخوانی سوی سگ انداخت زود
گفت گرچہ نیست آن سگ بر قوام / لیک ما را استخوان لطفیست عام

پیش سنگ و چوب کے نقشین مین / اے بہت نادان سر اپنا رکھین
ساجد و مسجود جان سے بیخبر / جان سے دیکھی حرکت اور تھوڑا اثر
دیکھا اور حیران ہوکے سنگ نے / بات کی جسدم اشارے بس کیے
نرد خدمت کی جو کھیلی بے جگہ / شیر جانا شیر سنگین کو دلا
بخشش اس شیر حقیقی نے کری / ہڈی اُس کتے کو جلدی ڈالدی
بولا وہ کتا نہین گر راہ پے / پر مری ہڈی تو لطف عام ہے

## قصہ یاری خواستن حلیمہؓ از بتان عزیٰ چون عقب فطام مصطفیٰ را گم کرد و لرزیدن بتان و بہ سجدہ افتادن

## قصہ مدد چاہنا حلیمہؓ کا بتون سے جو بعد دودھ چھڑانیکے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو گُما دیا اور کانپنا بتون کا اور سجدہ مین گرنا

قصۂ راز حلیمہؓ گویمت / تا زداید داستان او غمت
مصطفیٰ را چون ز شیر او باز کرد / بر کفش برداشت چون ریحان و ورد
میگریزانیدش از ہر نیک و بد / تا سپارد آن شہنشہ را بجد
چون ہمی آورد امانت را ز بیم / شد بکعبہ آمد او اندر حطیم
از ہوا بشنید بانگی کای حطیم / تافت بر تو آفتابی بس عظیم
اے حطیم امروز آید بر تو زود / صد ہزاران نور از خورشید جود
اے حطیم امروز آرد در تو رخت / محتشم شاہی کہ پیک اوست بخت
اے حطیم امروز بیشک از توی / منزل جانہای بالائی شوی
جان پاکان طلب طلب و جوق جوق / آیدت از ہر نواحی مست شوق

کہتا ہون[ف] قصہ حلیمہؓ کا تجھے / تا کہ چھیلے داستان غم کو ترے
مصطفیٰؐ کو جو چھڑایا دودھ سے / مثل گل انکو ہتھیلی پر رکھے
نیک و بد سے وہ بھگاتی انکو تھین / سونپین تا اُس شہ کو دادا کے تئین
جو امانت لائین وہ باخوف و بیم / سوے کعبہ آئین وہ اندر حطیم
غیب سے آواز آئی اے حطیم / چمکا اک تجھپر ہے خورشید عظیم
اے حطیم آج آئے تجھپر جلد تر / شمس بخشش سے ہزارون نور فر
اے حطیم آج ایک شہ لاتا ہے رخت / تیرے اندر وہ کہ قاصد اسکا بخت
اے حطیم آج از سر تو ہووے تو / جان پاکون کا منازل گہ کو
جان پاکان فوج فوج اور جوق جوق / آئین تجھپر ہر طرف سے مست شوق

[ف] کہتا ہون الخ ١٠ شعر قصہ حلیمہ کا تجھسے کہتا ہون تاکہ تیرے غم کو وہ داستان چھیلے جب کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ سے چھڑایا مانند گل کے اُنکو ہتھیلی پر رکھتی تھین نیک و بد سے وہ اُنکو بھگاتی تھین تاکہ اُس شاہ کو سونپین اُن کے دادا کو جو امانت کو لائین بسبب خوف و بیم کے جانب کعبہ کے آئین وہ حطیم مین غیب سے آواز آئی کہ اے حطیم تجھپر چمکا ہے آج خورشید عظیم اے حطیم آج تجھپر آئے جلد تر شمس بخشش سے ہزارون نور اے حطیم آج ایک شاہ لاتا ہے اسباب تجھ مین کہ قاصد اُس کا تخت ہے اے حطیم آج تو سر نو ہووے جان پاکون کی منزل گاہ جان پاکون کی فوج فوج اور جوق جوق تجھپر آئین ہر طرف سے مست شوق ہوکر حلیمہؓ حیران اس آواز سے ہوئی کہ نہ کوئی آگے و نہ پیچھے میرے ہے یعنی حلیمہ سعدیہ اُس آواز پر ہوئین حیران کہ کوئی میرے آگے و پیچھے نہین یہ آواز کون دیتا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ١٢

گشته حیران آن حلیمہؓ زان صدا — نہ کسے در پیش نے سوئے قفا
ششجہت خالی ز صوت و زین ندا — شد بپایے آن ندا را جان فدا
مصطفےؐ را بر زمین بنہاد او — تا کند آن بانگ خوش را جستجو
چشم می انداخت آن دم سو بسو — کہ کجا یست آن شہِ اسرار گو
کین چنین بانگ بلند از چپ و راست — میرسد یا رب رسانندہ کجاست
چون ندید او خیرہ و نومید شد — جسم لرزان ہمچو شاخ بید شد
باز آمد سوئے آن طفل رشید — مصطفےؐ را در مکان خود ندید
حیرت اندر حیرت آمد بر دلش — گشت بس تاریک از غم منزلش
سوئے منزلہا دوید و بانگ داشت — کہ کہ بر دردانۂ من غارت گماشت
مکیان گفتند ما را علم نیست — ما ندانستیم کا ینجا کودکیست
ریخت چندان اشک و کرد او بس فغان — کہ برو گریان شدند آن مکیان
سینہ کوبان آنچنان بگریست خوش — کاختران گریان شدند از گریہ اش

ہوئی حلیمہؓ حیران اس آواز سے — ے کوئی آگے نہ پیچھے جب مرے
ششجہت[۱] خالی ندا و صوت سے — اُس ندا پر جان فدا ہر بار ہے
مصطفےؐ کو بس زمین پر وہ بٹھا — ڈھونڈھتی آواز خوش کو ہر جگہ
ڈالتی اُس دم نظر ہر سمت وہ — کہ کہاں ہے وہ شہِ اسرار گو
ایسی خوش آواز دہنے بائیں سے — آئی یا رب کہنے والا کس جگہے
جو نہ دیکھا حیران اور نومید ہوئی — جسم کانپا مثل شاخ بید کی
لوٹ کر اُس طفل کی سو جو گئیں — مصطفےٰ کو اُس جگہ دیکھا نہیں
حیرت[۲] اندر حیرت اُنپر آگئی — غم سے بس تاریک اُنکی جان ہوئی
دیتیں آواز ہر مکان پر دوڑ کے — کہ مرا دُر دانہ لوٹا کس نے ہے
مکیان کہتے نہ ہم کو علم ہے — کہ یہاں پر لڑکا نہ ہم جانتے
اسقدر وہ روئیں اور بس کی فغان — کہ لگے رونے سب اُنپر مکیان
سینہ کوٹا اور روئیں اسقدر — کہ ستارے روئے اُنکے نوحہ پر

## حکایت آن پیر کہ دلالت کرد حلیمہ را براستعانت بتان

## حکایت اُس بوڑھے کی کہ راہ بتائی حلیمہؓ سعدیہ کو واسطے مدد لینے بتوں کے

پیر مردے پیشش آمد با عصا — کاے حلیمہؓ چہ فتاد آخر ترا

پیر[۳] مرد اک آگے آیا لے عصا — کاے حلیمہ کیا تجھے آخر پڑا

سلہ ششجہت آلخ ۲ شعر ششجہت خالی ندا و صوت سے کہ اُس ندا پر جان ہر بار فدا ہے پس مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو زمین پر وہ بٹھا کر آواز خوش کو ہر جگہ ڈھونڈھتی تھیں کہ وہ شاہ اسرار گو کہاں ہے ایسی خوش آواز چپ و راست سے آئی یا خدا کہنے والا کس جا ہے جو نہ دیکھا تو حیران و نا امید ہوئی جسم مثل شاخ بید کے کانپا لوٹ کر اُس طفل کی جانب جو گئیں مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اُس جگہ نہیں دیکھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سلہ حیرت اندر آلخ ۵ شعر حیرت اندر حیرت کے اُنپر آگئی اور اُن کی جان غم سے تاریک ہو گئی ہر مکان پر آواز دوڑ کر دیتی کہ میرا دُر دانہ کس نے لوٹا ہے اہل مکہ کہتے کہ ہمکو علم نہیں ہے اور یہان پر ہم لڑکا نہیں جانتے ہین اس قدر وہ روئین اور بس فغان کی کہ سب رونے لگے اُنپر اہل مکہ نے سینہ کوٹا اور اسقدر روئین کہ ستارے اُن کے نوحہ پر روئے آگے حکایت بوڑھے کی ہے فافہم ۱۲

سلہ پیر مرد آلخ ۱ شعر ایک پیر مرد عصا لیکر کے آیا کہ اے حلیمہؓ تجھ کو اتو کیا پڑا ہے کہ ایسی آگ کو دل سے بھڑکا دیا اور جگر کو ماتم سے سوزان کیا کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مین دائی ہون اور لائی ہون کہ اُس کے دادا کو سونپون جو حطیم مین آئی تو ندا غیب سے آتی ہے وہین سنتی اُسکی صدا ہون باقی حال اُس کا آگے ہے فافہم ۱۲

کاین چنین آتش زدل افروختی — وین جگرہا را ز ماتم سوختی
گفت احمد را ز ضیعم معتمد — پس بیاوردم کہ بسپارم بجد
چون رسیدم در حطیم آوازہا — می رسید و می شنیدم از ہوا
من چو آن الحان شنیدم از ہوا — طفل را بنہادم آنجا زان صدا
تا ببینم این صدا آواز کیست — کہ ندای بس لطیف و بس شہیست
نہ ز کسے دیدم بگرد خود نشان — نہ ندا منقطع شد یک زمان
چونکہ واگشتم ز حیرتہاے دل — طفل را آنجا ندیدم واے دل
گفتش اے فرزند تو اندہ مدار — کہ نمایم من ترا یک شہریار
کہ بگوید گر بخواہد حال طفل — او بداند منزل و ترحال طفل
پس حلیمہ گفت ای جانم فدا — مر ترا اے شیخ خوب و خوش ندا
ہین مرا بنماے آن شاہ نظر — کش بود از حال طفل من خبر
برد او را پیش عزی کاین صنم — ہست در اخبار غیبی مغتنم
ما ہزاران گم شدہ زو یافتیم — چون بخدمت سوے او بشتافتیم
پیر کرد او را سجود و گفت زود — اے خداوند عرب وی بحر جود
گفت اے عزی تو بس اکرامہا — کردہ تا رستہ ایم از دامہا
بر عرب حق است از اکرام تو — فرض گشتہ تا عرب شد رام تو
این حلیمہ سعدی از امید تو — آمد اندر ظل شاخ بید تو
کہ ازو فرزند طفلے گم شدہ است — نام آن کودک محمدؐ آمدہ است
چون محمدؐ گفت آن جملہ بتان — سرنگون گشتند ساجد آن زمان

دل سے ایسی آگ کو بھڑکا دیا — اور جگر ماتم سے بس سوزان ہوا
بولی احمد کی میں دائی ہوں سنو — لائی ہوں کہ سونپوں دادا اسکے کو
جون حطیم اندر میں آئی تو ندا — غیب سے آئی وہیں سنتی صدا
غیب سے[۱] میں نے سنی جو وہ ندا — اس ندا سے طفل وان بٹھلا دیا
دیکھوں تا کسکی ندا کی ہے صدا — کہ یہ بس مرغوب اور خوش ہے ندا
نے کسی کا گرد پایا کچھ نشان — نے ندا موقوف ہوئی تا اک زمان
جو پھری حیرت سے میں اس طفل کو — اس جگہ نے دیکھا افسوس ہائے ہو
بولا اے بیٹی مری غمگین نہ ہو — میں بتاتا ہوں تجھے اک شاہ کو
گر کہے اور پوچھے تو لڑکے کا حال — جانتا ہے منزل اور جانے کا حال
پس حلیمہؓ بولی میری جان فدا — تجھپہ ہو اے شیخ خوب و خوش ندا
جلد بتلا مجھکو وہ شاہ نظر — کہ اسے ہو میرے بچے کی خبر
لیگیا عزی کے اسکو سامنے — کہ یہ بت آگہ ہے حال غیب سے
گم شدہ لاکھ اس سے ہم نے پائے ہیں — جبکہ خدمت میں ہم اسکی آئے ہیں
سجدہ[۲] بوڑھے نے کیا اسکو کہا — اے خداوند عرب بحر سخا
بولا اے عزی کئے تو نے کرم — تا چھٹے بس دام آفاتوں سے ہم
ہے عرب پر حق ترے اکرام سے — تا عرب تیری اطاعت فرض ہے
یہ حلیمہ سعدیہ امید سے — ظل شاخ بید میں آئی ترے
ایک بچہ چھوٹا اسکا گم گیا — نام بچے کا محمدؐ ہے رکھا
جو کہا نام محمدؐ بت سبھی — ہو گئے سجدے کو اوندھے اسگھڑی

ف۱ غیب سے آلخ ۱۰ شعر جو میں نے وہ ندا غیب سے سنی اس ندا سے طفل کو وہاں بٹھا دیا تاکہ دیکھوں کہ کس کی ندا کی یہ صدا ہے کہ از بس مرغوب و خوش ہے کسی کا گرد کچھ پتہ نہ پایا اور نہ ندا ایک زمانہ تک موقوف ہوئی جو میں حیرت سے پھری اس طفل کو اُس جگہ نہ دیکھا افسوس و ہائے ہو ہے بوڑھے نے کہا کہ ای بیٹی میری غمگین مت ہو میں تجھے ایک بادشاہ بتاتا ہوں اگر تو کہے و پوچھے لڑکے کا حال وہ جانتا ہے منزل اور جانیکا حال پس حلیمہؓ نے کہا کہ میری جان تجھپر فدا ہے اے شیخ خوب و خوش ندا جلد مجھکو بتلا وہ بادشاہ نظر کہ اُسے میرے بچے کی خبر ہو اس کو عزی کے سامنے لے گیا کہ یہ بت خبردار ہے خبر غیب سے ہم نے اس سے لاکھوں گم شدہ پائے ہیں جبکہ ہم اس کی خدمت میں آئے ہیں باقی قصہ آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ سجدہ آلخ ۶ شعر بوڑھے نے سجدہ کیا اسکو اور کہا اے خداوند عرب و بحر سخا کہ اے عزی تو نے کرم کئے تا ہم چھٹے دام آفتوں سے عرب پر تیرے اکرام سے حق ہے تاکہ عرب پر تیری طاعت فرض ہے یہ حلیمہ سعدیہ امید سے تیری ظل شاخ بید میں آئی ہے ایک چھوٹا بچہ اس کا گم گیا کہ نام اُس بچہ کا محمدؐ رکھا ہے جو نام محمد کا کہا سب بت سجدہ کو اوندھے ہو گئے اُس دم آگے جواب بتوں کا ہے فافہم ۱۲

کہ برو اے پیر این چہ جستجوست
ما نگون و سنگسار آییم ازو
آن خیالاتے کہ دیدندے ز ما
گم شود چون بارگاہ او رسید
دور شو اے پیر فتنہ کم فروز
دور شو بہر خدا اے پیر تو
اینچہ دُم اژدہا افشردن است
زین خبر خون شد دل دریا و کان
چون شنید از سنگہا پیر این سخن
پس ز لرزہ خوف و بیم آن ندی
آنچنان کاندر زمستان مرد عور
چون دران حالت بدید آن پیر را
گفت پیرا گرچہ من در محنتم
ساعتے باد خطیبے میکند
باد با حرفم سخنہا میدہد
گاہ طفلم را ربودہ غیبیان
از کہ نالم با کہ گویم زین گلہ

آن محمد را کہ عزل ما ازوست
ما کساد و بے عیار آییم ازو
وقت فترت گاہ گاہ اہل ہوا
آب آمد مر تیمم را درید
ہین ز رشک احمدی ما را مسوز
تا نسوزی ز آتش تقدیر تو
ہیچ دانی چہ خبر آوردن است
زین خبر لرزان شود ہفت آسمان
پس عصا انداخت آن پیر کہن
پیر دندانہا بہم بر میزدی
او ہمی لرزید میگفت اے ثبور
پا و سر گم کرد زن تدبیر را
حیرت اندر حیرت اندر حیرتم
ساعتے سنگم ادیبے میکند
سنگ و کوہم فہم اشیا میدہد
غیبیان سبز پوش آسمان
من شدم سودائی اکنون صد دلہ

جا تو اے بوڑھے کہ کیا ہے ڈھونڈھتا
ہم نگون اور سنگسار اب اس سے ہین
وقت فترت دیکھتے تھے وہ خیال
گم ہوئے جو آئی اسکی بارگاہ
دور ہو اے بوڑھے فتنہ مت جگا
دور ہو اے بوڑھے تو حق کیلئے
اژدہا کی دُم دباتا کیا ہے یہ
اس خبر سے خون ہوا دریا و کان
پتھرون سے جو سنا اس بات کو
اس ندا کے خوف و لرزہ و بیم سے
جیسے سردی مین کوئی ننگا رہا
دیکھا اُس بوڑھے کو اس حالت مین جو
بولی بوڑھے گرچہ محنت ہے مجھے
ایک ساعت باد میری ہے خطیب
باد باتین ساتھ حرفون کے کرے
میرا بچہ لے گئے کہ غیبیان
کس سے روؤن اور کہون کس سے گلہ

اُس محمد کو جو ہمکو دے ہٹا
ہم بُرے اور نابکار اب اس سے ہین
گاہے گاہے ہمسے جو اہل ضلال
آب آیا تیمم سے ہے راہ
رشک احمد سے ہمین تو مت جلا
تا جلے نے آتش تقدیر سے
جانتا ہے کیا خبر لاتا ہے یہ
اس خبر سے کانپے ساتون آسمان
پھینکا بوڑھے نے عصا کو تنگ ہو
دانت بجنے اس بوڑھے کے لگے
کانپتا اور کہتا وہ ہائے مین مرا
بس حلیمہ بھولین سب تدبیر کو
درمیان حیرت کے حیرت ہے مجھے
ایک ساعت سنگ میرا ہے ادیب
سنگ اور کوہ فہم اشیا مجھکو دے
ہو ہین غیبی سبز پوش آسمان
مین ہوئی سودائی ہون اب صد دلہ

سلہ جا تو آنخ یہ شعر اے بوڑھے تو کیا ڈھونڈھتا ہے اُس محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ جو ہمکو مٹا دے ہم اس سے نگونسار و سنگسار ہین ہم بُرے اور نابکار اس سے ہین وقت فترت کے دیکھتے تھے وہ خیال کبھی کبھی ہم سے جگرگاہ یعنی فترت اُس زمانہ کو کہتے ہین جو درمیان زمانہ جناب رسول مقبول صلعم و حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے تھا وہ خیالات گم ہو گئے جو اسکی بارگاہ آئی آب آیا اور تیمم رفع ہوا اے بوڑھے دور رہو اور فتنہ کو مت جگا کہ رشک احمد سے تو ہمکو نہ جلا اے بوڑھے دور ہو حق کے واسطے تا آتش تقدیر سے نہ جلے یہ کیا اژدہا کی دُم دباتا ہے تو جانتا ہے کہ یہ کیا خبر لاتا ہے اس خبر سے دریا و کان کا دل خون ہوا اس خبر سے کانپے ساتون آسمان آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ پتھرون سے آنخ یہ شعر اس بات کو جو سنا پتھرون سے بوڑھے نے عصا پھینکا تنگ ہو کر اس ندا کے خوف و لرزہ اور بیم سے اُس بوڑھے کے دانت بجنے لگے آگے مثال ہے جیسے سردی مین کوئی ننگا رہا کانپتا اور کہتا وہ کہ ہائے مین مرا اُس بوڑھے کو جو دیکھا اُس حالت مین حلیمہ نے سب تدبیر کو بھولی کہا کہ اے بوڑھے اگرچہ مجھکو محنت ہے ولیکن حیرت مین ہے مجھکو ہے ایک ساعت باد میری خطیب ہے اور ایک ساعت سنگ میرا ادیب ہے ہوا باتین حرفون کے ساتھ کرتی ہے سنگ و کوہ فہم اشیا کا مجھکو دیتا ہے یعنے اولیاء اللہ سے ہوا و سنگ و کوہ باتین کرتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ میرا آنخ یہ شعر میرا بچہ بھی غیبی لے گئے کہ جو غیبی سبز پوش آسمان کے ہین کس سے روؤن اور کس سے گلہ کہون مین سودائی ہوئی ہون پریشان غیرت نے غیب کہنا بند کیا اتنا کہون کہ بچہ میرا گما اور کوئی چیز اگر مین کہون تو خلق کہے کہ اس کو جنون ہو گیا ہے بوڑھے نے کہا کہ اے حلیمہ شاد ہو اور سجدہ شکر کا کر اور تو مت رو یعنی مین غیب کا راز اگر کہون تو مجھکو لوگ مجنون کہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

غیرتش از شرح غیبم لب ببست — این قدر گویم که طفلم گم شده‌ست
گر بگویم چیز دیگر من کنون — خلق بندندم بزنجیر جنون
گفت پیرش که حلیمہؓ شاد باش — سجدهٔ شکر آر و رو کم خراش
تو مخور غم که نگردد یاوه او — بلکه عالم یاوه گردد اندرو
هر زمان از رشک و غیرت پیش و پس — صد هزاران پاسبانست و حرس
آن ندیدی کان هبتان فنون — چون شدند از نام طفلت سرنگون
این عجب قرنیست بر روی زمین — پیر گشتم من ندیدم جنس این
زین رسالت سنگها چون ناله داشت — تا چه خواهد بر گنهکاران گماشت
سنگ بی جرمست در معبودیش — تو نه مضطر که بنده بودیش
آنکه مضطر اینچنین ترسان شده‌ست — تا که بر مجرم چها خواهد ببست

غیب کہنا بند غیرت نے کیا — بس کہوں اتنا مرا بچہ گما
اور کوئی چیز گر مین اب کہون — خلق کہوے ہو گیا اسکو جنون
بولا بوڑھا اے حلیمہؓ شاد ہو — کر تو سجدہ شکر کا اور مت تو رو
غم نہ کھا[1] تجھسے کھوے گا وہ نہین — بلکہ عالم گم ہو اُس مین بالیقین
رشک سے غیرت کے ہر دم پاسبان — آگے پیچھے اسکے ہین صدہا بہان
وہ نہ دیکھا تو نے بت کیسے ہوئے — سرنگون بچے کے تیرے نام سے
اس زمین پر یہ عجب اک قرن ہے — مین ہوا بوڑھا نہین دیکھا اُسے
اس رسالت سے جو روتے سنگ تھے — بُت پرستون سے وہ تا کیا کچھ کرے
سنگ معبودی مین بےجرمی رکھے — تو نہ مضطر اسکا جو بندہ بنے
جبکہ مضطر اس طرح پر خوف ہے — مجرمون کو تاکہ وہ کیا کچھ کرے

## خبر شدن عبدالمطلب از گم شدن مصطفیٰؐ وطالب شدن او گرد شهر و نالیدن بر در کعبه و از حق طلب کردن او را

## خبر ہونا عبدالمطلب کا گم ہونے مصطفیٰؐ سے اور ڈھونڈھنا اُسکا گرد شہر کے اور رونا در کعبہ پر اور خدا سے طلب کرنا اُنکو

چون خبر یابید جد مصطفیٰؐ — از حلیمہؓ و ز فغانش بر ملا
وز چنان بانگ بلند و نعرها — که بمیلی می رسید از وی صدا
زود عبدالمطلب دانست چیست — دست بر سینه همی زد می گریست
آمد از غم بر در کعبه بسوز — کای خبیر از سر شب و راز روز

جو خبر[2] دادا کو احمدؐ کے ہوئی — شور کرنے سے حلیمہؓ کے اُنھی
ایسا نعرون کا بلند آوازہ تھا — کوس بھر تک اسکی جاتی تھی صدا
جانا عبدالمطلب نے ہے یہ کیا — سینہ کوٹا اور کیا گریہ بکا
در پہ کعبے کے گیا غم کا اسیر — کہ اے رات اور دن کے بھید کے بصیر

۱ غم نہ کھا الخ ۔ شعر تو غم مت کھا وہ تجھسے نہین گمے گا بلکہ عالم اُس مین گم ہو بالیقین غیرت کے رشک سے ہر دم پاسبان آگے پیچھے اُس کے صدہا بہان ہین وہ تو نے نہ دیکھا کہ بت کیسے ہوئے سرنگون تیرے بچے کے نام سے اس زمین پر یہ قرن عجیب ہے مین بوڑھا ہوا مین نے ایسا نہین دیکھا اس رسالت سے جو سنگ روتے تھے تاکہ بت پرستون سے وہ کیا کچھ کرے سنگ معبودی مین وہ بےجرمی رکھے تو مضطر نہین ہے جو بندہ اس کا لیکن جب کہ مضطر اس طرح پر خوف ہے مجرمون پر تاکہ وہ کیا کچھ کرے یعنی جبکہ سنگ باوجود بےجرمی کے اسقدر پرخوف ہین تو وہ مجرمون کے ساتھ کیا کچھ کرے گا آگے عبدالمطلب کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۲ جو خبر الخ ۴ شعر جو دادا کو احمدؐ کے خبر ہوئی شور کرنے سے حلیمہؓ کے نعرون کا ایسا بلند آوازہ تھا کہ کوس بھر تک اس کی صدا جاتی تھی عبدالمطلب نے جانا کہ یہ کیا ہے سینہ پیٹا اور گریہ و بکا کیا در پر کعبہ کے غم کا اسیر کیا کہ اے رات دن کے بھیدون کے خبردار باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

خویشتن را من نمی بینم فنے   تا بود ہمراز تو ہیچو منان منے
خویشتن را من نمی بینم ہنر   تا شوم مقبول این مسعود در
یا سر و سجدہ مرا قدرے بود   یا با شکم دولتے خندان شود
لیک در سیماے آن دُرِ یتیم   دیدہ ام آثار لطفت اے کریم
کہ نمی ماند بما گرچہ بماست   ما ہمہ مسیم و احمد کیمیاست
آن عجائب ہا کہ من دیدم برو   من ندیدم بر ولی و بر عدو
اینچہ فضل تو درین طفلیش داد   کس نشان ندہد بصد سالہ جہاد
چون یقین دیدم عنایتہاے تو   بروے او دُریست از دریاے تو
من ہم او را می شفیع آرم بتو   حال او اے حال دان با من بگو
اندرون کعبہ آمد بانگ زود   کہ ہم اکنون رخ بتو خواہم نمود
با دو صد اقبال او محفوظ ماست   با دو صد طلب ملک محفوظ ماست
ظاہرش را شہرہ گیہان کنیم   باطنش را از ہمہ پنہان کنیم
زر کانست آب و گل ما زرگریم   گہ کنش خلخال و گہ خاتم کنیم
گہ حمائل ہاے شمشیرش کنیم   گاہ بند گردنِ شیرش کنیم
گہ ترنج تخت بر سازیم از و   گاہ تاجِ فرقہاے ملک جو
عشقہا داریم با این خاک ما   زانکہ افتادست در قعدہ رضا
گہ چنین شاہے ازو پیدا کنیم   گہ ہم او را پیش شہ شیدا کنیم

مین نہ دیکھون آپکو مین ہون فنا[1]   تا ہون قربان تجھسے مین مثل منا
یا ہنر کو دیکھتا ہون خود کو تا   ہو ؤن مقبول اُس درِ مسعود کا
یا مرے سجدہ و سر کی قدر ہو   یا کہ گریہ سے مجھے خندان کرو
مجکو پیشانی مین اُس کے پڑ دکھا   لطف کا آثار تیرا اے خدا
نے وہ ہمسا گرچہ ہم سے وہ ہوا   ہم ہین مس اور ہے محمدؐ کیمیا
وہ عجائب دیکھے مین نے ہین   کہ نہ دیکھے ہر ولی او خصم مین
فضل سے طفلی مین جو اُسکو دیا   نے کوئی صد سالہ سعی سے پتا
جو عنایت دیکھی اُسپر بالیقین[2]   تیرے دریا کا وہ ہے دُرِ ثمین
مین شفیع لاتا ہون اُسکو آپکو   تو خبیر اب مجھسے حال اسکا کہو
آئی اک کعبہ کے اندر سے صدا   کہ ابھی مین اسکو دیتا ہون بتا
دو سو اقبالون مین وہ محفوظ ہے   اور ملک دو سو مین وہ محفوظ ہے
اس کا ظاہر شہرۂ عالم کرون   اسکا باطن سب سے پوشیدہ رکھون
آب و گل زر اور زرگر بس مین ہون   کہ انگوٹھی گہ مین پازیب گرٹھون
گہ حمائل تیغ کی اس کو کرون[3]   گاہ طوق شیر بھی اسکو کرون
گہ ترنج بخت مین اسکو کرون   گاہ کرکے تاج شاہون پر رکھون
عشق رکھتا ہون مین ساتھ اس خاک کے   کہ پڑے ہے قاعدہ تسلیم پے
گاہ اُس سے ایسا شہ پیدا کرون   گاہ اسکو شاہ پر شیدا کرون

سطر۱ مین آلخ ۔ شعر مین خود کو نہ دیکھون کہ مین فنا ہون تا مین قربان تجھپر ہون مثل منا کے خود کو باہنر نہین دیکھتا ہون کہ تا ہون مقبول اُس درِ مسعود کا یا میرے سر و سجدہ کی قدر ہو یا رونے سے خندہ کردن و لیکن مجھکو پیشانی مین اسکے دکھائی دیے آثار لطف تیرے اے خدا وہ ہمسا نہین اگرچہ وہ ہم سے ہوا ہو اور ہم مس ہین اور محمد صلعم کیمیا ہین مین نے اُس مین وہ عجائب دیکھے ہین کہ نہ دیکھے ہر ولی اور عدو مین جو کچھ اسکو طفلی مین فضل سے دیا نہ کوئی سو برس کی سعی سے بتاوے یعنی طفلی مین حضور کو حق نے فضل سے وہ کچھ دیا تھا کہ سو برس کی کوشش مین کوئی پتا نہ دیوے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ سطر۲ جو عنایت الخ ۔ شعر جو عنایت اُسپر دیکھی تو مجھے اس سے یقین ہے کہ تیرے دریا کا وہ دُرِ ثمین ہے مین اسکو شفیع لاتا ہون کہ تو خبیر ہے اسکا حال مجھسے کہہ ایک ندا کعبہ کے اندر سے آئی کہ مین ابھی اسکو دکھاتا ہون وہ دو سو اقبالون مین ہمارا محفوظ ہے اور دو سو ملک مین وہ محفوظ ہے اُسکا ظاہر عالم مین مشہور کرون اُسکا باطن سب سے پوشیدہ رکھون آب و گل زر ہے اور مین زرگر ہون کبھی انگوٹھی اور کبھی پازیب بناؤن آگے اس کا بیان ہو مثال ہین فافہم ۱۲ سطر۳ گہ حمائل الخ ۔ شعر کبھی حمائل تیغ کی اسکو کرون کبھی طوق شیر کا اسکو کرون کبھی ترنج تخت اسکا کرون کبھی اسکا تاج کرکے شاہون پہ رکھون مین اس خاک کے ساتھ عشق رکھتا ہون کہ تسلیم کے قاعدے پر پڑی ہے کبھی اس سے ایسا شاہ پیدا کرون کبھی اسکو شاہ پر شیدا کرون صدہا عاشق و معشوق اس سے ہین جستجو و فغان و شور مین یہ کام میرا اُس کے اندھے پن پر ہے کہ میرے کامون سے رغبت نہین رکھتی ہے اسواسطے خاک کو فضیلت دیتے ہین کہ کیونکہ ہم مفلس پر نعمت رکھتے ہین یعنی خاک سے مین بسبب اسکے عجز کے عشق رکھتا ہون کہ میرے کامون مین وہ دخل نہین رکھتی آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

صدهزاران عاشق و معشوق از و — در فغان و در نفیر و جستجو
کار ما این ست بر کوری آن — کو بکار ما ندارد میل جان
این فضیلت خاک را زان رو دهیم — زانکه نعمت پیش بی برگان نهیم
زانکه دارد خاک شکل اغبری — و ز درون دارد صفات انوری
ظاهرش با باطنش گشته بجنگ — باطنش چون گوهر و ظاهر چو سنگ
ظاهرش گوید که ما اینیم و بس — باطنش گوید که نکو بین پیش و پس
ظاهرش منکر که باطن هیچ نیست — باطنش گوید که بنمایم بایست
ظاهرش با باطنش در چالش اند — لاجرم زین صبر نصرت میکشند
زین ترش رو خاک صورتها کنیم — خندهٔ پنهانش را پیدا کنیم
زانکه ظاهر خاک اندوه و بکاست — در درونش صد هزاران خنده هاست
کاشف السریم کار ما همین — کاین نهانها را بر آریم از زمین
گرچه دزد از منکری دم می زند — شحنه آن از عصر پیدا میکند
فضلها دزدیده اند این خاکها — ما مقر آریم شان از ابتلا
پس عجب فرزند کو را بوده است — لیک احمد بر همه افزوده است
شد زمین و آسمان خندان و شاد — کاینچنین شاهی زما دو جفت زاد
می شگافد آسمان از شادیش — خاک چون سوسن شد از آزادیش
ظاهرت با باطنت ای خاک خوش — چونکه در جنگ اند و اندر کشمکش

عاشق و معشوق صدہا اس سے ہین — جستجو مین اور فغان و شور مین
یہ مرا کام اسکے اندھےپن پہ ہے — کہ مرے کامون سے نے رغبت رکھے
ہم فضیلت خاک کو دین اس لئے — کیونکہ ہم رکھتے ہین نعمت خوار پے
شکل خاکی[1] کیونکہ رکھتی خاک ہے — اور صفات نور باطن مین رکھے
ظاہر اسکا کرتا باطن سے ہے جنگ — اسکا باطن جون گہر ظاہر مین سنگ
کہوے ظاہر مین ہون جو کچھ کہ ہون بس — کہوے باطن سوچ لے تو پیش و پس
کہوے ظاہر کہ نہین کچھ باطنا — کہوے باطن کہ دکھاؤن ٹھہر جا
ظاہر و باطن مین اسکے جنگ ہے — صبر سے پاتے ہین نصرت اس لئے
ہم ترش رو خاک سے صورت کرین — خندۂ پنہان کو پیدا ہم کرین
کیونکہ[2] ظاہر خاک کا رنج و بکا — اندر اسکے سیکڑون خندہ بھرا
بھید مین کھولون میرا یہ کام ہے — کہ کرون ظاہر یہ پنہان خاک سے
چور گرچہ مارے دم انکار سے — شحنہ دھمکا کرکے وہ پیدا کرے
خاک نے فضل اب چرائے جو ہین — امتحان سے ہم مقر اسکو کرین
بس عجب فرزند اسکے ہو گئے — لیکن احمد سب پہ افزون ہوئے
بس زمین اور آسمان خندان ہوا — ایسا ہم دونون نے شاہنشہ جنا
آسمان شادی سے اسکے چاک ہے — اسکی آزادی سے سوسن خاک ہے
خاک[3] ظاہر تیرا باطن سے ہے خوش — جو کہ لڑتے ہین وہ رکھین کشمکش

۵۱ حاجتین الخ ۶ شعر جس قدر حاجتین شاعر بتلاتا وہ حیلہ وعدہ سوا کرتا تھا یہان تک کہ وہ انتظاری مین بوڑھا ہوا اور اسس غم و تدبیر مین رہا شاعر نے کہا اگر زر نہین ہے تو گالیان دے تا جان چھوٹے اور یہ تیرا بندہ رہے مین انتظاری سے مرا تو کہہ کہ جا تاکہ جان مسکین قید سے رہا ہو آخر کار عشر کی چوتھائی اس کو دی شاعر فکر سے حیران رہ گیا کہ وہ وزیر ایسا نقد بسیار دہندہ تھا اور یہ جو دیر مین کھلا تو خار تھا یعنی ہر کہ دیر آید درست آید اور یہ وزیر دیر مین کھلا اور خار نکلا یہ تعجب ہے آگے مقولہ قوم کا ہے کہ جو اُس وقت موجود تھے تا فہم ۱۲ ۵۲ پس کہا الخ ۸ شعر پس لوگون نے کہا کہ اسکو وزیر نیک پے دنیا سے گذرا خدا اسکو بخشے اُس سے بخشش مین کم خطا ہوتی تھی وہ اس وقت گیا اور احسان لیگیا وہ مرا لیکن احسان نہین مرا ہمسے صاحب تدبیر گیا اور صاحب آزار فقرا آگیا اس کو لے اور یہان سے رات کو بھاگ تاکہ وہ تجھسے واپس نہ کر لیوے یہ تحفہ ہمنے سو حیلہ سے لیا اُس سے کوشش کرکے تو کیا جانتا ہے اُسنے متوجہ ہو کر کہا کہ اے مشفق یہ سپاہی کہان سے آگیا ہے اس وزیر بیحیا کا کیا نام ہے قوم نے کہا کہ اسکا نام حسن ہے آگے شاعر کا بیان ہے فافہم ۵۳ بولا الخ ۴ شعر شاعر نے کہا کہ یا رب اُس کا نام اور اس کا نام ایک کیسے ہوا وہ ایسا حسن تھا کہ اس کی بخشش سے سیکڑون وزیر اس سے ہوگئے یہ حسن ایسا ہے کہ اس داڑھی سے سیکڑون رستی بنانا چاہیئے ایسے وزیر کا جو بادشاہ کہنا کرے اُس بادشاہ اور اُس کے ملک کو ہمیشہ رسوا کرے۔ یعنی بادشاہ کو چاہیئے کہ وزیر بد طینت کے کہنے پر عمل نہ کرے کہ وہ دشمن ہے کیونکہ وہ اپنے مالک کا بدخواہ ہے چنانچہ اُس وزیر کی مثال مین ہامان و فرعون کا قصہ آگے ہے فافہم ۱۲

آن حسن تامے کہ از یک کلک او | صد وزیر و صاحب آمد جو و جو
این حسن کز ریش زشت این حسن | یتوان با فدای جان صد حسن
بر چنین صاحب چو شہ اصفا کند | شاہ و ملکش را ابد رسوا کند

وہ حسن ایسا کہ اُسکے جود سے | سیکڑون صاحب وزیر اس سے ہوئے
یہ حسن ایسا کہ اسکی ریش سے | سیکڑون رستی بنانا چاہیئے
ایسے صاحب کا جو شہ کہنا کرے | ملک و رشہ کو سدا رسوا کرے

## دانستن بد رائی این وزیر دون در افساد مروت شاہ بہ وزیر فرعون یعنے ہامان در افساد قبول او پند موسیٰؑ را

## کج فہمی اس وزیرؔ کی خرابی مروت شاہ مین مانند وزیر فرعون یعنی ہامان کے کہ پند موسیٰؑ کی قبول کرنے مین وہ خرابی کرتا تھا

چند آن فرعون میشد نرم و رام | چون شنیدی او ز موسی آن کلام
آن کلامے کہ بدادے سنگ شیر | از خوشی آن کلام بے نظیر
چون بہامان کہ وزیرش بود او | مشورت کردی کہ کینش بود خو
پس بگفتی تاکنون بودی خدیو | بندہ گردی ژندہ پوشی را بریو
ہم چو سنگے منجنیقے آمدی | آن سخن بر شیشہ خانہ او زدی
ہر چہ صد روز آن کلیم خوش خطاب | ساختی در یکدم او کردی خراب
عقل تو مغلوب دستور ہوا ست | در وجودت رہزن راہ خدا ست
ناصحے ربانیے پندت دہد | آن سخن را او بفن طرحی نہد
کاین نہ بر جا ست ہین از جا مشو | نیست چندان با خود آ شیدا مشو

نرمؔ[1] دل فرعون کا کچھ ہوتا تھا | جو کلام پاک موسیٰؑ سنتا تھا
وہ کلام ایسا کہ دیتا سنگ شیر | پس خوشی اسکی سے جو تھا بے نظیر
جبکہ وہ ہامان سے کہ تھا وزیر | مشورت کرتا کہ اُسکا تھا مشیر
پس وہ کہتا اب تلک تو شاہ تھا | بندہ ہووے اب تو گدڑی پوش کا
وہ سخن جون سنگ گوپھن آتا تھا | اسکے شیشہ خانہ کو تھا توڑتا
جو بہت دن مین کلیم خوش خطاب | پس بناتا کرتا وہ دم مین خراب
عقلؔ[2] ہی بس تیری محکوم ہوا | وہ ہی تن مین رہزن راہ خدا
ناصحے ربانی پندین دے تجھے | پھیر دے اس بات کو وہ مکر سے
کہ نہ یہ سچ ہی تو ہرگز مت پھرے | ہوش مین آ اُسکا شیدا مت بنے

[1] نرم دل الخ ٦ شعر فرعون کا دل نرم ہوتا تھا کہ جو کلام پاک موسیٰ علیہ السلام کا سنتا تھا وہ ایسا کلام تھا کہ سنگ شیر دیتا بسبب اُسکی خوشی کے کہ وہ جو بے نظیر تھا جبکہ وہ ہامان وزیر سے مشورہ کرتا کہ وہ مشیر اُس کا تھا پس وہ کہتا کہ تو اب تک بادشاہ تھا اب تو ایک گدڑی پوش کا بندہ ہووے وہ بات مانند سنگ گوپھن کے آتی تھی اور اس کے شیشہ خانہ کو توڑتی تھی جو کلیم بہت روز مین بنا کرتا تھا وہ دم بھر مین خراب کر دیتا تھا آگے اسکے حقائق ہین فافہم ١٢ [2] عقل ہے الخ ٦ شعر تیری عقل محکوم ہوا کی ہے کہ وہ تن مین رہزن راہ خدا ہے تجکو ناصح ربانی نصیحتین دے وہ مکر سے اس بات کو پھیر دے کہ یہ سچ نہین ہی تو ہرگز مت پھرے ہوش مین آ اور اسکا شیدا مت بنے افسوس ہے اُس بادشاہ پر کہ وزیر اُس کا یہ ہو وہ نرخ پر کین مین دونون جائین وہ بہت اچھا بادشاہ ہے کہ اُسکا دستگیر کامون مین آصف سا وزیر ہو جو اُس کے نزدیک شاہ عادل ہو معنی نورا و پرنور کے اب یہ ہون گے یعنی تیری عقل نفس کی محکوم ہے جو تو پند مرشد کی سنے اور وہ اس سے تجکو پھیر دے پس تو اس سے پناہ مانگ اور مرشد کی ہدایت پر چل اور اگر نفس عقل کا مطیع ہووے اور مرشد کی راہ پر چلے یہ نور علےٰ نور ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ١٢

وای آن شہ کہ وزیرش این بود | جای ہر دو دوزخ پر کین بود

شاد آن شاہی کہ او را دستگیر | باشد اندر کار چون آصف وزیر

شاہ عادل چون قرین او شود | معنی نور علی نور این بود

چون سلیمان شاہ و چون آصف وزیر | نور بر نور است عنبر بر عبیر

شاہ فرعون و چو ہامانش وزیر | ہر دو را نبود ز بدبختی گزیر

پس بود ظلمات بعض فوق بعض | نے خرد یار و نہ دولت روز عرض

من ندیدم جز شقاوت در لئام | گر تو دیدستی رسان از من سلام

ہمچو جان باشد شہ و صاحب چو عقل | عقل فاسد روح را آرد بنقل

آن فرشتہ عقل چون ہاروت شد | سحر آموز دو صد طاغوت شد

عقل جزوی را وزیر خود مگیر | عقل کل را ساز ای سلطان وزیر

مر ہوا را تو وزیر خود مساز | کہ بر آید جان پاکت از نماز

کاین ہوا پر حرص و حالی بین بود | عقل را اندیشہ یوم الدین بود

عقل را دو دیدہ در پایان کار | بہر آن گل میکشد او رنج خار

کہ نہ فرساید نہ ریزد ہر خزان | باد ہر خرطوم اخشم دور از آن

ور چہ عقلت ہست با عقل دگر | یار باش و مشورت کن ای پسر

با دو عقل از بلاہا وارہی | پای خود بر اوج گردونہا نہی

حیف اُس شہ پر وزیر اُس کا یہ ہو | دوزخ پر کین ہین جائین دونون وہ

خوب ہے وہ شہ کہ اُسکا دستگیر | کام کے اندر ہو آصف سا وزیر

شاہ عادل ہووے نزدیک اسکے جو | معنی نور علی نور اب یہ ہو (نور اوپر نور کے ۱۲)

سلہ چون سلیمان شاہ و چون آصف وزیر | نور پر ہے نور عنبر پر عبیر (نور کے ۱۲)

شاہ فرعون اُسکا ہامان ہو وزیر | نہ ہو بدبختی سے دونون کو گزیر

ہووے پس ظلمات بعض و فوق بعض (اندھیری پر اندھیرا دوسرا ۱۲) | عقل نے یار و نہ دولت روز عرض

نے بدون کا جز شقاوت دیکھا کام | تو نے گر دیکھا مرا پہونچا سلام

مثل جان ہے شاہ صاحب مثل عقل | عقل فاسد روح کو دیتی ہے نقل

سلہ وہ فرشتہ عقل چون ہاروت ہے | سحر سیکھے اور سو گمراہ ہو وہ

عقل جزوی کو نہ کر اپنا وزیر | عقل کل کو اپنا کر شاہا وزیر

تو ہوا کو مت وزیر اپنا بنا | کہ نمازون سے تری جان ہو جدا

گر ہوا یہ دیکھے نقد حال کو | آخرت کی عقل کو بس فکر ہو

عقل کی دو آنکھ ہے انجام کار | واسطے اُس گل کے کھینچے رنج خار

کہ نہین ابتر کرے اسکو خزان | اور نہ کوئی بھنڈ پر بو ہو عیان

گر تری عقل عقل ثانی کے ہے ساتھ | یار ہو اور مشورت کر اسکے ساتھ

تو بلا سے چھوٹے ان دو عقل سے | پانون اپنا اوج گردون پر رکھے

## نشستن دیو بر مقام سلیمان علیہ السلام و تشبیہ

## بیٹھنا دیو کا اوپر مقام سلیمان عم کے اور تشبیہ کرنا

سلہ چون سلیمان الخ ۵ شعر اگر سلیمانؑ کے مانند شاہ اور آصف کے مانند وزیر ہے نور پر نور و عنبر پر عبیر ہے بادشاہ فرعون اور اسکا ہامان وزیر ہو دونون کو بدبختی سے گریز نہ ہو پس ہووے ترجمہ اندھیرے پر اندھیرا دوسرا نہ عقل نہ دولت یار ہو روز حشر کے بجز شقاوت کے بدون کا کام نہ دیکھا اور اگر تو نے دیکھا ہے تو میرا ابھی سلام پہونچا جان کے مانند شاہ اور عقل کے مانند وزیر ہو عقل فاسد روح کو نقل دیتی ہے یعنی عقل فاسد روح کا انتقال کر دیتی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ وہ فرشتہ الخ ۸ شعر وہ فرشتہ عقل مانند ہاروت کے ہے سحر سیکھے اور سو گمراہ ہو وہ تو عقل جزوی کو اپنا وزیر مت کر اے بادشاہ عقل کل کو اپنا وزیر کر تو اپنا وزیر ہوا کو مت بنا کہ نمازون سے جان جدا ہو کہ گر یہ ہوا دیکھے ہے نقد حال کو اور آخرت کا عقل کو اندیشہ ہو عقل کی دو آنکھ انجام کار ہے اُس گل کے واسطے کھینچے ہے رنج خار کو کہ اسکو خزان ابتر نہین کرتی ہے اور کسی بھنڈ پر بو عیان نہین ہوتی ہے اگر تیری عقل عقل ثانی کے ساتھ ہے مددگار رہو اور اُسکے ساتھ مشورہ کر تو بلا سے چھوٹے ان دونون عقل کے سبب سے اور پانون اپنا اوج گردون پر رکھے یعنی تو عقل کو مثل آصف کے اپنا وزیر کر کہ آسمان پر تو اُڑے اور نفس کو اپنا وزیر مت کر کہ مثل فرعون کے آفت مین پڑے پس عقل جزوی و عقل کلی بہر حال دونون بہتر ہین بنسبت نفس کے آگے اس کی مثال مین دیو کا تخت سلیمان پر بیٹھے بیان ہے فافہم ۱۲

## کردن او بکارہای سلیمان علیہ السلام و فرق ظاہر شدن میان ہر دو سلیمان و یافتن مردمان دیو را کہ تشبیہ بہ سلیمان نمودہ

## اسکا ساتھ کام سلیمان کے اور فرق ظاہر ہونا درمیان دونون سلیمان کے اور پہچاننا مردم کا کہ دیو سلیمان علیہ السلام کے ہمشکل بنا ہے

دیو گر خود را سلیمان نام کرد — ملک برد و مملکت را رام کرد
صورت کار سلیمان دیدہ بود — صورت اندر سر دیوی می‌نمود
خلق گفتند این سلیمان بی صفاست — از سلیمان تا سلیمان فرقہاست
او چو بیداریست این ہمچون وسن — ہمچنانکہ آن حسن تا این حسن
دیو میگفتی کہ حق بر شکل من — صورتی کردہ است خوش اہرمن
دیو را حق صورت من دادہ است — تا نیفتد از شما را او بشست
گر پدید آید بہ دعوے زینہار — صورت او را مدارید اعتبار
دیوشان از مکر این میگفت لیک — مینمود این عکس در دلہای نیک
نیست بازی با ممیز خاصہ او — کہ بود تمییز و عقلش غیب گو
ہیچ سحر و ہیچ تلبیس و دغل — می نہ بندد پردہ بر اہل دول
پس ہمی گفتند با خود در جواب — بازگونہ میروی اے کج خطاب
بازگونہ رفت خواہی ہمچنین — سوئے دوزخ اسفل اندر سافلین

دیو ہمنام سلیمان جب ہوا — ملک اور اہل ملک کو تابع کیا
صورت کار سلیمان دیکھی تھی — دیکھتی صورت مین تھی شر دیو کی
خلق کہتی یہ سلیمان ہے بزرق — اس سلیمان سے سلیمان تک ہے فرق
وہ ہے جون بیدار یہ جون خفتہ تن — جسطرح تھا اُس حسن تک یہ حسن
دیو کہتا حق نے میری شکل پے — دیو اک پیدا کیا خوش شکل ہے
میری صورت دیو کو دی حق نے ہے — تا تمھین وہ دام مین بس اپنے لے
گر کرے وہ دعوے اپنا آشکار — اسکی صورت پر کرو مت اعتبار
دیو اُن کو مکر سے کہتا و لے — عکس یہ دکھتا دلون پر نیک کے
پر تمیزون کو نہ دھوکا خاص دو — کہ تمیز انکا ہو بالکل غیب گو
کوئی جادو اور کوئی مکر و دغا — اہل دل پر نے رکھے پردہ خفا
پس وہ دلمین کہتے تھے اندر جواب — اُلٹا چلتا ہے تو اب ای کج خطاب
ایسا اُلٹا جائے جو کہ بالیقین — جائے وہ اندر جہنم سافلین

سلہ ٥ شعر دیو ہمنام الخ یعنی دیو اگرچہ ہمنام سلیمان کا ہوا ملک اور اہل ملک کو تابعدار کیا سلیمان کے کام کی صورت خلق کو دکھتی تھی ولیکن اُس صورت مین سیرت دیو کی دکھتی تھی خلق کہتی تھی کہ یہ سلیمان ہے از راہ مکر کے اس سلیمان سے سلیمان تک فرق ہے وہ مانند بیدار کے اور یہ مانند خفتہ تن کے ہے جیسے اُس حسن تک یہ حسن تھا دیو کہتا تھا کہ حق نے میری شکل پر ایک دیو خوبصورت پیدا کیا ہے میری صورت دیو کو حق نے دی ہے تاکہ تمکو وہ اپنے دام مین پھانسے اگر وہ دعوے اپنا ظاہر کرے اسکی صورت پر اعتبار نہ کرو انکو دیو کرکے کہتا تھا ولیکن نیکون کے دلون پر یہ عکس دکھتا تھا آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ ٥ پر تمیزون الخ ۲ شعر پر تمیزون کو دھوکا نہین ہے خاصکر وہ کہ تمیز انکا بالکل غیب گو ہووے کوئی جادو اور کوئی مکر و دغا نہین رکھتا ہے اہل دل پر پردہ پوشیدگی کا یعنی اہل معنی کو مکر کی باتین دھوکا نہیں دیتی ہین کہ نظر انکی معنی پر ہوا کرتی ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ سلہ ٥ پس وہ الخ ۲ شعر یعنی وہ دل مین کہتے تھے اندر جواب کے کہ تو اب اُلٹا چلتا ہے ای کج خطاب ایسا اُلٹا جائیگا بالیقین وہ جائیگا اندر دوزخ اسفل السافلین کے اگر وہ معزول و فقیر ہوا ہوا اُسکی پیشانی مین بزرگی اگر تو نے انگشتری لی ہے ای دوزخی تو سرد ہے مانند زمہریر کے تیری شان و شوکت و مکر و فریب ہم کہان قدم بھی نہ رکھین گے اگر ہم سر رکھین غفلت سے پنجہ خاک سے نکل کر مانع ہو یعنی تائید ربانی منع کرے اس کا آگے بیان ہے فافہم ۱۲

او اگر معزول گشته است و فقیر
هست در پیشانیش بدر منیر

تو اگر انگشتری را برده
دوزخی چون زمهریرا فسرده

ما ببوش و عارض وطاق و طرنب
سر کجا که خود همی ننهم سنب (بمعنی قدم ۱۲)

ور بغفلت ما نهیم او را جبین
پنجهٔ معنی برآید از زمین

که منه این سر مر این سرزیر را
هین مکن سجده مر این ادبیر را

کردمی من شرح این بس جانفزا
گر نبودی غیرت و رشک خدا

هم قناعت کن تو بپذیر اینقدر
تا بگویم شرح این وقتی دگر

نام خود کرده سلیمان نبی
روی پوشی میکند بر هر غبی

درگذر از صورت و از نام خیز
از لقب وز نام در معنی گریز

پس بپرس از خلق او وز افعال او
در میان خلق و فعل او را بجو

کار هر کس نیست هین کشتن زمام
مسجد اقصی بسازد کن تمام

شد تمام القصه مسجد بی فتور
بد سلیمان زائر و مسجد مزور

وہ ہوا معزول گر ہے اور فقیر
اس کی پیشانی مین ہے بدر منیر

تو نے لی انگشتری اے دوزخی
سرد ہی جون زمہریر اب تو غبی

شان و شوکت کر و فر تیری ہی ہم
سر کہان بلکہ نہ رکھین ہم قدم

اور کہین غفلت سے گر ہم سر لے
پنجہ مانع ہو نکل کر خاک سے

ف۱ سر نہ رکھ اس سرنگون کے روبرو
اور مت کر سجدہ اس بدبخت کو

شرح کرتا اسکی مین بس جانفزا
گر نہوتی غیرت و رشک خدا

تو قناعت کر بس اتنے پر ابھی
مین کہونگا شرح اسکی پھر کبھی

رکھتا نام اپنا سلیمان اسلئے
کرتا ہے روپوشی ہر نادان سے

چھوڑ تو صورت کو بھاگ اب نام سے
نام سے معنی کو جانا چاہیے

وجہ اسکی خلق سے اور فعل سے
خلق مین اور فعل مین اب ڈھونڈ اسے

چپ رہو کہ ہر کسی کا نہی ہے کام
مسجد اقصے بنانا کر تمام

ہوئی تمام القصہ مسجد بیفتور
تھا سلیمان زائر اور مسجد مزور

## در آمدن هر روز سلیمان علیه السلام در مسجد اقصی بعد از تمام شدن جهت عبادت و ارشاد عابدان و معتکفان و رستن عقاقیر در مسجد و بآن حضرت بسخن در آمدن

## آنا ہر روز سلیمان علیہ السلام کا مسجد اقصے مین بعد تمام ہونے کے واسطے عبادت و ارشاد عابدون و معتکفون کے اور اُگنا گھانس عقاقیر کا مسجد مین اور باتین کرنا سلیمان علیہ السلام سے

چون سلیمان نبی شاه انام
ساخت مسجد را و فارغ شد تمام

جبکہ سلیمان نے کری مسجد تمام
اور ہوا فارغ کہ تھا شاہ انام

ف۱ سر نہ رکھ الخ یہ شعر کہ اُس سرنگون کے آگے سر نہ رکھو اور اس بدبخت کو سجدہ مت کر اسکی مین شرح کرتا جانفزا اگر غیرت و رشک خدا نہ ہوتا تو اتنے پر ابھی قناعت کر مین پھر کبھی اسکی شرح کہونگا آگے اسکے حقائق ہین اسواسطے نام اپنا سلیمان رکھا کہ ہر نادان سے روپوشی کرتا ہی بس تو صورت کو چھوڑ اور نام سے بھاگ نام سے معنی کو جاننا چاہیے اُسکے خلق و فعل سے پوچھ اور اسکو خلق و فعل مین ڈھونڈھ چپ رہو کہ ہر کسی کا کام نہین ہی مسجد اقصے بنانا اور تمام کرنا یعنی جو شخص فعل حق کا رکھے وہ حق مین فنا ہے اور حق اسمین ہی بس فعل اُسکا فعل خدا اور کلام اُسکا کلام خدا ہی پس اس قول و فعل کو کرامت کہتے ہین کہ عقل بشری سے وہ باہر ہی باقی حال اسکا آگے ہی فافہم ۱۲ ف۲ ہوئی الخ ۲ شعر القصہ مسجد بے فتور تمام ہوئی سلیمان زائر اور مسجد زیارت کی گئی تھی پس سلیمان نے مسجد تمام کی اور فارغ ہوا کہ بادشاہ جہان کا تھا آگے بیان ہدایت سلیمان علیہ السلام کا ہی فافہم ۱۲

هر صباح او را وظیفه بن بدی | کامدی در مسجد اقصے شدی
تو گیاهی رسته بودی اندرو | پس بگفتی نام و نفع خود بگو
تو چه داروئی چه نامت نیز چیست | تو زیان بر کی و نفعت نیز کیست
پس بگفتی هر گیاهی فعل و نام | که من آنرا جانم و این را حمام
من مر آنرا زهرم و این را شکر | نام من اینست بر لوح قدر
پس سلیمان با حکیمان آن گیاه | شرح کردی ضر و نفعش ای کیا
آن طبیبان از سلیمان آن گیا | عالم و دانا شدند و مقتدا
تا کتب هاے طبیبی ساختند | جسم را از رنج می پرداختند
این نجوم و طب وحی انبیاست | عقل و حس را سوی بیسو ره کجاست
عقل جزوی عقل استخراج نیست | جز پذیرای فن و محتاج نیست
قابل تعلیم و فهم ست این خرد | لیک صاحب وحی تعلیمش دهد
جمله حرفتها یقین از وحی بود | اول اولیک عقل او را فزود
هیچ حرفت را ببین کاین عقل ما | تاند او آموختن بے اوستاد
گرچه اندر مکر موے اشگاف بد | هیچ پیشه رام بے استا نشد
دانش پیشه ازین عقل ار بدی | پیشه بے استاد کے حاصل شدی

ہر صباح انکو وظیفہ تھا سدا | مسجد اقصے مین آنا روز تھا
اندر اُسکے گھانس اُگتی جو نئی | کہتے اپنے نفع بتلا نام بھی
کیا دوا ہے تو و تیرا نام کیا | کسکو نقصان کسکو نفع ہے ترا
نام و فعل ہر اک گیہ کرتی بیان | کہ مین اسکی موت ہون اسکی ہون جان
اسکو ہون مین زہر اسکو ہون شکر | نام میرا یہ قدر کی لوح پر
پس حکیمونکو سلیمان گھانس کے | شرح کرتے نفع اور نقصان کے
اس سلیمان سے طبیب اُس گھانس کے | راز سے بس عالم و دانا ہوئے
تا کتابین لکھین طب کے علم کی | رنج جسمی کی دوا وارد کری
یہ نجوم و طب ہے وحی انبیا | عقل حس کو ہے جہت مین کب رسا
عقل جزوی عقل استخراج نے | سیکھنے فن کے سوا محتاج نے
قابل اب تعلیم کے یہ عقل ہے | لیک صاحب وحی اُسے تعلیم دے
ابتدا پیشون کی تھی سب وحی سے | عقل نے انکو ولے زیادہ کئے
دیکھ ہماری عقل بے استاد کے | کوئی پیشہ سیکھ سکتی ہے بھلے
گرچہ اندر مکر کے چالاک تھی | پیشہ بے استاد نے پایا کبھی
عقل پیشہ ہوتی گر اس عقل سے | ہوتا حاصل پیشہ بے اُستاد کے

## آموختن پیشہ گورکنی قابیل از زاغ

## سیکھنا پیشہ گورکنی قابیل کا زاغ سے

سلہ ہر صباح الخ ۸ شعر ہر صبح انکو ہمیشہ وظیفہ تھا کہ مسجد اقصیٰ مین روز آتے تھے اُسکے اندر جو نئی گھانس اُگتی اُس سے فرماتے کہ اپنا نام بتلا کر نفع بھی کہہ تو کیا دوا ہے اور تیرا کیا نام ہے کسکو نقصان اور کسکو نفع تیرا ہے نام فعل ہر ایک گھانس بیان کرتی تھی کہ مین اُسکی موت ہون اور اسکی جان ہون اسکو زہر اور اسکو شکر ہون اور یہ میرا نام لوح قدر ہے بس حکیمون کو سلیمانؑ گھانس کی شرح نفع و نقصان بیان کرتے اس سلیمان سے طبیب اس گھانس کے راز سے عالم و دانا ہوتے تاکہ کتابین طب کی علم کی لکھین اور بیماری جسم کی دوا وارد کرین یعنی یہ علم طب سلیمانؑ کے عہد مین جاری ہوا ہے اُن کے بیان سے کہ ہر ایک بوٹی کی خاصیت انھون نے فرمائی ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ یہ نجوم الخ ۷ شعر یہ نجوم و طب وحی انبیا ہی کہ جہت مین عقل و حس کب رسا ہے عقل جزوی عقل استخراج نہین ہے سوا فن سیکھنے کے محتاج نہین ہے یہ عقل اب قابل تعلیم کے ہے ولیکن صاحب وحی اسے تعلیم دیتا ہے ابتدا سب پیشون کے وحی سے تھی ولیکن عقل نے اُن کو زیادہ کیا تو دیکھ ہماری عقل بغیر اُستاد کے کوئی پیشہ سیکھ سکتی ہے اگرچہ مکر مین چالاک تھی ولیکن پیشہ بے اُستاد کے کبھی نہ پایا اگر اُس عقل سے عقل پیشہ ہوتی پیشہ حاصل ہوتا بے اُستاد کے یعنی یہ عقل تعلیم پیشہ کی پاتی ہے صاحب وحی سے اور اگر عقل پیشہ کی اس عقل سے ہوتی تو پیشہ حاصل ہوتا بے اُستاد کے جیسے قابیل نے پیشہ گورکنی سیکھا زاغ سے اسکا قصہ آگے مثال مین بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲

| پیش ازانکه این حرفه ها باشد | | پہلے اُس سے کہ یہ پیشہ ہو | |
|---|---|---|---|
| کندن گورے کہ کمتر پیشہ بود | کے ز فکر و حیلہ و اندیشہ بود | پیشہ[۵۱] کمتر کھودنا قبرون کا تھا | فکر و اندیشے سے یہ کب تھا روا |
| گر بدی این فہم مر قابیل را | کے نہادی بر سر او ہابیل را | گر سمجھ ہوتی یہ بس قابیل کو | سر پہ کیسے رکھتا وہ ہابیل کو |
| کہ کجا غائب کنم این کشتہ را | این بخون و خاک در آغشتہ را | کہ کہان غائب کرون اس کشتہ کو | اور اس با خاک و خون آغشتہ کو |
| دید زاغے زاغ مردہ در دہان | بر گرفتہ در ہوا گشتہ پران | زاغ مردہ دیکھا منھ مین زاغ کے | کہ ہوا پہ اُڑتا ہے اسکو لیے |
| از ہوا زیر آمد و شد او بفن | از پے تعلیم او را گورکن | اُسنے نیچے آ ہنر کی راہ سے | گور کھودی واسطے تعلیم کے |
| پس بچنگال از زمین انگیخت گرد | زود زاغ مردہ را در گور کرد | پس[۵۲] زمین کو کندہ نیچے سے کیا | گور مین اس زاغ مردہ کو رکھا |
| دفن کردش پس بپوشیدش بخاک | زاغ از الہام حق بد علمناک | دفن کرکے خاک مین پنہان کیا | زاغ کو الہام حق سے علم تھا |
| گفت قابیل آہ شد بر عقل من | کہ بود زاغے ز من افزون بفن | بولا قابیل آہ نفرت عقل پے | زاغ فن مین مجھسے افزونی رکھے |
| عقل کل را گفت ما زاغ البصر | عقل جزوی میکند ہر سو نظر | عقل کل کو بولا ما زاغ البصر | عقل جزوی کرتی ہے ہر سو نظر |
| عقل ما زاغ است نور خاصگان | عقل زاغ استاد گور مردگان | عقل زاغ آئی نور زندگان | عقل زاغ اُستاد گور مُردگان |
| جان کہ او دنبالہ زاغان پرد | زاغ او را سوے گورستان برد | جان کہ وہ زاغونکے پیچھے جو پھرے | زاغ گورستان مین لیجائے اُسے |
| ہین مرو اندر پے نفس چو زاغ | کو بگورستان برد نے سوے باغ | نفس[۵۳] کے پیچھے نہ جائے مثل زاغ | جائے گورستان مین نے سوے باغ |
| گر روی رو در پے عنقاے دل | سوے قاف و مسجد اقصاے دل | جاتا ہے عنقاے دل کے پیچھے جا | سوے اقصےٰ اور قاف دل کی جا |
| نو گیاہ ہر دم از سوداے تو | میدمد در مسجد اقصاے تو | گھانس نو ہر دم خیالونکی تری | مسجد اقصےٰ مین ہے تیری اگی |
| تو سلیمان وار داد او بدہ | پے بر از وے پاے رو بر وے منہ | چون سلیمان اسکا تو انصاف دے | لات مت مار اور اسکا کھوج لے |

۵۱ پیشہ آلخ ۵ شعر کمتر پیشہ قبرون کے کھودنے کا تھا فکر و اندیشے سے کب روا تھا اگر یہ سمجھ قابیل کو ہوتی وہ سر پر کیسے رکھتا ہابیل کو کہ اس کشتہ کو کہان غائب کرون اور اس خاک و خون آغشتہ کو کہان چھپاؤن ایک زاغ دیکھا منھ مین زاغ کے کہ ہوا پر اسکو لیے اُڑتا ہے اُسنے نیچے آکر از راہ ہنر کے گور کھودی تعلیم کے واسطے باقی قصہ آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۲ پس زمین کو آلخ ۶ شعر پس زمین کو اُسنے نیچے سے کندہ کیا اور گور مین اُس زاغ مردہ کو رکھا اُس کو خاک مین دفن کرکے چھپایا کیونکہ زاغ کو الہام حق سے علم تھا قابیل نے کہا کہ افسوس میری عقل پر نفرت ہے کہ زاغ مجھسے فن مین زیادہ ہے آگے اسکے حقائق ہین عقل کل کو کہا ترجمہ نہین طغیانی کی بصارت نے اور عقل جزوی ہر سو نظر کرتی ہے عقل ما زاغ سے اور زندگی آئی اور عقل زاغ اُستاد مردگان گورکی آئی ہے جو جان کہ زاغون کے پیچھے پھرے اُس کو زاغ گورستان مین لیجائے یعنی جو جان کہ نفس کے پیچھے پھرے وہ اس کو گورستان مین لیجائے آگے اس کا حال ہے فافہم ۱۲

۵۳ نفس کے آلخ ۷ شعر نفس کے پیچھے مت جا کہ مثل زاغ کے ہے گورستان لیجائے نہ جانب باغ کے اگر جاتا ہے تو عنقاے دل کے پیچھے جا جانب اقصےٰ اور قاف دل کے جا تیرے خیالون کی ہر دم گھانس نئی مسجد اقصےٰ مین تیرے اُگتی ہے تو سلیمان علیہ السلام کے مانند اسکا انصاف دے لات مت مار اور کھوج اسکا لے کیونکہ خاک زمین مین خودنے ہے یا نیشکر ہے مگر مترجم اس زمین کا سبزہ ہے دل زمین اور فکر اُس کی سبزہ تھی دل کے بھید فکر ظاہر کرتی تھی یعنی جیسی زمین ہوتی ہے ویسا سبزہ اُس سے اُگتا ہے اسی طرح جیسا دل ہوتا ہے ویسی فکر پیدا ہوتی ہے پس فکر اگر بہتر و نیک ہے جان لو کہ دل اُسکا پاک و صاف ہے اور اگر بُری پیدا ہوتی ہے تو جان لو کہ دل اُسکا تیرہ و ناپاک ہے آگے

زانکه خاک این زمین با ثبات
باز گوید با تو زانواع نبات

در زمین گر نیشکر در خود نی است
ترجمان ہر زمین نبت وی است

پس زمین دل که نبتش فکر بود
فکرہا اسرار دل وامی نمود

گر سخن کش یابیم اندر انجمن
صد ہزاران گل برویم زین چمن

ور سخن کش غنیمت ای زن بمرد
میگریزد نکته از پیشم چو دزد

مستمع چون نیست خاموشی به است
نکته از نا اہل گر پوشی به است

جنبش ہر کس بسوے جاذب است
جذب صادق نی چو جذب کاذب است

می روی گه گمره و گه در رشد
رشته پیدا نی و آن کت میکشد

اشتر کورے مہار تو رہین
تو کشش می بین مہارت را مبین

گر شدی محسوس جذب آن مہار
پس بماندی این جہان دار الغرار

گبر دیدی کو پیے سگ میرود
سخرهٔ دیوے ستنبه می شود

در پیے او کے شدی مانند حیز
پاے خود واپس کشیدی گبر نیز

گاؤ اگر واقف ز قصابان بدی
کی پے ایشان بدان دکان شدی

یا بخوردی از کف ایشان سبوس
یا بدادی شیرشان از چاپلوس

در بخوردی کے علف ہضمش شدی
گر ز مقصود علف واقف بدی

پس ستون آنجہان خود غفلت است
چیست دولت کاین دوادو با لتست

اولش دودو و آخر لت بخور
جز درین ویرانه نبود مرگ خر

کیونکہ یہ خاک زمین با ثبات
تجھپہ ظاہر کردے اقسام نبات

گر زمین مین نے ہے خود یا نیشکر
ہی مترجم اس زمین کا سبزہ تر

دل زمین اور فکر سبزہ اسکی تھی
بھید دل کے فکر ظاہر کرتی تھی

[۱] سننے والا پاؤن گر اس بزم مین
گل کھلاؤن صدہا اس گلشن مین

دیکھون گر دزد سخن اے بد تجھے
بھاگے نکتہ مجھسے مثل دزد کے

ہے نہ سننے والا چپ رہنا ہے خوب
نکتہ نا اہلون سے نا کہنا ہی خوب

سو ہے جاذب جنبش ہر کوئی کرے
جذب ہے سچا تو جھوٹا جذب ہے

گاہ گمرہ جائے تو اور گہ نکو
رشتہ نے ظاہر کہ کھینچے تجکو جو

[۲] اونٹ تو اندھا رہین تیری مہار
تو کشش دیکھ اور نہ دیکھ اپنی مہار

ہوتا گر محسوس وہ جذب مہار
جائے دھوکا یہ جہان ہوتا نہ یار

دیکھتا وہ گبر پیچھے سگ کے ہون
اور مسخر دیو صورت کا رہون

جو مخنث اسکے پیچھے جاتا کب
بھاگتا واپس وہ گبر بے ادب

گاے واقف ہوتی گر قصاب سے
پیچھے اسکے جاتی کب دکان کے

یا وہ بھوسی کھاتی اسکے ہاتھ سے
یا وہ دیتی شیر پیاری بات سے

گھانس کھاتی ہضم کب ہوتی اسے
جانتی مقصد کو گر وہ گھانس کے

یہ جہان غفلت سے گر قائم ہے
کیا ہے دولت کہ دو ادو لات ہے

اول اسکے دود آخر لات کھا
ہے نہ اس ویران مین مرگ خر سوا

سلہ۱ سننے والا الخ ۵ شعر اگر اس بزم مین سننے والا پاؤن مین اس گلشن مین صد ہا گل کھلاؤن اے بد اگر تجکو دزد سخن دیکھون مجھسے نکتہ مثل دزد کے بھاگے سننے والا جو نہین ہے چپ رہنا خوب ہے اور نکتہ نا اہلون سے کہنا خوب نہین ہر کوئی طرف جاذب کے جنبش کرتا ہے اگر سچا جذب نہین تو جھوٹا جذب ہے تو کبھی گمراہی کو جاتا ہے اور کبھی نیکی کو رشتہ ظاہر نہین ہے کہ جو تجکو کھینچے آگے اس کی مثالین ہین فافہم ۱۲ سلہ۲ اونٹ الخ ۹ شعر تو اونٹ اندھا ہے اور مہار تیری راہ ہے تو کشش کو دیکھ اور مہار کو مت دیکھ اگر وہ جذب مہار محسوس ہوتا پس جائے دھوکا یہ جہان نہ ہوتا دوسری مثال ہے اگر گبر دیکھتا کہ مین پیچھے سگ کے ہون اور مسخرہ دیو صورت کا رہون مخنث کے مانند اس کے پیچھے کب جاتا وہ گبر بے ادب واپس بھاگتا تیسری مثال ہے اگر گاے قصاب سے آگاہ ہوتی اس کے پیچھے دکان پر کب جاتی یا وہ بھوسی کھاتی اس کے ہاتھ سے زیادہ شیر دیتی پیاری باتون سے یعنی اگر اس کو خبر ہوتی نہ بھوسی کھاتی نہ وہ شیر دیتی وہ گھانس کھاتی اسے ہضم کب ہوتی اگر وہ گھانس مقصد کو جانتی پس یہ جہان غفلت سے اگر قائم رہے دولت کیا ہے یعنی دو اور لت یعنی اول اس کے دوڑ اور آخر لات کھا کہ اس ویرانہ مین مرگ خر کے سوا نہین ہے یعنی ویرانہ مین خرمردہ کو ڈالتے ہین پس یہ دنیا جائے مردار ہے مگر غفلت مخلوق سے آباد ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| تو بجد کارے کہ بگرفتی بدست | عیبش ایندم بر تو پوشیدہ شدست | تونے کوشش سے کیا جو کام ہی[۵۱] | عیب اُسکا چھپ گیا او ترے |
| زان ہمی تانی بدادن تن بکار | کہ بپوشید از تو عیبش کردگار | اس لئے تو کام مین پڑ سکتا ہی | کہ چھپایا تجھسے عیب اللہ نے |
| ہمچنین ہر فکر کہ گرمی در ان | عیب آن فکرت شدست از تو نہان | ایسی ہی ہر فکر کہ گرم اُس سے تھا | تجھسے عیب اُس فکر کا پنہان ہوا |
| بر تو گر پیدا شدی ان عیب و شین | زان میدے جانت بعد المشرقین | تجھسے ظاہر ہوتا گر وہ عیب و شین | بھاگتی جان تیری بعد المشرقین |
| حال کاخر زان پشیمان میشوی | گر شود این حالت اول کز وی | حال کے آخر پشیمان اس سے ہو | گر یہ اول حال ہو کب جائے وو |
| پس بپوشید اول آن بر جان ما | تا کنیم آن کار بر وفق قضا | پہلے مخفی جان ہماری پر رکھا | تا کرین وہ کام از روے قضا |
| چون قضا آورد حکم حق پدید | چشم وا گشت و پشیمانی رسید | حکم حق ظاہر قضا نے جو کیا | کھل گئین آنکھین ندامت سے بلا |
| آن پشیمانی قضاے دیگرست | پس پشیمانی بہل حق را پرست | وہ ندامت اک قضا ہی دوسری[۵۲] | پس ندامت چھوڑ پوج حق کو اجی |
| ور کنی عادت پشیمان خور شوی | زان پشیمانی پشیمان تر شوی | گر تو نادم ہونے کی عادت کرے | اس ندامت سے تو نادم تر رہے |
| نیم عمرت در پریشانی رود | نیم دیگر در پشیمانی شود | تیری عمر آدھی پریشانی مین جائے | دوسری آدھی پشیمانی مین جائے |
| ترک این فکر و پشیمانی بگو | حال یار و کار نیکو تر بجو | ترک اس فکر و ندامت کو کرو | ڈھونڈھ حال و کار یار نیک کو |
| ور نداری کار نیکو تر بدست | پس پشیمانیت بر فوت چیست | گر نہ تیرے ہاتھ کار نیک ہی | فوت پر تجکو ندامت کس لیے |
| گر ہمیدانی رہ نیکوترست | ور نہ دانی چون بدانی کاین بدست | پس تو راہ نیک کو ہے جانتا[۵۳] | گر نہ جانے جانے کیونکر ہے برا |
| بد ندانی تا ندانی نیک را | ضد را از ضد توان دید ای فتی | بد نہ جانے تا نہ جانے نیک کو | ضد کو ضد سے دیکھ سکتا ہی جو تو |
| چون ز ترک فکر این عاجز شدی | از گنہ آنگاہ ہم عاجز بدی | جب تو ترک فکر سے عاجز ہوا | تب گنہ سے اس گھڑی عاجز رہا |
| چون بدی عاجز پشیمانی ز چیست | عاجزی را باز جو کز جذب کیست | جب ہوا عاجز ندامت کس سے ہی | عاجزی بتلا ہی کس کے جذب سے |
| عاجزی بے قادری اندر جہان | کس ندیدست و نباشد این عیان | عاجزی بے قادری اندر جہان | نہ کسی نے دیکھی نہ ہووے عیان |

۵۱ تو نے الخ ۔ شعر جو تو نے کوشش سے کام کیا ہی اسکا عیب تجھپر چھپ گیا ہی تو اس لئے کام مین پڑ سکتا ہی کہ عیب اسکا تجھ سے اللہ نے چھپایا ہے ایسے ہی ہر ایک فکر کہ اس سے گرم تھا عیب اس فکر کا تجھ سے پوشیدہ ہوا تھا اگر تجھپر عیب و رنج ظاہر ہوتا تیری جان بھاگتی اس سے بعد المشرقین وہ حال کہ آخر اس سے پشیمان ہو اگر یہ حال اول ہو کب وہ جائے اول ہماری جان پر مخفی رکھا تا وہ کام از روے قضا کے ہم کرین جبکہ حکم قضا سے ظاہر کیا آنکھین کھل گئین اور ندامت ملی یعنی اللہ نے عیب ہر کام کا پوشیدہ رکھا ہے بعد کام کے اس کے عیب سے انسان نادم ہوتا ہے اگر وہ عیب اول معلوم ہوتا ہر ایک اس کام سے بھاگتا آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

۵۲ وہ ندامت الخ ۵ شعر وہ ندامت اک قضا دوسری ہی پس تو وہ ندامت چھوڑ اور حق کو پوج اگر تو نادم ہونیکی عادت کرے اس سے ندامت سے نادم تر رہے تیری آدھی عمر پریشانی مین گذری آدھی پشیمانی مین جائے پس تو اس فکر و ندامت کو ترک کر اور حال و کام و یار نیک کو ڈھونڈھ اگر تیرے ہاتھ کام نیک نہین ہے تو اس کام کے فوت ہونے پر نادم کسواسطے ہو یعنی اگر کام نیک تیرے اختیار مین نہین ہی تو تجھے اسکے فوت ہو جانے پر ندامت کسواسطے ہوتی ہی اس سے ثابت ہوا کہ کام نیک تیرے اختیار مین ہی اسواسطے تو اُسکے فوت ہو جانے سے نادم ہوتا ہی پس تجکو چاہیئے کہ کار نیک مین تو کوشش کر آگے اسکا بیان ہی فافہم ۱۲ ۵۳ پس تو الخ ۶ شعر پس تو راہ نیک کو جانتا ہی اگر نہ جانے پھر کیونکر جانے کہ برا ہی بد نہ جانے جب تک بھلا نے نیک کو ضد سے ضد کو ای تو دیکھ سکتا ہی جو تو ترک فکر سے عاجز رہا جب عاجز ہوا ندامت کس سے ہی اور بتلا کہ عاجزی کسکے جذب سے ہے عاجزی قادر ہونے کی جہان مین کسی نے نہ دیکھی اور نہ عیان ہو سے اسطرح ہر آنند و جو تو رکھتا ہے اسکے عیب سے تو بچا ہو ان مین ہی یعنی پس تو راہ نیک جانتا ہی اور م

۴ اگر نہین جانتا ہی کیونکہ ضد سے ضد معلوم ہوتی ہی پس عاجزی کو قادر ہونا لازم ہی ثابت ہوا کہ جس چیز پر تو قادر ہی اسواسطے عاجز ہوتا ہی اسطرح ہر آرزو

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہمچنین ہر آرزو کہ می بری | تو ز عیب آن حجابے اندری | اس گھڑی ہر آرزو رکھتا جو ہے | ہے حجابون مین تو اُسکے عیب سے |
| ور نمودی علت آن آرزو | خود رمیدی جان تو زین جستجو | علتین گر آرزو کی دیکھتا | بھاگتی جان اُس سے نے تو ڈھونڈھتا |
| گر نمودی عیب آن کار او ترا | کس نبردی کش کشان آن سو ترا | گر دکھاتا عیب تجکو کام کا | کوئی نے لیجاتا اس سو کھینچتا |
| وان دگر کاری کزان کاری نفور | زان بود کہ عیبش آمد در ظہور | دوسرا وہ کام کہ نفرت تجھے | اسلیے کہ عیب ظاہر اسکا ہے |
| ای خدای رازدان خوش سخن | عیب کار بد زما پنہان مکن | اے خدائے خوش کلام ازدان | عیب کار بد نہ کر ہم سے نہان |
| عیب کار نیک را منما بما | تا نگردیم از روش سرد رہبا | عیب کار نیک مت ہمکو دکھا | تا روش سے ہون نہ ہم اندر بلا |
| ہم بران عادت سلیمان سنی | رفت در مسجد میان روشنی | بھی سلیمان اپنی اس عادات سے | جاتے مسجد مین وہ اندر روز کے |
| قاعدہ ہر روز را میجست شاہ | کہ ببیند مسجد اندر نو گیاہ | قاعدہ ہر روز کا تھا کہ وہ شاہ | دیکھتے مسجد کے اندر نو گیاہ |
| دل ببیند سر بدان چشم صفی | آن حشائش کہ شد از عامہ خفی | دیکھتا ہی بھید دل اُس آنکھ سے | گھانس کا کہ عام سے پنہان وہ ہے |

## قصۂ صوفی کہ درمیان گلستان سر بزانوی مراقبہ نہادہ بود یارانش گفتند سر برآر و تفرج کن گلستان و ریاحین و مرغان راکہ فانظروا الی آثار رحمۃ اللہ

بہ بینند سوے آثار رحمۃ اللہ ۱۲

## قصہ اُس صوفی کا کہ گلستان مین سر بزانوی مراقبہ تھا یارون نے اُس سے کہا کہ سر اُٹھا اور سیر گلستان و ریاحین و مرغون کی کر کہ فانظروا الی آثار رحمۃ اللہ

دیکھو تم طرف نشانیون رحمت اللہ کے ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| صوفی در باغ از بہر گشاد | صوفیانہ روی بر زانو نہاد | باغ[۵۲] مین صوفی نے اک بہر کشود | صوفیانہ سر رکھا زانو پہ زود |

۵۱ علتین الخ ۸ شعر اگر علتین آرزو کی دیکھتا جان اُس سے بھاگتی اور تو نہ ڈھونڈھتا اگر کام کا عیب تجکو دکھتا کوئی نہ لیجاتا اور نہ اُس سو کھینچتا تجکو دوسرا وہ کام کہ تجھ سے نفرت ہی اسواسطے ہی کہ عیب اُسکا ظاہر ہے اگر مناجات ہے ای خدائے خوش کلام رازدان عیب کام بد کا ہم سے پوشیدہ مت کر عیب کام نیک کا ہمکو دکھا تا روش سے ہم بلا مین نہون یعنی آرزو کا عیب اگر تو جانتا کبھی اس طرف نہ جاتا آگے رجوع بقصہ ہے سلیمان علیہ السلام عبادتون پر مسجد اقصےٰ مین جاتے دن کو ہر روز کا قاعدہ تھا کہ وہ بادشاہ مسجد مین دیکھتے نئی گھانس دل دیکھتا ہی اُس آنکھ سے بھید گھاس کا کہ عام سے پوشیدہ ہے یعنی دل چشم باطن سے نہ زہر گھانس کا دیکھتا ہے چنانچہ اسکی مثال مین قصہ صوفی کا آگے فرماتے ہیں فافہم ۱۲

۵۲ باغ مین الخ ۵ شعر ایک صوفی نے باغ مین واسطے کشود کے سر زانو پر رکھا صوفیون کے مانند وہ اپنے خیال مین دوڑا اور فضول لوگ اس صورت سے ملول ہوگئے تو سوتا کیا ہے یہ انگور دیکھ اور درختون اور سبزہ زار کو دیکھ امر حق سن کہ کہا ہے دیکھو تم اور منھ کر نشانیون رحمت کی طرف صوفی نے کہا کہ وہ آثار دل ہے اور باہر اس آثار کا آثار ہے عین جان مین سبزی اور گلزار مین اور اسکا عکس باہر ہے جیسے آب مین باغ کا عکس ہوئے آب مین اور لطف آب سے وہ اضطراب کرتا ہی باغ اور میوہ جملہ دل مین ہین اور عکس لطف اسکا آب و گل پر ہے اگر یہ سرو درو عکس نہ تا اسے حق نہ کہتا گھر غرور کا یعنی سبزہ و باغ جان و دل مین ہی اور اسکا عکس لطف ظاہر صورت پر ہی اسواسطے حق تعالی نے دنیا کو گھر غرور کا کہا ہی آگے اس

پس فرو رفت او بخود اندر نغول
شد ملول از صورتِ خوابش فضول

که چه خسپی آخر اندر رز نگر
این درختان بین و آثارِ خضر

امرِ حق بشنو که گفتست انظروا
سوے این آثارِ رحمت آر رو

گفت آثارش دل است اے بو الهوس
آن برون آثار آثارست و بس

باغها و سبزه ها در عینِ جان
بر برون عکسش چو در آبِ روان

آن خیالِ باغ باشد اندر آب
که کند از لطفِ آب آن اضطراب

باغها و میوه ها اندر دل است
عکسِ لطفِ آن برین آب و گل است

گر نبودے عکسِ آن سرو سرور
پس نخواندی ایزدش دار الغرور

این غرور آنست یعنی این خیال
هست از عکسِ دل و جان و رجال

جملهٔ مغروران برین عکس آمده
بر گمان کاین بود جنت کده

میگریزند از اصولِ باغها
بر خیالے میکنند آن لاغها

چونکه خوابِ غفلت آید شان بسر
راست بینند و چه سود است آن نظر

پس بگورستان غریو افتاد و آه
تا قیامت زین غلط وا حسرتاه

اے خنک آنرا که پیش از مرگ مرد
یعنی او از اصلِ این رز بوے برد

همچنین روزے سلیمان از قضا
شد بعادت مسجد اندر اے فتا

وہ خیال اپنے مین ڈوبا اور فضول
ہوگئے اس سوتی صورت سے ملول

سوتا کیا ہے دیکھ یہ انگور تو
اور درختون اور سبزہ زار کو

امر حق سن کہ کہا ہے انظروا (دیکھو)
منھ کر اس آثار رحمت کی تو سو

بولا وہ آثار دل ہے جان سے
باہر اس آثار کے آثار ہے

عین جان مین سبزے اور گلزار ہین
عکس باہر اسکا ہے جون آب مین

باغ کا وہ عکس ہووے اندر آب
کرتا لطف آب سے وہ اضطراب

باغ و میوہ جملہ اندر دل کے ہے
عکس لطف اسکا اس آب و گل پہ ہے

گر نہ ہوتا عکس یہ سرو سرور
بس نہ کہتا حق اسے دار الغرور

یہ غرور[۱] یعنی خیال اب جان کے
جان و دل کا عکس ہے انسان کے

سب ہوئے مغرور ہین اس عکس سے
اس گمان پر کہ یہ جنت گاہ ہے

بھاگتے ہین اس اصول باغ سے
بازی کرتے ہین خیال خام پہ

خواب غفلت جبکہ آخر انکے ہو
دیکھین سچ بے فائدہ اس دید کو

شور گورستان مین اور غوغا پڑا
اس غلط سے حشر تک وا حسرتا

اے وہ اچھا پہلے مرنے سے مرا
یعنی اصل انگور کی وہ پا گیا

بس سلیمان اک دن از راہِ قضا
اپنی عادت پر وہ مسجد مین گیا

## غمگین شدن سلیمان علیہ السلام از خروب رُستن در گوشۂ مسجد اقصےٰ چون خروب بسخن در آمد و خاصیت خود گفت

## غمگین ہونا سلیمان علیہ السلام کا خروب کے اُگنے سے گوشۂ مسجد اقصےٰ مین کہ خروب نے باتین کین اور خاصیت اپنی کہی

[۱] یہ غرور الخ ے شعر یہ غرور یعنے خیال ہے کہ انسان کی جان و دل کا عکس ہے سب اس عکس پر مغرور ہوتے ہین اس گمان پر کہ یہ جنت گاہ ہے اس اصول باغ سے بھاگتے ہین اور بازی کرتے ہین خیال خام پر جبکہ خواب غفلت اُن کا آخر ہو سچ دیکھین پھر اس دید سے کیا فائدہ گورستان مین شور و غل پڑا وا حسرتا کا اس غلطی سے حشر تک اے وہ شخص اچھا کہ پہلے مرنے سے مرا یعنی انگور کی وہ اصل پا گیا پس سلیمانؑ ایک روز از راہ قضا کے اپنی عادت پر مسجد مین گئے یعنی یہ اشیاء اے دنیا عکس دل ہے اور مخلوق اسپر مغرور ہو کر در گور شور وا حسرتا کا حشر تک کرین گے وہ اچھا ہے کہ اول مونے مر گیا اور اپنی اصل کو پا گیا آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲

تو گیاہے دید اندر گوشۂ
رستہ بر وے دانہ ہمچو خوشۂ

دید بس نادر گیاہے سبز و تر
میر بود آن سبزیش نور از بصر

پس سلامش کرد در دم آن حشیش
او جوابش گفت و شگفت از خویش

گفت نامت چیست بر گو بے دہان
گفت خروبست اے شاہِ جہان

گفت اندر تو چہ خاصیت بود
گفت من رُستم مکان ویران شود

منکہ خروبم خراب منزلم
ہادم بنیاد این آب و گلم

پس سلیمان آن زمان دانست زود
کہ اجل آمد سفر خواہد نمود

گفت تا من ہستم این مسجد یقین
در خلل ناید ز آفات زمین

تا کہ من باشم وجود من بود
مسجد اقصےٰ مخلل کے شود

پس خراب مسجد ما بے گمان
نبود الا بعد مرگِ ما بدان

مسجدست این دل کہ جسمش ساجدست
یار بد خروب ہر جا مسجدست

یار بد چون رست در تو مہر او
ہین ازو بگریز و کم کن گفتگو

برکن از بیخش کہ گر سر بر زند
مر ترا و مسجدت را بر کند

عاشقا خروب تو آمد کژے
ہمچو طفلان سوے کژ چون مے غژے

خویش را نادان و مجرم دان مترس
تا نہ دزد از تو این اُستاد درس

چون بگوئی جاہلم تعلیم دہ
این چنین انصاف از ناموس بہ

از پدر آموز اے روشن جبین
ربنا گفت و ظلمنا پیش ازین

دیکھی گوشہ مین اُگی گھاس اک نئی
مثل خوشہ اُسپہ دانہ تھے کئی

دیکھی نادر گھاس وہ تھی سبز تر
یعنی سبزی اُسکی تھی نور بصر

پس سلام اُس گھانس نے انکو کیا
کھل گئی خوش ہو جواب انکا سُنا

بولے کیا ہے نام کہہ تو بے دہان
بولی ہے خروب اے شاہِ جہان

بولے کیا ہے خاصیت تجھمین نہان
بولی مجھسے ہوتا ہے ویران مکان

مین ہون خروب مکان مجھسے خراب
گرتی ہے مجھسے یہ بنیاد گل آب

پس سلیمان پر یہ اس ساعت کھلا
کہ اجل آئی سفر میرا ہوا

بولے جبتک مین ہون یہ مسجد بھی ہے
نے خلل آفت زمین کی لا سکے

جب تلک مین ہون وجود ہووے مرا
مسجد اقصیٰ پہ نے آئے بلا

نے تبہ ہووے مری مسجد ولے
بعد میرے مرگ کے ہو جان لے

دل ہے مسجد ساجد اسکا جسم ہے
یار بد خروب مسجد ہر جگہے

یار بد کی حُب جو تیرے مین اُگے
بھاگ و کم کر گفتگو اس یار سے

کھود اُسے جڑ سے کہ گر پیدا ہو وہ
کھودے مسجد کو ترے اور تیرے کو

عاشقا خروب تیری ہے کجی
مثل لڑکون کے نجا اس سو کبھی

خود کو نادان جان او مجرم سرا
تا نہ یہ اُستاد چھینے تجھسے درس

کہہ تو جاہل اب مین ہون تعلیم دے
خوب ہے انصاف ایسا ننگ سے

باپ سے تو سیکھ کہ پہلے کہا
ربنا اور بس ظلمنا برملا

---

سلہ دیکھی الخ ۴ شعر ایک گھانس نئی گوشے مین اُگی دیکھی کہ مثل خوشہ کے اُسپر کئی دانہ تھے جو وہ گھانس سبز و نادر دیکھی کہ سبزی اسکی تھی نور بصر کا پس اُس گھانس نے اُنکو سلام کیا اور جواب انکا سُنا تو خوش ہو کر کھل گئی فرمایا سلیمان علیہ السلام نے کہ تیرا کیا نام ہے تو بغیر دہن کے کہہ بولی میرا نام خروب ہے اے شاہ جہان باقی قصہ آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ بولے الخ ۶ شعر فرمایا کہ کیا خاصیت تجھ مین ہے پوشیدہ کہا کہ مجھ سے مکان ویران ہوتا ہے مین خروب ہون کہ مجھ سے خراب ہوتا ہے اور مجھسے گرتی ہے یہ بنیاد آب و گل کی پس سلیمان پر یہ اسدم کھلا کہ اجل آئی اور میرا سفر ہوا فرمایا کہ مین جب تک ہون یہ مسجد بھی ہے آفت زمین کی خلل نہ لا سکے جب تک مین ہون وجود میرا رہ سکے مسجد اقصٰے پر بلا نہین میری مسجد تباہ نہ ہووے ولیکن بعد مرگ میرے کے جان لے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ دل مسجد اور ساجد اس کا وجود ہے اور یار بد خروب ہے ہر جا جو تجھ مین یار بد کی اُگے بھاگ اور کم کر گفتگو اس یار سے اس کو جڑ سے کھود اگر وہ پیدا ہو کھودے مسجد کو تیرے خروب تیری کجی ہے لڑکون کے مانند مت جا کبھی اس طرف خود کو نادان و مجرم جان خوف سے تا یہ اُستاد حق تجھ سے درس نہ چھینے تو کہہ اب مین جاہل ہون اور تعلیم دے ایسا انصاف خوب ہے ننگ سے اپنے باپ سے سیکھ کہ اول کہا کہ اے رب میرے ظلم کیا مین نے برملا یعنی دل مسجد و ساجد بدن اور خروب یار بد ہے پس تو یار بد کی محبت سے بھاگ کہ تیرے دل کو خروب کر دے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

نے بہانہ کرد نے تزویر ساخت — نے لواے مکر و حیلت برفراخت
باز آن ابلیس بحث آغاز کرد — کہ بدم من سرخرو کردیم زرد
رنگ رنگِ تست صباغم توئی — اصل جرم و آفت و داغم توئی
ہین بخوان رب بما اغویتنی — تا نہ گردی جبری و کژ کم تنی
بر درخت جبر تا کے بر جہے — اختیار خویش را یکسو نہی
ہمچو آن ابلیس و ذریات او — با خدا در جنگ و اندر گفتگو
چون بود اکراہ با چندین خوشی — کہ تو در عصیان ہمی دامن کشی
آنچنان خوش کس رود در مکرہی — کس چنان رقصان رود در گمرہی
بست مردہ جنگ میکردی دران — کت ہمی دادند پند آن دیگران
کہ صواب اینست و راہ اینست و بس — کہ زند طعنہ مرا جز ہیچ کس
کی چنین گوید کسے کو گمرہ است — چون چنین جنگد کسی کو بیرہ است
ہر چہ نفست خواست داری اختیار — ہر چہ عقلت خواست آری اضطرار
داند آن کو نیکبخت و محرم است — زیرکی ز ابلیس و عشق از آدم است
زیرکی آمد سباحت در بحار — کم رہد غرق است او پایان کار
ہل سباحت را رہا کن کبر و کین — نیست جیحون نیست جو دریاست این
وانگہان دریاے ژرف بے پناہ — در رُباید ہفت دریا را چو کاہ
عشق چون کشتی بود بہر خواص — کم بود آفت بود اغلب خلاص

نے بہانہ نے فریب اُسنے کیا — نے کیا حیلے کے نیزے کو کھڑا
پھر شروع ابلیس نے کی بحث کو — زرد رو مجکو کیا تھا سرخرو
رنگ تیرا رنگریز اب میرا تو — اصل جرم و رنج نالہ میرا تو
جلد پڑھ تو رب بما اغویتنی — تا نہو جبری و گمرہ اے دنی
تو درختِ جبر پر کب تک چڑھے — اختیار اپنے کو تو اک سو رکھے
مثل ابلیس اُسکی ذریات سے — گفتگو و جنگ مین اللہ سے
کب کراہت ہے جو اتنا خوش ہے تو — کہ سوِ عصیان جو دامن کش ہے تو
خوش کراہت مین بھلا ایسا جائے کون — ایسا رقصان گمرہی مین آئے کون
بیس کے مانند اُنسے لڑتا تو — جو نصیحت دوسرے دین تیرے کو
کہ صواب اب ہے وہ رہ سیدھی ہے یہ — کون طعنہ دے بجز ناکس مجھے
کب کہے کوئی کہ وہ گمراہ ہے — کیوں لڑے کوئی کہ وہ بیراہ ہے
نفس جو چاہے تو کرے اختیار — عقل جو چاہے تو لائے اضطرار
جانے وہ کہ جو ہے محرم راز سے — زیرکی شیطان سے عشق آدم سے ہے
زیرکی ہے پیرنا دریا کا یار — غرق سے کم چھوٹے وہ انجام کار
کبر و کینہ پیرنا تو چھوڑ دے — نہ یہ جیحون اور جو بل بحر ہے
اسطرف دریا ہے گہرا بے پناہ — ساتوں دریا کو بہائے مثل کاہ
واسطے خاصوں کے کشتی عشق ہے — کم ہے آفت بل نجات اس سے ملے

۵۱ نے بہانہ الخ ۵ شعر اس نے نہ بہانہ اور نہ فریب کیا اور نہ نیزہ حیلہ کو استادہ کیا پھر ابلیس نے بحث شروع کی کہ مین سرخرو تھا مجکو زرد رو کیا تیرا رنگ اور تو میرا رنگریز ہے اصل جرم و رنج و نالہ میرا تو ہے جلد پڑھ ترجمہ اے رب میرے ساتھ اُس چیز کے کہ بہکایا تونے مجھکو تاکہ جبری نہ ہو تو درخت جبر پر کب تک چڑھے اور اختیار اپنے کو ایک طرف رکھے آگے حقائق ہین فافہم ۱۲

۵۲ مثل ابلیس الخ ۸ شعر مثل ابلیس اور اسکی ذریات کی تو گفتگو و جنگ مین اللہ سے ہے تجھے کب کراہت ہے جو تو اتنا خوش ہے گو کہ طرف عصیان کے دامن کش ہے تو کراہت مین ایسا خوش کون جائے اور ایسا رقصان گمراہی مین کون آئے مانند بیس آدمیون کے تو اکیلا انسے لڑتا ہے جو دوسری نصیحت تجھکو دین کہ اب صواب یہ ہے اور راہ سیدھی ہے کون طعنہ بجز ناکس کے مجھے دیوے کب کوئی کہے کہ وہ گمراہ ہے جو نفس چاہے تو اختیار کرے اور جو عقل چاہے تو اضطرار لائے وہ جانے کہ جو محرم راز سے ہے زیرکی شیطان سے اور عشق آدم سے ہے یعنی اہل راز اس بات کو جانتے ہین کہ شیطان سے زیرکی اور آدم سے عشق ہے پس تجھکو چاہیئے کہ تو حق سے عاجزی کر اور بحث مثل ابلیس نہ کر کہ تا گمراہی مین نہ پڑے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۳ زیرکی الخ ۷ شعر زیرکی دریا کا پیرنا ہے کہ انجام کار وہ غرق سے کم چھوٹے تکبر و کینہ پیرنا ہے تو چھوڑ دے کہ یہ جیحون جو نہین ہے بلکہ دریا ہے اس طرف دریا گہرا اور بے پناہ ہے کہ ساتوں دریا کو بہائے مثل کاہ کے واسطے خاصوں کے عشق کشتی ہے اور آفت کم ہے بلکہ نجات اُس سے ملتی ہے زیرکی ہیچ اور حیرانی خرید کر زیرکی ظن اور حیرانی دید ہے کنعان کے مانند کشتی سے جدا نہو نفس زیرک نے اسکو دھوکا دیا ہے کہ مین کوہ کی بلندی پر جاؤن اور نوح کا احسان کسواسطے لون یعنی تو عشق حاصل کر کہ یار تک رسائی ہو اور آفت دنیا سے نجات ہو آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| زیرکی بفروش و حیرانی بخر | زیرکی ظن است و حیرانی نظر | زیرکی بیچ اور حیرانی خرید | زیرکی ہے ظن و حیرانی ہے دید |
| ہمچو کنعان سر ز کشتی وا مکش | کہ غرورش داد نفس زیرکش | مثل کنعان مت ہو کشتی سے جدا | نفس نے زیرک نے اُسے دھوکا دیا |
| کہ برآیم بر سر کوہ مشید | منت نوحم چرا باید کشید | کہ بلندی پر مین جاؤن کوہ کے | نوح کا احسان لون مین کس لئے |
| عقل قربان کن بہ پیش مصطفےٰ | حسبی اللہ گو کہ اللہ ام کفی | عقل قربان کر تو پیش مصطفےٰ | حسبی اللہ کہہ کہ ہے اللہ کفا |
| چون رہی از منتش ای بی رشد | کہ خدا ہم منت او می کشد | کیسے چھوٹے اسکے تو احسان سے | کہ خدا احسان لیتا انکا ہے |
| چون نباشد منتش بر جان ما | چونکہ شکر و منتش گوید خدا | کیون نہ احسان ہو ہماری جان پے | شکر و احسان جو خدا انکا رکھے |
| تو چہ دانی ای غرار پر حسد | کہ نہادن منت او را میرسد | اے تو احمق پر حسد اب جانے کیا | پہونچے ہے رکھنا اسے احسان کا |
| کاشکے او آشنا ناموختی | تا طمع در نوح و کشتی دوختی | پیر ناوہ کاشکے نے سیکھتا | تا طمع کشتی و نوح کی چاہتا |
| کاش چون طفل از حیل جاہل بدے | تا چو طفلان چنگ در مادر زدی | کاش جاہل ہوتا لڑکونکے مثال | تا پکڑتا مان کو بچون کی مثال |
| تا بعلم نقل کم بودی ملے | علم وحی دل ربودی از ولی | علم منقولی نہ رکھتا مولوی | علم وحی دل کو لیتا از ولی |
| چون تیمم با وجود آب دان | علم نقلی با دم قطب زمان | آگے پانی کے تیمم جان لے | علم نقلی کو مقابل قطب کے |
| با چنین نورے چو پیش آری کتاب | جان وحی آسای او آرد عتاب | آگے ایسے نور کے لائے کتاب | لائے اسکی جان وحی آسا عتاب |
| خویش ابلہ کن تبع میرو سپس | رستگی زین ابلہی یابی و بس | خود کو ابلہ کر ہو پیرو اسکا تو | تا نجات اس ابلہی سے پائے تو |
| اکثر اہل الجنۃ البلہ ای پسر | بہر این گفت ست سلطان البشر | اکثر اہل الجنۃ البلہ ای پسر | اس لئے کہتے ہین سلطان البشر |
| زیرکی چون کبر باد انگیز تست | ابلہے شو تا بماند دین درست | زیرکی تیری غرور انگیز ہے | ہو تو ابلہ دین تا قائم رہے |
| ابلہے نے کو بمسخرگی دو توست | ابلہے نے کز شقاوت مال جوست | ایسا نے ابلہ کہ وہ ہو مسخرہ | ایسا نے ابلہ کہ وہ حریص ہے برہ |
| ابلہے کو والہ و حیران ہوست | باشد اندر گردن و طوق دوست | ایسا ابلہ کہ وہ بس حیران ہو | رکھے گردن مین وہ طوق یار کو |
| ابلہان اند آن زنان دست بر | از کف ابلہ و ز رخ یوسف نذر | بس ہین ابلہ وہ زنان دست بر | ہاتھ سے ابلہ و یوسف سے نذر |

ا‍ے عقل الخ ۶ شعر تو عقل قربان کر آگے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اور کہہ کہ بس ہے مجھکو اللہ اور اللہ کافی ہے تو اُن کے احسان سے کیسے چھوٹے کہ خدا انکا احسان لیتا ہے ہماری جان پر احسان کیون نہ ہو جبکہ خدا شکر و احسان انکار کھا اپنے پرے احمق پر حسد تو کیا جانے کہ اُسے احسان کا رکھنا پہونچتا ہے کاشکے دریا پیرنا نہ سیکھتا طمع کشتی وہ نوح کی چاہتا کاش تو انھون سے مانند جاہل ہوتا مانگ بچون کے مانند پکڑتا یعنی تو عقل اپنی جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان کرکے تو انکے احسان سے پہلے چھوٹتا ہے بس اس عقل کو تو چھوڑ اور انکا دامن پکڑ کہ موجب نجات کا ہووے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

ے۲ علم منقولی الخ ۹ شعر اگر علم منقولی مولوی نہ رکھتا تو اولیا سے علم وحی لیتا پانی کے آگے تیمم جان لے علم العقلی کو مقابل قطب کے ایسے ہی کر نور کے آگے کتاب لائے تو اسکی جان وحی آسا عتاب کرے تو خود احمق کر اور پیرو اسکا ہو تاکہ نجات پائے کہ اکثر اہل جنت بھولے لوگ ہین جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اسواسطے فرماتے ہین تیری زیرکی غرور انگیز ہے تو ابلہ ہو تا دین قائم رہے ایسا ابلہ نہین کہ وہ مسخرہ ہے ایسا ابلہ نہین کہ جو متلاشی زر ہو بلکہ ایسا کہ وہ حیران ہو کہ گردن مین رکھے طوق یار کو بس وہ ابلہ ہین زنان دست بر کے ہاتھ سے ابلہ اور یوسف سے بے خبر دار ہین یعنی تو اولیا اللہ کے احمق ہو تا کہ حیرانی تجھے حاصل ہو اور ایسا احمق مت ہو کہ مسخرہ اور حریص بندہ زر ہو آگے

عقل را قربان کن اندر عشق دوست / عقلها باری از آن سویست کوست
عقلها آن سو فرستاده عقول / مانده این سو آن که گول است فضول
زین سر از حیرت گر این عقلت رود / هر سر مویت سر و عقلی شود
نیست آن سو رنج و فکرت بر دماغ / کر دماغ عقل روید دشت و باغ
سوی دشت از دشت نکته بشنوی / سوی باغ آیی شود نخلت روی
اندرین ره ترک کن طاق و طرنب / تا قلاوزت نجنبد تو مجنب
هر که او بی سر بجنبد دم بود / جنبشش چون جنبش کژدم بود
کجرو و شب کور و زشت و زهرناک / پیشهٔ او خستن جانهای پاک
سر بکوب او را که سرش این بود / خلق و خوی مستمرش این بود
خود صلاح اوست این سر کوفتن / تا رهد جان ریزه‌اش زین شوم تن
واستان از دست دیوانه سلاح / تا ز تو راضی شود عدل و صلاح
چون سلاحش هست و عقلش نی ببند / دست او را ورنه آرد صد گزند

عقل کو قربان کر اندر عشق یار / عقل وہ تمر جو ہے سوے کردگار
بھیجین عقلین اس سو اہل عقل نے / وہ رہے اس سمت جو بے عقل ہے
جلئے باحیرت یہانسے عقل جب / ہر سر مو تیرا سر اور عقل ہو
رنج و فکر آن جا نہین لائے دماغ / کردماغ و عقل سے ہو دشت و باغ
دشت کی سو دشت سے نکتہ سنے / سوے باغ آئے شجر راوی بنے
کرو فر اس راہ مین تو چھوڑ دے / تا ملے رہبر ترا تو مت ہلے
جو کہ بے معنی ہلے بس دم ہو وہ / جنبش اسکی جنبش اک بچھو کی ہو
شب کا اندھا بد و کجرو زہرناک / پیشہ اُسکا زخمی کرنا جان پاک
کوٹ سر اسکا کہ بھید اسکا یہ ہو / خلق اور عادت سدا رکھتا یہ ہو
کوٹنا سر کا درستی اسکی ہے / جان زخمی چھوٹے تا اس جسم سے
چھین دیوانہ سے تو ہتھیار کو / تا صلاح و عدل راضی تجھسے ہو
ہووے آلہ عقل نے بند کر اسے / سیکڑون کو ورنہ وہ زخمی کرے

## بیان آنکه حصول علم و مال و جاه مر بدگهر را فضیحت اوست چون شمشیر ست فتاده بدست رهزن

## بیان اسکا کہ حصول علم و مال و جاہ نالائق کو فضیحت کرتا ہے جیسے تلوار ہاتھ مین رہزن کے

سطر۱ عقل کو آلخ ۵ شعر عقل کو عشق یار مین قربان کر اور عقل وہ ہے کہ جو طرف حق کے ہے عقلین بھیجین اُس طرف اہل عقل نے احمق وہان رہین کہ معشوق نہین ہے جو عقل کہ یہان سے باحیرت جاے تیرا ہر سر مو ایک سر و عقل ہو اُس جا رنج و فکر دماغ نہین لاسے کہ دماغ و عقل سے دشت و باغ ہو دشت کی جانب دشت سے نکتہ سنے جانب باغ کے آئے شجر راوی بنے یعنی تو عقل کو عشق یار مین قربان کر اور عقل وہ ہے جو خدا کی طرف ہے اور یہ عقل ظاہری حجاب یار ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سطر۲ کرو فر آلخ ۷ شعر تو کرو فر اس راہ مین چھوڑ دے تاکہ تیرا رہبر ملے تو مت ہلے جو کہ بے معنی ہلے وہ دم ہو اور جنبش اس کی ایک جنبش بچھو کی ہو جو شب کا اندھا و بد کجرو زہرناک ہے اور پیشہ اُسکا زخمی کرنا جان پاک کو ہے اُسکا سر کوٹ کہ اسکا بھید یہ ہے اور خلق و عادت سدا رکھتا ہے سر کوٹنا اُس کی درستی ہے جان زخمی تا اُس جسم سے چھوٹے تو دیوانے سے ہتھیار چھین تا صلاح و عدل تجھسے راضی ہو آلہ ہووے اور عقل نہین اُسے بند کر ورنہ وہ سیکڑون کو زخمی کرے یعنی وہ کرو فر دنیا کو چھوڑ کہ تا مرشد حرکت کرے اور تو حرکت مت کر ورنہ جان و مال نالائق کو زخمی کرے چنانچہ اسکا بیان آگے ہے فافہم ۱۲

بدگہر را علم و فن آموختن ۔ دادنِ تیغ ست دست راہزن
تیغ دادن در کف زنگی مست ۔ بہ کہ آید علم نادان را بدست
علم و مال و منصب و جاہ و قران ۔ فتنہ آرد در کف بدگوہران
پس غزا زین فرض شد بر مؤمنان ۔ تا ستانند از کف مجنون سنان
جان او مجنون تنش شمشیر او ۔ داستان شمشیر از زین زشت خو
آنچہ منصب می کند با جاہلان ۔ از فضیحت کی کند صد ارسلان
عیب مخفی ست چون آلت بیافت ۔ مارش از سوراخ بر صحرا شتافت
جملہ صحرا مار و کژدم پُر شود ۔ چونکہ جاہل شاہ حکم مر شود
چون قلم در دست غدارے فتاد ۔ لاجرم منصور بر دارے فتاد
مال و منصب ناکسے کآید بدست ۔ طالب رسوائی خویش آمد ست
یا کند بخل و عطا ہا کم دہد ۔ یا سخا آرد بنا موضع نہد
شاہ را در خانۂ بیذق نہد ۔ اینچنین باشد عطا کاحمق دہد
حکم چون در دست گمراہی فتاد ۔ جاہ پندارید و در چاہے فتاد
رہ نمیداند قلاوزی کند ۔ جان زشت او جہانسوزی کند
طفل راہ فقر چون پیری گرفت ۔ پیروان را غول او پیری گرفت
کہ بیا تا ماہ بنمایم ترا ۔ ماہ را ہرگز ندید آن مفتری
چون نمائی چون ندیدستی بعمر ۔ عکس مہ در آب ہم ای خام غمر

علم اور فن سکھنا بد اصل کا[۱] ۔ راہزن کو تیغ دینا ہے بھلا
تیغ دینا زنگیِ بدمست کو ۔ خوب کہ نا اہل صاحب علم ہو
علم و جاہ و مال و منصب بن بڑے ۔ فتنہ لائین ہاتھ مین بد اصل کے
مومنون پر فرض آئی یہ غزا ۔ چھین لین ہتھیار دیوانون سے جا
جان دیوانہ تن اسکا تیغ ہے[۲] ۔ چھین تو تلوار اس بد اصل سے
ساتھ جاہل کے یہ منصب جو کرے ۔ وہ فضیحت بس نہو سو شیر سے
عیب مخفی تھا وہ جب سامان ملا ۔ سانپ اسکا بل سے صحرا کو گیا
جملہ صحرا سانپ بچھو سے بھرے ۔ شاہ جاہل حکم جو جاری کرے
ہاتھ مین ٹھگ کے قلم جو کہ پڑا ۔ اسلئے منصور دار اوپر چڑھا
مال و منصب جبکہ ناکس کو ملے ۔ اپنی رسوائی کا وہ طالب بنے
یا کرے بخل اور بخشش کم رکھے ۔ یا سخاوت جود وہ بیجا کرے
شاہ[۳] کو بیدل کے گھر مین وہ رکھے ۔ اسطرح کی بخششین احمق کرے
ہاتھ آیا حکم جو گمراہ کے ۔ جانتے ہو جاہ تم وہ چاہ ہے
رہ نہ جانے رہنمائی وہ کرے ۔ جان بد اسکی جہان کو پھونکدے
طفل راہ فقر نے پیری جو لی ۔ گمرہی پیرو کو غول اسکے نے دی
کہ تو آتا ماہ بتلاؤن تجھے ۔ ماہ خود دیکھا نہ اس مکار نے
کس طرح بتلائے جو دیکھا نہین ۔ عکس مہ کو آب مین اے خوش حسین

[۱] علم الخ یہ شعر بد اصل کا علم و فن سیکھنا گویا راہزن کو تیغ دینا ہے زنگی بدمست کو تیغ دینا بہتر ہے کہ نا اہل صاحب علم ہو بس علم و جاہ و مال و منصب بہت بُرا ہے ہاتھ مین بد اصل کے کہ فتنہ لائین یہ غزا مومنون پر فرض آئی کہ دیوانون سے ہتھیار جا کر چھین لین یعنی نا اہل کو علم نہ سکھانا چاہیے کہ وہ گمراہی و کجروی مین لوگون کو ڈالے پس مومن کو چاہیے کہ نا اہل کو علم باطن نہ سکھائے کہ وہ کجی مین دوسرون کو نہ ڈالے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ [۲] جان دیوانہ الخ یہ شعر جان دیوانہ اور تن اسکا تیغ ہے تلوار چھین تو اس بد اصل سے جاہل کے ساتھ یہ منصب جو کرے وہ فضیحت سو شیر سے بھی نہ ہووے عیب پوشیدہ تھا اور جب سامان ملا اس سانپ کے سوراخ سے صحرا کو گیا تمام صحرا سانپ و بچھو سے پُر ہو جو شاہ جاہل حکم جاری کرے آگے مثال ہے جو ٹھگ کے ہاتھ مین قلم پڑا اسواسطے منصور دار پر چڑھا جو مال و منصب ناکس کو ملے وہ اپنی رسوائی کا طالب رہے یا بخل کرے اور بخشش کم رکھے یا سخاوت اور جود وہ بیجا کرے یعنی ناکس کو جو غلبہ ملے تو وہ آزار دہی مخلوق کی کرے باقی مثال آگے ہے فافہم ۱۲ [۳] شاہ کو الخ یہ شعر شاہ کو وہ بیدل کے گھر مین رکھے اس طرح کی بخشش احمق کرے جو گمراہ کے ہاتھ آیا تم جاہ جانتے ہو اور وہ چاہ ہے خود راہ نہ جانے اور رہنمائی کرے اسکی جان بد جہان کو پھونکدے طفل نے پیر کے مانند راہ فقر لی گمراہی پیرو کو اسکے غول نے دی کہ تو آ تاکہ تجھکو راہ بتلاؤن اور خود ماہ کو نہ دیکھا اس مکار نے کس طرح بتلائے کہ نہین دیکھا عکس ماہ کو آب مین عمر بھر احمق سردار ہو گئے اور خوف سے ہاتھ الوہیت کمال مین کھینچا یعنی احمقان ریاکار نے خود تو عرفان دل مین نہین دیکھا وہ کس طرح دوسرون کو بتلائین جبکہ ایسے احمق ریاکار ہادی و مرشد نہین اولیا اللہ لباس کمل مین پوشیدہ ہوئے جیسے حضور رسول مقبول صلعم نے لباس کمل کو اختیار کیا چنانچہ حضور کا یہ قصہ مثال مین آگے فرماتے ہین فافہم

| | | | |
|---|---|---|---|
| احمقان سرور شدستند و زبیم | عاقلان سرہا کشیدہ در گلیم | ہو گئے سردار احمق خوف سے | عاقلوں نے کھینچا سر کملی میں ہے |

## بیان تفسیر آیۂ شریفہ یا ایہا المزمل

## بیان تفسیر آیۂ شریفہ یا ایہا المزمل

| | | | |
|---|---|---|---|
| خواند مزمل نبی را زین سبب | کہ برون آ از گلیم ای بوالہرب | اس لئے[1] مزمل احمد کو کہا | کہ تو اے شہ باہر اس کملی سے آ |
| سر مکش اندر گلیم و رو مپوش | کہ جہان جسمیست سرگردان تو ہوش | مت چھپا کملی میں اپنا سر و رو | ہے جہان جسم پریشان ہوش تو |
| ہین مشو پنہان ز ننگ مدعی | کہ تو داری نور وحی شعشعی | مدعی کی ننگ سے مت ہو نہان | کہ تو رکھے نور وحی آسمان |
| ہین قم اللیل کہ شمعی ای ہمام | شمع دائم شب بود اندر قیام | بس قم اللیل کہ ہے شمع انام | شمع شب کو رکھتے ہیں دائم قیام |
| بے فروغت روز روشن ہم شب ست | بے پناہت شیر اسیر ارنب ست | دن بغیر از نور تیرے رات ہے | شیر بے تیرے مطیع خرگوش ہے |
| باش کشتیبان درین بحر صفا | کہ تو نوح ثانی ای مصطفی | ہو[2] تو اس دریا میں کشتیبان سدا | نوح ثانی تو جو ہے اے مصطفےٰ |
| رہ شناسی می بباید با لباب | ہر رہی را خاصہ اندر راہ آب | رہبر عقلا ہو تو رہ یاب ہیں | خاصہ رہبر ہو تو راہ آب ہیں |
| خیز و بنگر کاروانِ رہزدہ | غول کشتیبان این بحر آمدہ | کاروانِ رہ زدہ کو دیکھ آ | غول کشتیبان ہوا اس بحر کا |
| خضر وقت و غوث ہر کشتی توئی | ہمچو روح اللہ مکن تنہا روی | خضر وقت و غوث ہر کشتی کا تو | مثل عیسیٰ تنہا اب مت جا تو |
| پیش این جمعی چو شمع آسمان | انقطاع و خلوت آری را بمان | اس گروہ کے آگے جون شمع سما | ترک اور خلوت پذیری کو ہٹا |
| وقت خلوت نیست اندر جمع آی | اے ہدی چون کوہ قاف و تو ہمای | وقت[3] خلوت نے جماعت میں تو آ | کوہ قاف اندر ہے تو مثل ہما |
| بدر بر صدر فلک شد شب روان | سیر را نگذارد از بانگ سگان | آسمان پر بدر شب کو جائے ہے | نے سگوں کے بھونکنے سے وہ رکے |
| طاعنان ہمچون سگان بر بدر تو | بانگ میدارند سوے صدر تو | طعنہ زن جون سگ تمہارے بدر کے | بھونکتے جانب تمہارے صدر کے |
| این سگان کرند ز امر انصتوا | از سفہ وعوع کنان بر بدر تو | سگ ہیں بہرے انصتوا کے امر سے | بھونکتے نادان تمہارے بدر پے |

سے ١ اس لئے آلخ ۵ شعر اسواسطے حق نے مزمل یعنی کملی پوش احمدؐ کو کہا کہ تو اے شاہ اس کمل سے باہر آ تو اپنا سر و رو کمل میں مت چھپا جہان جسم پریشان اور تو ہوش ہے ننگ مدعی سے تو پوشیدہ مت ہو کہ تو نور وحی آسمان رکھتا ہے قم اللیل کہ شمع انام ہے شمع شب کو ہمیشہ قیام رکھتی ہے دن بغیر نور تیرے کے رات ہے اور شیر بغیر تیرے مطیع خرگوش کا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سے ٢ ہو تو آلخ ۵ شعر تو اس دریا میں ہمیشہ کشتیبان ہو اے مصطفےٰ جو تو نوح ثانی ہے تو راہ پانی میں عقلمندوں کا رہبر ہو اور خاص کر تو رہبر ہو راہ آب میں کاروان رہ زدہ کو تو آ کے دیکھ کہ غول کشتیبان اسی بحر کا ہوا ہے خضر وقت اور غوث کشتی کا تو ہے عیسیٰ کے مانند تنہا نہ جا تو اس گروہ کے آگے مانند شمع آسمان کے ہے ترک اور خلوت پذیری کو چھوڑ یعنی یا رسول اللہ صلعم تم نوح ثانی اس دنیا میں ہو اہل عقل کی رہبری اس راہ آب یعنی میں تم کرو اور مانند عیسیٰ کے تنہا مت جاؤ آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سے ٣ وقت آلخ ۲ شعر وقت خلوت کرنے کا نہیں ہے تو جماعت میں آ کہ تو کوہ قاف میں مانند ہما کے ہے آگے مثال ہے بدر آسمان پر شب کو جاتا ہے کتوں کے بھونکنے سے نہیں ٹھہرتا ہے طعنہ زن مانند سگ کے تمہارے بدر پر بھونکتے ہیں جانب صدر تمہارے کے سگ بہرے ہیں انصتوا کے حکم سے وہ نادان بھونکتے ہیں تمہارے بدر پر لے شفا بیمار کو تو مت چھوڑ بہروں کے خشم سے عصاے کور یعنی ہدایت کو مت چھوڑ تو نے نہیں کہا کہ اندھے کو راہ پر لانے سے سو ثواب و اجر حق دیگا جو چالیس قدم اندھے کو کھینچے مغفور ہو اور ہدایت پائے یعنی یا رسول اللہ تم شفا ہو اپنے یاران عشاق کو طعنہ زنوں کے کہنے سے مت چھوڑو آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہین بگذار اے شفا رنجور را | تو ز خشم کر عصاے کور را | اے شفا بیمار کو مت چھوڑ تو | خشم کر سے تو عصا ہے کور کا |
| نے تو گفتی قائد اعمی براہ | صد ثواب و اجر یابد از الہ | نے تو بولا قائد کوران براہ | سو ثواب اور اجر پائے از الہ |
| ہر کہ او چل گام کورے را کشد | گشت آمرزیدہ و یابد رشد | جو قدم چالیس کھینچے کور کو | ہووے مغفور اور ہدایت پائے وہ |
| پس بکش تو زین جہان بیقرار | جوق کوران را قطار اندر قطار | اس جہان سے تو گروہ کور کو | پس قطار اندر قطار اب کھینچ تو |
| کار ہادی این بود تو ہادئے | ماتم آخر زمان را شادئے | کام یہ ہادی کا ہے ہادی ہے تو | ماتم اُمت کو بس شادی ہے تو |
| ہین روان کن اے امام متقین | این خیال اندیشگان را تا یقین | بس تو لیجا اے امام متقین | ان خیال اندیش کو تو تا یقین |
| ہر کہ در مکر تو دارد دل گرو | گردنش را من زنم تو شاد شو | مکر مین تیرے جو دل رکھے گرو | ماروں گردن اسکی مین تو شاد ہو |
| بر سر کوریش کوریہا نہم | او شکر پندارد و زہرش دہم | اندھے پن پر اسکے اندھا پن رکھون | جانے وہ شکر مین اسکو زہر دون |
| عقلہا از نور من افروختند | مکرہا از مکر من آموختند | روشنی عقلون کو میرے نور سے | مکر سیکھے میرے مکر و زور سے |
| چیست خود آلاجق آن ترکمان | پیش پاے نرہ پیلان جہان | ان سیا ہون کا چھپر کیا ہے شے | پلّے پیلان جہان کے سامنے |
| آن چراغ او بہ پیش صرصرم | خود چہ باشد اے مہین پیغمبرم | وہ چراغ اک آگے صرصر کو مرے | اے نبی اعلے مرے وہ کیا ہے شے |
| خیز در دم تو بصور سہمناک | تا ہزاران مردہ بر روید ز خاک | صور ہیبت کو تو اٹھکر پھونک دے | پیدا مردے تا ہون صدہا خاک سے |
| چون تو اسرافیل وقت راست خیز | رستخیزے ساز پیش از رستخیز | وقت کا اپنے تو اسرافیل ہے | حشر کر قائم تو پہلے حشر سے |
| ہر کہ گوید کو قیامت اے صنم | خویش بنما کہ قیامت نک منم | جو کہے کیا حشر ہے اے ذوفنون | آپ کو بتلا کہ مین یہ حشر ہون |
| در نگر اے سائل محنت زدہ | زین قیامت صد جہان قائم شدہ | دیکھ تو اے سائل محنت بھرے | سو جہان اس حشر سے قائم ہوئے |
| ور نباشد اہل این ذکر و قنوت | پس جواب الاحمق اے سلطان سکوت | گر نہ لائق ہووے وہ اس ذکر کے | شاہ خاموشی جواب احمق کا ہے |
| ز آسمان حق سکوت آید جواب | چون بود جانا دعا نا مستجاب | چرخ حق سے خامشی آئے جواب | جو کہ ہو جانا دعا نا مستجاب |

ف۱ اس جہان سے آلخ ۶ شعر اس جہان سے گروہ اندھے کو قطار اندر قطار کھینچو یہ کام ہادی کا ہے اور تم ہادی ہو ماتم اُمت کو تم ہی شادی ہو اے امام متقین پس تم لیجاؤ ان خیال اندیش کو یقین تک جو گروہ مکر مین تیرے دل رکھے مین گردن اُسکی مارون اور تم خوش ہو اندھے پن پر اسکے اندھا پن رکھون وہ شکر جانے اور مین اسکو زہر دون عقلون کو روشنی میرے نور سے ہے اور مکر سیکھے میرے مکر سے یعنی حق فرماتا ہے کہ مصطفے صلعم تم ہادی ہو اور تم امت کو تم ہی شادی ہو پس خیال اندیشون کو تم یقین تک لیجاؤ کہ عقل روشن ہے میرے نور سے اور مکر سیکھے میرے مکر سے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ف۲ ان آلخ ۵ شعر سیاہیون کا چھپر کیا شے ہے پیلان جہان کے پاؤن کے سامنے وہ ایک چراغ آگے صرصر کے میرے اے نبی اعلی میرے کیا شے ہے تو اٹھکر صور کو پھونکدے تاکہ مردے پیدا ہون صدہا تو اپنے وقت کا اسرافیل ہے تو حشر قائم کر اول حشر مین جو کہے کہ حشر کیا ہے تو آپکو بتلا کہ مین حشر ہون تو دیکھ اے سائل محنت بھرے سو جہان اس حشر سے قائم ہوئے یعنی ذات جناب رسول مقبول صلعم ایک حشر ہے کہ مردہ دلون کو زندہ کرتی ہے اور موافقون کو جنت و مخالفون کو دوزخ مین ڈالتی ہے آگے بیان خاموشی کا ہے فافہم ۱۲ ف۳ گر نہ لائق آلخ ۸ شعر اگر وہ اس ذکر کے لائق نہوئے اے شاہ خاموشی جواب احمق کا ہے چرخ حق سے خاموشی جواب کے آگے جو کہ لائق معنی ہدایت تمہارا کا نہوئے تم خاموش ہو اور کچھ نہ کہو کہ حق جسکی دعا قبول نہین کرتا ہے کچھ اسکا جواب نہین دیتا ہے افسوس اب وقت خرمن کا آگیا تنگ وقت ہے اور یہ کلام بہت گیسو عمر دراز تنگ آتی ہے کو پہلے تنگ سے نیزہ بازی تنگ کرتی ہے نیزہ بازونکو وقت تنگ ہے اور خاطر و فہم عوام تنگ ہے سو وقت سے ہی خاموشی جو احمق کا جواب آتی کیسے بات کو درازی کی تاب ہو بحر رحمت و جود سے خدا بارش کرتا ہے بر زمین شور یعنی جو کہ خاموشی جواب احمق کی ہوئی پھر مین بجز خاموشی کے کیسے بات دراز کرون

ء بقول سعدی علیہ الرحمۃ مصرع جواب جاہلان باشد خموشی ‡ آگے جواب الجواب کے ترک کرنے اور خاموش رہنے کے بیان مین فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| اے دریغا وقت خرمنگاہ شد | لیک روز از بخت ما بیگاہ شد | ہاے وقت اب خرمنون کا آگیا | روز بیوقت اب ہمارا ہو گیا |
| وقت تنگ ست و فضا این کلام | تنگ مے آید برو عمر دوام | وقت ہو تنگ اور بڑا ہی یہ کلام | تنگ آتی اس پہ ہے عمر دوام |
| نیزہ بازی اندرین کوہاے تنگ | نیزہ بازان را ہمی آرد بہ تنگ | نیزہ بازی کو ہہاے تنگ سے | نیزہ بازون کو کرے بس تنگ ہے |
| وقت تنگ و خاطر و فہم عوام | تنگ تر صد رہ ز وقت ست اے غلام | وقت تنگ اور خاطر و فہم عوام | تنگ تر سو وقت سے ہی اے غلام |
| چون جواب احمق آمد خامشی | این درازی در سخن چون میکشی | آئی خاموشی جو احمق کا جواب | بات کو کیسے درازی کی ہو تاب |
| حق ز بحر رحمت و موج کرم | میدہد ہر شورہ را باران زنم | بحر رحمت سے خدا اور جود سے | کرتا بارش ہر زمین شور پے |

## در بیان ترک الجواب جواب با آن سخن کہ جواب الاحمق سکوت و شرح این ہر دو درین قصہ گفتہ شد

## بیان ترک الجواب جواب مین اس سخن کے کہ جواب الاحمق سکوت اور شرح ان دونون کی اس قصہ مین کی گئی

| | | | |
|---|---|---|---|
| بادشاہے بود او را بندۂ | مردہ عقلے بود شہوت زندۂ | تھا غلام اک شاہ والا جاہ کا | زندہ شہوت اور مردہ عقل تھا |
| خردہاے خدمتش بگذاشتی | بد سگالیدی نکو پنداشتی | وہ دقیقے خدمتون کے چھوڑتا | اور برائی کو بھلائی جانتا |
| گفت شاہنشہ جرایش کم کنید | ور بجنگد نامش از خط بر زنید | بولا شہ اسکا وظیفہ کم کرو | گر لڑے تو نام اسکا کاٹ دو |
| عقل او کم بود حرص او فزون | چون جرا کم دید شد تند و حرون | عقل کم تھی اسکو زیادہ حرص تھی | جو وظیفہ دیکھا کم کی سرکشی |
| عقل بودی گرد خود کردی طواف | تا بدیدی جرم خود گشتی معاف | عقل ہوتی گر تو اپنا وہ طواف | دیکھتا جرم اپنا ہوتا معاف |
| چون خرے پابستہ تندد از خرے | ہر دو پایش بستہ گردد بر سرے | جو خر پابستہ سرکش ہوے ہے | سر پہ دونون پانو کو بندھواتا ہے |
| پس بگوید خر کہ یک بندم بس ست | خود بدان کان دو ز فعل آن خس ست | خر کہے کہ بعد اک بس کرتی ہے | جان دونون فعل اس سے ہوے |

۵۱ تھا غلام آلخ ۲ شعر ایک غلام شاہ والا جاہ کا تھا زندہ شہوت سے اور مردہ عقل سے تھا پس وہ دقیقہ خدمتون کا چھوڑتا و برائی کو بھلائی جانتا شاہ نے کہا کہ اسکا وظیفہ کم کردو اور لڑے تو نام کاٹ دو اس کو عقل کم اور حرص سوا تھی جو وظیفہ کم دیکھا شرارت شروع کی آگے اس کے حقائق ہین اگر عقل ہوتی تو وہ اپنا طواف کرتا اپنا جرم دیکھتا تا معاف ہوتا آگے اُس کی مثال ہے جو خر پابستہ سرکش ہوتا ہے سر پر دونون پانُون کو بندھواتا ہے یعنی عاقل جو اپنے وظیفۂ مقررہ مین کمی دیکھتے ہین معافی چاہتے ہین اور نادان اس کے برعکس شرارت کرتے ہین اور زیادہ بلا مین پھنستے ہین باقی مثال آگے ہے فافہم ۱۲

۵۲ خر کہے آلخ ۲ شعر خر کہے کہ ایک بند بس کرتی ہے جان تو دونون فعل اُس سے ہوئے اگر اندھا بھید بند سے دیکھتا جبر سے ہا تھ اُس کے نہ باندھتے اگر جرم بندپا کو وہ جانتا اپنے ہاتھ پانُون کو نہ بندھاتا اگر وہ بند و سختی نہ دیکھتا وہ خر نہ ہوتا ایک شیر نر ہوتا یعنے احمق اپنی بے عقلی سے قید پر قید اُٹھاتے ہین اور برائی اپنی اسے چھوڑ سکتے نہین ہین پس عقل کو نفس پر غالب رکھنا چاہیئے کہ بعقل حال چنانچہ غلبۂ عقل و نفس کا بیان آگے مثال مین حدیث نبوی کے فرماتے ہین فافہم ۱۲

گر بدیدی سر بندان چشم کور — بند بر دستش نہ بستندے بزور
ورز جرم بند پا آگہ بدے — خود ز بند دست و پا این شدے
ورنہ تہدیدی نے بند آن بوالفضول — او نہ خر بودے شدے شیر فحول

دیکھتا گر بھید اندھا بند سے — جبر سے نے ہاتھ اسکا باندھتے
جانتا گر جرم بند پا کو وہ — نے بندھاتا اپنے ہاتھ اور پا کو
دیکھتا نے بند و سختی وہ اگر — وہ نہ خر ہوتا وہ ہوتا شیر نر

## در تفسیر این حدیث نبوی کہ ان اللہ تعالےٰ خلق الملائکۃ ورکب فیہم العقل وخلق البہائم ورکب فیہا الشہوۃ وخلق بنی آدم ورکب فیہم العقل والشہوۃ فمن غلب عقلہ علی شہوتہ فہو اعلیٰ من الملائکۃ ومن غلبت شہوتہ علی عقلہ فہو ادنیٰ من البہائم صدق رسولہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

## تفسیر اس حدیث کی ان اللہ تعالیٰ خلق الملائکۃ

تحقیق اللہ تعالی نے پیدا کیا فرشتون کو

ورکب فیہم العقل وخلق البہائم ورکب فیہا

اور سوار کیا اُنپر عقل کو اور پیدا کیا چارپایون کو اور سوار کیا اُنپر

الشہوۃ وخلق بنی آدم ورکب فیہم العقل

خواہش کو اور پیدا کیا بنی آدم کو اور سوار کیا اُن پر عقل

والشہوۃ فمن غلب عقلہ علی شہوتہ

اور خواہش کو پس اُس کسی کی کہ غالب ہوئی عقل اُسکی اوپر خواہش اسکی کے

فہو اعلیٰ من الملائکۃ ومن غلبت شہوتہ

پس وہ اعلیٰ فرشتون سے ہے اور اُس کسی کی کہ غالب ہوئی خواہش

علی عقلہ فہو ادنیٰ من البہائم صدق رسولہ

اوپر عقل اسکی کے پس وہ ادنیٰ چوپایون سے ہے سچا ہے قول رسول

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا

در حدیث آمد کہ یزدان مجید — خلق عالم را سہ گونہ آفرید
یک گروہ را جملہ علم وعقل وجود — او فرشتہ است و ندانذ جز سجود
نیست اندر عنصرش حرص وہوا — نور مطلق زندہ از عشق خدا
یک گروہ دیگر از دانش تہی — ہمچو حیوان از علف در فرہی

ہے حدیثوں میں کہ خلق اللہ نے — بس کری پیدا ہی تین اقسام ہے
اک گروہ کو جملہ علم وعقل وجود — وہ فرشتہ ہے نہ جانے جز سجود
اُسکے عنصر مین نہین حرص وہوا — نور مطلق زندہ با عشق خدا
عقل سے خالی گروہ ہی دوسرا — مثل حیوان گھانس سے فربہ ہوا

سا ہے حدیثون مین الخ ۸ شعر حدیثون مین ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خلق تین ۳ قسم پر پیدا کی ہے ایک گروہ کو بالکل عقل وجود دیا ہے وہ فرشتے ہین کہ بجز سجدے کے نہین جانتے ہین اُنکے عنصر مین حرص وہوا نہین ہے نور مطلق ہین اور عشق خدا سے زندہ ہین دوسرا گروہ وہ عقل سے خالی ہے مثل حیوان کے گھانس سے فربہ ہوا اور وہ سوا اصطبل وگھانس کے نہین دیکھتا ہے اور شرافت وشقاوت سے غافل ہے تیسرا وہ آدمی وبشر ہے کہ آدھا فرشتہ اور آدھا خر ہے خر تو مائل سفلی کا ہے اور آدھا ثانی مائل علوی کا رہتا ہے لڑنے مین کونسا غالب رہتا ہے اور کونسا دونون مین زد جیتا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

او نہ بیند جز کہ اصطبل و علف / از شقاوت غافلست از شرف
وان سوم ہست آدمی زاد و بشر / از فرشتہ نیمی و نیمش ز خر
نیم خر خود مائلِ سفلی بود / نیم دیگر مائلِ علوی بود
تا کدامین غالب آید در نبرد / زین دوگانہ تا کدامین برد نرد
عقل اگر غالب شود پس شد فزون[۱] / از ملائک این بشر در آزمون
شہوت ار غالب شود پس کمترست / از بہائم این بشر زان کابترست
آن دو قوم آسودہ از جنگ و حراب / زین بشر با دو مخالف در عذاب
وین بشر ہم ز امتحان قسمت شدند / آدمی شکل اند و سہ امت شدند
یک گروہ مستغرق مطلق شدہ / ہمچو عیسیٰ با ملک ملحق شدہ
نقش آدم لیک معنی جبرئیل / رستہ از خشم و ہوا و قال و قیل
از ریاضت رستہ و ز زہد و جہاد / گوئیا کز آدمی او خود نزاد
قسم دیگر با خران ملحق شدند[۲] / خشم محض و شہوت مطلق شدند
وصف جبریلی در ایشان بود رفت / تنگ بود آن خانہ و آن وصف زفت
مردہ گردد شخص چون بیجان شود / خر شود چون جان او بی آن شود
زاغ گردد چون پی زاغان دود / جسم گردد جان چو او بی جان شود
زانکہ جانی کان ندارد ہست پست / این سخن حق است صوفی گفتہ است
او ز حیوانہا فزون تر جان کند / در جہان باریک کاریہا کند
مکر و تلبیسے کہ او تاند تنید / آن ز حیوانے دگر ناید پدید

وہ نہ دیکھے بس سوا اصطبل و گلہ / ہے شقاوت اور شرف سے غافل آہ
تیسرا وہ آدمی ہے اور بشر / ہو فرشتہ آدھا اور آدھا ہی خر
آدھا خر تو مائل سفلی رہے / آدھا ثانی مائل علوی رہے
کونسا لڑنے مین بس غالب رہے ہے / کون ان دو نون مین جیتے نرد ہے
عقل اگر غالب ہو وہ اعلیٰ ہو تر / امتحان مین یہ فرشتے سے بشر
غلبہ گر شہوت کو ہو کمتر یہ ہے / چارپایون سے بشر ابتر یہ ہے
قوم وہ دو نون لڑائی سے جدا / دو مخالف سے بشر یہ در بلا
آدمی بھی امتحان سے بٹ گئے / آدمی صورت ہیں تین اقسام پے
اک گروہ مستغرق مطلق ہوا / مثل عیسیٰ کے فرشتون سے ملا
شکل آدم پر بمعنی جبرئیل / نے رکھین خشم و ہوا و قال و قیل
کوشش و زہد و ریاضت سے چھٹے / گویا وہ انسان سے نے پیدا ہوئے
دوسرا خر سے گروہ ملحق ہوا / محض خشم و شہوت مطلق ہوا
وصف جبریلی تھا ان مین بڑا / تنگ گھر تھا وصف وہ انسے گیا
مردہ ہووے شخص جو بیجان ہو / اس کی جان ہو خر جو ہو بے یار وہ
زاغ ہو جو پیچھے جائے زاغ کے / جسم ہو جو جان بے اس یار کے
یار کو جو جان نہ رکھے پست ہی / بات یہ حق ہی کہی درویش نے
جان مارین وہ فزون حیوان سے / کہ جہان مین سعی و تدبیرین کرین
وہ فریب و مکر جو کہ کر سکے / ہو نہ ظاہر دوسرے حیوان سے

---

سلہ[۱] عقل الخ ے شعر اگر عقل غالب ہو وہ بشر اعلیٰ تر ہو امتحان مین فرشتہ سے اور اگر غلبہ شہوت کو ہو یہ بشر کمتر ہے چارپایون سے اور ابتر ہے وہ دونون قوم لڑائی سے جدا اور یہ بشر دو مخالف سے در بلا آدمی بھی امتحان سے ہٹ گئے اور آدمی صورت ہین تین قسم پہ ایک گروہ مستغرق مطلق ہوا مثل عیسیٰ علیہ السلام کے فرشتون سے ملا شکل آدم کی ولیکن معنی مین جبرئیل نہین رکھتے ہین خشم و ہوا اور قال و قیل کوشش و زہد و ریاضت سے چھٹے گویا وہ انسان نہین پیدا ہوئے یعنی وہ گروہ اولیاء اللہ کا ہے کہ بسبب استغراق غالب ہونے کے فرشتون سے ملا دوسرے گروہ کا حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ[۲] دوسرا الخ ے شعر دوسرا گروہ خر سے ملحق ہوا محض خشم و شہوت مطلق ہوا اُن مین وصف جبریلی بڑا تھا تنگ گھر تھا وہ وصف اُن سے گیا وہ شخص مردہ ہووے جو بیجان ہو اس کی جان خر ہو کہ جو بے یار ہو وہ زاغ ہو کہ جو پیچھے زاغ کے جائے جسم ہو کہ جو جان بے یار ہے وہ جان کہ یار کو نہ رکھے پست ہی بات یہ حق ہے کہ درویش نے کہی وہ جان مارین زیادہ حیوان سے کہ جو جہان مین سعی و تدبیریں کریں جو کہ وہ مکر و فریب کر سکے دوسرے حیوان سے ظاہر نہ ہو یعنی دوسرا گروہ کہ حیوانوں رکھے وہ حیوانوں سے زیادہ جان مارے کہ وہ جہان مین سعی و تدبیرین کرتا ہے آگے اس تدبیر کا بیان ہے فافہم ۱۲

جامہ ہائے زرکشی را بافتن / دُرّ ہا از قعرِ دریا یافتن
خردہ کاریہائے علم ہندسہ / یا نجوم و طب و علم فلسفہ
کان تعلق با ہمین دنیستش / رہ بہفتم آسمان بر نیستش
این ہمہ علم بنائے آخرست / کہ عماد بود گاؤ و اشترست
بہر استبقائے حیوان چند روز / نام آن کردند این گیجان رموز
علم راہ حق و علم منزلش / صاحب دل داند آنرا با دلش
پس درین ترکیب حیوان لطیف / آفرید و کرد با دانش الیف
نام کالانعام کرد آن قوم را / زانکہ نسبت کو بیقظہ نوم را
روح حیوانی ندارد غیر نوم / حسہائے منعکس دارند قوم
یقظہ آمد نوم حیوانے نماند / انعکاس حس خود از لوح خواند
ہمچو حس آنکہ خواب او را ربود / چون شد او بیدار عکس او نمود
لاجرم اسفل بود السافلین / ترک او کن لا احب الآفلین

زرکشی کا جامہ بننا اہنر / اور لانا قعر دریا سے گہر
اور حاصل کرنا علم ہندسہ / یا نجوم اور علم طب اور فلسفہ
کہ تعلق انکو وہ دنیا سے ہی / رہ نہ انکو ساتوین افلاک پہ ہے
علم یہ سب جڑ ہی کھانے گھانس کی / اونٹ و خر کا ہے ستون زندگی
تھوڑے دن حیوانکے جینے کیلئے / نام رمز اسکا رکھا احمق نے ہی
علم راہ حق و منزل گاہ سے / اہل دل یا اسکا دل جانے اسے
پیدا اس ترکیب مین حیوان کیا / بس لطیف اور یار دانش کا رکھا
نام کالانعام رکھا قوم کا / خواب کو جگنے سے کیا نسبت بھلا
روح حیوانی کو نے جز خواب کے / بس حسونکو الٹی رکھتی قوم ہے
خواب حیوانی گئی جگنا ملا / اپنی حس کا الٹا ین لوح سے پڑھا
مثل حس اُس شخص کے جو سو گیا / جو ہوا بیدار اُسے اُلٹا دکھا
اسلئے اسفل ہوا با سافلین / چھوڑ اسکو لا احب الآفلین

## تفسیر آیہ واما الذین فی قلوبہم مرض فزادتہم رجسا الی رجسہم

## تفسیر آیہ شریف واما الذین فی قلوبہم
اور وہ لوگ اُن کے دلون مین
## مرض فزادتہم رجسا الی رجسہم
مرض ہے پس زیادہ کی اُنھون اُنے گندگی پر گندگی ۱۲

زانکہ استعداد تبدیل و نبرد / بودش از پستی و آنرا فوت کرد
جو تھی استعداد انھین تبدیل کی / سمت پستی سے اُسے ضایع کری

۱ۦ زرکشی الخ ۲ شعر ہنر سے زرکشی کا جامہ بننا اور قعر دریا سے گوہر لانا اور حاصل کرنا علم ہندسہ یا نجوم و علم طب و فلسفہ کا کہ وہ تعلق انکو دنیا سے ہو اور راہ نہین انکو ساتون افلاک پر یہ علم سب جڑ ہے گھانس کے کھانے کا اور ستون زندگی اونٹ و خر کا ہو تھوڑے دن حیوان کے جینے کے لئے نام اسکا رمز احمق نے رکھا ہو علم راہ حق و منزل گاہ سے اہل دل اُسے جانتا ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ۦ پیدا الخ ۴ شعر اس ترکیب مین حیوان کو پیدا کیا بس لطیف اور یار دانش کا رکھا اُس قوم کا نام کالانعام رکھا خواب کو بیداری سے بھلا کیا نسبت ہے روح حیوانی کو بجز خواب کے بس قوم حسون کو اُلٹی رکھتی ہے خواب حیوانی گئی جگنا ملا اپنی حس کا لوح سے اُلٹا ین پڑھا مثل حس اُس شخص کے جو سو گیا اور جو بیدار ہوا اُسے اُلٹا دکھا اسواسطے اسفل ہوا ساتھ سافلین کے اسکو چھوڑ لا احب الآفلین یعنی نہین دوست رکھتا ہو ڈوبنے والے کو یعنی اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو کالانعام کہا ہی کہ یہ مثل حیوانون کے جیتے ہین پس دوسری قسم کے لوگ حیوان ہین آگے تیسری قسم کا بیان ہی فافہم ۱۲ ۳ۦ جو تھی الخ ۲ شعر جو انھین استعداد تبدیل کی تھی پستی سے اسکو ضایع کرے جو حیوان کو استعداد نہین ہی جو انکی مین وہ عذر اسکو روشنی ہی جو انکی استعداد رہبر ہوگئی جو غذا کھائی وہ مغز خر بنی اگر بلادر کھائے افیون ہو سکتہ و بیہوشی اسکو زیادہ ہو یعنی بلادر ایک دوا ہے کہ اس سے رطوبت دماغ مین ہوتی ہی اور افیون سے یبوست آگے تیسری قسم کا بیان ہی تیسری قسم ہی کوشش مین ہی نصف حیوان و نصف نیکی [illegible] رات دن تکرار اور جھگڑے مین رہے اُسکا اول آخر سے لڑے یعنی تیسری قسم کا گروہ نصف حیوان و نصف نیک ہے کہ رات دن جھگڑے مین رہتا ہی چنانچہ آگے اسکا بیان ہی

۵ قصہ مجنون و ناقے کی مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۵ۦ نہین دوست رکھتا ہے ڈوبنے والے کو ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| بانہ حیوان را چو استعداد نیست | عذر او اندر بہیمی روشنی است | جو نہ حیوان کو ہی استعداد ہے | روشنی وہ عذر حیوانی میں ہے |
| زد چو استعداد شد کان رہبر است | ہر غذائے کو خورد مغز خر است | انکی استعداد رہبر جو گئی | جو غذا کھائی وہ مغز خر بنی |
| گر بلادر خورد او افیون شود | سکتہ و بی عقلیش افزون شود | گر بلادر کھائے وہ افیون بنے | سکتہ اور بیہوشی فزون ہو اسے |
| ماند یک قسم دگر در اجتہاد | نیم حیوان نیم حے بارشاد | تیسری قسم ایک کوشش میں ہی | نصف حیوان نصف نیکی سے وہ جی |
| روز و شب در جنگ اندر کشمکش | کردہ چالش اولش با آخرش | رات دن تکرار اور جھگڑے میں ہے | اول اسکا آخر اسکے سے لڑے |

## چالیش عقل با نفس ہمچون تنازع مجنون با ناقہ و میل مجنون سوے حرہ و میل ناقہ سوے کرہ چنانچہ خود گفتہ است

## تکرار عقل کی نفس سے مثل تنازع مجنون کے ناقہ سے کہ رغبت مجنون کی طرف لیلی کے اور رغبت ناقہ کی طرف بچے کے جیسے کہ خود کہا ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہوی ناقتی خلفی وقدامی الہوے | وانی وایاہا لمختلفان | ہوی[عہ] ناقتی خلفی وقدامی الہوے | وانی[عہ] وایاہا لمختلفان |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہمچو مجنون در تنازع با شتر | گہ شتر چربید و گہ مجنون حر | جیسے[۵۱] مجنون کا تنازع اونٹ سے | گاہ غالب اونٹ گہ مجنون رہے |
| ہمچو مجنون و چون ناقہ اش یقین | میکشد آن پیش و این واپس بکین | مثل مجنون اور اسکے اونٹ کے | کھینچے وہ آگے یہ اور پیچھے پھرے |
| میل مجنون پیش آن لیلی روان | میل ناقہ پس پے کرہ دوان | میل مجنون آگے لیلی کے چلے | میل ناقہ پیچھے بچے کے پھرے |
| یکدم ار مجنون ز خود غافل شدی | ناقہ گردیدے و واپس آمدی | ہوتا غافل جبکہ مجنون اک دم | پھرتا ناقہ کرتا وہ واپس قدم |
| عشق و سودا چونکہ پر بودش بدن | می نبودش چارہ از بیخود شدن | لیگیا[۵۲] تھا عشق جو خود سے اسے | نے علاج اسکا تھا جز بیخود ہوے |
| آنکہ او باشد مراقب عقل بود | عقل را سودائے لیلی در ربود | رکھتا جو امید تھا وہ عقل تھی | عقل کو لیلی کی خواہش لیگئی |
| لیک ناقہ بس مراقب بود و چست | چون بدیدے او مہار خویش سست | لیک بس ناقہ وہ پر امید تھا | جب مہار اپنی وہ ڈھیلی دیکھتا |
| فہم کردی زو کہ غافل گشت و دنگ | رو سپس کردی بکرہ بیدرنگ | جانتا اسکو کہ غافل ہو گیا | جلد منہ بچے کی جانب دیکھتا |

[۵۱] جیسے الخ ۴ شعر جیسے مجنون کا تنازع ناقہ سے کہ کبھی غالب ناقہ اور کبھی مجنون رہے مثل مجنون اور اس کے ناقہ کے کہ وہ آگے کھینچے اور یہ پیچھے پھرے میل مجنون کا آگے لیلے کے چلے اور میل ناقے کا پیچھے بچے کے پھرے جبکہ مجنون ایک دم غافل ہوتا ناقہ پھرتا اور واپس قدم کرتا باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ [۵۲] لے گیا الخ ۶ شعر جو اسے عشق خود سے لیگیا نہ علاج اُس کو بجز بیخودی ہونے کے تھا جو امید رکھتا تھا وہ عقل تھی کہ عقل کو لیلی کی خواہش لے گئی ولیکن وہ ناقہ بس پر امید تھا اور جب مہار اپنی وہ ڈھیلی دیکھتا تھا اُس کو جانتا تھا کہ غافل ہو گیا جلد منہ بچے کی جانب پھیرتا وہ ہوش میں آتا تو دیکھتا کہ کوسوں واپس اس جگہ سے ہو گیا تین دن کی راہ میں مجنون رہا اس تردد کے سبب سے برسوں آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ عہ رغبت ناقہ میری کی پیچھے ہے اور خواہش میری آگے ہے فافہم ۱۲ عہ یعنی میں اور وہ ناقہ دونوں اختلاف کرنے والے ہیں ۱۲

چون بجوید باز آمدی دیدی بجا | که بسی پس رفته است بس فرسنگها
در سه روزه ره بدان احوالها | ماند مجنون در تردد سالها
گفت اے ناقه چو هر دو عاشقیم | ما دو ضد پس همره نالایقیم
نیستت بر وفق من مهر و مهار | کرد باید از تو عزلت اختیار
این دو همره یکدگر را راهزن | گمره آن جان کو فرو ناید ز تن
جان ز هجر عرش اندر فاقه | تن ز عشق خاربن چون ناقه
جان گشاید سوے بالا بالها | در زده تن بر زمین چنگالها
تا تو با من باشی اے مرده وطن | پس ز لیلی دور ماند جان من
روزگارم رفت زینگون حالها | همچو تیه و قوم موسیٰ سالها
خطوتینی بود این ره تا وصال | مانده ام در ره ز مستی چند سال
راه نزدیک و بماندم سخت دیر | سیر گشتم زین سواری سخت سیر
سرنگون خود را از اشتر در فگند | گفت سوزیدم ز غم تا چند چند
تنگ شد بر وی بیابان فراخ | خویشتن افگند اندر سنگلاخ
آنچنان افگند خود را سخت زیر | که مخلخل گشت جسم آن دلیر
چون چنان افگند خود را زیر پست | از قضا آن لحظه پایش هم شکست
پاے را بربست و گفتا گو شوم | در خم چوگانش غلطان میروم
زین کند نفرین حکیم خوش دهن | بر سوارے کو فرو ناید ز تن

ہوش مین آتا تو وہ بس دیکھتا | کوسون واپس اُس جگہ سے ہو لیا
تین دن کی راہ مین مجنون تھا | اس تردد کے سبب سے سالہا
بولا[۵] اے ناقہ چو دو عاشق ہین ہم | دونون ضد ہمراہ کیسے ہوئین ہم
نے موافق ہی مرے تیری مہار | تجھسے مین عزلت کرون اب اختیار
یہ دو ہمرہ راہزن آپس مین ہین | وہ ہی گمرہ جان رہے جو جسم مین
جان ہجر عرش سے فاقہ مین ہے | تن جو ناقہ خوش ہی عشق خار سے
جان کھولے سوئے اعلیٰ اپنے پر | جسم چنگل مارے اپنا خاک پر
تو ہو[۶] جبتک ساتھ اے مردہ وطن | دور لیلی سے رہے یہ جان من
عمر گذری ایسے حالون مین مری | جیسے قوم موسیٰ تیہ مین تھی پھنسی
دو قدم یہ رہ رہی تھی تا وصال | مین رہا سستی سے رہ مین چند سال
راہ نزدیک اور ہوئی پس مجکو دیر | اس سواری سے ہوا مین بسکہ سیر
سرنگون اپنے کو پھینکا اونٹ سے | بولا غم سے مین جلون کب تک ترے
تنگ اُسپر وہ بڑا میدان ہوا | پتھرون مین خود کو پھینکا پر جفا
ایسا پھینکا خود کو نیچے زور سے | کہ ہوے بیچین اعضا جسم کے
خود کو پھینکا ایسا نیچے برملا | کہ قضا سے پانون ٹوٹ اسکا گیا
پانون باندھا اور کہا مین گیند ہون | اُسکے چوگان مین لڑھکتا چلون
اس[۷] سے لئے لعنت حکیم اسپر کرے | جو سوار اُترا نہین ہی جسم سے

ل۵ بولا الخ ۵ شعر مجنون نے کہا کہ اے ناقہ جو ہم دونون ضد ہمراہ رہین تیری مہار میرے موافق نہین ہے مین تجھسے اب عزلت اختیار کرون آگے اس کے حقائق ہین یہ دونون راہزن آپس مین ہمراہ ہین وہ جان گمراہ ہے کہ جو جسم مین رہے جان ہجر عرش سے ناقے مین ہے اور تن عشق خار سے خوش مثل ناقے کے ہے جان اعلیٰ کی طرف اپنے پر کھولے اور جسم خاک پر اپنا چنگل مارے یعنی جسم ناقہ و جان مجنون ہے پس جان بسبب ہجر کے عرش کی جانب کھینچے اور جسم خاک کی جانب پھرے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ل۶ تو ہو جبتک الخ ۹ شعر تو جبتک اے مردہ وطن ساتھ ہو لیلی سے دور رہے جان میری ایسے حالات مین عمر میری گذری جیسے قوم موسیٰ کی تیہ مین پھنسی یہ راہ وصال تک دو قدم رہی تھی کہ مین سستی سے چند سال راہ مین رہا راہ نزدیک اور مجکو دیر ہوئی اس سواری سے مجکو سیری ہوئی پس خود کو سرنگون ناقہ سے پھینکا کہا کہ غم سے تیرے کب تک جلون وہ بڑا میدان اُسپر تنگ ہوا اور خود کو پتھرون مین پھینکا پر جفا خود کو ایسا زور سے نیچے پھینکا کہ اعضا جسم کے بیچین ہوئے خود کو ایسا نیچے پھینکا برملا کہ قضا سے اسکا پانون ٹوٹ گیا پس پانون کو باندھا اور کہا کہ مین گیند ہون اُسکے چوگان مین لڑھکتا چلون آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ ل۷ اسلئے الخ ۷ شعر اسواسطے حکیم سنائی اُسپر لعنت کرے کہ جو سوار اُترا نہین ہے جسم سے کہ عشق مولیٰ کا لیلیٰ سے کم ہے گیند ہونا خوب ہے اسکے واسطے اگر گیند ہو کر صدق کے پہلو پر چوگان عشق کے خم مین پھرے کہ اس سفر کے بعد جذب خدا ہے کہ وہ سفر ناقہ کا اپنی سیر ہے ایسی سیر شتی ہے جس سے یا زیادہ ہی کوشش جن وانس سے اسطرح جذب نہین ہی ہر جذب عام کا جیسا فضل احمد نے رکھا ہی والسلام قصہ کوتاہ کر تو واسطے غلام کے کہ اسنے شاہ کو پیام لکھا ہی یعنی عشق مولا کا لیلیٰ سے کم نہین ہی کہ مجنون تو لیلیٰ کے واسطے اپنے ناقے کو چھوڑے اور جان

مولا کے واسطے اس جسم کو نہ چھوڑے پس ترک خودی کے بعد جذب آلٰہی ہی کہ حق اُسکو خود کھینچے آگے قصہ جذب حقیقی کے بیان میں ہے فافہم ۱۲

| | |
|---|---|
| عشق مولا کے کم از لیلیٰ بود | گوے گشتن بہر او اولیٰ بود |
| گوے شو میگرد بر پہلوے صدق | غلط غلطان در خم چوگان عشق |
| کاین سفر زین پس بود جذب خدا | وان سفر بر ناقہ باشد سیر ما |
| اینچنین سیریست مستثنی ز جنس | کاین فزود از اجتہاد جن وانس |
| اینچنین جذبیست نے ہر جذب عام | کہ نہادش فضل احمد والسلام |
| قصہ کوتہ کن براے آن غلام | کہ سوے شہ بر نبشتہ ست و پیام |

| | |
|---|---|
| عشق مولیٰ کا کم لیلیٰ سے ہی | گیند ہونا خوب ہے اسکے لئے |
| گیند ہو کر صدق کے پہلو پہ گر | عشق کے چوگان کی خم مین تو پھر |
| اس سفر کے بعد ہی جذب خدا | وہ سفر ناقہ کا سیر اپنی بنا |
| سیر مستثنی ہی ایسی جنس سے | ہو گیا افزون جہد جن و انس سے |
| اسطرح کی جذب ہی ہر جذب عام | فضل احمد جیسے رکھا والسلام |
| قصہ کوتہ کر تو اب بہر غلام | کہ لکھا ہے شاہ کو اُسنے پیام |

## نبشتن آن غلام قصۂ شکایت نقصان اجرے سوے بادشاہ

## لکھنا اُس غلام کا بادشاہ کو قصۂ شکایت نقصان وظیفہ اپنے کا

| | |
|---|---|
| رقعۂ پر جنگ و پر مستی و کین | مینفرستد پیش شاہ نازنین |
| کالبد نامہ است اندرون نگر | ہست لائق شاہ را آنگہ ببر |
| گوشۂ رو نامہ را بکشا بخوان | بین کہ حرفش ہست در خورد شہان |
| گر نباشد در خورد او را پارہ کن | نامۂ دیگر نویس و چارہ کن |
| لیک فتح نامۂ تن زپ مدان | ورنہ ہر کس سر دل دیدے عیان |
| نامہ بکشادن چہ دشوار است و صعب | کار مردان است نے طفلان کعب |
| جملہ بر فہرست قانع گشتہ ایم | زانکہ در حرص و ہوا آغشتہ ایم |
| باشد آن فہرست دامے عام را | تا چنان دانند متن نامہ را |
| باز کن سرنامہ را گردن متاب | زین سخن واللہ اعلم بالصواب |

| | |
|---|---|
| خط پُر از مستی و کینہ جنگ کو | بھیجتا ہے پاس شاہنشہ کے وہ |
| جسم خط ہے اُسکے اندر دیکھ تو | گر ہے لائق لیجا اسدم شاہ کو |
| کھول تنہائی مین نامہ پڑھ اسے | دیکھ شہ کے لائق اسمین حرف ہے |
| گر نہ لائق ہووے اسکو پارہ کر | دوسرا نامہ تو لکھ اور چارہ کر |
| کھولنا نامہ کا لیک آسان نہ جان | ورنہ ہوتا راز دل سب پر عیان |
| کھولنا نامے کا دشواری کھے | کام مردوں کا ہی نے لڑکوں کا ہی |
| جملہ ہم فہرست پر قانع ہوئے | کہ ہوا و حرص سے ہم ہین بھرے |
| دام وہ فہرست ہووے عام کو | جانین تا ایسے ہی متن نامہ کو |
| کھول سرنامہ کو مت کھا پیچ و تاب | اس سے تو واللہ اعلم بالصواب |

ل۱ قصۂ چہارم جذب حقیقی مین ۱۲

ف۲ خط پر از مستی الخ ہ شعر خط بھرے ہوئے مستی و کینہ جنگ کو پاس شاہنشاہ کے وہ غلام بھیجتا ہے آگے حقائق ہین جسم خط ہے تو اُس کے اندر دیکھ اگر لائق ہے اُسدم شاہ کو بھیج نامہ تنہائی مین کھول اُسے دیکھ کہ شاہ کے لائق اس مین کوئی حرف ہے اگر لائق نہین ہے اس کو پھاڑ اور دوسرا نامہ لکھ اور علاج کرو لیکن نامہ کا کھولنا آسان نہ جان ورنہ راز دل سب پر عیان ہوگا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۳ کھولنا الخ ۱۲ شعر نامہ کا کھولنا دشواری کھتا ہے یہ کام مردون کا ہی لڑکون کا نہین ہے ہم سب فہرست پر قانع ہوئے کہ ہوا و حرص سے ہم بھرے ہین وہ فہرست دام ہوئے عام کو تا ایسی ہی جانین متن نامہ کو سرنامہ کو کھول اور پیچ و تاب مت کھا اس سے کہ تو اس کو خوب جانتا ہے یعنی جسم لفافہ اور متن نامے کا دل ہے کہ عام صورت جسم پر قانع ہووے اور متن نامے سے محروم رہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| هست آن عنوان چو اقرار زبان | متن نامه سینه را کن امتحان | ہے وہ عنوان مثل اقرار زبان [ف۱] | متن نامہ سینہ کو کر امتحان |
| که موافق هست با اقرار تو | تا منافق وار نبود کار تو | ہے موافق تیرے گر اقرار کے | سے نہ منافق وار تیرا کام ہے |
| چون جوال بس گرانی می بری | زان نباید کم که در وی بنگری | گون بھاری جو کہ تو لیجائے ہے | اس سے نہ کم ہو تو اسمین دیکھ لے |
| تا چه داری در جوال از تلخ و خوش | گر همی ارزد کشیدن را بکش | گون مین کیا تلخ و شیرین سے بھرا | گر ہے لیجانے کے لائق لیکے جا |
| ورنه خالی کن جوالت را ز سنگ | باز خر خود را ازین بیگار و ننگ | ورنہ خالی گون کو کر سنگ سے | بھاگ اس بیگار سے اور ننگ سے |
| در جوال آن کن که می باید کشید | سوی سلطانان و شاهان رشید | گون مین وہ بھر تو لائق جو کہ ہو | بادشاہون کو وہ اور سلطان کو |
| زشت نبود کاین جوال مرده ریگ | میکشی و باشد آنهم پر ز ریگ | بدنہو یہ گون میراثی تری | جو لئے جاتا ہے ریتی سے بھری |
| چون نمی تانی که پر لعلش کنی | هم تهی بهتر که همجنس تنی | لعل سے بھرتا نہین تو کس لئے | خالی بہتر تن کی جو ہمجنس ہے |

## حکایت آن فقیه که با دستار بزرگ بود و آنکه دستارش بربود و بانگ کردن او بازش کن و ببین که چه می بری آنگاه ببر

## حکایت اُس مولوی کی کہ بڑی پگڑی رکھتا تھا پگڑی اس کی لے گیا آواز دی اُسنے کھولکر دیکھ کیا لیجاتا ہے اُسوقت لیجا

| | | | |
|---|---|---|---|
| یک فقیهی ژندها برچیده بود | در عمامه خویش در پیچیده بود | گودڑے اک مولوی نے تھے چنے [ف۲] | اپنے عمامے کے اندر رکھے بھر |
| تا شود زفت و نماید آن عظیم | چون درآید سوی محفل در حطیم | تا رکھے وہ بس بڑا اور بس عظیم | کہ جو آئے سوئے محفل اور حطیم |
| ژندها از جامها پیراسته | ظاهرا دستار از آن آراسته | گودڑے کپڑون کے پوشیدہ بھرے | ظاہرا پگڑی درست انسے دکھے |
| ظاهر دستار چون حله بهشت | چون منافق اندرون رسوا و زشت | ظاہرا پگڑی تھی جیون حلہ بہشت | جون منافق باطنا رسوا و زشت |

ف۱ ہے وہ عنوان الخ ۸ شعر وہ عنوان مثل اقرار زبان کے ہے تو امتحان تین نامہ سینے کا کرے یعنی اگرچہ اقرار باللسان ہے و لیکن تو تصدیق بالقلب کا امتحان کر اگر تیرے اقرار کے موافق ہے منافقون کے مانند تیرا کام نہین ہے جو تو گون بھاری لیجاتا ہے اُس سے کم نہ ہو تو اس مین دیکھ لے یعنی وجود مین تو اپنے معنی کو دیکھ لے کہ وہ کچھ کم نہ ہووے گون مین کیا تلخ و شیرین ہے اگر لیجانے کے لائق ہے لیجا ورنہ گون کو سنگ سے خالی کر اس بیگار و ننگ سے بھاگ تو گون مین وہ بھر کہ جو لائق ہو بادشاہون اور سلطانون کے یہ تیری گون میراثی بد نہ ہو جو تو ریگ اسے بھری لیجاتا ہے تو لعل سے کسواسطے نہین بھرتا ہے خالی بہتر جو جسم کے ہمجنس ہے یعنی تیری گون تن مین جو پتھر بھرے ہین تو اُس سے خالی کر اور لعل معنی سے اسکو بھر کہ اس عالم مین وہ بکار آوین جیسے ایک مولوی کی بڑی پگڑی مین گودڑ بھرا تھا چنانچہ اسکی حکایت آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲ ف۲ گودڑے الخ ۴ شعر ایک مولوی نے گودڑے چنے تھے تاکہ وہ عمامہ بس بڑا اور بس عظیم دیکھے جو کہ وہ جانب محفل اور حطیم کے آئے کپڑون کے گودڑے پوشیدہ بھرے کہ تا ظاہرا پگڑی انسے درست رکھے پگڑی ظاہرا مانند حلہ بہشت کے تھی اور مانند منافق کے باطناً رسوا و زشت تھی مومن ظاہر و باطن پاک و نیک ہوتا ہے اور منافق ظاہرا بہتر و باطناً زشت و بد ہوتا ہے باقی یہ قصہ آگے ہے فافہم ۱۲

پاره پاره دلق و پنبه پوستین / در درون آن عمامه بد دفین
روی سوی مدرسه کرده صبوح / تا بدین ناموس او یابد فتوح
در ره تاریک مردی جامه کن / منتظر استاده بود از بهر فن
در ربود او از سرش دستار را / پس دوان شد تا بسازد کار را
پس فقیهش بانگ بر زد کای پسر / باز کن دستار را آنگه ببر
این چنین که چار پره می پری / باز کن آن هدیه را که می بری
باز کن آن را بدست خود بمال / آنگهان خواهی ببر کردم حلال
چونکه بازش کرد آنکه میگریخت / صد هزاران ژنده اندر ره بریخت
زان عمامه زفت نابایسته اش / ماند یک گز کهنه در دست او
بر زمین زد کهنه را کای بی عیار / زین دغل ما را بر آوردی ز کار
این چه تزویرست و مکرست ای پلید / کو فگندی مر مرا در قید و صید
شرم نامد مر ترا زین ژنده ها / از دغل بفگندیم اندر دغا
گفت بنمودم دغل لیکن ترا / از نصیحت باز گفتم ماجرا

پشم و پنبہ اور ٹکڑے پارچے[1] / اندر عمامے کے اسکے تھے بھرے
صبحدم وہ مدرسے کے سو گیا / تا وہ اس عزت سے پائے فائدہ
اک اُٹھائی گیرہ پوشیدہ کھڑا / راہ مین بس منتظر دستار کا
پگڑی اُسکی سر سے لیکر چلدیا / پس وہ بھاگا اور کام اپنا کیا
مولوی نے چیخ کر اس کو کہا / کھول تو پگڑی کو اور پھر لیکے جا
اس طرح پر جو اُڑا جاتا ہی تو / کھول وہ تحفہ جو لیجاتا ہے تو
کھول اُسے اور ہاتھ سے مل تو اُسے / لیجا اسدم مین نے بخشا مین تجھے
بھاگتے[2] مین اُسنے جو کھولا اُسے / گودڑے بس راہ مین صدہا گرے
اُس بڑے عمامے بد سے پارچا / ہاتھ مین اک گز پُرانا رہ گیا
خاک پر پھینکا کہ اے کھوٹے مجھے / اس دغا سے تو نے کھویا کام سے
کیسے حیلے اور فریب مکر ہین / کہ مجھے ڈالا ہے قید و صید مین
شرم اس گدڑے سے ذرا آئی تجھے / مکر سے ڈالا دغا مین جو مجھے
بولا مین نے گو کہ کی ہی یہ دغا / پر نصیحت سے تجھے سب کہدیا

## نصیحت دنیا اهل دنیا را بزبان حال و بیوفائی خود را وانمودن بوفا جویندگان ازو و نکوهیدن خویش

## نصیحت کرنا دنیا کا اہل دنیا کو زبان حال سے اور بیوفائی اپنی ظاہر کرنا وفا ڈھونڈھنے والون اُسکے پر اور بُرائی اپنی

[1] پشم و پنبہ الخ ٧ شعر پشم و پنبہ اور ٹکڑے پارچے اس کے عمامے مین بھرے تھے صبح کو مدرسے کی طرف گیا تاکہ وہ اس صورت سے فائدہ پائے اُٹھائی گیرا پوشیدہ کھڑا تھا راہ مین منتظر دستار کا اس کی پگڑی سر سے لیکر چلدیا پس وہ بھاگا اور اپنا کام کیا مولوی نے چیخ کر اس کو کہا کہ تو پگڑی تو کھول اور پھر لیجا تو اس طرح پر جو اُڑا جاتا ہے پس تو وہ تحفہ کھول جو لئے جاتا ہے تو اُسے کھول اور ہاتھ سے اس کو مل اور اس دم لیجا مین نے تجھ کو بخشا باقی حال آگے ہے فافہم ١٢

[2] بھاگتے الخ ٦ شعر بھاگتے مین جو اُسنے اس کو کھولا صدہا گودڑے راہ مین گرے اس بڑے عمامے بد سے پارچہ پُرانا ایک گز ہاتھ مین رہ گیا خاک پر پھینکا کہ اے کھوٹے مجھ کو اس دغا سے تو نے کھویا کام سے کیسے حیلے اور فریب اور مکر ہین کہ مجھ کو صید و قید مین ڈالا ہے تجھ کو شرم اس گودڑے سے نہین آتی ہے کہ جو مجھ کو دغا مین ڈالا ہے کہا کہ گو مین نے یہ دغا کی ہے لیکن نصیحت سے تجھ کو سب کہدیا ہے اسی طرح اگرچہ دنیا خوش دکھتی ہے سب سے اپنا عیب آواز سے کہتی ہے یعنی اگرچہ دنیا خوش و بہتر دکھتی ہے ولیکن اپنا عیب وہ باواز بلند کہتی ہے مگر کوئی اس کی آواز نہین سنتا ہے چنانچہ آگے دنیا کی نصیحت کا بیان ہے فافہم ١٢

| | | | |
|---|---|---|---|
| اندرین کون و فساد ای اوستاد | آن دغل کون و نصیحت آن فساد | کہ یہ ہی کون و فساد ای وستاد | وہ دغل کون اور نصیحت وہ فساد |
| کہ ہمین گوید بیا من خوش پیم | وان فسادش گفتہ رو من لاشیم | کون کہوے مین مبارک پا ہون آ | اور فساد اسکا کہے لاشے ہون جا |
| ای ز خوبی بہاران لب گزان | بنگران سردی و زردی خزان | ہونٹ چابے تو بہار خوش سے یان | دیکھ تو سردی و زردی خزان |
| روز دیدی طلعت خورشید خوب | مرگ او را یاد کن وقت غروب | دن مین دیکھا شمس کو با شکل خوب | مرگ اُسکی یاد کر وقت غروب |
| بدر را دیدی برین خوش چار طاق | حسرتش را ہم ببین وقت محاق | بدر دیکھا آسمان پر خوشنما | حسرت اسکی دیکھ گھٹنے مین ہے کیا |
| کودکے از حسن شد مولائے خلق | بعد فردا شد خرف رسوائے خلق | حسن سے لڑکا ہوا مولائے خلق | کل ہوا بوڑھا وہ اور رسوائے خلق |
| گر تن سیمین بران کرد شکار | بعد پیری بین تنے چون پنبہ زار | سیمتن نے جو کیا تجھکو شکار | بوڑھے پن مین دیکھ تن جون پنبہ زار |
| اے بدیدہ لوتہاے چرب خیز | فضلۂ آنرا ببین در آب ریز | ای غذا کو چرب دیکھا تو نے جو | اسکا فضلہ دیکھ اب موری مین تو |
| مر خبیث را بگو کہ آن خوبیت کو | در فریب آن حسن مرغوبیت کو | کہ پلیدی کو تری خوبی کہان | وہ فریب حسن و مرغوبی کہان |
| بر طبق کو عشوۂ و نرمی و خوت | بر سبد کو جلوہ و نغزے و بوت | ہے طبق پر نرمی و عشوہ کہان | ٹوکرے پر بو کہان جلوہ کہان |
| گوید آن دانہ بدم من دام آن | چون شدی تو صید دانہ شد نہان | وہ کہے وہ دانہ مین دام اسکا تھا | جو ہوا تو صید بس دانہ چھپا |
| بس انامل رشک اُستادان شدہ | در صناعت عاقبت لرزان شدہ | انگلیان جو رشک اُستادونکی تھین | صنع مین آخر کو وہ لرزان ہوئین |
| نرگس چشم خماری ہمچو جان | آخر اعمش بین و آب از وی چکان | نرگسین آنکھین جو تھین مانند جان | آخر اندھی دیکھ آب انسے روان |
| حیدرے کاندر صف شیران رود | آخر او مغلوب موشی میشود | اک بہادر صف مین شیرونکی گھسے | چوہے سے مغلوب آخر کو رہے |
| طبع تیز و دوربین محترف | چون خر پیرش ببین آخر خرف | طبع تیز اور دوربین صناع کو | مثل خر بوڑھے کے اسکو دیکھ تو |
| زلف جعد و مشکبار عقل بر | آخر او چون دُم زشت پیر خر | زلف مشکین گیسوے دانش ربا | بوڑھے خر کی دم سے آخر بد نما |
| خوش ببین کونش ز اول با کشاد | و آخر آن رسوائیش بین و فساد | کون اسکا دیکھ اول خوشنما | دیکھ آخر تو فساد اُس کا بڑا |

سـ۱ کہ یہ الخ یہ شعر کہ ای اُستاد یہ کون فساد ہے وہ دغل کون اور وہ نصیحت فساد ہے کون کہتا ہے کہ مین مبارک پا ہون تو آ اور فساد اُسکا کہے کہ مین لاشے ہون تم جاؤ آگے اسکے حقائق ہین بطور مثال کے تو ہونٹ چابے بہار خوش سے یہان مگر سردی و زردی سے خزان کو دیکھ دن مین شمس کو دیکھا با شکل خوب مرگ اسکی یاد کر وقت غروب کے بدر آسمان پر خوشنما دیکھا مگر اسکی حسرت دیکھ گھٹنے مین کیا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سـ۲ حسن سے الخ یہ شعر اوکا حسن سے مولائے خلق کا ہوا کل بوڑھا ہوا اور رسوائے خلق کا ہوا سیمتن نے تجکو شکار کیا اب جسم کو بڑھاپے مین دیکھ کہ روئی کے مانند عاجز ہے ای شخص تو نے غذا کو چرب دیکھا اب اسکا فضلہ موری مین دیکھ پلیدی کو کہہ کہ خوبی تیری کہان ہے اور وہ فریب حسن اور مرغوبی کہان ہے یعنی آشنائی دنیا اول بہتر و خوب معلوم ہوتی ہے اور آخر بد و زشت دکھائی دیتی ہے اسواسطے دنیا کو کون و فساد کہتے ہین پس تو اس دنیا کی خوبی چند روزہ پر غافل ہوکر اس جہان کی عمدگی ہمیشہ کو مت چھوڑ باقی حقائق آگے ہین فافہم ۱۲ سـ۳ ہے طبق الخ یہ شعر وہ عشوہ وہ نرمی طباق پر کی کہان ہے اور ٹوکرے کا جلوہ وہ جوش کہان ہے وہ کہوے کہ وہ دانہ تھا و مین اسکا دام تھا جب تو صید ہوا وہ دانہ چھپ گیا انگلیان جو رشک دینے والی اُستادون کی تھین صنعت مین وہ آخر کو لرزان ہوئین نرگسین آنکھین جو مثل جان کے تھین انکو اندھی دیکھ اور پانی اُنسے جاری ایک بہادر صف مین شیرونکی گھسے آخر کو چوہے سے مغلوب ہے تیز طبع دوربین صناعی کو مانند بوڑھے خر کے دیکھ لے زلف مشکین اور گیسو عقل بر با مثل دُم خر بوڑھے کے آخر کو بدنما ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سـ۴ کون الخ یہ شعر اسکی کون کو دیکھ اول خوشنما ہے اور آخر اسکا فساد دیکھ بدنما ہے کیونکہ اُسنے ظاہر اُدام دکھایا اور بتا کر ہو پچھ انگھیری خام کی ہیئت کہ دنیا نے دھوکا دیا ورنہ دانہ عقل کو کب پھانستا طوق زرین اور حمائل ابتک دیکھ وہ طوق زنجیر ہین ہے آخر کو اس طرح ہر ایک جزو عالم کو جان ہے اور اول و آخر کو اسکے دیکھ لے جو آخر کو دیکھے وہ مسعود ہے اور آخر کو دیکھے وہ مردود ہے یعنی جو آخر بین ہے وہ مسعود ہے

اور جو آخر یعنے طمع کاری کو دیکھتا ہے وہ مردود ہے پس دنیا کی ہر ایک شے کا انجام دیکھنا چاہیے جب آفت سے بچے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

زانکہ او بنمود پیدا دام را
پیش تو برکند سبلت خام را

پس مگو دنیا بتزویرم فریفت
ورنہ عقل من زدانہ می نگیفت

طوق زرین و حمائل ہین ہلہ
غل و زنجیرے شدست و سلسلہ

ہمچنین ہر جزو عالم می شمر
اول و آخر در آرش در نظر

ہر کہ آخر بین تر او مسعود تر
ہر کہ آخر بین تر او مطرود تر

روئے ہر یک چون مہ فاخر ببین
چونکہ اول دیدۂ آخر ببین

تا نباشی ہمچو ابلیس اعورے
نیم بیند نیم نے چون ابتری

دید طین آدم و دینش ندید
این جہان دید آن جہان بینش ندید

فضل مردان بر زنان ای بو شجاع
نیست بہر قوت و کسب و ضیاع

ورنہ شیر و پیل را بر آدمی
فضل بودی بہر قوت ای عمی

فضل مردان بر زن ای حالی پرست
زان بود کہ مرد پایان بین ترست

مرد کاندر عاقبت بینی خم است
او ز اہل عاقبت چون زن کم است

از جہان دو بانگ می آید بضد
تا کدامی را تو باشی مستعد

آن یکی بانگش نشور اتقیا
وین دگر بانگش فریب اشقیا

بانگ خار و بانگ اشگوفہ شنو
بعد ازان شو بانگ خارش را گرو

من شگوفہ خارم ای خز کبار
گل بریزد من بمانم شاخ خار

بانگ اشگوفہ اش کہ اینک گلفروش
بانگ خار او کہ سوئے ما کوش

این پذیرفتی بماندی زان دگر
کہ محب از ضد محبوب ست کر

کیونکہ دام اُسنے دکھایا ظاہرا
مونچھ اُکھیڑی خام کی تجکو بتا

مت کہو دنیا نے بس دھوکا دیا
ورنہ دانا عقل کو کب پھانستا

طوق زرین اور حمائل دیکھ اب
طوق و زنجیرین نہیں آخر کو سب

اس طرح ہر جزو عالم جان لے
اول و آخر کو اُس کے مان لے

جو کہ آخر دیکھے وہ مسعود ہے
جو کہ آخر دیکھے وہ مردود ہے

منھ ہر اک کا مثل مہ کے دیکھ تو
جو کہ اول دیکھا دیکھ آخر کو تو

تا نہووے کانا تو ابلیس سا
آدھا دیکھے آدھا نے ناقص رہا

دیکھا گل آدم کا اُسکے دین کو نے
دیکھا عالم اُسکے عالم ہین کو نے

نے فضیلت مرد کو عورت پہ ہی
کسب دکھیتی اور قوت کیلئے

ورنہ ہاتھی شیر کو انسان پے
بس فضیلت ہوتی قوت کیلئے

ہی فضیلت مرد کو عورات پہ
اس لئے کہ مرد آخر بین ہے تر

عاقبت بینی مین جو کہ خام ہی
کم ہے آخر بینی میں جون عورات کے

ہین جہان سے آتی دو آواز ضد
کو نسے پہ تا کہ تو ہو مستعد

اک صدا اس کی ظہور اولیا
اک صدا اسکی فریب اشقیا

بانگ خار اور بانگ اشگوفہ سنو
بعد بانگ خار کا ہو تو گرو

مین شگوفہ کا ہون خار اے گلعذار
گل جھڑین اور مین ہون اک شاخ خار

بانگ اشگوفہ کہ اب گل مجھسے پا
بانگ خار اسکی کہ میری سمت آ

یہ کرے جو تو قبول اس سے رہے
بہرا عاشق ضد معشوقہ سے ہی

سلہ منھ آلخ ۷ شعر ہر ایک کا منھ مانند ماہ کے تو دیکھ جو کہ اول کو دیکھتا ہے آخر کو دیکھ تا کہ تو ابلیس کے مانند کانا نہووے کہ آدھا دیکھے اور آدھا نہیں تو ناقص رہا آدم کا گل دیکھا اور اسکے دین کو نہ دیکھا مرد کو عورت پر فضیلت نہیں ہے کسب دکھیتی اور قوت کے سبب سے ورنہ شیر و ہاتھی کو انسان پر فضیلت ہوتی قوت کے سبب سے پس مرد کو عورت پر فضیلت ہے اس سبب سے کہ مرد آخر بین ہوا ہے جو کہ عاقبت بینی مین خام ہے آخر بین سے وہ کم ہے مانند عورتون کے یعنی مرد آخر بین بہتر ہے حال مین سے جیسے کہ مرد بہتر ہے عورتون سے بسبب آخر بینی کے کیونکہ عورات حال بین ہین آگے بیان فرق آواز کا ہے فافہم ۱۲ سلہ ہین جہان سے آلخ ۷ شعر جہان سے آتی ہین دو آواز ضد تا کہ تو کون سی پر ہو مستعد ایک اُس کی صدا ظہور اولیا ہے اور ایک اُس کی صدا فریب اشقیا ہے بانگ خار و بانگ شگوفہ کی سنو بعدہ بانگ خار کا تو گرو ہو کہ مین شگوفہ کا خار ہون اے گلعذار گل جھڑے اور مین رہون ایک شاخ خار بانگ شگوفہ کی یہ ہے کہ اب گل مجھ سے پا اور بانگ خار کی یہ ہے کہ میری سمت آ یہ اگر قبول کرے اس سے رہے کہ عاشق بہرا ہے معشوق کی ضد سے یعنی دنیا سے دو آواز ضد آتی ہین ایک اولیا اور ایک اشقیا کی اگر تو نے ایک آواز قبول کی ہو تو دوسری آواز سے محروم رہا کیونکہ عاشق اپنے معشوق کی ضد سے بہرا ہوا کرتا ہے پس تو آواز اولیا کی سن کہ آواز اشقیا سے تو بہرا رہے چنانچہ اسکا بیان آگے ہے فافہم ۱۲

آن یکی بانگش کہ اینک حاضرم — بانگ دیگر بنگر اندر آخرم
حاضریم ہست ہمچون مکر و کین — نقش آخر ز آئینہ اول ببین
چون یکی زین دو جوال اندر شدی — آن یکی را ضد و نادر خور شدی
ای خنک آن کو ز اول آن شنید — کش عقول و مستمع مردان شنید
خانہ خالی یافت جا را او گرفت — غیر آتش کژ نماید یا شگفت
کوزۂ نو کو بخود بوئے کشید — آن خبث را آب نتواند برید
در جہان ہر چیز چیزے را کشد — کفر کافر را و مرشد را رشد
در جہان ہر چیز چیزے جذب کرد — گرم گرمی را کشید و سرد سرد
کہربا ہم ہست مقناطیس ہست — تا تو آہن یا کہی آئی بشست
برد مقناطیس ار تو آہنے — ور کہی بر کہربا ہم می تنے
آن یکے چون نیست با اخیار یار — لاجرم شد پہلوئے فجار جار
وان یکے را صحبت خار اختیار — لاجرم شد پہلوے ہر خار خار
ہست موسی پیش قبطی بس ذمیم — ہست ہامان پیش سبطی بس رجیم
جان ہامان جاذب قبطی شدہ — جان موسیٰ طالب سبطی شدہ
معدۂ خر کہ کشد در اجتذاب — معدۂ آدم جذوب گندم آب
گر تو نشناسی کسی را از ظلام — بنگر او را کوش سازیدست امام
زان کہ ہر کرہ پے مادر رود — تا بدان جنسیتش پیدا شود

ایک کی یہ بانگ کہ حاضر ہوں مین — بانگ ثانی دیکھو تو انجام مین
حاضری میری مثال مکر ہے — آئینہ اول مین آخر دیکھ لے
گون مین اک کی تو ان دو مین سے گیا — دوسرے کا ضد و نادر تو بنا
اے وہ اچھا کہ وہ اول سے سُنا — جو عقلمندون و مردون نے سنا
خالی گھر پا کر کے جو قائم ہوا — غیر اُسکا بد دیکھے اور ناروا
کوزۂ نو جو پئے پیشاب کو — وہ پلیدی آب سے تے دور ہو
ہے جہان مین چیز ہر چیز ایک کو — کفر کافر کو و نیکی نیک کو
کھینچے چیز اک چیز کو اندر جہان — گرم گرمی سرد سردی کو نہان
کہربا ہے اور مقناطیس ہے — تا تو لوہا یا ہو گھانس گر کہ پھنسے
گر تو آہن ہے تو مقناطیس لے — گھانس اگر ہے کہربا مین تو پھنسے
جو کوئی کہ نے ہی یار اولیا — جان کہ ہمسایہ فاجر کا ہوا
ایک نے کی صحبت خار اختیار — تا ہوا پہلوی ہر اک خار خار
موسیٰ قبطی کہ ہے آگے بس بُرا — ہامان سبطی کے ہے آگے بس بُرا
جان ہامان جاذب قبطی ہوئی — جان موسیٰ طالب سبطی ہوئی
معدۂ خر کو ہے کاہون کی کشش — معدۂ آدم کو گیہون کی کشش
تیرگی سے نہ کسیکو جانے تو — دیکھ اُس خادم مطیع پیر کو
کیونکہ پیچھے ماں کے ہر بچہ پھرے — جنسیت تاکہ اثر اس مین کرے

ف۱ ایک کی الخ ۵ شعر ایک کی یہ بانگ ہے کہ مین حاضر ہون دوسرے یہ بانگ ہے کہ میرا انجام دیکھ میری حاضری مثل مکر کے ہے دل کے آئینے مین آخر کو دیکھ لے ایک کی گون مین جو تو ان دو سے گیا دوسرے کا ضد نادر تو بنا اے وہ اچھا ہے کہ وہ اول سے سنا ہے کہ جو عقلمندون و مردون نے سنا ہے جو کہ خالی گھر پا کر قائم ہوا اس کا غیر بد و ناروا دیکھے آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲

ف۲ کوزۂ نو الخ ۸ شعر کوزۂ نو جو پیشاب کو پئے وہ پلیدی آب سے دور نہ ہووے ہر ایک چیز جہان مین ایک چیز بوئے کفر کافر کو نیکی نیک کو کھینچے ایک چیز جہان مین چیز کو کھینچے گرم گرمی کو سرد سردی کو یہان کہربا بھی ہے اور مقناطیس بھی ہے تاکہ اگر تو لوہا ہی یا تو گھانس ہے تو اگر پھنسے اگر تو آہن ہے تو مقناطیس کو لے اور اگر تو گھانس ہے کہربا مین تو کھینچے جو کوئی کہ یار اولیا کا نہین ہے جان لے کہ وہ ہمسایہ فاجر کا ہوا ہے ایک نے صحبت خار کی اختیار کی ہے تا ہوا پہلوے ہر ایک خار خار موسیٰ قبطی کے آگے برا ہے اور ہامان سبطی کے آگے برا ہے یعنی ہر ایک شے اپنی جنس کو کھینچتی ہے نیک نیک کو اور بد بد کو آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

ف۳ جان ہامان الخ ۴ شعر جان ہامان کی جاذب قبطی کی ہوئی اور جان موسیٰ طالب سبطی کی ہوئی خر کے معدے کو گھانس کی کشش ہے آدم کے معدے کو گندم کی کشش ہے تو تیرگی سے کسی کو نہین جانتا ہے اُس خام مطیع پیر کو دیکھ کیونکہ ماں کے پیچھے ہر بچہ پھرتا ہے تاکہ جنسیت اُس مین اثر کرے یعنی ہر ایک شے اپنی جنس کو کھینچتی ہے چنانچہ اس کی مثال مین غذاے روح عارف کا بیان ہے فافہم ۱۲

## بیان آنکہ عارف را غذائی ست از نور حق

کہ ابیت عند ربی یطعمنی و یسقینی و قولہ

شب گذاشتیم نزدیک رب خویش میخوراند مرا و آب می نوشاند مرا و قولہ

صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم الجوع طعام اللہ

رسول مقبول صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم بالضرور گرسنگی طعام خداست

یحیی بہ ابدان الصدیقین ای طعام اللہ

زندہ می ماند ازان بدنہاے صدیقین یعنی طعام خدا

فی الجوع

گرسنگی ست ۱۲

## بیان اسکا کہ عارف کی غذا ہے نور حق

سے کہ ابیت عند ربی یطعمنی و یسقینی

کہ رات گذارتی مین نے نزدیک رب اپنے کے کھلاتا ہے وہ مجکو اور پلاتا

و قولہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم الجوع

ہی مجکو فرمایا رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا ضرور کہ بھوک

طعام اللہ یحیی بہ ابدان الصدیقین ای

طعام اللہ کا ہے زندہ رہتا ہے ساتھ اسکے بدن صدیقون کا یعنی

طعام اللہ فی الجوع

طعام اللہ کا بھوک مین ہے ۱۲

آدمی را شیر از سینہ رسد — شیر از خر نیم زیر سینہ بود
عدل قسام ست و قسمت کردنی ست — ای عجب کہ جبر نے و ظلم نیست
جبر بودی کے پشیمانی شدی — ظلم بودی کے نگہبانی بدی
روز آخر شد سبق فردا بود — راز ما را روز کے گنجا بود
حاصل آن کاندر دخول و در آیاب — در نگر و اللہ اعلم بالصواب

آدمی کو شیر سینے سے ملے — شیر خر کو پیچھے کے دھڑ سے ملے
عدل ہی قاسم کا جو قسمت کرے — اے نہین وہ جبر سے نے ظلم سے
جبر ہوتا کب پشیمان ہوتا تو — ظلم ہوتا کب نگہبان ہوتا تو
دن ہوا آخر سبق کل ہوئیگا — راز نے دن مین سماتا ہے مرا
آنے جانے مین حصول بیحساب — دیکھ تو واللہ اعلم بالصواب

## خطاب با مغروران دنیا و گرفتاران نفس

اے بکردہ اعتماد و اتقی — بر دم و بر چاپلوسی فاسقی
قبہ بر ساختستی از سحاب — آخر آن خیمہ است بس واہی طناب
زرق چون برقست اندر نور آن — راہ نتوانند دیدن رہروان

## خطاب ساتھ مغرورون دنیا اور گرفتارون نفس کے

اے کیا تو نے جو کلی اعتماد — فاسقون کی چاپلوسی ہو شاد
گھر بنایا تو نے با شکل حباب — آخر اس خیمے کی ہے واہی طناب
مکر ہے جون برق اسکے نور مین — رہ نہ سالک دیکھیں نے رہ چل سکین

سلہ آدمی الخ ۵ شعر آدمی کو شیر سینے سے ملتا ہی اور خر کو شیر پیچھے کے آدھے جسم سے ملتا ہے قاسم کا عدل ہے کہ جو قسمت کرے اے شخص وہ جبر و ظلم سے نہین ہے اگر جبر ہوتا تو پشیمان کب ہوتا اور اگر ظلم ہوتا تو نگہبان کب ہوتا دن آخر ہوا سبق کل ہوئیگا میرا راز دن مین نہین سماتا ہے حاصل بے حساب آنے و جانے مین تو دیکھ اللہ خوب جانتا ہے یعنی جیسے انسان کو شیر سینے سے ملتا ہے اور خر کو پیچھے کے نصف جسم سے شیر ملتا ہے اسی طرح سے انسان کامل کو غذا روح اعلیٰ سے ملتی ہے اور غافلان دنیا کو یہ غذا انسانی اسفل سے ملتی ہے چنانچہ گرفتاران دنیا کا حال آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۵۲ ای کیا تو نے الخ ۶ شعر ای تو نے کلی اعتماد کیا فاسقون کی چاپلوسی پر شاد ہو کر تو نے گھر بنایا بشکل حباب کے کہ آخر اس خیمے کی طناب واہی ہے مکر سے مانند برق کے کہ اسکے نور مین سالک نہ راہ دیکھے اور نہ راہ چل سکے یہ جہان اور اہل اسکے بے حصول بیوفائی مین ایک ہی ہین یہ دونون فضول دنیا کے مانند اسکا بچہ بیوفا ہی اگر منہ تیری طرف کرے وہ قفا ہی اور اہل اسکے مانند اس عالم کی ہمیشہ عہد براز راہ نیکی کے قیام رکھتے ہین یعنی اہل دنیا مثل دنیا کے بیوفا ہین اور اہل جہان کے اہل کا بیان آگے ہے فافہم ۱۲

این جہان و اہل آن بیحاصل اند / ہر دو اندر بیوفائی یکدل اند
زادۂ دنیا چو دنیا بیوفاست / گرچہ رو آرد بتو آن رو قفاست
اہل آن عالم چو آن عالم زبر / تا ابد در عہد و پیمان مستقر
خود دو پیغمبر بہم کے ضد شدند / معجزاتِ یکدگر کے بستدند
کے شود پژمردہ میوہ آنجہان / شادیِ عقبی نگردد آن دہان
نفس بیعہد ست زان رو کشتنی ست / او دنی و قبلہ گاہِ او دنی ست
نفس ہا را لائق است این انجمن / مردہ را در خود بود گور و کفن
نفس اگرچہ زیرکست و خردہ دان / قبلہ اش دنیاست او را مردہ دان
آب وحی حق بدین مردہ رسید / شد ز خاک مردہ زندہ پدید
تا نیاید وحی زد غرہ مباش / تو بدان گلگونہ تقال بقاش
بانگ و صیتی جو کہ آن خامل نشد / تاب خورشیدی کہ آن آفل نشد
آن ہنرہای دقیق و قال و قیل / قوم فرعون اند اجل چون آب نیل
رونق و تاب و طرب سحر شان / گرچہ خلقان را کشد گردنکشان
سحرہاے ساحران دان جملہ را / مرگ چوبی دان کہ آن شد اژدہا
جادوئیہا را ہمہ یک لقمہ کرد / یک جہان پر شب بد آن را صبح خورد
نور از آن خوردن نشد افزون بیش / بل ہمان سانست کو بودست پیش
ور اثر افزون شد و در ذات نے / ذات را افزونی و آفات نے

یہ جہان اور اہل اسکے بے حصول / بیوفائی مین ہین اک دل و فضول
مثل دنیا اسکا بچہ بے وفا / منہہ تری سو گر کرے ہے وہ قفا
مثل اس عالم کے اہل اسکے مدام / عہد پر نیکی سے رکھتے ہین قیام
دو پیمبر[1] مین بہم ضد کب ہوئی / معجزے آپس مین چھینے ہین کبھی
اُس جہان کے میوے پژمردہ ہون کم / شادی عقبی کی نہووے رنج و غم
لائق کشتن ہی نفسِ بیوفا / وہ برا اور قبلہ گہ اُسکا برا
نفس کو لائق ہی بس یہ انجمن / لائقِ مردہ ہے بس گور و کفن
نفس گرچہ ہی عقیل و نکتہ دان / قبلہ اسکی دنیا اسکو مردہ جان
وحی حق کا آب مردہ کو ملا / خاک مردہ سے عیان زندہ ہوا
تا نہ[2] وحی آئے تو مت مغرور ہو / رونق طول بقا پر اے نکو
ڈھونڈھ وہ آواز جو باطل نہو / نور اُس خور کا کہ جو آفل نہو
وہ ہنر باریک اور وہ قال و قیل / قبطیونکی ہی اجل جون آب نیل
رونق اُن کے سحر کی اور کر و فر / گرچہ کھینچے خلق کو ہے بیشتر
سحر وہ جملہ اُن اہلِ سحر کا / مرگ چوبی جان کے اژدر ہوا
ایک لقمہ سارے سحرون کا کیا / عالم پر شب سحر نے کھا لیا
نور کم بیش اس خورش سے نے ہوا / بلکہ ہے ویسا ہی وہ جیسا کہ تھا
بیش اثرون مین ہوا نے ذات مین / ذات کو بیشی ہے نے نقصان ہین

ف۱ دو پیمبر الخ ۶ شعر دو پیمبر مین ضد کب باہم ہوتی ہے اور کیا معجزے آپس مین چھینتے ہین اس جہان کے میوے کم پژمردہ ہووین اور شادی عقبی کے رنج و غم نہووے نفس بے وفا لائق کشتن ہے وہ برا اور قبلہ گاہ اُسکا برا ہے نفس کو لائق ہے یہ انجمن اور مردے کو لائق ہے گور و کفن اگرچہ نفس عقیل و نکتہ دان ہے قبلہ اُس کی دنیا اور مردہ اُس کو جان لو مردہ کو آب وحی حق ملا پس نہ ایک مردہ سے زندہ پیدا ہوا یعنی یہ نفس بے وفا لائق مارنے کے ہے کہ دنیا کو بہتر جانتا ہے پس یہ نفس مردہ ہے اور وحی حق سے زندہ ہوتا ہے یعنی تعلیم مرشد سے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ف۲ تا نہ وحی الخ ۸ شعر وحی جب تک نہ آوے تو مغرور مت ہو رونق طول بقا پر وہ آواز ڈھونڈھ جو باطل نہ ہووے اور نور اُس خورشید کا کہ جو آفل یعنی ڈوبنے والا نہووے وہ ہنر باریک اور وہ قیل و قال قبطیون کی اجل ہے مانند آب رود نیل کے اُنکے سحر کی رونق اور کر و فر اگرچہ خلق کو کھینچتی ہے بیشتر وہ سحر جملہ ان اہل سحر کا مرگ چوبی جان کہ اژدہا ہوا ایک لقمہ تمام سحرون کا کیا کہ جان پر شب کو صبح نے کھا لیا نور زیادہ نہ کم اُس خورش سے نہین ہوا بلکہ ویسا ہی ہے کہ وہ جیسا کہ تھا اثرون مین زیادہ ہوا نہ ذات مین کہ ذات کو نہ زیادتی و نہ نقصان ہے یعنی نور مین اگر اور نور ملجائے تو نور کی کچھ زیادتی ذات مین نہین ہوتی ہے مگر اثرون مین زیادتی ہوتی ہے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

حق ز ایجادِ جہان افزون نشد — انچہ اول آن نبود اکنون نشد
لیک افزون شد اثر ز ایجادِ خلق — درمیانِ آن فراوانست فرق
ہست افزونی اثر اظہار او — تا پدید آید صفات و کار او
ہست افزونی ہر ذاتی دلیل — کو بود حادث بعلتہا علیل
نکتہ شد باریک اینجا ای رفیق — لیک بشنو تو مقالات دقیق
گفت موسی سحر ہم حیران کنیست — چون کنم کاین خلق را تمیز نیست

حق نہین ایجادِ عالم سے بڑھا[۵۱] — جو نہین اول تھا وہ نَا اب ہوا
پر اثر ایجادِ عالم سے بڑھا — فرق اسکے درمیان ہی بس بڑا
ہے اثر کی زیادتی اسکا ظہور — کہ صفاتون کا ہوا اسکی تا ظہور
ذات کی ہی زیادتی کی یہ دلیل — کہ وہ حادث علتون سے ہی علیل
یان ہوا باریک نکتہ اے رفیق — لیکن اب تو سن لے اقوالِ دقیق
بولے موسیٰ سحر بھی حیران کرے — کیا کرون نے خلق کو تمیز ہے

## تفسیر آیت فاوجس فی نفسہ خیفۃ موسیٰ
## تفسیر آیت فاوجس فی نفسہ خیفۃ موسیٰ

پس پایا نفس اپنے مین خوف موسیٰ نے

## قلنا لا تخف انک انت الاعلیٰ
## قلنا لا تخف انک انت الاعلیٰ

کہا ہم نے کہ مت ڈر تحقیق تو ہے برترون مین سے ۱۲

گفت حق تمیز را پیدا کنم — عقل بے تمیز را بینا کنم
چونکہ معجزہا ت را ظاہر کنم — عقل را در دیدنش فاخر کنم
دیدہ بخشم عقل بے تمیز را — کور سازم جاہل ناچیز را
گرچہ چون دریا برآورند کف — موسیا تو غالب آئی لاتخف
بود اندر عہد خود سحر افتخار — چون عصا شد مار آنہا گشت عار
ہر کسی را دعویٔ حسن و نمک — سنگ مرگ آمد نمکہا را محک
سحر رفت و معجزہ موسیٰ گذشت — ہر دو را از بام بود افتاد طشت

بولا حق[۵۲] تمیز کو پیدا کرون — عقل بے تمیز کو بینا کرون
معجزون کو جو کہ ظاہر مین کرون — عقل کو اس دید سے فاخر کرون
چشم بخشون عقل بے تمیز کو — کردون اندھا جاہلِ ناچیز کو
مثل دریا گرچہ لائے ہین وہ کف — آئے تو غالب ہی موسیٰ لاتخف
عہد مین جادو کو اپنے فخر تھا — جو عصا مار آیا وہ نادم ہوا
تھا ہر اک کو دعویٰ حسن و نمک — سنگ مرگ آیا نمک کو بس محک
سحر گذرا معجزہ موسیٰ گیا — بام سے پر طشت دونون کا گرا

این تن تو گر تن مردم بدی | چون تن مردم ز خنجر گم شدی
با خودی با بیخودی دو چار زد | با خود اندر دیده خود خار زد
ای زده بر بیخودان تو ذوالفقار | بر تن خود میزنی آن هوش دار
زانکه بیخود فانی است و ایمن است | تا ابد در ایمنی و ساکن است
نقش او فانی و او شد آئینه | غیر نقش روی غیر آنجا ئی نه

گرچہ قرآن لب سے پیغمبر کے ہو | ہے وہ کافر جو نہ قول حق کہے
بیخودی کا جو ہما اُڑنے لگا | بایزید اس بات کو کہنے لگا
سیل حیرت عقل کو جو لے گئی | بات پہلے سے قوی تر کہی
ہے نہ جبہ مین مرے الا خدا | تو زمین و چرخ مین ڈھونڈھے ہے کیا
سب مرید اسوقت دیوانہ ہوئے | اور لگے چھریان وہ انکے مارنے
پیر کو جون ملحدان گرد کوہ | بے تامل مارتے چھریون سے وہ
شیخ پر تلوار جو تھا مارتا | اُلٹا اپنے جسم کو تھا کاٹتا
اک اثر تن پر نہ رکھتا بایزید | خستہ و پرخون ہوئے وہ سب مرید
جس نے وار انکے گلے پر جو کیا | حلق اُس نے اپنا کاٹا اور مرا
جسنے مارا زخم ان کے سینہ پر | سینہ اُسکا پھٹ گیا جان پر ضرر
جو کوئی آگاہ تھا اُس شیخ سے | دل نہ رکھا اُس نے بھاری زخم پہ
ہاتھ روکا اُس کی آدھی عقل نے | ہو گیا زخمی بچا وہ جان سے
دن ہوا اور وہ مرید آخر ہوئے | ماتم اُنکے گھر مین سب کرنے لگے
آگے اُنکے آئے صدہا مرد و زن | ای دو عالم سے بھرا اک پیرہن
یہ ترا تن ہوتا گر مردم کا تن | ہوتا گم خنجر سے اُنکا سا بدن
ایک باخود اُلجھا اک بیخود سے جا | دیدہ اپنا اندھا باخود نے کیا
بیخود و بیر تو جو مارے ذوالفقار | وہ تو اپنے تن پہ مارے ہوشیار
کیونکہ بیخود فانی اور ہے امن مین | تا ابد وہ ایمنی مین بس رہین
شکل فانی اور وہ آئینہ ہوا | جز مثالی شکل کے نے وان رہا

سطر ۵ پیر کو الخ ۷ شعر ملحدان پریشان کی مانند پیر کو بے تامل وہ چھریون سے مارنے لگے جو شیخ پر تلوار مارتا تھا الٹا اپنے جسم کو کاٹتا تھا ایک اثر بایزید کا تن نہ رکھتا تھا اور وہ مرید خستہ و پرہول ہوئے جسنے اُنکے گلے پر وار کیا اُسنے اپنا حلق کاٹا اور مرا اور جس نے انکے سینہ پر زخم لگایا اُسکا سینہ پھٹ گیا اور جان پر ضرر پہونچا جو کوئی اس شیخ سے آگاہ تھا اُس نے دل زخم سے بھاری پر نہ رکھا اُس کی آدھی عقل نے ہاتھ روکا وہ زخمی ہوا اور جان سے بچا یعنی جس نے شیخ پر وار کیا وہ کشتہ و خستہ ہوا کیونکہ شیخ ذات حق مین محو رہتا تھا اور مثل آئینہ کے ہوا تھا اسمین ہر ایک اپنی صورت کو دیکھکر پر وار کرتا تھا اور خود زخمی ہوتا تھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سطر ۱۲ دن ہوا الخ ۸ شعر دن ہوا اور وہ مرید مر گئے اُن کے گھر مین سب ماتم کرنے لگے اُنکے آگے صدہا مرد و زن آئے کہ ای بایزید دونون عالم سے ایک پیراہن تیرا بھرا ہی اگر یہ تیرا تن مردم کا تن ہوتا انکا سا بدن چھریون سے گم ہوتا آگے حقائق ہین ایک بیخود کو باخود نے جا کر مارا اور باخود نے اپنا دیدہ اندھا کیا جو تو بیخود و بیر ذوالفقار مارے وہ اپنے بدن پر تو مارے ای ہوشیار کیونکہ بیخود فانی اور امن مین ہین اور ابد تک وہ ایمنی مین ہین شکل فانی اور وہ آئینہ ہوا سوائے شکل مثالی کے وہان کچھ نہ رہا آئینہ پر تھوکے اپنے منھ پر تھوکے اور آئینہ کو مارے خود کو مارے تو یعنی اولیاء اللہ کی شکل فانی آئینہ ہی اور آئینہ مین جو صورت ہوتی ہے وہ اپنی صورت دکھائی دیتی ہے پس اُس صورت سے جو فعل کرے وہ اپنے ساتھ کرتا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

گر کنی تف سوے روے خود کنی ورزنی بر آئینہ بر خود زنی
ور بہ بینی روے زشت آن ہم توئی ور بہ بینی عیسی مریم توئی
او نہ اینست و نہ آن او سادہ است نقش او در پیش تو بنہادہ است
چون رسید اینجا سخن لب در بہ بست چون رسید اینجا قلم در ہم شکست
لب بہ بند ارچہ فصاحت دست داد دم مزن واللہ اعلم بالرشاد
ہر کنار بامی اے مست مدام پست بنشین یا فرود آ والسلام
ہر زمانے کہ شدی تو کامران آن دم خوش را کنار بام دان
ہر زمانے خوش ہراسان باش تو ہمچو گنجش خفیہ کن نے فاش تو
تا نیاید بر ولا ناگہ بلا ترس ترسان رو دران مکمن بلا
ترس جان در وقت شادی از زوال زان کنار بام غیب است ارتحال
گر نمی بینی کنار بام راز روح می بیند کہ ہستش اہتزاز
ہر نکالے ناگہان کان آمدہ است بر کنار کنگرہ شادی نشست
جز کنارہ بام خود نبود سقوط اعتبار قوم نوح و قوم لوط
اعتبار گیر تا یابی صفا اندرون انبیاء و اولیا

گر تو تھوکے اپنے منہ پر تھوکے تو آئینہ کو مارے خود کو مارے تو
گر بری[1] صورت تو دیکھے تو ہی ہے عیسی مریم کو دیکھے تو ہی ہے
وہ نہ یہ ہے اور نہ وہ ہے سادہ ہے شکل تیری روبرو تجھکو دکھے
جو یہاں پر بات پہونچی چپ ہوا جو قلم یاں پہونچا ٹوٹا اور رکا
چپ ہو گرچہ ہے فصاحت دستیاب دم نہ مار اللہ اعلم بالصواب
تو لب بام اب ہے اے مست مدام بیٹھ ہٹ کر یا اتر تو والسلام
جس گھڑی[2] مقصد ہو پورا ایجوان پس لب بام ہے دم خوش کو تو جان
جس گھڑی تو ہووے خوش ڈرتا رہو گنج سان کر خفیہ مت کر فاش تو
تا محبت پر نہ آجاے بلا ڈرتا ڈرتا اس نہان خانہ مین جا
وقت شادی کے تو ڈر کر کے گرے غیب کے ایجان کنارے بام سے
گر نہ دیکھے تو کنار بام راز روح دیکھے اس کی حرکت ہے دراز
ہر خرابی ناگہان آئی ہے جو کنگرہ شادی کے لب پر ہوے وہ
مت کنارہ بام اپنے سے گرے قوم نوح و لوط سے عبرت تو لے
تا صفائی پائے تو عبرت تو لے انبیاء و اولیا کے فیض سے

## سبب فصاحت و بسیار گوئی آن فضول نزد رسولؐ

## سبب فصاحت اور بہت کہنا اس فضول کا آگے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے

پر تو مستی بیحد نبی چون بزد ہم مست و خوش گشت آن غبی
مستی بیحد کا پرتو جب پڑا مصطفے کی مست اور خوش وہ ہوا

[1] گر بری الخ ۷ شعر اگر بری صورت دیکھے وہ اپنی ہے عیسی مریم کو دیکھے وہ تو ہی ہے نہ وہ یہ ہے نہ وہ ہے سادہ ہے تیری شکل تجھکو روبرو دکھتی ہے جو اس جا پر بات پہونچے خاموش ہوا جو قلم اس جا پہونچا تو ٹوٹا اور رکا اور خاموش ہو اگرچہ فصاحت حاصل ہے خاموش ہو اور دم نہ مار اللہ خوب جانتا ہے اے مست شراب تو لب بام ہے ہٹ کر بیٹھ یا اتر والسلام یہ یعنی حصول مقصد کی خوشی کو لب بام جان کہ اس سے ہزاروں گرتے ہیں آگے اسکا بیان ہے فافہم

[2] جس گھڑی الخ ۸ شعر جس گھڑی مقصد پورا ہوا اس دم خوشی کو لب بام جان جسدم خوش ہو ڈرتا رہ مانند گنج کے خفیہ کر اور وہ ظاہر مت کر تا محبت پر بلا نہ آجائے ڈرتا ڈرتا پوشیدہ گھر مین جا شادی وقت تو ڈر کر گرے غیب کے کنارہ بام سے اگر کنارہ بام راز تو نہ دیکھے روح دیکھتی ہے کہ حرکت دراز دیکھتی ہے ہر خرابی جو آتی ہے ناگہان جو کنگرہ شادی کے لب پر وہ رہوے تو کنارہ بام اپنے سے مت گر اور قوم نوح اور لوط سے عبرت پکڑ تا صفائی پائے تو عبرت پکڑ تا وہ پالے تو عبرت سے انبیاء و اولیا کے فیض سے یعنی عیش دنیا پر تو خوش ہو اور انبیاء و اولیاء کے فیض سے عبرت لے آگے سبب فصاحت کا بیان کیا ہے فافہم ۲

[3] مستی بیحد الخ ۲ شعر مصطفے کی مستی بیحد کا پرتو پڑا وہ مست اور خوش ہوا اسلئے بہت خوش ہو کر کہنے لگا کہ مستی نے ادب چھوڑا اور مجنون ہوا آگے اسکے حقائق ہیں بیخودی کے سبب حیا اثر نہیں کرتی ہے بے ادب کو زیادہ بے ادب کرتی ہے عاقل نیک تھوڑا ہی اور اگر بدخواہ ہو وہ بدتر ہے یعنی بیخودی بے ادب کو بے ادب کرتی ہے اور عاقل کو عاقل تر کرتی ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۲

لاجرم بسیار گو شد از نشاط ‏/ مست و ادب بگذاشت آمد در خباط
نی ہمہ جا بیخودی شر می کند ‏/ بے ادب را بے ادب تر میکند
گر بود عاقل نکو تر می شود ‏/ ور بود بد خوے بد تر می شود
بر لبیب آید لباب کاس او ‏/ ور زغبی کم گردد استیناس او
بیخود از مے با ادب گردد تمام ‏/ باخود از مے بے ادب گردد مدام
لیک اغلب چون بدند و ناپسند ‏/ بر ہمہ مے را محرم کردہ اند
حکم غالب راست چون اغلب بدند ‏/ تیغ را از دست رہزن بستدند

اسلیئے خوش ہو بہت کہنے لگا ‏/ مست نے چھوڑا ادب مجنون بنا
بیخودی سب جا نہین شر کرتی ہے ‏/ بے ادب کو بے ادب تر کرتی ہے
گر ہو عاقل بس نکو تر وہ بنے ‏/ اور اگر بد خو ہو بد تر وہ بنے
عکس[1] نادر اسکا قابل پر پڑے ‏/ اور غبی سے اسکی الفت بس گھٹے
مے سے بیخود با ادب ہووے تمام ‏/ مے سے باخود بے ادب ہووے مدام
ناپسند اکثر ہوئی ہے جو مدام ‏/ اسلیئے مے کو کیا سب پر حرام
حکم غالب پر ہے جو اغلب تھے ‏/ تیغ چھینی رہزنون کے ہاتھ سے

## بیان کردن رسول علیہ السلام سبب تفضیل و اختیار کردن آن جوان را بر پیران کاردیدہ و کار آزمودہ

## بیان کرنا رسول علیہ السلام کا سبب فضیلت اُس جوان کا بوڑھون آزمودہ کار پر

گفت پیغمبر کہ اے ظاہر نگر ‏/ تو مبین او را جوان و بے ہنر
اے بسا ریش سیاہ و مرد پیر ‏/ اے بسا ریش سفید و دل چو قیر
عقل او را آزمودم بارہا ‏/ کرد پیری آن جوان در کارہا
پیر پیر عقل باشد اے پسر ‏/ نے سفیدی موے اندر ریش و سر
از بلیس او پیرتر خود کے بود ‏/ چونکہ عقلش نیست او لاشے بود
طفل گیر این ن بود صاحب کمال ‏/ پیر باشد در ہنر آن خوشخصال

بولے[2] پیغمبر اے ظاہر بین بتر ‏/ دیکھو مت اسکو جوان و بے ہنر
اے بہت داڑھی سیاہ و پیر وہ ‏/ اے بہت داڑھی سفید و دل سیہ
عقل اسکی آزمائی بارہا ‏/ اُس جوان نے کام بوڑھونکا کیا
پیر[3] بوڑھی عقل کا ہو اے پسر ‏/ نے سفیدی بال کا بوڑھا بشر
کب وہ ہوا ابلیس سے بوڑھا سوا ‏/ عقل اسکو نہین وہ شے ہے لا
مانا لڑکا جو کہ ہو صاحب کمال ‏/ وہ ہنر مین بوڑھا ہووے خوشخصال

[1] عکس الخ ۴ شعر اس کا عکس نادر قابل پر پڑے اور غبی سے الفت اسکی گھٹے بیخود شراب سے با ادب ہووے بالکل اور باخود شراب سے بے ادب ہووے ہمیشہ اکثر ناپسند جو شراب ہوئی ہے اسواسطے شراب کو سب پر حرام کیا حکم غالب پر ہے جو غبی بہت تھے اسواسطے تلوار رہزنون سے چھینی یعنی شراب بیخود کو با ادب باخود کو بے ادب کرتی ہے سو واسطے شراب کو بسبب ناپسندگی سب پہ حرام کیا ہے اکثر کو یہ خرابی مین ڈالتی ہے آگے بیان جناب مقبول صلعم کا ہے فافہم ۱۲ [2] بولے الخ ۶ شعر پیغمبر صلعم نے فرمایا کہ اے ظاہر بین بدتر اسکو مت دیکھو جوان بے ہنر اے بہت سیاہ داڑھی اور پیر ہین اور بہت داڑھی سفید اور دل سیاہ رکھتے ہین مین نے عقل بارہا آزمائی کہ اس جوان نے کام بوڑھون کا کیا آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ [3] پیر بوڑھی عقل کا الخ ۵ شعر بوڑھی عقل کا پیر ہوتا ہے اے پسر نے سفید بال کا بوڑھا ہوا ہے بشر کب ابلیس سے سوا بوڑھا ہووے جو ابلیس کو عقل نہین ہے وہ لا شے ہے آگے اس کی مثال ہے یہ مانا کہ جو لڑکا صاحب کمال ہو وہ ہنر مین بوڑھا ہووے یہ مانا کہ جو لڑکا عیسیٰ نفس ہو غرہ سے پاک ہو اور ہوس سے ہو سفید ایک دلیل پختگی ہو آگے اندھے کے کہ زیرکی کم ہے یعنی بوڑھی عقل کا پیر ہوتا ہے سفید بالون کا پیر نہین ہوتا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

طفل گیرش چون بود عیسی نفس — پاک باشد از غرور و از ہوس
مانا اللہ کا جو کہ ہو عیسیٰ نفس — پاک ہو غرور سے نہ رکھے ہوس

آن بیاض مو دلیل پختگی ست — پیش چشم بستہ کش کوتہ زکی ست
مو سفید اک ہی دلیل پختگی — آگے اندھے کے کہ کم ہے زیرکی

آن مقلد چون نداند جز دلیل — در علامت جوید او دائم سبیل
[1] وہ مقلد جو نہ جانے جز دلیل — وہ علامت میں سدا ڈھونڈے سبیل

بہر آن گفتیم کاین تدبیر را — چونکہ خواہی کرد بگزین پیر را
اس لئے میں نے کہا تدبیر کو — گر وہ پانا چاہے کر تو پیر کو

لیک پیر عقل نے پیر مسن — می ندانی ممتحن از ممتحن
پیر عقلی کر نہ پیر عمر کو — ممتحن سے ممتحن نے جانے دو

آنکہ او از پردہ تقلید جست — او بنور حق ببیند ہر چہ ہست
پردہ تقلید سے جو کہ چھٹا — نور حق سے دیکھے ہر شے برملا

نور پاکش بے دلیل و بے بیان — پوست بشگافد در آید در میان
بے دلیل اور بے بیان ہی اسکا نور — پوست کو پھاڑے کرے جو وہ ظہور

پیش ظاہر بین چہ قلب و چہ سرہ — او چہ داند چیست اندر قوصرہ
آگے ظاہر بین کے کیا کھوٹا کھرا — جانے کیا زنبیل میں کیا ہی بھرا

اے بسا زر سیہ کردہ بدود — تا رہا از دست ہر دزدے حسود
[2] اسے بہت کرتے دھوئیں سے زر سیاہ — تا نہ ہووے دزد حاسد سے تباہ

اے بسا مس بیندودہ بزر — تا فروشد آن بعقل مختصر
اسے بہت مس پر ملمع کرتے ہیں — زر کی جا بے عقل کو تا بیچ دیں

تا کہ باطن بین و جملہ کشوریم — دل بہ بینیم و بظاہر ننگریم
ہم کہ باطن بین ہیں جملہ ملک کے — دیکھتے ہیں دل نہ ظاہر دیکھتے

قاضیانے کہ بظاہر می تنند — حکم بر اشکال ظاہر می کنند
قاضی جو آراستہ ظاہر سے ہیں — حکم شکل ظاہری پر کرتے ہیں

چون شہادت گفت و ایمانش نمود — حکم او مومن کنند این قوم زود
دیکھا ایمان اور گواہی اسکی دی — حکم دیں مومن کا اسکے یہ ابھی

پس منافق کاندرین ظاہر گریخت — خون صد مومن بہ پنہانی بریخت
بسکہ ظاہر میں منافق مل گئے — خون سو مومن کے پوشیدہ ہوئے

جہد کن تا پیر عقل و دین شوی — تا چو عقل کل تو باطن بین شوی
جہد کر تا پیر عقل و دین تو ہو — مثل عقل کل کے باطن بین تو ہو

از عدم چون عقل زیبا رو نمود — خلعتش دادہ ہزاران عز فزود
[3] جو عدم سے عقل کل ظاہر ہوئی — خلعت اسکو دی بہت عزت کری

عقل چون از عالم غیبی گشاد — رفعت افزود و ہزاران نام داد
عقل جو کہ غیب سے ظاہر کری — نام صد ہا رکھے اور دی برتری

کمترین زان نامہائے خوش نفس — اینکہ نبود ہیچ او محتاج کس
کمترین اس ناموں سے یہ جان تو — کہ کسی کا وہ نہیں محتاج ہو

---

[1] وہ مقلد الخ ٦ شعر وہ مقلد سوائے دلیل کے جو نہ مانے وہ علامت میں سدا سبیل ڈھونڈھے اس لیئے میں نے تدبیر کو کہا کہ اس کو اگر تو پانا چاہتا ہے تو پیر کو پیر عقلی کر پیر عمر نہ کر کہ ممتحن سے ممتحن کو وہ نہیں جانتا ہے جو کوئی پردہ تقلید سے چھٹا وہ نور حق سے ہر شے کو ظاہر دیکھے بے دلیل و بے بیان اس کا نور ہے جو وہ ظہور کرے تو پوست کو پھاڑے ظاہر کے آگے وہ کھوٹا کھرا وہ کیا جانے کہ زنبیل میں کیا بھرا ہے یعنی تقلید کو چھوڑ اور مرشد سے نور حق حاصل کر کہ حقیقت اشیاء کی تجھ کو ظاہر ہو آگے اُسکے مثال ہے فافہم ١٢ [2] اے بہت الخ ٧ شعر اے بہت لوگ زر دھوئیں میں سیاہ کرتے ہیں تا کہ دزد حاسد سے تباہ نہ ہووے اے بہت لوگ مس پر ملمع کرتے ہیں تا کہ بے عقل کو زر کی جگہ بیچ دیں ہم تمام ملک میں باطن کے ہیں اور دل دیکھتے ہیں ظاہر نہیں دیکھتے ہیں آگے اس کی مثال ہے جو قاضی آراستہ ظاہر سے ہیں تو شکل ظاہری پر حکم کرتے ہیں ایمان دیکھا اور گواہی اسکی دی سب اسکے مومن ہونے کا حکم دیں بہت منافق ظاہر میں مل گئے جو سو مومن خون پوشیدہ کرتے ہیں کوشش کر تا پیر عقل و دین تو ہو اور بلند عقل کل مانند باطن بین تو ہو یعنی کوشش و جہد کر کہ پیر عقل تو ہو وے تا کہ فرق نیک و بد میں کرے کیونکہ منافق و مومن ظاہر میں مل گئے ہیں آگے اس عقل کا بیان ہے فافہم ١٢ [3] جو عدم سے الخ ٥ شعر جو عقل کل عدم سے ظاہر ہوئی اُسکو خلعت دے کر بہت عزت کرے جو کہ غیب سے عقل ظاہر کرے صد ہا نام رکھے اور برتری دے ان ناموں سے کمتر یہ ہے کہ کسی کا محتاج نہ ہو اگر عقل خود ظاہر دکھائے اُسکے نور کے آگے دن سیاہ ہو اگر ظاہر مثل احمق کے ہو اُس کے آگے دن ظلمت رات کی ہو باقی حال آگے ہے فافہم ١٢

| | |
|---|---|
| گر بصورت وانماید عقل رو | تیرہ باشد روز پیش نور او |
| ور مثال احمقی پیدا شود | ظلمت شب پیش او روشن بود |
| کز شب مظلم ترو تاری ترست | لیک خفاش شقی مظلم خورست |
| اندک اندک خوی کن با نور روز | ورنہ خفاشی بمانی بے فروز |
| عاشق ہر جا شکال و مشکلی ست | دشمن ہر جا چراغ مقبلے ست |
| ظلمت اشکال ازان جوید دلش | تا کہ افزون تر نماید حاصلش |
| تا ترا مشغول آن مشکل کند | وز نہاد زشت خود غافل کند |

| | |
|---|---|
| گر دکھاوے عقل خود کو ظاہرا | آگے اُسکے نور کے دن ہو سیاہ |
| ہو اگر ظاہر مثال احمقی | اسکے آگے نور ظلمت رات کی |
| ظلمت[1] شب سے ہی اسکو بر تری | پر ہی ظلمت جو وہ چمگادڑ شقی |
| تھوڑی تھوڑی کر تو عادت نور سے | ورنہ بے رونق تو چمگادڑ رہے |
| شکل مشکل ہر جگہ عاشق کو ہے | شمع مقبل کو ہے دشمن ہر جگہے |
| ظلمت مشکل کو ڈھونڈھا اسلئے | اسکا دل تا رونق حاصل بڑھے |
| تا تجھے مشغول وہ مشکل کرے | اپنی بد اصلی سے بس غافل کرے |

## علامت عاقل تمام و نیم عاقل و مرد تمام و نیم مرد و علامت شقی مغرور لاشے

## علامت پورا عاقل اور آدھا عاقل و پورا مرد و آدھا مرد کی و علامت شقی مغرور لاشے کی

| | |
|---|---|
| عاقل آن باشد کہ او با مشعلہ ست | او دلیل و پیشوای قافلہ ست |
| پیرو نور خودست آن پیش رو | تابع خویش است آن بیخویش رو |
| مومن خویش ست و ایمان آورید | ہم بآن نورے کہ جانش زو چرید |
| دیگرے کہ نیم عاقل آمد او | عاقلے را دیدہ کرد آن نور جو |
| دست در وے زد چو کور اندر دلیل | تا بدو بینا شد و چست و جلیل |
| وان خری کز عقل جو سنگے نداشت | خود نبودش عقل و عاقل را گذاشت |

| | |
|---|---|
| وہ[2] ہی عاقل جو کہ رکھے روشنی | اور کرے وہ قافلہ کی رہبری |
| پیرو اپنے نور کا وہ پیشوا | تابع اپنا ہے وہ بے خود رہنما |
| مومن اپنا ہے وہی اُس نور پے | لایا ایمان جو غذائے جان ہے |
| اور[3] وہ ہے آدھا عاقل دوسرا | دیکھے عاقل کو ہو طالب نور کا |
| اسکو پکڑے جیسے اندھا چوب کو | تا کہ بینا اس سے ہو وے جلد وو |
| وہ گدھا ہے عقل نہ جو بھر رکھے | عقل نہ خود کو نہ عاقل سے ملے |

[1] ظلمت شب الخ ۵ شعر اُس کو ظلمت شب سے بد تری ہے ولیکن چمگادڑ شقی ظلمت جو ہے تو عادت تھوڑی تھوڑی نور سے کر ورنہ بے رونق تو چمگادڑ رہے شکل مشکل ہر جا عاشق کو ہے اور شمع مقبل کو ہر جا دشمن ہے ظلمت شکل کو اسواسطے ڈھونڈھے اُس کا دل کہ تا حاصل کے رونق بڑھے تا وہ مشکل تجھے مشغول کرے اور اپنی بد اصلی سے بس غافل کرے یعنی عقل غیب سے جو ظاہر کرے ادنی وصف اُس کا یہ ہے کہ کسی کا محتاج نہ ہووے فافہم ۱۲

[2] وہ ہے الخ ۳ شعر وہ عاقل ہو کہ جو روشنی رکھے اور قافلہ کی وہ رہبری کرے وہ پیشوا اپنے نور کا پیرو ہے اور وہ بیخود رہنما اپنا تابع ہے اپنا مومن ہے وہی اُس نور پر کہ جو غذاے جان ہے ایمان لایا یعنی وہ شخص پورا عاقل ہے کہ روشنی باطن کی رکھے اور قافلہ کی رہبری کرے اور اپنے نور کا تب پیرو ہو آگے آدھے عاقل کا بیان ہے فافہم ۱۲

[3] اور وہ ہے الخ ۶ شعر اور وہ دوسرا آدھا عاقل ہے کہ عاقل کو دیکھے اور طالب نور کا ہووے اُس کو پکڑے جیسے اندھا چوب کو پکڑے تا کہ اس سے وہ جلد بینا ہو وے آگے اس کے حقائق ہین وہ گدھا ہے کہ عقل جو بھر نہ رکھے نہ عقل خود کو اور نہ عاقل سے ملے خود نہ قلیل اور کثیر جانے اور نہ ڈھونڈھے ہم نذیر و بشیر کو اندر غفلت قال کے غرق ہے اور پیروی اسے رہبر دن کی ننگ رکھتا ہے جنگل مین جاتا ہے جو کہ بڑا ہے کبھی لنگڑا آئے اور کبھی دوڑتا آئے یعنی وہ ریاکار ہے کہ جو غفلت قال مین غرق ہے اور حال کو طلب نہین کرتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

خود نداند نے قلیل و نے کثیر　　می بجوید هم نذیر و هم بشیر
غرقه اندر غفلت و در قال و قیل　　ننگش آید آمدن خلف دلیل
میرود اندر بیابان دراز　　گاه لنگان آید و گاهے بتاز
شمع نے تا پیشواے خود کند　　نیم شمعے نے که نورے کد کند
نیست عقلش تا دمے زنده زند　　نیم عقلے نے که خود مرده کند
مردهٔ آن عاقل آید او تمام　　تا بر آید از نشیب خود بیام
عقل کامل نیست خود را مرده کن　　در پناه عاقلی زنده سخن
زنده نے تا همدم عیسیٰ بود　　مرده نه تا دم گهه عیسیٰ شود
زنده نے و مرده نے لاشے بود　　غوره باشد نی عنب نی مے بود
غورهٔ کز غورگی در نگذرد　　سنگ بست و خام و ترش و زبود
جان کورش گام هر سو می نهد　　عاقبت بجهد و لے بر می جهد
سودند هر بر جهیدن آن زمان　　زانکه نازل شد بلا از آسمان

خود نہین جانے قلیل اور نہ کثیر　　اور نہ ڈھونڈھے ہم نذیر و ہم بشیر
غرق ہی اندر وہ غفلت قال کے　　پیروی سے رہبرونکی ننگ ہی
جاتا ہے جنگل مین جو کہ ہے بڑا　　گاہ لنگڑا آئے اور گہہ دوڑتا
ہی نہ شمع رہبری تا خود کرے　　اور نہ آدھی شمع کہ نور اورے
نے ہی عقل اسکو کہ تا زندہ رہے　　نے ہی آدھی عقل کہ مردہ بنے
آگے عاقل کے وہ مردہ ہو تمام　　کہ وہ جائے پست سے بالاے بام
عقل نے کامل ہی خود کو مردہ کر　　تو پناہ عاقلوں مین ای پسر
زندہ نے کہ ہمدم عیسیٰ بنے　　مردہ نے کہ دم گہہ عیسیٰ رہے
نہ زندہ مردہ جو نہ ہو لاشے ہی وہ　　غورہ ہو نے مے ہو نے انگور ہو
غورہ جو کہ غورگی سے نہ چھٹا　　ہی وہ ٹھہرا کچا اور کھٹا رہا
اس کی جان اندھی قدم ہر سو رکھے　　عاقبت کو نے چلے ہر سو پھرے
پھرنا اسدم کام نے آئے اسے　　جبکہ نازل ہو بلا افلاک سے

## قصه آب گیر و صیادان و آن سه ماهی یکے عاقل و یکے نیم عاقل و یکے مغرور ابله بے عقل و عاقبت ایشان

## قصہ تالاب اور ماہی گیر اور اُن تین مچھلیوں کا کہ ایک عاقل اور ایک آدھی عاقل اور ایک مغرور ابلہ بے عقل تھی اور انجام کار انکا

ف۱ ہے نہ شمع الخ ۶ شعر شمع نہین ہے کہ تا خود رہبری کرے اور نہ آدھی شمع ہے کہ نور لے اُس کو عقل نہین کہ تا زندہ رہے اور نہ آدھی عقل ہے کہ مردہ بنے آگے عاقل کے وہ بالکل مردہ ہو کہ وہ پستی سے بالائے بام پر جائے عقل کامل نہین ہے تو خود کو مردہ کر پناہ عاقلون مین اے پسر زندہ نہین کہ ہمدم عیسیٰ بنے تو مردہ نہین کہ دم گاہ عیسیٰ رہے جو زندہ و مردہ نہ ہو وہ لاشے ہے وہ غورہ ہو اور نہ مے ہو اور نہ انگور ہو یعنی عاقل زندہ ہے اور خود ہادی ہے و نیم عاقل خود کو مردہ کرتا ہے و نور مرشد مین فنا ہو جاتا ہے اور بے عقل نہ زندہ ہے و نہ مردہ ہے وہ لاشے ہے آگے اسکی مثال ہے ۱۲

ف۲ غورہ الخ ۳ شعر جو غورہ غورگی سے چھٹا نہین وہ ٹھہرا ہوا خام ہے اور کھٹا رہا ہے اس کی جان اندھی ہر طرف قدم رکھتی ہے عاقبت کو نہین جاتی ہے اور ہر طرف پھرتی ہے اس دم پھرنا اُسکے کام نہین آنے کا کہ جب بلا افلاک سے نازل ہووے یعنی جو کہ بے عقل ہے وہ قابل معرفت نہین کیونکہ عاقل و نیم عاقل قابل معرفت ہے اور اس بلاے دنیا سے نجات پاکر دریاے معنی کو جاسکتا ہے چنانچہ اس کی مثال مین قصہ تین مچھلیون کا آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲

قصۂ آن آبگیر است ای عنود — که درو سه ماهی اشگرف بود
در کلیله خوانده باشی لیک آن — صورت قصه بود دین مغز جان
چند صیادی سوی آن آبگیر — برگذشتند و بدیدند آن ضمیر
پس شتابیدند تا دام آورند — ماهیان واقف شدند و هوشمند
آنکه عاقل بود عزم راه کرد — عزم راه مشکل ناخواه کرد
گفت باینها ندارم مشورت — که یقین سستم کنند از مقدرت
مهر زاد و بود بر جان شان تنند — کاهلی و جهل شان بر من زنند
مشورت را زنده باید نکو — که ترا زنده کند آن زنده گو
ای مسافر با مسافر رای زن — زانکه پایت لنگ دارد رای زن
از دم حب الوطن بگذر مایست — که وطن آنسوست جان این سو نیست

قصہ[1] اس تالاب کا ہے اے اخی — جسکے اندر تین مچھلی تھین بڑی
پس کلیلہ مین پڑھا ہوگا وے — صورتِ قصہ تھا وہ یہ مغز ہی
چند ماہی گیر نے تالاب پے — دیکھا پوشیدہ انھین جوکہ گئے
جال لینے کو گئے وہ ایک بار — یہ مچھلیان واقف ہوئین اور ہوشیار
جوکہ عاقل تھی لگی وہ بھاگنے — راہ مشکل کی لگی وہ ناپنے
بولی اُنسے مین نہ رکھون مشورا — کہ یقین سست اب یہ کردین مرا
ہی محبت گھر کی انکی جان کو — کردین کاہل اور جاہل مجکو وہ
مشورہ زندہ سے کرنا ہی نکو — کہ تجھے زندہ کرے وہ زندہ گو
مشورہ ای سالک سالک سے کر — کیونکہ تو لنگڑا ہی سوچ اسمین شیر
چھوڑ تو حب الوطن مت کر یقین — کہ وطن اس جا ہی جان یان پر نہین

## سرِّ حدیث حب الوطن شعبة من الایمان

## بھید اس حدیث کا کہ حب الوطن شعبة من الایمان

گر وطن خواهی گذر آن سوی شط — این حدیث راست کم خوان ای غلط
در وضو هر عضو را وردی جدا — آمده است اندر خبر بهر دعا
چونکه استنشاق بینی میکنی — بوی جنت خواه از رب غنی

گر وطن چاہو چلو اُس سمت کو — ان حدیثون کو غلط مت تم پڑھو
ہی وضو مین ورد ہر اعضا جدا — بس حدیثون مین لکھا بہر دعا
جبکہ پانی ناک مین ڈالے ہی تو — چاہ تو اللہ سے جنت کی بو

[1] قصہ اُس تالاب کا آخ ۱۰ اشعر قصہ اُس تالاب کا ہے کہ جس کے اندر تین مچھلیان بڑی تھین بس کلیلہ مین پڑھا ہوگا ولیکن وہ صورت قصہ تھا اور یہ مغز ہے چند ماہی گیر نے تالاب پر پوشیدہ دیکھا اُن مچھلیون کو جو وہان گئے تھے وہ جال لینے گئے ایک بار وہ مچھلیان واقف ہوئین اور ہوشیار ہوئین جو کہ عاقل تھی وہ بھاگنے لگی اور راہ مشکل کی ناپنے لگی کہا کہ مین اُنسے مشورہ نہ رکھون کہ میرا یقین سست اب یہ پیدا کردین انکی جان کو محبت گھر کی ہے وہ مجھکو کاہل و جاہل کردین آگے اسکے حقائق ہین زندہ سے مشورہ کرنا نیک ہے کہ تجھکو ... اے زندہ گو اے سالک مشورہ تو سالک سے کر کیونکہ تو لنگڑا ہے اسمین سوچ تو حب وطن کو چھوڑ اور یقین مت کر کہ وطن یہان ہو یہان پر نہین یعنی مشورہ اہل سلوک سے کرنا چاہیے اگر تو سالک ہے کہ اُنکی محبت کا اثر تجھ مین پیدا ہو اور اُس حب الوطن کو چھوڑ کہ وطن تیرا وہ جہان ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

[2] گر وطن آخ ۹ شعر اگر وطن چاہو اُس سمت کو چلو اور ان حدیثون کو تم غلط مت پڑھو وضو مین ورد ہر اعضا کا جدا ہے حدیثون مین لکھا ہے دعا کے واسطے جب تو ناک مین پانی ڈالتا ہے اللہ سے تو جنت کی بو چاہ تاکہ تجکو وہ بو کھینچے طرف جنت کے کہ بوے گل دلیل گلستان کی ہو وے جبکہ استنجا کرے یہ ورد ہے کہ پلیدی سے تو پاکی مجھکو دے یہانتک کہ میرا ہاتھ پہونچا تو اس کو دھویا جان کے دھونے مین ہاتھ سست ہے آگے مناجات ہے اے رب جان بدون کے تجھ سے بھلی ہوئی پس جان مین رسائی ہے تیرے فضل کی یہ میری حد تھی کہ جو میں نے کیا اسم طرف کی حد کو پاک کر تو اے خدا مین نے حدث سے پوست کو دھویا اور حوادث سے تو دھو اس دوست یعنی پاک کرنے تن مین کوشش میری ہے اور پاکی جان کی تو کر کہ میری کوشش سے باہر ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| تا ترا آن بو کشد سوے جنان | بوے گل باشد دلیل گلستان | تا تجھے کھینچے وہ بو سوے جنان | بوے گل ہووے دلیل گلستان |
| چونکہ استنجا کنی ورد سخن | این بود کہ از زبانم پاک کن | جبکہ استنجا کرے یہ ورد ہے | کہ پلیدی سے تو پاکی مجکو دے |
| دست من اینجا رسید این را بشست | دستم اندر شستن جانست سست | پہونچا یان تک ہاتھ تو دھویا اسے | ہاتھ اندر دھوے جان کے سست ہے |
| اے ز تو کس گشتہ جان ناکسان | دست فضل تست در جانہا رسان | ہے بدون کی جان ہوئی تجھسے بھلی | ہے رسائی جان مین تیرے فضل کی |
| حد من این بود کردم من لئیم | زان سو حدرا نقی کن اے کریم | میری حد یہ تھی کہ جو مین نے کیا | اس طرف کی پاک حد کر تو خدا |
| از حدث شستم خدایا پوست را | از حوادث تو بشو این دوست را | مین نے دھویا تو حدث سے پوست کو | اور حوادث سے تو دھو اس دوست کو |

## حکایت آن شخص کہ بوقت استنجا گفت اللّٰہم ارحنی رائحۃ الجنۃ بجاے اللّٰہم اجعلنی من التوابین واجعلنی من المتطہرین کہ ورد استنجاست و این را در وقت استنشاق خواند عزیزے گفت سوراخ دعا گم کردۂ

## ایک شخص استنجے کے وقت پڑھتا تھا اللّٰہم ارحنی رائحۃ الجنۃ (اے خدایا سونگھا مجھ کو خوشبو جنت کی ۱۲) بجاے اللّٰہم اجعلنی (اے بار خدایا گردان مجکو) من التوابین واجعلنی من المتطہرین (توبہ کرنے والون سے اور گردان مجھ کو پاکون سے ۱۲) کہ ورد استنجے کا ہے پس ورد استنجے کو ناک مین پانی ڈالنے کے وقت پڑھتا تھا ایک عزیز نے کہا کہ سوراخ دعا کو تو بھول گیا

| | | | |
|---|---|---|---|
| آن یکے در وقت استنجا بگفت | کہ مرا با بوے جنت دار جفت | وقت استنجے کے پڑھتا ایک تھا [1] | کہ مجھے خوشبوے جنت تو سونگھا |
| گفت شخصے خوب ورد آوردۂ | لیک سوراخ دعا گم کردۂ | ایک بولا ورد تو لایا بھلا | پر تو اب بھولا ہے سوراخ دعا |
| این دعا کہ ورد بینی بود چون | ورد بینی را تو آوردی بکون | یہ دعا کہ ناک کا بس ورد ہے | ناک کا تو ورد لایا کون سے |
| رائحہ جنت ز بینی یافت حر | رائحہ بینی کے آید از دُبر | بوے جنت لیتے ہین بس ناک سے | ناک کی بو کون سے کب آسکے |
| اے تواضع بردہ پیش ابلہان | وے تکبر بردہ تو پیش شہان | اے تواضع کرتا پیش ابلہان | اے تکبر کرتا تو پیش شہان |

[1] وقت الخ ۶ شعر وقت استنجے کے ایک شخص پڑھتا تھا کہ مجھکو خوشبوے جنت کی تو سونگھا ایک نے کہا کہ تو ورد بھلا لایا ولیکن تو محل دعا کا بھول گیا یہ دعا کہ ناک کا ورد ہے تو ناک کا ورد کون پر لایا ہے جنت کی بو ناک سے بس لیتے ہین ناک کی بو کون سے کب آسکے آگے اس کے حقائق ہین اے شخص تو تواضع کرتا ہے آگے ابلہ کے اور اے شخص تو تکبر کرتا ہے آگے شاہ کے وہ تکبر ناکسون سے خوب ہے تو برعکس مت جا آفت تجھے ہو یعنی تو تواضع احمق سے اور تکبر شاہ سے کر اور تکبر ناکس سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

آن تکبر بر خسان خوبست جست | هین مرو معکوس عکسش بند تست
از پئے سوراخ بینی رسته گل | بو وظیفه بینی آمد اے عتل
بوئے گل بهر مشام ست ای دلیر | جاے آن بو نیست این سوراخ زیر
کے ازین جا بوئے خلد آید ترا | بو ز موضع جو اگر باید ترا
همچنین حب الوطن آید درست | تو وطن بشناس ای خواجه نخست
گفت آن ماهی زیرک ره کنم | دل ز رائے مشورت شان بر کنم
نیست وقت مشورت هین راه کن | چون علی تو آه اندر چاه کن
محرم آن راه کمیابست و بس | شب روی پنهان روی کن چون عسس
سوے دریا عزم کن زین آبگیر | بحر جو و ترک این گرداب گیر
سینه را پا ساخت میرفت آن حذور | از مقام با خطر تا بحر نور
همچو آهو کز پئے او سگ بود | میدود تا در تنش یک رگ بود
خواب خرگوش و سگ اندر پے خطاست | خواب خود در چشم ترسنده کجاست
رفت آن ماهی ره دریا گرفت | راه دور و پهنه و پهنا گرفت
رنجها بسیار دید و عاقبت | رفت آخر سوے امن و عافیت
خویشتن افگند در دریاے ژرف | که نیابد حد آنرا هیچ طرف
پس چو صیادان بیاوردند دام | نیم عاقل زان شد تلخکام
گفت اه من فوت کردم وقت را | چون نه گشتم همره آن رهنما

وہ تکبر ناکسون سے خوب ہو | جاے مت بر عکس ہو آفت تجھے
گل ؎۱ اُگے ہین ناک کے واسطے | اور غذا اس ناک کی بو آتی ہے
بوے گل ہے سو نگھنے کیواسطے | اور نہین اس بو کی جا یہ کون ہے
بوئے خلد اس جا سے کب آئے تجھے | تو محل سے ڈھونڈھ گر بو چاہیے
ایسے ہی حب الوطن ہے جان تو | پہلے ای خواجہ وطن پہچان تو
بولی ؎۲ وہ ہشیار مچھلی جاؤنگی | مشورہ ہرگز نہ ان سے لاؤنگی
نے ہے وقت مشورہ تو رہ پکڑ | چاہ مین مثل علی تو آہ کر
محرم اس رہ کا ہے کمیاب اے دلا | مثل شحنہ رات کو پنہان تو جا
جا طرف دریا کے اس تالاب سے | چھوڑ یہ تالاب دریا ڈھونڈھ لے
پاؤن سینہ کو وہ کر کے باشعور | پر خطر جا سے گئی تا بحر نور
مثل آہو کے کہ کتا پیچھے ہو | بھاگے جب تک جان تن مین اسکے ہو
پیچھے کتا خواب خرگوش ہے خطا | خواب وحشی کو کہان ہووے بھلا
راہ ؎۳ لی دریا کی وہ مچھلی گئی | اور بڑی ہی چوڑی دور راہ لی
رنج از بس دیکھا پر انجام کار | امن کی جانب گئی وہ ہوشیار
گہرے دریا مین وہ خود جا گر پڑی | کہ نہ پائے انتہا اس کی کوئی
جال ماہی گیر لیکر آئے جب | آدھی عاقل ہو گئی بس تلخ لب
بولی مین نے کھویا اپنے وقت کو | کیون نہ مین اسکی گئی ہمراہ ہو

؎۱ گل اُگے آلخ یہ شعر ناک کے واسطے گل اُگے ہین اور ناک کی غذا بو آتی ہے بوے گل سونگھنے کے واسطے اور بو کی جا یہ کون نہیں ہے بوے جنت اس جا سے کب آتی ہے تو محل سے ڈھونڈھ اگر بو چاہتا ہے ایسے ہی حب الوطن ہے تو جان لے اے خواجہ اول وطن پہچان لے یعنی جیسے دعا ناک کی کون پر بے جگہ پڑھتا ہے ایسے ہی حب الوطن اس جہان کا اس جہان فانی پر جانتا ہے بس حب الوطن اول پہچاننا چاہیے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ؎۲ بولی آلخ یہ شعر اس ہشیار مچھلی نے کہا کہ مین جاؤن اور مشورہ انسے نہ کرون وقت مشورہ کا نہین ہے تو رستہ پکڑ اور مثل علی کے چاہ مین آہ کر آگے اس کے حقائق ہین محرم اس آہ کا کمیاب ہے کہ تو ال کے مانند تو پوشیدہ جا اس تالاب سے طرف دریا کے جا اس تالاب کو چھوڑ اور دریا ڈھونڈھ لے وہ باشعور سینہ کو پاؤن کر کے جا بے پر خطر سے بحر نور تک گئی آگے اس کی مثال ہے مانند آہو کے کہ اُس کے پیچھے کتا ہو اور وہ بھاگے کہ جب تک جان اُس کے تن مین ہو پیچھے کتا ہو خواب خرگوش خطا ہے کہ خواب وحشی کو بھلا کہان ہووے یعنی دریاے معنی مین اس تالاب دنیا سے جا سینہ کو پاؤن کر کے مثل مچھلی کے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ؎۳ راہ لی آلخ یہ شعر مچھلی دریا کی راہ لیکر گئی اور بڑی چوڑی و دور ایک راہ لی رنج از بس دیکھا لیکن انجام کار امن کی جانب گئی وہ ہوشیار اور وہ خود جا کر ایک دریا میں پڑی کہ اسکی انتہا کوئی نہ پائے جبکہ ماہی گیر جال لیکر آئے آدھی عاقل تلخ لب ہو گئی کہا کہ مین نے اپنے وقت کو کھویا کیون نہ مین اُسکے ہمراہ ہو کر گئی وہ ناگاہ گئی ولیکن جو گئی مجکو لائق تھا کہ اسکی پیروی کرتی وقت گذرے پر حسرت کرنا خطا ہین پھر گیا وقت آتا نہین اُسکی یاد کیا ہو میری حسرت اب فائدہ نہین رکھتی ہے کیا کرون اب وقت فرصت کا گیا یعنی وقت گذشتہ پھر ہاتھ نہین آتا ہے حسرت کرنے سے کیا فائدہ ہے آگے وقت گذرنے پر تاسف کرنیکا بیان ہے فافہم ۱۲

ناگهان رفت او ولیکن چونکه رفت — می ببایستم شدن در پی بتفت
برگذشته حسرت آوردن خطاست — باز ناید رفته یاد آن هباست
این زمان سود ندارد حسرتم — چون کنم چون فوت شد این فرصتم

وہ گئی ناگاہ پر جبکہ گئی — مجھکو لائق تھا کہ کرتی پیروی
حسرتین گذرے پے کرنا ہی خطا — پھر گیا آتا نہین یاد اسکی کیا
میری حسرت اب نہ رکھے فائدا — کیا کرون اب وقت فرصت کا گیا

## قصهٔ آن مرغ که وصیت کرد که برگذشته پشیمانی مخور و تدارک وقت اندیش و بر رفته غم مخور

## قصہ اس مرغ گرفتار کا کہ وصیت کرتا تھا گذرے پر پشیمان نہ ہو اور اپنے وقت کا تدارک کرو اور گذرے ہوئے پر غم نہ کھاؤ

آن یکی مرغے گرفت از مکر دام — مرغ او را گفت ای خواجه همام
تو بسے گاوان و میشان خوردهٔ — تو بسے اشتر بقربان کردهٔ
تو نگشتی سیر زانها در زمن — هم نگردی سیر از اجزای من
هل مرا تا که سه پندت بر دهم — تا بدانی زیرکم یا ابلهم
اول آن پندے دهم بر دست تو — بدهم ای جان و دلم پیوست تو
بر سر دیوار بدهم ثانیش — تا شوی زان پند شاد و نیکبخت
پس سوم پندت دهم من بر درخت — که ازین سه پند گردی نیکبخت
آنچه بر دست است اینست آن سخن — که محال از کس باور مکن
بر کفش چون گفت اول پند رفت — گشت آزاد و بر آن دیوار رفت

پکڑا اک مکر و دام سے مرغ ایک نے[۵۱] — پس کہا اس مرغ نے اُس شخص سے
اب تو تجھ جیسے ضعیف اک مرغ کو — پکڑا اور کھایا سمجھ اے نیک خو
گائے بھینسین تو نے کھائین بے شمار — اور کری قربانی اونٹون کی ہزار
پر نہ اُنسے پیٹ تیرا بس بھرا — بھی نہ سیری تجکو ہو مجھ سے ذرا
چھوڑ دے مجھکو تو از راہ کرم — اے جوان مرد کریم محتشم
چھوڑ دے تا مین پند اب دون تجھے — جانے ابلہ یا کہ زیرک تو مجھے
پند پہلی دو نمین تیرے ہاتھ مین — جان و دل میرے ترے پابند ہین
دوسری دون پند مین دیوار پے — تاکہ ہووے فرحت و شادی تجھے
تیسری دون پند مین اشجار پے — تا سعادت پائین تینون پند سے
ہاتھ مین[۵۲] جو ہووے وہ یہ بات ہے — کہ یقین مشکل ہے ہرگز مت کرے
پند پہلی ہاتھ مین جب کہ کہی — بیٹھا جا دیوار پہ ہو کر خوشی

سـ۵۱ پکڑا اکمر و دام سے الخ ۹ شعر ایک نے مکر و دام سے مرغ پکڑا پس اُس شخص سے اُس مرغ نے کہا کہ تو مجھ سے ایک ضعیف مرغ کو پکڑا ہوا اور کھایا سمجھ لے تو نے گائین اور بھینسین بہت کھائین اور ہزارون اونٹون کی قربانی کری ولیکن اُنسے تیرا پیٹ نہ بھرا مجھ سے بھی سیری تجھکو ذرا نہو مجھکو از راہ کرم کے تو چھوڑ دے تا مین نصیحت تجھکو دون کہ ابلہ یا زیرک تو مجھکو جانے پہلی پند مین تیرے ہاتھ مین دون کہ جان و دل میرے تیرے پابند ہین دوسری پند دیوار پر دون تاکہ فرحت و شادی تجھکو ہو تیسری پند دون درخت پر تاکہ تینون پند سے تو سعادت پائے آگے ان تینون پند کا بیان ہے فافہم ۱۲

سـ۵۲ ہاتھ مین الخ ۲ شعر جو ہاتھ مین ہووے وہ یہ بات ہے کہ محال پر یقین ہرگز مت کر پہلی پند جبکہ ہاتھ مین کہی دیوار پہ خوش ہو کر بیٹھا کہا کہ گذری ہوئی پر غم نہ کھا جو تجھ سے گذرے ذرا حسرت نہ کر بعدہ کہا کہ میرے جسم مین دس درم بھر ایک گوہر ہے جان ہے کہ تجھکو و تیری اولاد کو ثروت ہوتی از بس اُس گوہر سے تو نے گوہر کھویا قسمت مین نہ تھا کہ اُس کے مانند عالم مین نہ ہو آگے اس کی مثال ہے فافہم

گفت دیگر بر گذشته غم مخور / چون ز تو بگذشت زان حسرت مبر
بعد از آن گفتش که در جسمم کتیم / ده درم سنگ ست یک دُرّ یتیم
دولت تو بخت فرزندان تو / بود آن گوهر بحق جان تو
فوت کردی دُر که روزیت نبود / که نباشد مثل آن دُر در وجود
آنچنان که وقت زادن حامله / ناله دارد خواجه شد در غلغله
گشت غمناک و همی گفت آه آه / این چرا کردم که شد کارم تباه
من چرا آزاد کردم مر ترا / زین حیل از راه بردی مر مرا
مرغ گفتش نے نصیحت کردمت / که مبادا بر گذشته وی غمت
چون گذشت و رفت غم چون میخوری / یا نکردی فهم پندم یا کری
وان دوم پندت بگفتم کز ضلال / هیچ تو باور مکن قول محال
من نیم خود سه درم سنگ ای اسد / ده درم سنگ اندرونم چون بود
خواجه باز آمد بخود گفتا که هین / باز گو پند سوم ای نازنین
گفت آری خوش عمل کردی بآن / تا بگویم پند ثالث را بگان
این بگفت و بر پرید و شاد رفت / سوی صحرا سرخوش و آزاد رفت
پند گفتن با جهول و خوابناک / تخم افگندن بود در شوره خاک
چاک حمق و جهل نپذیرد رفو / تخم حکمت کم دهش ای نیک خو
زانکه جاهل جهل را بنده بود / چونکه تو پندش دهی او نشنود
نیم عاقل گفت در وقت بلا / چونکه ماند از سایهٔ عاقل جدا

بولا پھر گذرے ہوئے پر غم نہ کھا / تجھسے جو گذرے نہ حسرت کر ذرا
بعدہ بولا کہ میرے جسم مین / دس درم بھر اک گہر ہی جانئے
تجکو ثروت اور تری اولاد کو / ہوتی اس گوہر سے ازبس اے نکو
کھویا گوہر تونے قسمت مین نہ تھا / کہ نہ اسکی مثل عالم مین ہوا
دردِ زہ کے وقت جیسے حاملہ / چیخے اور خواجہ کرے بس غلغلہ
بس ہوا غمناک وکہتا آہ آہ / کس لیے مین نے کیا کام اب تباہ
چھوڑتا کسواسطے اب مین تجھے / دھوکا حیلہ سے دیا تو نے مجھے
مرغ بولا نے نصیحت کی تجھے / کہ تو گذری بات پر غم مت کرے
جو گیا گذرا نہ کر تو رنج کو / یا نہ سمجھا پند یا بہرا ہے تو
دوسری مین نے نصیحت کی نہین / کہ تو مشکل بات پر مت کر یقین
تین درم بھر خود نہین مین آپ ہون / دس درم بھر کیسے ہووے اندرون
ہوش مین خواجہ ہوا بولا کہ ہان / تیسری اب کر نصیحت پھر بیان
بولا خوب اسپر عمل تو نے کیا / کہ نصیحت تیسری اب دون بتا
یہ کہا اور ہوکے خوش وہ اڑگیا / اور صحرا کی طرف خوش خوش گیا
پند کہنا غافلون کو کہتے ہین / بیج بوتا ہے زمین شور مین
چاک حمق و جہل کا کب ہو رفو / تخم حکمت اسکو کم دے اے نکو
کیونکہ جاہل جہل کا پابند ہے / جو نصیحت دے اسے نے وہ سنے
آدھی عاقل کہتی تھی وقتِ بلا / کیون رہی سایہ سے عاقل کے جدا

## چاره اندیشیدن آن ماهی نیم عاقل و خود را مرده کردن

## علاج ڈھونڈھنا اُس مچھلی آدھی عاقل کا اور اپنے کو مردہ کرنا

سطر ۱ درد زہ آلخ یہ شعر جیسے حاملہ دردزہ کے وقت چیخے اور خواجہ غلغلہ کرے بس غمناک ہوا اور آہ آہ کرتا کہ کسواسطے کام مین نے تباہ کیا مین تجھکو کسواسطے چھوڑتا تو نے دھوکا مجھکو حیلے سے دیا مرغ نے کہا کہ تجھ کو نصیحت نہین کی کہ گذری بات پر تو غم نہ کر جو گذر گیا تو رنج نہ کر یا نصیحت کو نہ سمجھا یا بہرا ہے دوسری نصیحت مین نے نہین کی کہ محال بات پر تو یقین مت کر مین خود تین درم بھر نہین ہون دس درم کیسے مجھ مین گوہر ہوے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

سطر ۲ ہوش مین آہ ۷ شعر خواجہ ہوش مین ہوا کہ ہان اب تیسری نصیحت بھی بیان کر مرغ بولا کہ اب تو نے اسپر خوب عمل کیا کہ تیسری نصیحت بتاؤن یہ کہا اور خوش ہو کر وہ اڑ گیا اور جانب صحرا کے خوش خوش گیا غافلون کو پند کہنا بیان کرتے ہین کہ تخم زمین شور مین بونا ہے حمق و جہل کا چاک کب رفو ہوا اسکو تخم حکمت کا کم دے کیونکہ جاہل جہل کا پابند ہے جو اسکو نصیحت دے وہ نہ سنے آدھی عاقل مچھلی وقت بلا کے کہتی ہے کہ سائے سے عاقل کے کیون جدا رہی یعنی غافلون کو نصیحت کرنا ایسا ہے جیسے زمین شور مین تخم بونا ہے کہا اس سے ثمرہ نہ حاصل ہو آگے قصہ مچھلی کا ہے فافہم ۱۲

کو سو دریا شد و از غم ضیق
لیک زان نندیشم و بر خود زنم
پس بر آرم اشکم خود بر زبر
میبردم بر روے چنانکہ خس رود
مردہ گردم خویش بسپارم بآب
مرگ پیش از مرگ امنیست ای فتا

فوت شد از من چنان نیکو رفیق
خویشتن را این زمان مردہ کنم
پشت زیر و میروم بر آب بر
نے بسباحے چنانکہ کس رود
مرگ پیش از مرگ امنیست از عذاب
این چنین فرمود ما را مصطفےٰ

کہ وہ دریا کو گئی غم سے چھٹی
لیکن اس سے مین نہ اندیشہ کرون
پس ہین اسدم آپکو اب چت کرون
اور پھرون اسپر کہ جیسے خس پھرے
مردہ ہوکر خود کو سونپون آب کے
پہلے مرنے سے یہ مرنا ہی بھلا

اور ایسے دوست سے مین رہ گئی
آپ کو اسوقت مین مردہ کرون
اور پانی کے مین اوپر چت پھرون
نے پھرون مانند مین تیراک کے
یہ ہے مرنا پہلے اس مرنے سے ہی
مصطفےٰ نے ایسے ہی ہمسے کہا

## گفت موتوا کلکم من قبل ان یاتی الموت تموتوا بالفتن

## بولے موتوا کلکم من قبل ان یاتی الموت تموتوا بالفتن

ہمچنان مردہ شکم بالا فگند
ہر یکے زان قاصدان بس غصہ کو
شاد شد او زان گفت ای دریغ
پس گرفتش یک صیاد ارجمند
غلط غلطان رفت پنہان اندر آب
از چپ و از راست میجست آن سلیم
دام افگندند و اندر دام ماند

آب گہ بردش نشیب و گہ بلند
کہ دریغا ماہی مہتر برد
پیش رفت آن بازیم ستم ز تیغ
بر سرش تف کرد و بر خاکش فگند
ماند آن دیگر ہمی کرد اضطراب
تا کہ بجہد خویش برہاند گلیم
احمقی او را در آن آتش نشاند

ایسی ہی وہ مر کے بس چت ہو گئی
ماہی گیر افسوس ہر اک کرتا تھا
بات یہ سن سکے وہ خوش ہوتی تھی
پس پکڑ کے اسکو اک صیاد نے
وہ لڑکتی خفیہ پانی مین گئی
داہین بائین وہ لگی بس بھاگنے
جال ڈالا اور پھنسی وہ جال مین

نیچے اوپر آب کے بہنے لگی
کہ بڑی مچھلی مری واحسرتا
چل گیا داؤن مین خنجر سے بچی
سر پہ تھوکا اور پھینکا خاک پے
اور رہی بس مضطرب وہ دوسری
تا چھڑائے خود کو اس آفات سے
احمقی نے ڈالا اک جنجال مین

ل کہ وہ آئی ۵ شعر کہ وہ دریا کو گئی اور غم سے چھٹی اور رہین ایسے دوست سے رہ گئی ولیکن مین اس سے اندیشہ نہ کرون اور خود کو جو اسوقت مین مردہ کرون پس مین اسدم خود کو چت کرون اور پانی کے اوپر بہتی پھرون کہ جیسے خس پھرتی ہے اور نہ پھرون مین مانند تیراک کے خود کو سونپون مردہ ہوکر آب پر پس یہی مرنے سے پہلے مرنا ہے یعنی خود کو بدست دیگر کردے کہ جو مرشد کہے وہ کرے اور اپنی خواہش کو چھوڑ دے آگے اس مرنے کے حقائق ہین فافہم ۱۲ ۵۲ پہلے مرنے سے آئی ۲ شعر مرنے سے اول مرنا یہ ہوا ہے دل کہ مصطفےٰ صلعم نے ہم سے ایسے ہی کہا ہے ترجمہ فرمایا مرو تم سب آگے اس سے جو آئے تمکو موت اور مرو تم ساتھ فتنے کے ایسے ہی وہ مر کے بس چت ہو گئی نیچے اوپر آب کے بہنے لگی ہر ایک ماہی گیر افسوس کرتا تھا کہ بڑی مچھلی مر گئی واحسرتا وہ بات یہ سن سنکے خوش ہوتی تھی کہ داؤن چل گیا اور مین خنجر سے بچی پس ایک صیاد نے اُس کو پکڑ کر سر پہ تھوکا اور پھینکا خاک پہ پر وہ خفیہ لڑکتی پانی مین گئی اور وہ دوسری بس بیقرار رہی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۳ داہین آئی ۶ شعر داہین بائین وہ بس بھاگنے لگی تا خود کو اس آفات سے چھڑائے جال ڈالا اور وہ جال مین پھنسی احمقی نے ایک جنجال مین ڈالا جو پشت توسے کے ساتھ آگ پر احمقی سے ہم خواب وہ ہو گئی آگ روشن سے وہ اسپر جلتی تھی اور اُس کی عقل کہتی تھی ترجمہ آیا تمھارے پاس نہین آیا ڈرانے والا وہ کہتی تھی بباعث رنج و بلا مانند جان کافرون کے قالوا بلیٰ پھر وہ کہتی تھی کہ اگر ابکی بار اس محنت سے چھوٹون اور جانبر ہوؤن باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۵ مروتم سب آگے اس سے ۱۲ ۵۵ جو آئے تم کو موت اور مرو تم ساتھ فتنے کے ۱۲

بر سر آتش بہ پشت تابۂ
او ہمی جوشید از تف سعیر
او ہمی گفت از شکنجہ و ز بلا
باز میگفت او کہ گر این بار من
من نسازم جز بدریائے وطن
آب بیحد جویم و ایمن شوم
ہمچنین می کرد باخود نذرہا
دامن عاقل بگیرم روز و شب

باحماقت گشت او ہمخوابۂ
عقل میگفتش[۱] الم یاتک نذیر
ہمچو جان کافران قالوا بلیٰ
وا رہم از محنت گردن زدن
آبگیرے را نسازم من سکن
تا ابد در امن و در صحت روم
گر چنین ورطہ اگر یابم رہا
تا نیفتم در چنین رنج و تعب

آگ پر پشت توا کے ساتھ جو
آگ روشن سے وہ جلتی تھی اسیر
کہتی تھی وہ باعث رنج و بلا
پھر وہ کہتی تھی کہ ابکی بار اگر
مین[۱] نہ جز دریا وطن اپنا کرون
آب بیحد ڈھونڈھون اور امن مین رہون
ایسی ہی خود سے وہ کرتی منتین
دامن عاقل کو پکڑون روز و شب

احمقی سے ہو گئی ہمخواب وہ
عقل اُس سے کہتی الم یاتک نذیر
مثل جانِ کافران قالوا بلے
چھوٹون اس محنت سے ہوون جانبر
اور نہین تالاب مین ہرگز رہون
اور ہمیشہ امن و صحت مین چلون
کہ چھٹون ایسے بھنور سے کاش مین
تا نہ پاؤن ایسا پھر رنج و تعب

## بیان[۲] آنکہ عہد کردن احمق در وقت گرفتاری و ندم ہیچ وفائے ندارد کہ ولو ردوا العادوا لما نہوا عنہ و انہم لکاذبون چون ہیچ کاذب وفا ندارد

## بیان اس بات کا کہ عہد کرنا احمق کا وقت گرفتاری و ندامت کے کچھ نفع نہین کرتا کہ ولو ردوا العادوا لما نہوا عنہ و انہم لکاذبون جبکہ کوئی کاذب وفا نہین رکھتا

عقل میگفتش حماقت با تو ہمت
عقل را باشد وفائے عہدہا
عقل را یاد آمد از پیمان خود
چونکہ عقلت نیست نسیان میرتست

یا حماقت عہد را آید شکست
تو نداری عقل رو ای خربہا
پردۂ عصیان بدراند خرد
دشمن و باطل کن تدبیر تست

عقل[۳] اُسے کہتی حماقت تجھ مین ہے
عقل کو ہوتا وفائے عہد ہے
عقل کو یاد آئے اپنے عہد سے
عقل تیری نے ہی نسیان میر ہے

اور حماقت عہد کو بس توڑ دے
اور نہ رکھے عقل کو تو جا گدھے
پردۂ نسیان کو پھاڑے عقل ہے
دشمن اور باطل کرے تدبیر ہے

۱؎ مین نہ جز الخ یہ شعر مین بجز دریا کے اپنا وطن نہ کرون اور ہرگز تالاب مین نہ رہون آب بیحد ڈھونڈھون اور اس مین رہون اور ہمیشہ امن و صحت مین چلون ایسے ہی وہ خود سے منتین کرتی تھی کہ چھوٹون ایسے بھنور سے مین کاشکے دامن عاقل کو روز و شب پکڑون تا کہ پھر ایسا رنج و تعب نہ پاؤن یعنی اس تالاب دنیا سے نجات پاؤن اور دریا سے معنی مین قیام رکھون اور پھر دامن مرشد کو نہ چھوڑون کہ ایسے رنج و بلا سے نجات پاؤن یہ حال اہل دوزخ کا ہنگام دوزخ مین جلنے کے ہوگا آگے احمق کے عہد کرنے کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۲؎ حکایت ششم عہد شکنی احمق مین ۳؎ عقل اُسے الخ ۶ شعر عقل اُسے کہتی کہ تجھ مین حماقت ہے اور حماقت عہد کو توڑ دے عقل کو وفائے عہد ہے اور عقل نہین رکھتا ہے تو جا اے گدھے عقل کو اپنے عہد سے یاد آتا ہے پردۂ نسیان کو عقل پھاڑے ہے عقل تیری نہین ہے نسیان تیرا امیر ہے کہ دشمن و باطل کرے تدبیر کو آگے اس کے مثال ہے پروانہ کمی سے عقل کی یاد نہین کرتا ہے جنس کے جلنے سے جبکہ پر جلے تو توبہ کرے اور طمع و نسیان سے آتش مین پڑے یعنی عقل دنادار عہد اس کو نسیان نہین ہے اسواسطے نسیان سے بدعہدی کرتا ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۴؎ آیا نہین آیا تمھارے پاس ڈرانے والا ۱۲

از کمی عقل پروانه خسیس یاد نارد ز آتش و چندین حسیس
چونکه پرش سوخت توبه میکند آز و نسیانش بر آتش میزند
ضبط و درک و حافظی و یادداشت عقل را باشد که عقل آنرا فراشت
چونکه گوهر نیست تابش چون بود چونکه نبود ذکر و یابش چون بود
این تمنا هم ز بی‌عقلی اوست که نه بیند کان حماقت را چه جوست
آن ندامت از نتیجه رنج بود نی ز عقل روشن چون گنج بود
چونکه شد رنج آن ندامت شد عدم می نیرزد خاک آن توبه ندم
آن ندم از ظلمت و غم بست بار پس کلام اللیل یمحوه النهار
چون برفت آن ظلمت غم گشت خوش هم برفت از دل نتیجه زاده اش
می کند او توبه و پیر خرد بانگ لو ردوا لعادوا میزند
عقل ضد شهوتست ای پهلوان آنکه شهوت می تند عقلش مخوان
وهم خوانش آنکه شهوت را گذاشت وهم قلب نقد زر عقلهاست
بی محک پیدا نگردد وهم و عقل هر دو را سوی محک کن زود نقل
این محک قرآن و حال انبیا چون محک مر قلب را گوید بیا
تا ببینی خویش را ز آسیب من که نه اهل فراز و شیب من
عقل را گر اره سازد دو نیم همچو زر باشد در آتش او سلیم
وهم مر فرعون عالم سوز را عقل مر موسی جان افروز را
رفت موسی بر طریق نیستی گفت فرعونش بگو تو کیستی

بسکہ پروانہ کمی سے عقل کے یاد دے کرتا ہے جلنے جنس سے
جب جلے پر اُسکا تو توبہ کرے طمع اور نسیان سے آتش میں پڑے
حافظہ اور یاد اور ادراک کو عقل جو زیادہ کرے ہی عقل وہ
جو نہ گوہر ہو چمک کیسے دکھے جو نہ یاد ہووے رجوع کیسے کرے
یہ تمنا اسکی بے عقلی سے ہے کہ حماقت کی نہ خو اسکو دکھے
وہ ندامت تھی نتیجہ رنج سے اور نہ تھی وہ عقل سے جون گنج کے
جو گیا رنج اب ندامت بھی گئی خاک سان توبہ ندامت نے ہی
باندھا ظلمت کا ندامت نے جو بار پس کلام اللیل یمحوہ النہار
غم کی ظلمت جو گئی اور خوش ہوا دل سے وہ اسکا نتیجہ بھی گیا
کرتا ہے توبہ وہ پیر عقل سے بانگ لو ردوا لعادوا کی سنے
عقل ضد شہوت کی ہے ای پہلوان جو کہ شہوت رکھے عقل اسکو نہ جان
وہم جان اسکو کہ جو شہوت رکھے وہم کھوٹا اور کھرا زر عقل ہے
عقل و وہم اب محک سے کر عیان لا تو ان دونون کو سوے امتحان
یہ محک قرآن و حال انبیا پس محک کہتی ہے کھوٹے کو کہ آ
تا تو خود کو دیکھے صدمہ سے مرے کہ نہیں ہے گرد میرے اہل سے
عقل کو دو ٹکڑے ارہ گر کرے آگ میں وہ مثل زر ثابت رہے
وہم اس فرعون کا عالم سوز تھا عقل تھی موسیٰ کی بسکہ جانفزا
نیستی کی راہ پر موسے گیا بولا فرعون کون ہے اب تو بتا

۵۱ حافظہ الخ یہ شعر حافظے اور یاد اور ادراک کو جو عقل زیادہ کرے وہ عقل ہی جو گوہر نہو چمک کیسے دیکھے جو یاد نہو رجوع کیسے کرے یہ تمنا اُس کی بیعقلی سے ہی کہ اسکو حماقت کی خو نہ دکھے وہ ندامت نتیجہ رنج سے تھی اور وہ عقل سے نہ تھی مانند گنج کے جبکہ رنج گیا ندامت بھی گئی خاک کے برابر توبہ ندامت بھی نہ رہی ظلمت و غم کا ندامت نے جو بار باندھا ترجمہ بس بات رات کی مٹ جاتی ہے دن کو جو غم کی ظلمت گئی اور خوش ہوا وہ اُسکا نتیجہ بھی دل سے گیا یعنی بیعقلی سے رنج ہوتا ہی اور رنج نتیجہ ندامت ہے جبکہ وہ رنج گیا ندامت بھی گئی اور توبہ خاک کے برابر ہے قیمت نہیں رکھتی ہی کیونکہ اُس ندامت پر ظلمت آتی ہے اور ظلمت کی شے مٹ جاتی ہے پس وہ توبہ بھی گئی آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۲ کرتا ہے الخ یہ شعر وہ توبہ کرتا ہی اور پیر عقل اُس کو آواز دے ترجمہ اگر لوٹو گے تم لوٹینگے ہم عقل ضد شہوت کی ہے جو کہ شہوت رکھے عقل اسکو مت جان اُسکو وہم جان کہ جو شہوت رکھے وہم کھوٹا زر اور عقل کھرا زر ہی عقل و وہم بغیر محک کے کب ظاہر ہو تو ان دونون کو طرف امتحان محک کے لا یہ محک قرآن و حال انبیا ہی پس محک کھوٹے کو کہتی ہے کہ آتا کہ تو خود کو دیکھے صدمہ سے میرے کہ نہیں ہے کہ میرے گرد میرے اہل سے یعنی عقل و شہوت باہم ضد ہین جو کوئی اہل شہوت ہے تو اُس سے عقل مت چاہ یعنی تو اسکو مرشد مت کر باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲ ۵۳ عقل کو الخ یہ شعر اگر آرہ عقل کو دو ٹکڑے کرے وہ آتش مین مثل زر کے ثابت رہے آگے جو رجوع بقصہ ہے اس فرعون کا وہم عالم سوز تھا اور عقل موسیٰ کی جانفزا تھی موسیٰ نیستی کی راہ گیا فرعون نے کہا کہ تو اب کون ہے بتا آگے جواب موسیٰ علیہ السلام کا ہے فافہم ۱۲ ع ۵ رات کی بات کو انسان بھلا دیتا ہی ۱۲

## مجاہدات موسیٰ علیہ السلام کہ صاحب عقل بود با فرعون کہ صاحب وہم بود

گفت من عقلم رسول ذو الجلال حجۃ اللہ ام امانم از ضلال
گفت نے خامش رہا کن گفتگوے نسبت و نام قدیمت را بگوے
گفت موسیٰ نسبتم از خاکدانش نام اصلی کمترین بندگانش
بندہ زادۂ آن خداوند مجید زادہ از پشت جواری و عبید
نسبت اصلم ز خاک و آب و گل آب و گل را داد یزدان جان و دل
مرجع این جسم خاکی ہم بخاک مرجع تو ہم بخاک اے سہمناک
اصل ما و اصل جملہ سرکشان ہست از خاکی و آنرا صد نشان
نے مدد از خاک می گیرد تنت از غذاے خاک پیچید گردنت
چون رود جان میشود او باز خاک اندران گور مخوف سہمناک
ہم تو و ہم ما و ہم اسپاہ تو خاک گردند و نماند جاہ تو
گفت غیر این نسب نامیت ہست مر ترا خود آن نسب اولیٰ تر است
بندۂ فرعون و بندہ بندگانش کہ ازو پروردہ اول جسم و جانش
بندۂ باغی طاغی و ظلوم زین وطن بگریختہ از فعل شوم
خونی و غداری و حق ناشناس ہم برین اوصاف خود می کن قیاس
در غریبی خوار بود درویش خلق کہ ندانستی سپاس ما و حق

## مجاہدات موسیٰ علیہ السلام کے کہ صاحب عقل تھے فرعون کے ساتھ کہ صاحب وہم تھا

سلہ بولی مین حق کے نبی کی عقل ہون حجۃ اللہ ہون نہ گمراہی رکھون
بولا چپ رہ اور نہ کر تو قال کو نسبت و نام قدیم اپنا کہو
بولے موسیٰ میری نسبت خاک جان نام اصلی کمترین بندگان
بندہ زادہ ہون مین اس اللہ کا اور غلام و چھوکری سے ہون جنا
نسبت اصلی خاک آب و گل سے ہے دل و جان دی ہی آب و گل کو حق نے ہے
اس تن خاکی کا مرجع خاک ہے تیرا مرجع بھی ہے جانب خاک کے
اصل میری اصل جملہ سرکشان خاک ہین اور اسکی ہین بس سو نشان
نے مدد تن تیرا لے ہے خاک سے اور غذا لین خاک سے کھاتا تو ہے
جان ہی جائے تو پھر وہ ہووے خاک گور کے اندر وہ ہووے سہمناک
تو بھی اور مین بھی و بھی تیری سپاہ خاک ہووے اور نہ رہوے تیرا جاہ
سلہ بولا ہے تجکو نسب نام اس سوا وہ نسب ہے تیرا اور بہتر بڑا
بندۂ فرعون و بندہ بندگان اسکا ہی کہ پالا تیرا جسم و جان
بندۂ باغی ہے ظالم اک تو ہے اس وطن سے بھاگا تو بد فعل سے
تو ہی خونی مفسد اور حق ناشناس ایسے ہی وصفون پر اپنے کر قیاس
ہی غریب اور خوار اور درویش تو کہ نہ جانے میرے حق اور شکر کو

سلہ بولی آنخ ۱۰ شعر کہا کہ مین حق کے نبی کی عقل ہون حجۃ اللہ ہون و گمراہی نہین رکھتا ہون فرعون نے کہا کہ چپ رہ اور تکرار مت کر نسبت اور نام قدیم اپنا بیان کر موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ میری نسبت خاک جان اور نام اصلی کمترین بندگان ہے مین اس اللہ کا بندہ زادہ ہون اور لونڈی و غلام سے جنا ہوا ہون نسبت اصلی آب و خاک سے ہے اور دل و جان حق نے آب و گل کو دیا ہے اس تن خاکی کا جائے رجوع خاک ہے اور تیرا جائے رجوع بھی جانب خاک کے ہے اور اس کے سو نشان ہین زمین سے تیرا تن نہین مدد لیتا ہے اور تو نہین غذا لین خاک سے کھاتا ہے جو جان جاوے تو وہ پھر خاک ہووے اور گور کے اندر وہ سہمناک ہووے تو بھی و مین و تیری سپاہ خاک ہووے اور تیری جاہ نہ رہے یعنی اصل ہماری خاک ہے اور خاک کی جانب ہم رجوع کرین گے اور غذا ہم خاک سے کھاتے ہین جو جان جاوے تو تن خاک ہو آگے جواب فرعون کا ہے فافہم ۱۲ سلہ بولا آنخ ۵ شعر فرعون نے کہا کہ تجکو نسب نام اس سے سوا ہو وہ نسب تیرا بہتر و بڑا ہے بندہ فرعون کا و بندی کا بندہ اسکا ہو کہ تیرے جسم و جان کو پالا ہو اے ظالم ایک تو بندہ باغی ہے اور اس وطن سے وہ بھاگا ہو بد فعلی سے تو خونی مفسد و حق ناشناس ہو اور ایسے ہی وصفون پر اپنے قیاس کرے تو غریب و خوار و درویش ہے کہ میرے حق و شکر کو نہین جانتا ہو آگے جواب موسیٰ علیہ السلام کا ہے فافہم ۱۲

گفت حاشا که بود با آن ملیک ۔ در خداوندی کسی دیگر شریک
واحد اندر ملک اوی را یار نے ۔ بندگانش را جز او سالار نے
نیست خلقش را دگر کس مالکے ۔ شرکتش دعوی کند جز هالکے
نقش او کرده است و نقاش من اوست ۔ غیر اگر دعوی کند او ظلم جوست
تو نتانی ابروی من ساختن ۔ چون توانی جان من بشناختن
بلکه آن غدار و آن طاغی توئی ۔ لاف شرکت میزنی باغی توئی
گر بکشتم من عوانے را بسهو ۔ نے برائے نفس کشتم نے بلهو
من زدم مشتے و ناگه او فتاد ۔ آنکه جانش خود نه بد جانے بداد
من سگے کشتم تو مرسل زادگان ۔ صد هزاران طفل بیجرم و زیان
کشته و خون شان در گردنت ۔ تا چه آید بر تو زین خون خوردنت
کشتهٔ ذریت یعقوبؑ را ۔ بر امید قتل من مطلوب را
کوری تو حق مرا خود بر گزید ۔ سرنگون شد آنچه نفست می پزید
گفت اینها را بهل بے هیچ شک ۔ این بود حق من و نان و نمک
که مرا پیش حشر خواری کنی ۔ روز روشن بر دلم تاری کنی
گفت خواری قیامت صعب تر ۔ گر نداری پاس من در خیر و شر
زخم کیکے را نمی تانی کشید ۔ زخم مارے را تو چون خواهی چشید
ظاهرا کار تو ویران می کنم ۔ لیک خارے را گلستان می کنم

بولے ہرگز نے کوئی اس شاہ کے ۔ پس خداوندی مین شرکت کو رکھے
ملک مین واحد نہ یار اپنا رکھے ۔ اپنے بندون کا وہ مالک آپ ہی
خلق کا اُسکی نہ مالک کوئی ہی ۔ نے شریک اُس کا بجز گمراہ کے
نقش مین ہون وہ مرا نقاش ہے ۔ ہے وہ ظالم غیر اگر دعوی کرے
تو مرے ابرو بنا سکتا نہین ۔ میری جان پہچان سکتا ہی نہین
بلکہ مفسد اور وہ طاغی تو ہے ۔ دعوی شرکت کا کرے باغی تو ہے
مین نے داروغہ کو مارا سہو سے ۔ اور نہ خواہش نفس سے نہ لہو سے
مارا اک گھونسا وہ ناگہ گر پڑا ۔ جو نہ تھی جان اسکی وہ جاسے گیا
مین نے سگ کو تونے مرسل زاد کو ۔ مارا صدہا طفل تھا بیجرم جو
پس تو ہی گردن پہ انکا خون ہے ۔ تجھپہ کیا کچھ آئیگا اس خون سے
تونے مارا آل کو یعقوبؑ کی ۔ جو کہ میرے قتل کی امید تھی
اندھا تو حق نے مجھے مقبل کیا ۔ جو پکاتا نفس تیرا تھا گرا
بولا یہ سچ ہے ولے تو چھوڑ اسے ۔ میرا یہ حق نمک رکھتا تو ہے
کہ مجھے پیش حشر رسوا کیا ۔ دل پہ تیرہ روز روشن ہو گیا
بولے رسوائی حشر کی سخت ہے ۔ خیر و شر مین نے یقین مجھپہ رکھے
زخم پسّو کی نہ تاب اب لا سکے ۔ سانپ کا تو زخم کیسے کھا سکے
کام ظاہر تیرا ویران کرتا ہون ۔ پر مین خارہ کو گلستان کرتا ہون

ف ا بولے الخ ۷ شعر موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ ہرگز کوئی اس شاہ کا نہین ہے کہ شرکت اُس کی خداوندی مین رکھے ملک مین وہ واحد ہے اور اپنا یار نہین رکھتا ہے وہ اپنے بندون کا آپ مالک ہے اُسکی خلق کا کوئی مالک نہین ہے اور نہین شریک اس کا بجز گمراہ کے مین نقش ہون وہ میرا نقاش ہے اگر غیر دعوے کرے وہ ظالم ہے تو میرے ابرو بنا نہین سکتا ہے اور میری جان پہچان نہین سکتا ہی بلکہ مفسد اور وہ طاغی تو ہے دعوی شرکت کا کرتا ہے اور باغی ہے مین نے داروغہ کو سہو سے مارا اور نہ خواہش نفس سے اور نہ لہو سے باقی حال انکا آگے ہے فافہم ۱۲ ف ۲ مارا الخ ۵ شعر ایک گھونسا مارا وہ گر پڑا جو اُس کی جان نہ تھی وہ جان سے گیا مین نے کتے کو اور تونے مرسل زادون کو مارا جو طفل صدہا بیجرم تھے پس تیری گردن پر اُن کا خون ہے تجھپر کیا کچھ اُس خون سے آئے گا تو نے آل یعقوب کو مارا جو کہ میرے قتل کی امید تھی تو اندھا ہے اور حق نے مجکو مقبول کیا جو نفس تیرا پکارتا تھا آخر کو گرے مین نے اُس کتے قبطی کو مارا اور تو نے بنی اسرائیلون کو میرے واسطے ہلاک کیا آگے جواب فرعون کا ہے فافہم ۱۲ ف ۳ بولا الخ ۵ شعر فرعون نے کہا یہ سچ ہے ولیکن تو اس کو چھوڑ کہ میرا حق نمک تو رکھتا ہے کہ مجھ کو پہلے حشر سے رسوا کیا اور دل پر روز روشن کو تیرہ کر دیا موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ حشر کی رسوائی سخت ہے تو خیر و شر مین مجھپر یقین نہین رکھتا ہے آگے اس کی مثال ہے تو زخم پسو کی تاب نہ لا سکے سانپ کا زخم کیسے کھائے تیرا کام بظاہر ویران کرتا ہون ولیکن خارون کو مین گلستان کرتا ہون یعنی خرابی سے بھلائی پیدا ہوتی ہے اس واسطے مین تیری حکومت کو توڑتا ہون آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

## بیان آنکہ عمارت در ویرانی ست و جمعیت در پریشانی و درستی در شکستگی و مراد در بے مرادی و وجود در عدم

## بیان اس بات کا کہ عمارت ویرانی مین اور جمعیت پریشانی مین اور بناؤ بگاڑ مین اور مراد بے مرادی مین اور وجود عدم مین ہے

آن یکی آمد زمین را می‌شگافت ابلہی فریاد کرد و بر نتافت
کاین زمین را از چہ ویران میکنی می شگافی و پریشان می کنی
گفت ای ابلہ برو بر من مران تو عمارت از خرابی باز دان
کہ شود گلزار و گندم زار این تا نہ گردد زشت و ویران این زمین
کی شود بستان و کشت و برگ و بر تا نگردد نظم او زیر و زبر
تا نہ بشگافی بہ نشتر ریش غز کی شود نیکو و کی گردد نغز
تا نہ سوزد خلطہایت از دوا کی رود سوزش کجا یابد شفا
پارہ پارہ کرد درزی جامہ را کس زند آن درزی علامہ را
کہ چرا این اطلس بگزیدہ را بر دریدی چہ کنم بدریدہ را
بر بنائے کہنہ کآبادان کنند نی کہ اول کہنہ را ویران کنند
ہمچنین نجار و حداد و قصاب ہست شان پیش از عمارتہا خراب
آن ہلیلہ وان بلیلہ کوفتن زان تلف کردند معموری تن
تا نکوبی گندم اندر آسیا کے شود آراستہ آن خوان ما

ایک[۵۱] آیا اور زمین تھا کھودتا بیوقوف اک چیخا از بس نے سُنا
کہ زمین یہ کیون تو ویران کرتا ہے کھودتا ہے اور پریشان کرتا ہی
بولا ای احمق تو جا مت کہہ مجھے تو خرابی سے عمارت جان لے
کب[۵۲] ہو گلزار اور سرسبز زمین جب تلک ویران کرین اسکو نہین
کیسے ہو آباد کھیت اور باغ سے نے کرین جب تک اُسے اوپر تلے
جب تلک چیرین نہ دنبل نیش سے کب ہوا اچھا اور کب صحت ملے
نے دوا سے خلط جبتک کہ جلے جائے کب سوزش و صحت کب ملے
پارہ پارہ جامہ درزی نے کیا نے کسی نے مارا درزی کو ذرا
کہ یہ تو نے عمدہ اطلس کس لئے پھاڑ ڈالا کیا کرون مین اسکو ہے
گھر[۵۳] پرانا جب بنانا چاہتے ہین سے پرانا پہلے ویران کرتے ہین
جیسے نجار اور لہار اور قصاب کرتے ہین پہلے بنانے سے خراب
ہڑ بہیڑہ جو کہ کوٹا جاتا ہوئی اُس خرابی سے درستی جسم کی
جب تلک گیہون نہ چکی مین پیسے کب ہو رونق اُس سے دسترخوان کے

| چشم را بر نقش می انداختم / همچو طفلان عشقها می باختم | نقش کو مین آنکھ سے تھا دیکھتا / اور لڑکون کی طرح تھا کھیلتا |
| پس نکو گفت آن حکیم کامگار / که تو طفلی خانه پر نقش و نگار | کہتا سچ ہے وہ حکیم ہوشیار / کہ تو لڑکا گھر ہے پر نقش و نگار |
| در الهی نامه بس اندرز کرد / که برآر از دودمان خویش گرد | یہ الٰہی نامہ اندر پند ہے / کہ صفا کرلے تو گھر کو آپ سے |

## شرح کردن موسیٰ علیہ السلام وعدۂ سوم را — شرح کرنا موسیٰ علیہ السلام کا وعدہ تیسرے کو

| | |
|---|---|
| بس کن ای موسیٰ بگو وعدهٔ سوم / که دلم ز اضطرابش گشت گم | ۵۲ موسیٰ بس کر کہہ تو وعدہ تیسرا / کہ مرا دل بیقرار اس سے ہوا |
| گفت موسیٰ آن سوم ملک دوتو / دو جهانت خالص از خصم و عدو | بولے موسیٰ تیسرا ملک دوچند / دو جہان کا کہ نہ ہو دشمن پسند |
| بیشتر زان ملک کاکنون داشتی / کان بد اندر جنگ و این در آشتی | اس سے زیادہ ملک کہ تو اب رکھے / وہ لڑائی سے تھا یہ ہی صلح سے |
| آنکه در جنگت چنان ملکی دهد / بنگر اندر صلح چون خوانت نهد | جو تجھے لڑنے مین ایسا ملک دے / صلح مین کیا کچھ وہ دیگا جان لے |
| آن کرم اندر جفا اینهات داد / در وفا بنگر چه باشد افتقاد | اُس کرم نے یہ جفا مین ہے دیا / وہ وفا مین دیکھ کیا کچھ دے عطا |
| گفت ای موسیٰ چهارم چیست زود / باز گو صبرم شد و حرصم فزود | ۵۳ بولا اے موسیٰ ہی چوتھا کیا کہو / نے ہی صبر اور ہے فزونی حرص کو |
| گفت چارم آنکه مانی تو جوان / موی همچون قیر و رخ چون ارغوان | بولا چوتھا وہ ہے تو رہوے جوان / ہون سیہ بال اور رخ جون ارغوان |

۵۱ مین نے الخ ۸ شعر جو مین نے گھر مین نقش و نگار دیکھے تو اپنے گھر کے عشق مین بیقرار تھا مین اپنے گھر مین حیران تھا اسواسطے مین معنی سے عاری رہا گھر کے عشق نے دل مین اثر کیا تب خزانہ سے مین دور تر تھا مین ایک گنج پوشیدہ سے بےخبر تھا ورنہ میرا تبر ہوتا گلدستہ افسوس اگر مین اس تبر سے کھودتا آج اس غم پر تبرا بھیجتا مین نقش کو آنکھ سے دیکھتا تھا اور لڑکون کی طرح کھیلتا تھا وہ حکیم ہوشیار سچ کہتا ہے کہ تو لڑکا ہے اور گھر پرنقش و نگار ہے یہ الٰہی نامہ مین نصیحت ہے کہ تو گھر آپ سے صفا کرے یعنی مین اس خانۂ تن منقش کی آراستگی مین رہا اور گنج معنی سے محروم ہوا پس تو اپنے خانۂ تن کو بقول حکیم سنائی رحمۃ اللہ علیہ کے آپ صاف کر آگے تیسری چیز کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۲ موسیٰ بس کر الخ ۵ شعر اے موسیٰ بس کر اور وعدہ تیسرا کہہ کہ اُس سے میرا دل بیقرار ہوا ہے موسیٰ نے کہا کہ تیرا ملک دوچند دو جہان کا ہے کہ دشمن پسند نہ ہو اُس سے ملک زیادہ ہے کہ تو رکھتا ہے وہ لڑائی سے تھا اور یہ صلح سے ہے جو تجکو لڑنے مین ایسا ملک دے وہ صلح مین کیا کچھ دیگا اُس کرم نے یہ جفا مین دیا ہے وہ وفا مین کیا کچھ عطا کرے یعنے حق نے تجکو اسقدر ملک لڑنے مین دیا ہے صلح مین کیا کچھ ملک عطا کریگا پس تیسرا یہ ہے کہ تجکو ملک عطا کریگا اور ملک دوچند دیگا کہ اسکو زوال نہین ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۳ بولا اے الخ ۲ شعر کہا اے موسیٰ چوتھا کیا ہے کہو کہ صبر نہین ہے اور حرص زیادہ ہے فرمایا کہ چوتھا وہ ہے کہ نوجوان رہے اور بال سیاہ ہون اور رخ مانند ارغوان کے میرے آگے رنگ و بو ناچیز ہے بات پست کی ہے جو کہ تو پست ہے رنگ و بو ناچیز شے ہے تو اُس کا پابند مت ہو آگے کلام کرنا بمقدار عقل کا بیان ہے فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| رنگ و بو در پیش ما بس کاسدست | لیک تو پستی سخن کردیم پست | رنگ و بو نا چیز ہے آگے مرے | بات کی ہی پست جو تو پست ہے |
| افتخار از رنگ و بو و از مکان | ہست شادی و فریب کودکان | رنگ و بو اور گھر سے کرنا فخر کا | ہے خوشی اور دھوکا لڑکوں کا بڑا |

## بیان این خبر کہ کلموا الناس علی قدر عقولهم — بیان اس حدیث کا کہ کلموا الناس علی قدر عقولهم

| | | | |
|---|---|---|---|
| چونکہ با کودک سروکارم فتاد | ہم زبان کودکان باید گشاد | واسطہ بچے سے جو مجھ کو پڑا | باتیں بچوں کی میں کرتا ہوں بھلا |
| کہ برو کتاب تا مرغت خرم | یا مویز و جوز و فستق آورم | کہ تو جا مکتب کو مرغ اک دوں تجھے | یا منقے پستے اب لا دوں تجھے |
| جز شباب تن نمیدانی بگیر | این جوانی را بگیر اے خر شغیر | جز جوانی تن کے نے جانے تو لے | اس جوانی کو تو جوں خر جو کے لے |
| ہیچ ارژنگے نیفتد بر رخت | تازہ ماند این شباب فرخت | کوئی جھری نے پڑے رخ پر ترے | یہ جوانی تیری تازہ بس رہے |
| نے نشان پیریت آرد برو | نے قد چون سرو تو گردد دوتو | نے بڑھاپا آئے کچھ منھ پر ترے | سرو قد تیرا نہ کچھ کبڑا بنے |
| نے شود زور جوانی از تو کم | نے بدندانہا خللہا یا الم | اور نہ کچھ زور جوانی ہووے کم | نے خلل دانتوں میں آئے اور نہ غم |
| نہ کمی در شہوت و طمث و بعال | کہ زنان را آید از ضعفت ملال | نے جماع میں ہو نہ شہوت میں کمی | کہ ہو زن کو ضعف سے رنجیدگی |
| نے شود مویت سفید و پشت خم | لیک خوشتر لحظہ دمبدم | نے سفید ہوں بال ور نے پشت خم | بلکہ ہووے خوبصورت دمبدم |
| آنچنان بگشایدت فر شباب | کہ گشود آن مژدہ بر عکاشہ باب | تجھکو ہو نشتر جوانی دلکشا | جیسے عکاشہ کو تھا مژدہ کھلا |

## معنی حدیث من بشرنی بخروج الصفر بشرتہ بدخول الجنة — معنی حدیث من بشرنی بخروج الصفر بشرتہ بدخول الجنة

| | | | |
|---|---|---|---|
| احمد آخر زمان را انتقال | در ربیع الاول آید بی جدال | احمد آخر زمان کا انتقال | ہے ربیع الاول اندر لاجدال |

سلہ واسطہ الخ ۵ شعر جو مجکو واسطہ بچے سے پڑا اسواسطے بچوں کی باتیں کرتا ہوں کہ تو مکتب کو جا تجھے ایک مرغ دوں یا منقے پستے تجھ کو لادوں سوائے جوانی بدن کے تو نہ جانے اس جوانی کو مانند خر کے جو کے لے کوئی جھری تیرے رخ پر نہیں پڑے اور جوانی تیری تازہ تر رہے نہ بڑھاپا کچھ آئے تیرے منھ پر اور نہ سرو قد تیرا کچھ کبڑا بنے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ اور نہ کچھ الخ ۴ شعر اور نہ کچھ زور جوانی کم ہووے نہ خلل دانتوں میں آئے اور نہ غم نہ جماع میں و نہ شہوت میں کمی ہو کہ زن کو ضعف سے رنجیدگی ہو نہ سفید بال ہوں اور نہ پشت خم ہو بلکہ تو خوبصورت ہو دمبدم تجکو جوانی دلکشا ہو جیسے عکاشہ کو مژدہ کھلا تھا یعنی جوانی تجکو ایسی ہووے کہ ہمیشہ نوجوان رہے اور کچھ زوال تجکو نہ آئے آگے اس خوشخبری کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ احمد آخر زمان الخ ۹ شعر احمد آخر زمان کا انتقال ربیع الاول میں ضرور ہوا جو انتقال سے دل واقف ہوا اسدن کے وہ عاشق ہوئے عقل سے جو ماہ صفر کا آیا وہ صفر سے خوش ہوئے کہ اس ماہ کے بعد میرا سفر ہووے رات بھر وہ اس سفر کے شوق سے رفیق راہ اعلیٰ کہتے تھے فرمایا کہ جو کوئی مجکو مژدہ دے کہ ماہ صفر عالم سے گذر گیا ہے کہ صفر گذرا اور ماہ ربیع الاول آیا میں اسکو مژدہ دوں اور شفیع ہوؤں جو صفر گذرا و ماہ نو آسمان پر نکلا وہ بیرون ہوا عکاشہ نے کہا کہ اب صفر گذرا فرمایا کہ تجکو بہشت ہوا ای شبر زفت دوسرا شخص آیا کہ یہ ماہ صفر گذرا عکاشہ نے وہ ثمر پایا یعنی وہ نعمت جنت جسکی قسمت میں تھی اسکو م

ملی بس عاشقان الٰہی کو مرنے سے یہ رغبت ہوتی ہے آگے اسکے حقائق ہیں فافہم ۱۲

چونکه واقف شد دلش از وقت نقل / عاشق آنوقت گردید او به عقل
چون صفر آمد بشد شاد از صفر / که پس این ماه می سازم سفر
هر شبی تا روز زین شوق هدی / او رفیق راه اعلی میزدی
گفت هر کس که مرا مژده دهد / چون صفر پا از جهان بیرون نهد
که صفر بگذشت و شد ماه ربیع / مژده ور باشم مرا و را شفیع
چون صفر بربست بار و ماه نو / گشت سپید ابر فلک با تاب و ضو
گفت عکاشه صفر بگذشت و رفت / گفت که جنت ترا ای شیر زفت
دیگری آمد که بگذشت این صفر / گفت عکاشه ببرد از مژده بر
پس رجال از نقل عالم شادمان / وز بقااش شادمان این کودکان
چونکه آب خوش ندید آن مرغ کور / پیش او کوثر نماید آب شور
همچنین موسی کرامت میشمرد / هم بدینسان بیقدم ره می سپرد
که نگردد صاف اقبال تو درد / هم نگردد اطلس بخت تو برد
هرچه خواهی یابی از بخت جوان / شادمان مانی نگردی ناتوان
گفت احسنت نکو گفتی ولیک / تا کنم من مشورت با یار نیک

جو کہ واقف دل ہوا اس نقل سے / عاشق اُس دن کی ہوئے وہ عقل سے
جو صفر آیا صفر سے خوش ہوا / کہ سفر اس ماہ کے بعد ہووے مرا
رات بھر وہ اس سفر کے شوق سے / اس رفیق راہ اعلیٰ کہتے تھے
بولے جو کوئی کہ مژدہ دے مجھے / کہ صفر عالم سے گذر جائے پھر
کہ صفر گذرا ہوا ماہ ربیع / اسکو دوں مژدہ میں اور ہوؤں شفیع
جو صفر گذرا و نکلا ماہِ نو / آسمان پہ ابر ہوا پُر نور و ضو
بولا عکاشہ کہ گذرا اب صفر / بولے جنت ہو تجھے ای شیر نر
دوسرا آیا کہ گذرا یہ صفر / لیے عکاشہ نے پایا وہ ثمر
سلہ نقل عالم سے ہو مردوں کو خوشی / اور قیام اُسکے سے لڑکوں کو خوشی
آب شیریں جو نہ دیکھا مرغ نے / کھاری پانی آب کوثر ہے اسے
اس طرح موسیٰ کرامت کرتا تھا / بے قدم اس طور سے وہ چلتا تھا
نے ہو صاف اقبال تیرا درد سے / نے مشجر بخت کا اطلس بنے
چاہے جو بخت جوان پائے تو / خوش رہے تو اور نہ عاجز ہوئے تو
بولا اسکو بہتر کہا تو نے ولے / مشورہ کر لوں میں یار نیک سے

## مشورت کردن فرعون با آسیه در ایمان آوردن

## مشوره کرنا فرعون کا آسیه سے موسیٰ علیه السلام پر ایمان لانے میں

باز گفت او این سخن با آسیه / گفت جان افشان برین ای دلسیه
بس عنایتهاست متن این مقال / زود دریاب ای شه نیکو خصال

یہ کہی بات آسیہ سے اُسنے جا / بولی جان قربان کر اُسپر دل سیا
بس عنایت سے بھرا ہی یہ مقال / جلد پا لو ای شہ نیکو خصال

سلہ نقل عالم الخ شعر نقل عالم سے مردوں کو خوشی ہوتی ہی اور اسکے قیام سے لڑکوں کو خوشی ہے آگے اسکی مثال ہی جو مرغ نے آب شیریں نہ دیکھا اسکو آب شور آب کوثر ہے آگے رجوع بہ قصہ ہے اس طرح موسیٰ علیہ السلام کرامت کرتے تھے بغیر قدم کے اس طور سے راہ چلتے تھے اقبال تیرا صاف نہو درد سے اور مشجر بخت کا اطلس نہ بنے جو بخت جوان سے تو پائے خوش رہے اور عاجز نہ ہووے کہا فرعون نے کہ تو نے بہتر کہا لیکن میں مشورہ کرلوں یار نیک سے آگے مشورہ حضرت آسیہ کا بیان ہی فافہم ۱۲ سلہ یہ کہی الخ ۵ شعر اُس نے جاکر یہ بات آسیہ سے کہی کہا آسیہ نے اُسپر جان قربان کر اے دل سیاہ بس عنایت سے یہ مقال بھرا ہی تو جلد پا اے شہ خوشخصال وقت کہتے ہی کہ آسیہ یہ لفظ دل بھی ... گیا اور اوڑھنی اوڑھی اور غصہ ہو جگہ سے اٹھی اور کہا کہ مرحبا اے کہ تیرا تاج سورج ہوا غیب سے کا خود کلاہ چھپائے خاص گرچہ کلاہ ہو وسے خورشید ماہ سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

وقت گشتن آمد او پر سود گشت
بر جہید از جا و گفتا خیز الک
عیب کل را خود بپوشاند کلاہ
ہم دران مجلس کہ بشنیدی تو این
این سخن در گوش خورشید ار رسد
ہیچ میدانی چہ علامت حیہ داد
چون بدین لطف آن کریمیت باز خواند
زہرہ ات ندرید تا زان زہرہ ات
زہرہ گر زہر حق او بر درد
غافلی ہم حکمت است و نعمت است
غافلی ہم حکمت ست این عمی
لیک نی چندانکہ ناسور ے شود
خود کہ یابد این چنین بازار را
دانہ را صد درختستان عوض
کان للہ دادن آن حبہ است
زانکہ این ہوے ضعیف بیقرار
ہوی فانی چونکہ خود دیا و سپرد
ہمچو قطرہ خائف از باد و خاک

این بگفت و گریہ کرد و گرم گشت
آفتابی تاج گشتی ای کلک
خاصہ چون باشد کلہ خورشید ماہ
چون نہ گفتی آری و صد آفرین
سرنگون بر بوے این زیر آمدی
میکند ابلیس را حق افتقاد
ای عجب چون زہرہ ات جای بماند
می رسیدی در دو عالم بہر ات
چون شہیدان از دو عالم برخورد
تا نہ تیز د دو سرمایہ ز دست
تا بماند لیک با این حد چہرا
زہر جان و عقل رنجور ے شود
کہ بیک گل می خری گلزار را
حبہ را آمد صد کان عوض
تا کہ کان اللہ لہ آید بدست
ہست شد زان ہو کہ رب پایدار
گشت باقی دایم و ہرگز نمرد
کہ فنا گردد بدین ہر دو ہلاک

وقت کھیتی کا ہوا بانفع وہی
جا سے اٹھی اور کہا کہ مرحبا
عیب گنجے کا چھپائے خود کلاہ
[۱] تونے جس مجلس کے اندر یہ سنا
بات یہ سنتا اگر خورشید تو
جانتا ہو تو کہ کیا وعدہ ہو تو
لطف سے تجکو طلب ہو پھر کیا
نہ پھٹا زہرہ کہ زہرہ سے ترے
پہاڑ ہو زہرہ واسطے حق کے رشید
[۲] ہو نا غافل حکمت نعمات ہے
ہو نہ غافل حکمت اک ہوتا ہے
اور نہ اتنا ہو کہ وہ ناسور ہو
کون پائے ایسے اب بازار کو
سیکڑوں باغات دانہ کے عوض
کان للہ دینا اس حبہ کا ہو
کیونکہ یہ ہستی ضعیف بیقرار
ہستی فانی جو سونپی خود اسے
جیسے قطرہ ڈرتا باد و خاک سے

یہ کہا اور روئی اور غصہ ہوئی
تاج اسے گنجے ترا سورج ہوا
خاصہ جو ہووے کلاہ خورشید ماہ
کیون نہیں اقرار تو نے ہی کیا
سرنگون آتا وہ اس میدان کو
مہربانی حق کرے ابلیس کو
ہے عجب زہرہ ترا قائم رہا
فائدہ ملتا دو عالم کو ترے
دونون عالم سے تر ہے جیسے شہید
تا نہ پونچی جاتے جلدی ہاتھ سے
اندھا پن پر اسقدر کس واسطے
زہر جان اور عقل بس رنجور ہو
ایک گل سے مول لے گلزار کو
سیکڑون کان تیرے حبے کے عوض
تا کہ کان اللہ لہ آخر ملے
ہست ہو گئی ہستی رب سے پایدار
ہو سدا باقی نہیں ہرگز مرے
کہ فنا کر دوین یہ دونون اسے

[۱] تونے الخ ۶ شعر تونے جس مجلس کے اندر یہ سنا کیون نہیں تونے اقرار کیا اگر یہ بات خورشید سنتا سرنگون وہ اس میدان کو آتا تو جانتا ہو کہ وہ کیا وعدہ ہی مہربانی حق کرتا ہے ابلیس کو کہ جو تجکو طلب لطف سے پھر کیا عجب کہ تیرا زہرہ قائم رہا زہرہ نہ پھٹا کہ تیرے زہرے سے فائدہ دو عالم کو ملتا رشید واسطے حق کے زہرہ پھاڑے اور دونون عالم سے تر ہے مانند شہید کے آگے اس کے حقائق ہین فافہم [۲] ہونا غافل الخ ۸ شعر غافل ہونا حکمت سے نعمت ہو تا کہ پونجی ہاتھ سے نہ جائے غافل ہونا ایک حکمت ہے تا اندھا پن رہے و لیکن اسقدر کس واسطے وہ اشنا نہ ہو کہ وہ ناسور ہو زہر جان کا ہو اور عقل رنجور ہو ایسے بازار کو اب کون پائے ایک گل سے گلزار کو مول لے سیکڑون باغات ایک دانہ کے عوض اور سیکڑون کان تیرے حبے کے عوض کان للہ اس حبہ کا دینا ہے کہ تا کان اللہ لہ آخر کو ملے کیونکہ ہستی ضعیف اور بیقرار رہے ہست ہوئی ہستی رب سے پایدار ہستی فانی جو خود اسے سونپے ہمیشہ باقی رہے وہ ہرگز نہ مرے یعنی غافل ہونا اگرچہ حکمت و نعمت ہو مگر اسقدر غافل مت ہو کہ ناسور ہو اور عقل تیری رنجور ہو کیونکہ جو ہو واسطے اللہ کے پس اللہ ہو واسطے اس کے آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲
[۳] جیسے قطرہ الخ ۵ شعر جیسے قطرہ ڈرتا ہی باد و خاک سے کہ یہ دونون اسکو فنا کردیوین گرمی خورشید سے جو دریا مین ملا یا وہ خاک سے بالکل چھوٹا لیکن وہ دریا مین گم ہوا اسکی ذات قائم رہے ای قطرہ بے ندامت تو خود کو دے تاقیمت قطرہ دریا مین ملے اے قطرے یہ شرف تو خود کو دے تا بحر مین تو امن ہو آفات سے یعنی عنایت مرشد سے جو کوئی کہ مثل قطرہ کے ہو دریاے ذات حق مین فنا ہوا اپنے آپکو کھو کے نفس شیطان سے چھوٹا اور امین ہوا آگے رجوع بقصہ ہو فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| چون باصل خود که دریا بود جست | از تف خورشید باد و خاک رست | گرمی خور سے جو دریا مین ملا | خاک سے اور باد سے بالکل چھٹا |
| ظاهرش گم گشت در دریا ولیک | ذات او معصوم پا بر جاست نیک | گم ہوا دریا مین ظاہر وہ ولے | ذات اُسکی پاک اور قائم ہے |
| هین بده ای قطره خود را بی ندم | تا بیابی در بهاے قطره یم | بے ندامت خود کو ای قطرہ تو دے | قیمت قطرہ مین تا دریا ملے |
| هین بده ای قطره خود را این شرف | در کف دریا شو ایمن از تلف | یہ شرف ای قطرہ اپنے کو تو دے | بحر مین ایمن ہو تا آفات سے |
| خود کرا آمد چنین دولت بدست | قطره را بحر تقاضا گر شدست | ایسی[۱] دولت کسکے آئی ہاتھ ہی | بحر قطرہ کو بلائے آپ سے |
| چون تقاضا میکند دریا ترا | پس چه استادی و ماندی هلا | جو کہ اب دریا بلاتا ہے تجھے | کیون تو ٹھہرا اور تامل بس کرے |
| الله الله زود بفروش و بخر | قطره ده بحر پر گوهر ببر | الله الله جلد بیچ اور مول لے | دے تو قطرہ بحر پُر گوہر کو لے |
| الله الله هیچ تاخیرے مکن | که ز بحر لطف آمد این سخن | الله الله مت کرے اب دیر تو | لطف کے دریا سے جان اس بات کو |
| الله الله زود بشتاب و بجو | چونکه بحر رحمت است این نیست جو | الله الله جلد دوڑ اور ڈھونڈھ تو | بحر رحمت کا ہی یہ اور نہ ہی جو |
| الله الله گوے شو بیدست و پا | تا شود چوگان موسے پا ترا | الله الله گیند ہو بیدست و پا | تا کہ ہو چوگان موسے پا ترا |
| الله الله تو گمان بد مبر | بر چنین انعام عام ای بیخبر | الله الله تو گمان بد نہ کر | ایسے عام انعام پر اے بیخبر |
| الله الله زود دریاب ای فتا | تا نگردی در غلط بینی فنا | الله الله[۲] جلد اب تو اس کو پا | تا غلط بینی مین نے ہو تو فنا |
| الله الله ترک کن هستی خود | چونکه خواند ست برد ای معتمد | الله الله ترک ہستی اپنی کر | جو بلاتا ہے تجھے جا اے بشر |
| الله الله زود تر تعجیل کن | بر فروز از این اشارت بی سخن | الله الله جلد تر جلدی تو کر | اس اشارے سے تو اب ہو تو زبر |
| الله الله تا کنون گر باختی | گردن اندر معصیت افراختی | الله الله اب تلک ٹیڑھا چلا | معصیت مین تو نے سر بالا کیا |
| الله الله چون عنایت در رسید | بی توقف در وی آمیز ای عنید | الله الله جو عنایت آئی ہے | بے توقف اُسمین مل تو آپ سے |
| الله الله چونکه عصیانهاے تو | در ملی مالد بر و بیت شکر گو | الله الله تو نے عصیان جو کرے | شکر کر منھ پر نہین مارے ترے |
| الله الله چون ز فضلت راه داد | سر بخاک پاے او باید نهاد | الله الله تجکو رودے فضل سے | خاک پا پر سر کو رکھنا چاہیئے |

۱؎ ایسی دولت الخ ۔ شعر ایسی دولت کس کے ہاتھ آئی ہے کہ دریا قطرے کو بلائے آپ سے جو کہ اب دریا تجکو بلاتا ہے کیون تو ٹھہرا اور تامل کرتا ہے الله الله تو جلد بیچ اور مول لے قطرہ کو دے اور دریاے پر گوہر لے الله الله اب دیر مت کر دریاے لطف سے اس بات کو جان الله الله جلد تو دوڑ اور تو ڈھونڈھ یہ دریا رحمت کا ہے اور جو نہین ہے الله الله تو گیند بے دست و پا ہو تا کہ موسے کا چوگان تیرا پانون بنے الله الله تو گمان بد مت کر ایسے عام انعام پر اے بے خبر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

۲؎ الله الله الخ ۔ شعر الله الله جلد تو اس کو پا تا غلط بینی مین تو فنا نہ ہو الله الله اپنی ہستی ترک کر کہ جو تجکو بلاتا ہے ای بشر جا الله الله جلد تر تو جلدی کر اس اشارے سے اب تو زبر ہو الله الله تو اب تک بڑی راہ اور معصیت مین چلا تو نے سر بلند کیا الله الله جو عنایت آئی ہے بے توقف تو اُس مین مل آپ سے الله الله جو تو نے گناہ کیے شکر کر کہ منھ پر تیرے نہین مارے الله الله تجکو جلد راہ دے فضل سے خاک پا پر سر کو رکھنا چاہیئے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

اللّٰہ اللّٰہ باچنین کفرو و تو ۔ چون قبولت میکند اکرام او
لطف اندر لطف او گم می شود ۔ کاسفلے بر چرخ ہفتم میرود
ہین کہ یکبازی بہ مادت بوالعجب ۔ ہیچ طالب این نیابد در طلب
در پذیر این چار خلعت زود زود ۔ تا ببینی در عوض صد عز و سود
گفت باہامان بگویم اے مشیر ۔ شاہ را لازم بود رائے وزیر

اللّٰہ اللّٰہ باوجود اس کفر کے ۔ جو قبول اسکا کرم تجھ کو کرے
لطف اسکے لطف مین گم ہوے ہے ۔ کہ تو سفلی آسمان پر جائے ہے
ایک بازی یہ عجب تجکو پڑی ۔ ہے طلب مین پائے یہ طالب کوئی
کر یہ حاصل چارون خلعت جلد تو ۔ تاعوض مین پائے سوا عزاز کو
بولا ہامان سے کہون مین اے مشیر ۔ شاہ کو لازم ہے کہ رائے وزیر

## مثل در باز بادشاہ و کمپیر زن کہ در خانہ او بود

## قصہ باز بادشاہ و پیرزن کا کہ اسکے گھر مین تھا

گفت باہامان مگو این راز را ۔ کو زکم پیرے ندانند باز را
باز اسپیدی بکم پیرے دہی ۔ او ببرد ناخنش بہر بہی
ناخنے کہ اصل کارست و شکار ۔ کو زکم پیرے ببرد کور وار
کہ کجا بود ست مادر کہ ترا ۔ ناخنان زین سان درازست اے کیا
ناخن و منقار و پرش را برید ۔ وقت مہر این میکند زال پلید
چونکہ تتماجش دہد او کم خورد ۔ خشم گیرد مہرہا را بر درد
کہ چنین تتماج پختم بہر تو ۔ تو تکبر می نمائی و عتو
تو سزائی مر ہمان ادبیر را ۔ نعمت و اقبال کے سازد ترا
آب تتماجش دہد کاین را بگیر ۔ گر نمی خواہی کہ نوشی این فطیر
آب تتماجش نگیرد طبع باز ۔ زان تبر رنجد شود خشمش دراز
از غضب آن آش سوزان بر سرش ۔ زان فرو ریزد شود کل مفرشش

بولی ہامان سے نہ کہ اس راز کو ۔ پیرزن اندھی نہ جانے باز کو
شاہ باز اک پیرزن کو جو تو دے ۔ کاٹے ناخن اُسکے اچھے کیلیے
اصل مین ناخن ہین اسکے کام کے ۔ اندھے پن سے پیرزن کاٹے اُسے
کہ تری مادر ہے کیسی کس لئے ۔ اسقدر ناخن بڑھائے ہین ترے
کاٹے اسکے ناخن و منقار و پر ۔ وقت حب کرتی ہے وہ زال تبر
شوربا جو اسکو دے کم کھائے وہ ۔ ہووے غصہ چھوڑے وہ اشفاق کو
کہ پکایا شوربا تیرے لئے ۔ تو تکبر اور رعونت بس کرے
تو ہے لائق ایسے ہی ادبار کے ۔ نعمت و اقبال کب لائق تجھے
شوربا وہ اسکو دیوے کہ یہ لے ۔ گر نہ چاہے کھانا تازے دودھ سے
شوربا نہ چاہے طبع باز کی ۔ زال کو غصہ ہو اور رنجیدگی
شوربا گرم اُسکے سر پہ خشم سے ۔ پیرزن مارے و گنجہ سر کرے

۵۱ اللّٰہ اللّٰہ ۵ شعر اللّٰہ اللّٰہ باوجود اس کفر کے جو اسکا کرم تجکو قبول کرے اسکے لطف مین لطف گم ہوتا ہے کہ تو سفلی آسمان پر جاتا ہے ایک بازی یہ عجیب تجکو پڑی ہے کہ طلب مین کوئی طالب نہین پاتا ہے یہ حاصل کر چارون خلعت تو جلد تاکہ عوض مین سوا عزاز تو پائے فرعون نے کہا کہ ہامان سے مین کہون اے مشیر شاہ کو لازم ہے نہ وہ وزیر کی رائے سے یعنی یہ لطف اسکا ہے کہ وہ تجھکو پوچھتا ہے یہ کوئی طالب طلب مین نہین پاتا ہے ہامان اسکی قدر کیا جانے جیسے باز شاہی کی قدر پیرزال کیا جانے فافہم ۱۲ ۵۲ بولی آخ ۷ شعر آسیہ نے کہا کہ ہامان سے مت کہہ اس راز کو کہ پیرزن اندھی باز کو نہین جانتی ایک شاہباز پیرزن کو جو تو دے وہ ناخن اُس کے اچھے کے لئے کاٹے اصل مین اور اسکے ناخن ہی کام کے ہین پیرزن اندھے پن سے اسے کاٹے کہ تیری مان کیسی ہے کیونکہ ناخن اسقدر تیز بڑھائے ہین کاٹے اُس کے ناخن و منقار و پر محبت کے وقت یہ کرتی ہے زال بدتر شوربا اسکو دے وہ نہ کھائے غصہ ہووے اور وہ چھوڑے اشفاق کو کہ شوربا پکایا تیرے واسطے اور تو تکبر اور رعونت کرتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۳ تو ہے لائق ۷ شعر تو ایسی ہی ادبار کے لائق ہے نعمت و اقبال کب تجکو لائق ہے شوربا وہ اسکو دیوے کہ یہ لے اور اگر نہین جانتا ہے کھانا کہ یہ خام ہے شوربا کو طبع باز کی نہین چاہے زال کو غصہ ہو اور رنجیدگی شوربا گرم کو خشم سے اسکے سر پہ پیرزن مارے سر گنجہ کرے اسکے اشک سوز سے جاری ہووین اُسدم لطف شاہ اُسکو یاد آئے آگے اسکے خلائق ہین اس دو چشم نازنین و شوخ کی رخ شاہ سے کمال از بیس دیکھے چشم زاغ اسکی پر ہو زخم زاغ سے کہ چشم بد است نیک بہ چشمون کو داغ ہے یعنی چشم بینا اس شخص کی کہ بادشاہ کے روشن ہو صحبت نااہل سے پُر زخم ہو گی آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

اشک ازان چشمش فرو ریزد ز سوز — یاد آرد لطف شاه دل فروز
زان دو چشم نازنین پر دلال — کز چهره شاه دارد صد کمال
چشم مازاغش شده پر زخم زاغ — چشم نیک ! از چشم بد بادا دو داغ
چشم دریا بسطتے کز بسط او — هر دو عالم می نماید تار مو
گر هزاران بحر در چشمش رود — همچو چشمه پیش قلزم گم شود
چشم بگذشته ازین محسوسها — یافته از غیب بینی بو سها
خود نمی یابم یکی گوشے کہ من — نکته گویم ازان چشم حسن
می چکد آن آب محمود جلیل — میر بودی قطره اش را جبرئیل
تا بمالد در پر و منقار خویش — گر دهد دستوریش ایں خوب کیش
باز گوید خشم کم میراز فروخت — فر و نور و صبر و حلمم را بسوخت
باز جانم باز صد صورت تند — زخم بر ناقه نه بر صالح زند
صالح از یکدم که بر آرد شکوه — صد چنان ناقه بر آید ش کوه
دل همی گوید خموش و هوش دار — ورنه در آیند غیرت پود و تار
غیرتش را هست صد حلم نهان — ورنه سوزیدے بیکدم صد جہان
نخوت شاهی گرفتش جا به جا — تا دل خود را ز پند او کرد بند
که کنم با رای هامان مشورت — کو ستا پشت ملک و قطب مقدرت
مصطفی را رای زن صدیق رب — رای زن بوجہل را شد بولہب

اشک جاری اسکے ہووین سوز سے — یاد اُس دم لطف شہ آوے اُسے
اُس دو چشم نازنین وشوخ سے — کہ رخ شہ سے کمال از بس رکھے
چشم مازاغ اسکی ہو پر زخم زاغ — چشم بد سے نیک چشمونکو ہو داغ
چشم دریا بسط[۱] ہو بسط اسکی سے — دونون عالم دیکھتے ہین جون بال کے
چشم مین گر جائین صد ہا اسکی بحر — آگے قلزم کے ہون گم مانند نہر
چشم گذری اسکی اس محسوس سے — غیب بینی سے ملے ہین فائدے
محرم راز اب نہین ملتا مجھے — کہ کہون مین اُس سے نکتہ چشم کے
اس سے ٹپکے آب محمود جلیل — اُسکا بس لیجائے قطرہ جبرئیل
تا ملے اپنے پر و منقار پے — گر اجازت دے اُسے وہ جان کے
باز کہوے[۲] زال کا غصہ بڑھا — فر و صبر و حلم بس میرا جلا
باز میری جان کو سو صورت کرے — زخم دے ناقہ کو نے صالح کو وے
صالح اک دم سے کہ با ہیبت کرے — ایسے سو ناقے نکالے کوہ سے
دل کہے کہ ہوش کر او چپ رہو — ورنہ غیرت پھاڑ ڈالے جسم کو
اُسکی غیرت کے ہین سو حلم نہان — ورنہ اک دم مین جلاوے سو جہان
نخوت شاہی سے نے سنتا ہے پند — پند انکی سے کیا ہو دل کو بند
کہ کرون مین مشورہ ہامان سے — کہ ممالک کا وہ پشتیبان ہے
تھے[۳] مشیر مصطفیٰ صدیق رب — اور مشیر بوجہل تھا بولہب

[۱] چشم دریا آلخ ۶ شعر چشم دریا کی بسط ہے اُسکی بسط سے دونون عالم دیکھتے ہین بال کے مانند اسکی چشم مین اگر صدہا بحر جاوین آگے قلزم کے مانند نہر کے اسکی چشم گذری محسوس سے کہ غیب بینی سے فائدے ملے مجھے محرم راز اب نہین ملتا کہ مین اس سے کہون نکتے چشم کے اُس سے ٹپکے آب محمود جلیل اُسکا قطرہ لیجاوے جبرئیل تاکہ اپنے پر و منقار پر ملے اگر وہ اس کو اجازت دے جان سے یعنی مین اس چشم کا راز کہتا اگر کسی کو محرم راز پاتا کہ چشم آشنائی یار ایسی ہوتی ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ [۲] باز کہوے آلخ ۷ شعر باز کہوے کہ زال کا غصہ بڑھا کر و فر و صبر و حلم میرا جلا آگے حقائق اس کے ہین میری جان کا باز سو صورت کرے زخم ناقہ کو دے نہ صالح کو صالح ایک دم سے اگر باہیبت کرے ایسے سو ناقہ کوہ سے نکالے دل کہے کہ ہوش کر او رچپ رہو ورنہ غیرت پھاڑ ڈالے جسم کو اسکی غیرت کے سو حلم پوشیدہ ہین ورنہ ایکدم مین سو جہان جلا دے آگے رجوع بقصہ فرعون ہے نخوت شاہی سے پند نہین سنتا ہے انکی پند سے دل کو بند کیا ہی کہ مین مشورہ کرون ہامان سے کہ وہ ممالک کا پشتیبان ہے یعنی جان اس نفس کو مارے اور روح کو نہین کہ روح ایسے سو جسم پیدا کرے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲ [۳] تھے مشیر آلخ ۲ شعر مصطفیٰ صلعم کے مشیر صدیق رب ہین اور رای بوجہل کا بولہب تھا اُس کی جنسیت نے وہ کشش کری کہ اسکو دو چند لاشے ہوگئی جنس طرف جنس کے سو پر سے اُڑے اور ان خیالون پر وہ قید دل کو توڑ دے یعنی جنس کو کشش اپنی جنس کی جانب ہوتی ہے چنانچہ اسکی مثال مین قصہ عورت واس کے بچے کا آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| عرق جنسیت چنانش جذب کرد<br>جنس سوے جنس صد پرہ پرد | کان نصیحتہا بہ پیشش گشت سرد<br>برخیالش بندہا را بردرد | جنسیت نے وہ کشش اسکی کری<br>جنس سوے جنس سو پر سے اڑے | کہ اُسے وہ پند لاشے ہوگئی<br>اُس خیالون پر وہ بندین توڑ دے |

## قصۂ آن زن کہ طفل او بر سر ناودان می غژید و خطر افتادن داشت وانے علی کرم اللہ وجہہ چارہ جست

## قصہ اُس عورت کا کہ بچہ اُس کا پرنالہ مین گھس گیا تھا اور خوف تھا گرنے کا تو امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے علاج اسکا پوچھا

یک زنی آمد به پیش مرتضی — گفت شد بر ناودان طفلی مرا
گرش میخوانم نمی آید بدست — ور هلم ترسم که او افتد به پست
نیست عاقل تا که دریابد چو ما — گر بگویم کز خطر سوی من آ
هم اشارت را نمیداند بدست — ور بداند نشنود این هم بدست
بس نمودم شیر و پستان را بدو — او همی گرداند از من چشم و رو
از برای حق شمائید ای مهان — دستگیر این جهان و آن جهان
زود درمان کن که میلرزد دلم — که بدرد از میوهٔ دل بگسلم
گفت طفلی را برآور هم به بام — تا ببیند جنس خود را آن غلام
سوی جنس آید سبک زان ناودان — جنس بر جنس است عاشق جاودان
زن چنان کرد و چو دید آن طفل او — جنس خود خوش خوش بدو آورد رو
سوی بام آمد ز متن ناودان — جاذب هر جنس را همجنس دان

ایک[۵۱] عورت آئی پیش مرتضیٰ — بولی پرنالہ مین بچہ گھس گیا
گر بلاتی ہون نہین آتا ہی وو — گر مین چھوڑون خوف ہی گر جائے وو
نے ہی عاقل مجھسا جانے ظاہرا — گر کہون آفت سے میری سمت آ
نے اشارہ ہاتھ کا وہ جانتا — گر وہ جانے نے سنے یہ بھی برا
بس دکھایا دودھ چھاتی کو اُسے — پھیرتا ہی آنکھ و منہ وہ دودھ سے
واسطے حق کے کہ تم ہو دستگیر — اس جہان و اُس جہان مین اے امیر
جلد کر میری دوا ڈرتی ہون مین — درد سے بچے کے دل ہووے ریون
بولے[۵۲] اک بچہ کو تو لا بام پر — تا کہ جنس اپنی کو دیکھے وہ پسر
آئے پرنالہ سے جنس اپنی کی سو — جنس پر ہی جنس عاشق جان تو
ایسے ہی زن نے کیا بچہ نے جو — دیکھا ہمجنس اپنا آیا شاد ہو
آیا پرنالے سے بس وہ بام پے — ہی کشش ہمجنس کو ہمجنس سے

سطہ ۱ ایک عورت آئی الخ شعر ایک عورت مرتضیٰ کے پاس آئی اور کہا کہ بچہ میرا پرنالہ مین گھس گیا ہی اگر مین بلاتی ہون وہ نہین آتا ہی اگر مین چھوڑون خوف ہی کہ وہ گر جائے عاقل نہین ہی کہ مجھ سا ظاہر جانے اگر کہون کہ آفت سے میری سمت آ نہ اشارہ ہاتھ کا وہ جانتا ہی اگر وہ جانے اور نہ سنے یہ بھی برا ہے بہت کچھ دودھ اور چھاتی کو اُسے دکھایا منھ و آنکھ وہ دودھ سے پھیرتا ہی خدا کے واسطے کہ تم دستگیر ہو اس جہان اور اُس جہان میں اے امیر جلدی کرو میری دوا اگر مین ڈرتی ہون درد سے بچے کے دل میرا زبون ہو وے آگے جواب حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ہی فافہم ۱۲ سطہ ۲ بولے ایک بچہ الخ ۸ شعر فرمایا ایک بچہ کو تو بام پر لا تا کہ اپنی ہمجنس کو وہ لڑکا دیکھے پرنالہ سے اپنی جنس کی طرف آئے چونکہ جنس پر جنس عاشق ہے ایسے ہی عورت نے کیا جو بچہ نے ایک اپنا ہمجنس دیکھا تو خوش خوش پرنالہ سے بام پر آیا ہر جنس کو کشش ہے ہم جنس سے بچہ کی جانب آیا وہ بچہ دوڑتا ہوا اور گرنے سے بچے کے بچا آگے اسکے حقائق ہین اسواسطے انبیا بشر آئے ہین تا بسبب جنسیت کے امت گرنے سے رہا ہو لیس خود کو فرمایا بشر تمھارے مانند تا جنس کے پاس آئین اور تم گم ہون کیونکہ جنسیت ایک کشش عجب ہی جنس کھینچی ہی جس جا اہل طلب ہو یعنی انبیاء کو حقتعالی نے اسواسطے جنس بشر سے پیدا کیا ہی کہ بشر انکے پاس آکر ہدایت پائین آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲

غژغژان آمد بسوے طفل طفل / وار ہیدا نرا و فتادن سوے سفل
زان شد ستند از بشر پیغمبران / تا بجنسیت رہند از ناودان
پس بشر فرمود خود را مثلکم / تا بجنس آیند و کم گردند گم
زانکہ جنسیت عجائب جاذبیست / جاذب جنس ست ہر جا طالبیست
عیسی و ادریس بر گردون شدند / با ملائک چونکہ ہمجنس آمدند
باز آن ہاروت و ماروت از بلند / جنس تن بودند زان زیر آمدند
کافران ہمجنس شیطان آمده / جان شان شاگرد شیطانان شده
صد ہزاران خوے بد آموختہ / دیدہ ہاے عقل و دل بر دوختہ
کمترین خوشان بدستے این حسد / آن حسد کہ گردن ابلیس زد
زان سگان آموختہ حقد و حسد / کہ نخواہد خلق را ملک ابد
ہر کرا دید او کمال از چپ و راست / از حسد قولنجش آمد درد خاست
زانکہ ہر بدبخت خرمن سوختہ / می نخواہد شمع کس افروختہ
ہین کمالے دست آور تا تو ہم / از کمال دیگران نافتی بغم
از خدا میخواہ دفع این حسد / تا خدایت وا رہاند زین جسد
مر ترا مشغولی بخشد درون / کہ نپردازی ازان سوے برون
جرعۂ می را خدا آن میدہد / کہ بدان مست از دو عالم میرہد
خاصیت بنہادہ در کف حشیش / کو زمانے میرہاند از خودیش

سوے بچہ آیا بچہ وہ چلا / اور نیچے کے وہ گرنے سے بچا
اس لئے آئے بشر سے انبیا / جنسیت سے تا ہون گرنیسے رہا
بس بشر فرمایا خود کو مثلکم / جنس کے تا پاس آئین کم ہون گم
کیونکہ جنسیت کشش ہے اک عجب / جنس کھینچے ہے جہان اہل طلب
عیسیٰ اور ادریس گردون پر گئے / جو ملائک کے وہ ہمجنس آئے تھے
پھر وہ ہاروت اور ماروت آئے تھے / جنس تن کے باعث اوپر سے تلے
ہین سبھی ہمجنس شیطان کافران / بس ہوئی شیطانکی شاگرد انکی جان
سیکڑون وہ عادتین بد سیکھ لین / آنکھین عقل و دلکی اپنی بس سئین
یہ حسد اک کمتر عادت انکی ہے / جس حسد سے گردن شیطان کٹے
سیکھا ان کتون سے ہے حقد و حسد / کہ نہ چاہین خلق کو ملک ابد
جسکو کامل دیکھے دہنے بائین سے / درد قولنج ہو حسد سے بس اُسے
کیونکہ ہر بدبخت خود خرمن جلا / چاہے کب روشن چراغ ہر ایک کا
کرلے حاصل تو کمال اپنے لئے / تا نہ غمگین ہو کمال غیر سے
اس حسد کی دفع مانگ اللہ سے / تا چھڑائے جسم سے اللہ تجھے
اندرون سے تا ہو مشغولی تجھے / کہ نہ باہر آئے تو اُس سمت سے
مے کے قطرہ کو وہ دیتا ہے خدا / مست اُسکا دونون عالم سے جدا
اور رکھی خاصیت اک گانجہ مین ہے / اک زمان غافل رکھے وہ آپ سے

سلہ عیسیٰ الخ ۵ شعر حضرت عیسیٰ اور حضرت ادریس گردون پر گئے جو کہ ہمجنس ملائک آئے تھے پھر وہ ہاروت و ماروت آئے تھے جنس تن کے باعث اوپر سے نیچے کافر ہمجنس شیطان کے ہین بس شیطان کے شاگرد ہوئے انکی جان سیکڑون وہ عادتین بد سیکھ لین اپنی عقل و دل کی آنکھین بس سی لین یہ حسد ایک عادت کمتر انکی ہے جس حسد سے گردن شیطان کی کٹی یعنی کافر جنس شیطان ہین کہ حسد شیطان کا ان مین ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ سیکھا الخ ۷ شعر حقد و حسد اُن کتون سے سیکھا کہ خلق کو ملک ابد نہ چاہین جسکو دہنے بائین سے کامل دیکھے درد قولنج حسد سے اسے ہو یعنی سگان دنیا کو بسبب حسد کے نفع غیر پر رنج و درد ہوتا ہے آگے اسکی مثال ہے کیونکہ ہر ایک بدبخت سوختہ خرمن کب جلا چاہے چراغ روشن ہر ایک کا تو کہ اپنے لئے کمال حاصل کرلے تو غیر کے کمال سے غمگین نہ ہو اُس حسد کی دفع اللہ سے مانگ تاکہ تجکو جسم سے اللہ چھڑائے تاکہ مشغولی اندرون سے تجکو ہو تاکہ اُس سمت سے باہر نہ آئے قطرۂ مے کو وہ اثر خدا دیتا ہے کہ مست اُس کا دونون عالم سے جدا ہوتا ہے یعنی باطن سے اپنے ایسا مشغول ہو کہ اُس بیخودی سے تو ادھر نہ آسکے باقی مثال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ اور رکھی الخ ۷ شعر اور ایسی خاصیت گانجہ مین رکھی ہے کہ ایک زمانہ وہ غافل رکھے خود سے خواب کو حق نے اسیطور سے کیا کہ دونون عالم سے بیفکر رکھے عشق نے لیلی کے ایسا مجنون کو کیا کہ دوست دشمن سے ذرا نہ جانے سیکڑون مے رکھتا ہے اسطور سے کہ وہ ادراکات پر قائم کردے اور شقاوت کی شرابین نفس کے لئے ہین کہ وہ شرابی کو گمراہ کرین اور سعادت کی شرابین عقل کو ہین کہ وہ منزل بے نقل کو پائے کہ وہ مستی اپنی سے خیمہ چرخ کو جھاڑ کر اس سمت کی راہ لے یعنی شراب شقاوت کی نفس کو حاصل ہے اور شراب سعادت کی عقل کو حاصل ہے کہ وہ اُس سے گمراہ ہوتا ہے اور یہ اُس سے منزل بے نقل کو ہے

ہم اور خیمہ چرخ کو مستی سے جھاڑ کر وہ اس سمت کی راہ لے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| خواب را یزدان بدان سان میکند | کز دو عالم فکر را بر می کند | خواب کو حق نے کیا اس طور سے | کہ دو عالم سے رکھے بے فکر ہی |
| کرد مجنون را ز عشق پوستی | کو نہ بشناسد عدو از دوستی | عشق سے لیلیٰ کے مجنون کو کیا | کہ نجانے دوست دشمن سے ذرا |
| صد ہزاران اینچنین مے دارد او | کہ بر ادراکات تو بگمار داد | سیکڑون رکھتا ہی مے اسطور سے | کہ وہ قائم کردے ادراکات پے |
| ہست میہاے شقاوت نفس را | کہ ز رہ بیرون برد آن نحس را | ہین شقاوت کی شرابین نفس کو | کہ شرابی کو کرے گمراہ وہ |
| ہست میہاے سعادت عقل را | کہ بیابد منزل بے نقل را | ہین سعادت کی شرابین عقل کو | کہ وہ پائے منزل بے نقل کو |
| خیمۂ گردون ز سر مستی خویش | بر کند زان سو بگیر دراہ پیش | اپنی مستی سے وہ خیمہ چرخ کو | جھاڑ کر اس سمت کی لے راہ تو |
| ہین بہر مستی دلا غرہ مشو | ہست عیسیٰ مست حق خر مست جو | پس تو ہر مستی سے مغرور نہ ہو | مست حق عیسیٰ ہی اور خر مست جو |
| اینچنین مے را بجو زین خنبہا | مستیش نبود ز کوتہ دنبہا | نوش کر اُس خم سے ایسی خمر کو | مستی اُس کی بس نہیں تا دنب سے |
| زانکہ ہر معشوق چون خنب ست پُر | آن یکی دردی دگر صافی چو دُر | کیونکہ ہر معشوق مثل خم ہے پر | ایک گبر لا دوسرا جون صاف دُر |
| می شناسا ہین بچش با احتیاط | تا مئے یابی منزہ ز اختلاط | مے شناسا چکھ تو ہشیاری سے مے | صاف بے آمیز تجکو تا ملے |
| می شناسا ہین بچش ای رو ترش | آن مے صافی کزان گردی خمش | مے شناسا چکھ تو بادہ صاف کو | اس مے صافی سے تا خاموش ہو |
| ہر دو مستی می دہندت لیک این | مستیت آرد کشان تا رب دین | دیتی مستی تجکو دونون ہین وے | اسکی مستی لائے اللہ تک تجھے |
| تا رہی از فکر و وسواس و حیل | بے عقال این عقل در رقص الجمل | تا تو چھوٹے فکر اور وسواس سے | رقص ناقہ مین بغیر از عقل کے |
| انبیا چون جنس روح اند و ملک | مر ملک را جذب کردند از فلک | ہیں ملک اور روح کی جنس انبیا | پس ملک کو جذب گردون سے کیا |
| باد جنس آتش ست و یار او | کہ بود آہنگ ہر دو بر علو | باد و آتش دونون باہمجنس ہین | کہ وہ دونون قصد بالا کو رکھین |
| چون ببندی تو سر کوزہ تہی | درمیان حوض یا جوے نہی | خالی کوزہ کے جو سر کو باندھے تو | اور اندر حوض کے پس ڈالے تو |
| تا قیامت او فرو ناید بپست | کہ دلش خالی ست در وے باد ہست | تا قیامت وہ نہ ڈوبے گا تلے | کہ دل اُسکا خالی اور پر باد ہے |
| میل بادش چون سوے بالا بود | ظرف خود را ہم سوے بالا کشد | راغب بالا جو اس کی باد ہو | سوے بالا کھینچے اپنی ظرف کو |

۵۱ پس تو آخر ۶ شعر پس ہر مستی سے مغرور نہ ہو کہ مست حق عیسیٰ ہے اور خر جو کا مست ہے اس خم سے ایسی مے نوش کر کہ مستی اسکی ایسی ناقص نہ ہو کیونکہ ہر ایک معشوق مثل خم پُر ہے ایک گندلا دوسرا گوہر کے مانند صاف ہے اے مے شناس تو ہوشیاری سے مے صاف کو چکھ تاکہ صاف بے آمیزش کے تجکو ملے اے مے شناس تو بادہ صاف کو چکھ تاکہ اُس مے صافی سے تو خاموش ہو تجکو دونون مے مستی دیتی ہین ولیکن اس کی مستی تجکو اللہ تک لائے یعنی اے مے شناس تجکو مے شقاوت تہ مے سعادت کی مستی دین ولیکن مے سعادت کی مستی تجکو اللہ تک پہونچا دے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۲ تا تو آخر ۶ شعر تاکہ تو فکر و وسواس سے چھوٹے رقص ناقہ میں بغیر پابندی عقل کے انبیا ملک و روح کی ہم جنس ہین ملک کو گردون سے جذب کیا آگے اس کی مثال ہے باد و آتش دونون ہم جنس ہین کہ وہ دونون قصد بلندی کا رکھتے ہین تو خالی کوزے کے سر کو باندھے اور اندر حوض کے چھوڑ دے قیامت تک وہ نہیں ڈوبے گا تہ میں کہ دل اُس کا خالی اور باد سے بھرا ہوا ہے راغب بلندی کی جو اس کی باد ہو جانب بالا کے اپنی ظرف کو کھینچے یعنی جو عشق و ہوا سے بھرا ہے وہ مثل کوزہ خالی کے اب معنی یہی نہیں آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

باز آن جانها که جنس انبیاست / سوی ایشان کش کشان چون سایہاست
زانکہ عقلش غالبست و بی ز شک / عقل جنس آمد بخلقت با ملک
وان ہوای نفس غالب بر عدو / نفس جنس اسفل آمد شد بدو
بود قبطی جنس فرعون ذمیم / بود سبطی جنس موسیٰ کلیم
بود ہامان جنس‌تر فرعون را / برگزیدش برد تا صدر سرا
لاجرم از صدر در قعرش کشید / کہ ز جنس دوزخ اند آن دو پلید
ہر دو سوزندہ چو دوزخ ضد نور / ہر دو چون دوزخ ز نور دل نفور
زانکہ دوزخ گوید ای مومن تو زود / برگذر کہ نورت آتش را ربود

پھر وہ جانین کہ ہین جنس انبیا / انکی سو کھنچتی ہین مثل سایہا
کیونکہ عقل انکی ہی غالب اے اخی / عقل ہم جنس ملک پیدا ہوئی
نفس کی غالب عدو پر ہوئی بلا / نفس جنس اسفلی تف ہی دلا
جنس تھی فرعون کی وہ قبطیان / اور تھے ہم جنس موسی اسبطیان
اور ہامان جنس تھا فرعون کا / صدر تک لینے وہ اسکو لیگیا
صدر سے تا قعر کھینچا اسلئے / کہ یہ دونون جنس دوزخ کی تھے
دونون جلتے جیسے دوزخ ضد نور / مثل دوزخ نور سے دونون ہین دور
کیونکہ دوزخ کہوے مومن بھاگ تو / کہ بجھائے نور تیرا آگ کو

## در بیان حدیث حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جز یا مومن فان نورک اطفأ ناری از زبان دوزخ

## بیان مین اس حدیث حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جز یا مومن فان (بھاگ اے مومن پس تحقیق) نورک اطفأ ناری (بجھائی آگ میری نور تیرے نے) زبان دوزخ سے

بگذر ای مومن کہ نورت میکشد / آتشم را چونکہ دامن میکشد
میرمد آن دوزخی از نور ہم / زانکہ طبع دوزخستش ای صنم
دوزخ از مومن گریزد آنچنان / کہ گریزد مومن از دوزخ بجان
زانکہ جنس نار نبود نور او / ضد نار آمد حقیقت نور جو

بھاگ مومن نور تیرا نار کو / میری ٹھنڈا کردے جو آتا ہی تو
بھاگتا وہ دوزخی ہی نور سے / کیونکہ اک دوزخ طبیعت اسکی ہے
ایسی دوزخ بھاگتی مومن سے ہی / جیسے مومن بھاگتا ہی نار سے
کیونکہ نور اسکا نہیں ہے جنس نار / نور کا ضد نور جو ہے اصل کار

ف۱ پھر وہ الخ ۸ شعر پھر وہ جانین کہ جنس انبیا سے ہین اعلی انکی طرف کھینچتی ہین مانند سایہ کے کیونکہ اُن کی عقل غالب ہے اور عقل ہم جنس ملک پیدا ہوئی ہے جیسے نفس کی عدو پر غالب ہوئی نفس جنس اسفلی ہے تف ہو جوا دل جنس فرعون کی وہ قبطی تھے اور ہم جنس موسیٰ کے سبطی تھے اور ہامان جنس فرعون کا تھا صدر تک اپنے وہ اس کو لیگیا صدر سے قعر تک کھینچا اس واسطے کہ وہ دونون جنس دوزخ کے تھے دونون جلتے دوزخ ضد ہے نور کی مثل دوزخ کے نور سے دونون دور ہین کیونکہ دوزخ کہوے مومن سے تو بھاگ کہ تیرا نور بجھاتا ہے آگ کو یعنی نور عقل ہم جنس ملک ہے اور نفس ہم جنس اسفل ہے پس عقل علی کو جاتی ہے اور نفس اسفل کو رغبت رکھتا ہے پس سفلی علوی سے کیون نہ بھاگے جیسے دوزخ نور مومن سے پناہ مانگتی ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ ف۲ بھاگ مومن الخ ۴ شعر اے مومن بھاگ کہ نور تیرا میری نار کو ٹھنڈا کر دے جو تو آتا ہے، وہ دوزخی بھاگتا ہے نور سے کیونکہ اُس کی طبع ایک دوزخ ہے اسی طرح دوزخ بھاگتی ہے مومن سے جیسے مومن نار سے بھاگتا ہے کیونکہ اُس کا نور جنس نار نہین ہے جو نار کا تو ضد ہے اصل مین یعنی فرعون جنس دوزخ تھا اور موسیٰ نور تھا اسواسطے فرعون موسیٰ سے بھاگتا تھا آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

در حدیث آمد که مومن در دعا — چون امان خواهد ز دوزخ از خدا
دوزخ از وی هم امان خواهد بجان — که خدایا دور دارم از فلان
جاذبهٔ جنسیت است اکنون ببین — که تو جنس کیستی از کفر و دین
گر بهامان مایلی هامانیی — ور به موسیٰ مایلی سبحانیی
ور بهر دو مایلی انگیخته — نفس و عقلی هر دو آن آمیخته
هر دو در جنگند هان و هان بکوش — تا شود بر نفس غالب عقل و هوش
ساغر صدق از کف موسیٰ بنوش — تا شود غالب معانی بر نقوش
در جهان جنگ شادی این بس است — که ببینی بر عدو هر دم شکست
جهد کن تا خصمت اشکسته شود — گرچه فرعون دنی این نشنود
این حدیث آمد دراز ای ناگزیر — باز گو اضلال فرعون و مشیر

ہے حدیثون مین خدا سے مومنان [۱] — جو دعا مین چاہین دوزخ سے امان
دوزخ اُنسے بھی امان چاہے سدا — کہ فلان سے دور رکھ مجھکو خدا
جنسیت کی اب کشش کو دیکھ لے — کہ تو کسکی جنس کفر و دین سے ہے
مائل ہامان ہے ہامانی ہے تو — مائل موسیٰ ہے سبحانی ہے تو
ساتھ دونون کے اگر مائل ہے تو — مشترک رکھتا ہے نفس و عقل کو
دونون باہم لڑتے ہین کوشش تو کر [۲] — تا کہ غالب عقل ہووے نفس پر
ہاتھ سے موسیٰ کے جام صدق لے — معنی تا غالب ہون صورت پر ترے
بس ہے یہ شادی جہان جنگ مین — کہ شکستین تجکو دشمن پہ دکھین
کر تو کوشش تا شکستہ ہو عدو — گرچہ فرعون کب سنے اسبات کو
ہوگئی یہ بات طول اب پھر کہو — ہامان اور فرعون کے احوال کو

## مشورت کردن فرعون با وزیرش هامان در ایمان آوردن بموسیٰ [۱]

## مشورہ کرنا فرعون کا ہامان سے درباب ایمان لانے موسیٰ علیہ السلام پہ

آن ستیزه رو به سختی عاقبت — گفت با هامان برای مشورت
وعده‌های آن کلیم الله را — گفت و محرم ساخت آن گمراه را
گفت با هامان چو تنهایش بدید — جست هامان و گریبان بر درید
بانگها زد گریه‌ها کرد آن لعین — کوفت دستار و کله را بر زمین

آخر اُس بدخو نے ہامان سے کہا [۳] — مشورے کے واسطے بس ظاہرا
وعدہ ہائے اُس کلیم اللہ کو — کہہ کے محرم کردیا گمراہ کو
پایا جو ہامان کو تنہا تو کہا — کودا ہامان پارہ جامہ کو کیا
چیخا اور رویا بہت کچھ وہ لعین — پھینکی پگڑی ٹوپی بالائے زمین

۱ ہے حدیثون مین الخ ۵ شعر حدیثون مین ہے کہ خدا سے مومن جو دعا مین دوزخ سے امن چاہتے ہین دوزخ انسے بھی امن چاہتی ہے اور کہتی ہے کہ فلان سے دور رکھ مجکو اے خدا اب جنسیت کی کشش کو دیکھ لے تو کہ کس کی جنس کفر و دین سے ہے اگر مائل ہامان ہے تو ہامانی ہے اور مائل موسیٰ ہے تو سبحانی ہے اور اگر تو دونون کے ساتھ مائل ہے تو مشترک رکھتا ہے نفس و عقل کو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ دونون الخ ۵ شعر دونون باہم لڑتے ہین تو کوشش کر کہ تا عقل غالب ہو نفس پر موسیٰ کے ہاتھ سے جام صدق حاصل کر تا کہ معنی صورت پر تیرے غالب ہو پس شادی ہے جہان جنگ مین یہ ہے کہ تجھ کو دشمن نفس پر شکستین دکھائی دین تو کوشش کر تا کہ دشمن شکستہ ہو اگرچہ فرعون کب سنتا ہے اس بات کو یہ بات طول ہوگئی اب پھر کہو ہامان اور فرعون کے احوال
یعنی تو اپنی کوشش دل کو دیکھ لے کہ کس جنس کی جانب وہ کھینچتا ہے اگر دونون جانب کشش رکھتا ہے تو کوشش کر کہ عقل کا غلبہ ہے تیرا نفس یعنی صورت پر غالب
آگے مشورہ فرعون کا ہامان سے بیان ہے فافہم ۱۲ ۳ آخر اُس بدخو نے الخ ۴ شعر آخر کار اس بدخو نے ہامان سے کہا مشورے کے واسطے پس ظاہرا اس کلیم اللہ کے وعدون کو کہکر اس گمراہ کو محرم کردیا ہامان کو جو کہ تنہا پایا تو کہا پس ہامان کودا اور جامہ کو پارہ کیا چیخا اور رویا وہ لعین بہت کچھ اور پگڑی و ٹوپی پھینکی زمین پر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

کہ چگونہ گفت آن بی درد پیش شاہ — این چنین گستاخ آن حرف تباہ
جملہ عالم را مسخر کردہٗ — کار را با بخت چون زر کردہٗ
از مشارق وز مغارب بے لجاج — سوی تو آرند سلطانان خراج
بادشاہان لب ہمی مالند شاد — بر ستانہ خاک تو اے کیقباد
اسپ باغی چون ببیند اسپ ما — رو بگرداند گریزد بے عصا
تا کنون معبود و مسجود جہان — بودہٗ گردی کمینہ بندگان
در ہزار آتش شدن زین خوشتر است — کہ خداوندے شود بندہ پرست
نے بکش اول مرا اے شاہ ہین — تا نہ بیند چشم من بر شاہ این
خسروا اول مرا گردن بزن — تا نہ بیند این مذلت چشم من
خود نبودہ است و مبادا اینچنین — کہ زمین گردون شود گردون زمین
بندگان مان خواجہ تاش ما شوند — بے دلان مان دلخراش ما شوند
چشم روشن دشمنان ما دوست کور — گشت ما را پس گلستان قعر گور

کہ کہا۵۱ کیسے یہ آگے شاہ کے — اس کلام بد کو اس گستاخ نے
تو نے عالم کو مسخر بس کیا — کام کو قسمت سے جون زر بس کیا
مشرق و مغرب سے ہر اک اہل تاج — تیری جانب بھیجتا ہو بس خراج
بادشہ سب چومتے ہین ہو کے شاد — آستانے کو ترے اے کیقباد
گھوڑا باغی دیکھے جو گھوڑا مرا — ہووے روگردان وہ بھاگے بے عصا
تو رہا۵۲ ابتک تو معبود جہان — ہوتا ہے اب کمترین بندگان
جانا سو آتش مین بہتر اس سے ہے — کہ مطیع اک خواجہ بندے کا بنے
پہلے مجکو مار ڈال اے شاہ تو — تا نہ دیکھون شاہ پر اس بات کو
شاہ اول مار تو گردن مری — تا نہ دیکھے آنکھ یہ ذلت تری
نے ہوا ایسا نہ ہوتا ہے کہین — کہ زمین گردون ہو اور گردون زمین
میرے بندے تا مرے ہمسر نہین — میرے خواہان بس مرے نشتر نہین
بینا دشمن دوست میرا کور ہو — اور گلستان مجکو قعر گور ہو

## ترجمۂ سخن ہامان بے ایمان علیہ اللعنۃ

## رد کرنا قول ہامان بے ایمان علیہ اللعنۃ کا

دوست از دشمن ہمی نشناخت او — نرد را کورانہ کژ می باخت او
دشمن تو جز تو نبود اے لعین — بیگناہان را مگو دشمن بہ کین
پیش تو این حالت بد دولت است — کہ دوادو اول و آخر لت است

دوست۵۳ سے دشمن کو نہ جانے ہے وہ — نرد اندھون کی طرح کھیلے ہے وہ
تیرا دشمن تجھ سوا ہرگز نہین — بیگنہ کو کہہ نہ دشمن اے لعین
حال بد دولت ہے آگے تیرے — کہ دوا دو اول آخر لات ہے

۵۱ کہ کہا الخ ۵ شعر کیسے یہ آگے شاہ کے کہا اس کلام بد کو اس گستاخ نے تو نے عالم کو مسخر کیا و کام کو قسمت سے مثل زر کے کیا مشرق و مغرب سے ہر ایک اہل تاج تیری جانب بھیجتا ہے خراج سب بادشاہ خوش ہو کر چومتے ہین تیرے آستانہ کو اے کیقباد گھوڑا باغی جو میرا گھوڑا دیکھے روگردان ہووے اور بھاگ جائے بے عصا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۲ تو رہا الخ ۵ شعر تو اب تک رہا معبود جہان کا اب کمترین بندگان مین سے ہوتا ہے سو آتش مین جانا اس سے بہتر ہے کہ خواجہ مطیع بندہ کا ہو اے شاہ تو اول مجکو مار ڈال تا کہ شاہ پر اس بات کو نہ دیکھون اے شاہ تو اول تو میری گردن مار تا کہ آنکھ میری یہ ذلت نہ دیکھے نہ ایسا ہوا اور نہ ہوتا ہے کہین کہ زمین گردون ہوا اور گردون زمین ہو میرے بندے میرے ہمسر نہین اور میرے خواہان میرے نشتر نہین میرا دشمن بینا اور دوست میرا کور ہو اور گلستان مجکو قعر گور ہو یعنی موسیٰ تیرا تابع اور لب تو موسیٰ کے تابع ہوتا ہے اس سے تو اول مجکو مار ڈال آگے رد قول ہامان کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۳ دوست سے الخ ۸ شعر دوست کو دشمن سے وہ نہین جانتا ہے اور اندھون کی طرح نرد وہ کھیلتا ہے آگے حالق اس کے ہین دشمن تیرا تجھ سوا ہرگز نہین ہے بیگنہ کو دشمن نہ کہہ کہ تیرے آگے حال بد دولت یہ ہے کہ اول اس کے دوا دو اور آخر لات ہے اس کے اول دوڑ اور آخر لات کھا کہ اس جنگل مین سوائے مرگ خر کے نہین ہے اگر اس دولت سے تو یہان نہین بھاگتا ہے یہ بہار تیری آخر خزان پائے گی یعنی اس دولت دنیا کے آخر رنج و غم ہے پس تو اس سے بھاگ ورنہ بہار تیری آخر خزان پائے گی باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

اولش دو دو در آخر لت بخور — جز در این ویرانه نبود مرگ خر
گر ازین دولت نتازی خر خزان — این بهارت را همی آید خزان
مشرق و مغرب چو تو بس دیده اند — که سر ایشان ز تن ببریده اند
مشرق و مغرب که نبود بر قرار — چون کنند آخر کسے را پایدار
تو بدان فخر آوری کز ترس و بند — چاپلوست گشت مردم روز چند
هر کرا مردم سجودے می کنند — زهر اندر جان او می آگنند
چونکه برگردد ازو آن ساجدش — داند او کان زهر بوده موبدش
ای خنک آنرا که ذلت نفسه — ولے کو آن سرکشی شد چونکه او
این تکبر زهر قاتل دانکه هست — از مے پر زهر شد آن گیج مست
چون مے پر زهر نوشد مدبری — از طرب یکدم بجنباند سرے
بعد یکدم زهر بر جانش فتد — زهر بر جانش کند داد و ستد
گر نداری زهریش را اعتقاد — کز چه زهر آمد نگر در قوم عاد
چونکه شاهے دست یابد بر شهی — بکشدش یا باز دارد در چهی
در بیابد خسته افتاده را — مرهمش سازد شه و بدهد عطا
گر نه زهرست این تکبر پس چرا — کشت شه را بیگناه و بے خطا
وین دگر را بے ز خدمت چون نواخت — زین دو جنبش زهر را باید شناخت
راهزن هرگز گدائے را نزد — گرگ گرگ مرده را هرگز گزد

اول اسکے دوڑ آخر لات کھا — ہی نہ اس جنگل مین مرگ خر سوا
گر نہ اس دولت سے تو بھاگیگا یہان — یہ بہار آخر تری پائے خزان
سلہ مشرق و مغرب مین دیکھے تو نے ہین — کہ انھون کا سر کٹا آخیر مین
مشرق و مغرب کہ نہ رکھے قرار — کب کرے آخر کسی کو پایدار
فخر تو اسپر کرے کہ خوف سے — تیری طاعت خلق تھوڑے دن کرے
جس کسیکو خلق سجدہ کرتی ہی — زہر اسکی جان کے اندر بھرتی ہی
سجدہ کرنیوالا اس سے جب پھرے — زہر قاتل ہونا اُسکا تب کھلے
سلہ اے وہ اچھا کہ ذلیل اسکا ہی نفس — حیف وہ سرکش کہ ہی جون نفس بس
زہر قاتل ہی تکبر بے گمان — احمق اس زہریلی مے سے مست ہان
جو مے پُر زہر وہ بدبخت کھائے — اور خوشی سے ایکدم سر کو ہلائے
زہر دم بھر مین اثر جان مین کرے — اور اسکی جان کو وہ زہر سے
زہر ہین کا اُسکے نے گر اعتقاد — دیکھ کیون زہر آیا اندر قوم عاد
پائے غلبہ جو کہ شہ اک شاہ پے — مارے اسکو یا کہ قید اسکو رکھے
اور اگر زخمی پڑا اُسکو ملے — مرہم اُسپر شہ رکھے بخشش کرے
سلہ گر تکبر یہ نہین بس زہر ہے — مارا شہ کو بے گنہ کسواسطے
دوسرے پر کیون کی بے خدمت عطا — زہر کو جان ان دو حرکت سے ذرا
نے گدا کو راہزن ہی لوٹتا — گرگ مردہ گرگ کو ہے نے کاٹتا

سلہ مشرق آلخ ۵ شعر مشرق و مغرب مین تو نے دیکھا ہے کہ انکا آخر مین سر کٹا ہی مشرق و مغرب کہ قرار نہین رکھتی ہو کسیکو کب آخر پایدار کرے تو اسپر فخر کرے کہ خوف سے خلق تیری طاعت تھوڑے دن کرے خلق جسکو سجدہ کرتی ہی زہر اس کی جان کے اندر بھرتی ہی جب سجدہ کرنے والا اس سے پھرے تب اُسکا زہر قاتل ہونا کھلے یعنی تو مخلوق کے سجدہ کرنے مین فخر کرتا ہی یہ اسکا سجدہ کرنا ہی تیرے حق مین زہر قاتل ہی اور یہ زہر قاتل ہونا اسکا تجکو اسوقت کھلیگا کہ وہ مخلوق تجھسے روگردان ہو کہ اس عذاب سے تو امن مین رہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ اے وہ اچھا آلخ ۵ شعر اے وہ شخص اچھا ہے کہ نفس اُس کا ذلیل ہے افسوس وہ سرکش کہ مانند نفس کے ہی اس تکبر کو تو زہر قاتل جان کہ وہ مے پُر زہر ہے احمق اس زہریلی مے سے مست ہی جو مے پُر زہر وہ بدبخت کھائے اور خوشی سے ایک دم سر کو ہلائے زہر دم بھر مین اثر جان مین کرے اور وہ زہر اسکی جان کو دے آگے اسکی مثال ہی اگر اُس کے زہر ہین کا اعتقاد نہین ہے تو دیکھ کہ زہر کیون آیا قوم عاد مین جو غلبہ پائے ایک بادشاہ بادشاہ پر اُس کو مارے یا اسکو قید کرے اور اگر اسکو زخمی پڑا ملے اُسپر شاہ مرہم رکھے اور بخشش کرے یعنی تکبر زہر قاتل ہے اور جب جان مین اثر کرتا ہے تو اس کی جان کو تباہ کرتا ہی آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ گر تکبر آلخ ۶ شعر اگر تکبر زہر نہین ہے کسواسطے شہ کو بیگناہ مارا دوسرے پر کیون بغیر خدمت کے بخشش کی پس تو جان کہ زہر کو ان دو حرکت سے یعنی اگر شاہ پر غلبہ پاوے تو اسکو مارے اور اگر شاہ کو زخمی پاوے تو مرہم لگائے پس دونون حرکت سے زہر تکبر کو جان لے گدا کو راہزن نہین لوٹتا ہی گرگ مردہ کو گرگ نہین کاٹتا خضر نے کشتی کو اسواسطے توڑا تا کشتی دست ظالم سے بچے شکستہ ہو کہ شکستہ کو بخت ہی اے نقر مین جا کہ فقر عاقبت رکھتا ہی جو کوہ نقد کان کو رکھتا ہی وہ کھدکر پارہ پارہ ہوتا ہی یعنی جو صاحب تکبر ہو اُسپر بلا آتی ہی تو خود شکستہ ہو کہ شکستگی سے نجات ہو
۱۴ آگے حقائق ہین فافہم ۱۲

خضر کشتی را برای آن شکست ❊ تا تواند کشتی از فجار رست
خضر نے کشتی کو توڑا اس لئے ❊ تا کہ کشتی دست ظالم سے بچے

چون شکستہ میرہد اشکستہ شو ❊ امن در فقر ست اندر فقر رو
ہو شکستہ سے شکستہ کو بچپت ❊ فقر مین جا فقر رکھے عافیت

آن کہی کو داشت از کان نقد چند ❊ گشت پارہ پارہ از زخم کلند
رکھتا ہی جو کوہ نقد کان کو ❊ پارہ پارہ ہوتا ہی کھد کر کے وہ

تیغ بہر اوست کو را گردنیست ❊ سایہ افگندست بروی زخم نیست
۵۱ تیغ اسکو ہی کہ جو گردن رکھے ❊ اور نہ کوئی سایہ کو زخمی کرے

مہتری لفظست و آتش ای عمی ❊ ای برادر چون بر آتش میروی
سروری اک لفظ ہی اور آگ ہی ❊ ای برادر آگ پر کیونکر چلے

ہر چہ آن ہموارہ باشد بازمین ❊ تیرہا را کی ہدف گردد ببین
اور زمین کے جو برابر ہووے شے ❊ وہ نشانہ تیر کی کیسے بنے

سر بر آرد از زمین انگاہ او ❊ چون ہدفہا زخم یابد بے رفو
سر کو نیچے جب زمین سے وہ اٹھائے ❊ جون نشانہ تیر کا وہ زخم کھائے

نردبان خلق این ما و منیست ❊ عاقبت زین نردبان افتادنیست
نردبان ہی یہ خودی مخلوق کو ❊ نردبان سے بس گرے آخر کو وہ

ہر کہ بالاتر رود ابلہ تر است ❊ کاستخوان او بتر خواہد شکست
وہ بڑا احمق ہی جو زیادہ چڑھے ❊ ہڈیان ٹوٹین گی زیادہ جان سے

این فروعست و اصولش آن بود ❊ کہ ترفع شرکت یزدان بود
وہ ہی اصل اور اسکی بس یہ شاخ ہے ❊ کہ بلندی شرکت یزدان رکھے

چون نمردی و نگشتی زندہ زو ❊ یاغی باشی بشرکت ملک جو
۵۲ نے مرا ساتھ اسکے نی زندہ ہوا ❊ چاہی شرکت ملک مین باغی بنا

چون بدو زندہ شدی آن خود ویست ❊ وحدت محض ست آن شرکت کیست
وہ ہی خود ہی اس سے جو زندہ ہوا ❊ محض وحدت ہی وہ اور شرکت ہی کیا

شرح این در آئنہ اعمال جو ❊ کہ نیابی فہم این از گفتگو
شرح اسکی آئنہ اعمال سے ❊ ڈھونڈ لے نے سمجھے تو اس قال سے

گر بگویم آنچہ دارم در درون ❊ بس جگرہا گردد اندر جان خون
گر کہون جو کچھ کہ رکھتا ہون مین ❊ بس جگر سننے سے اسکے ہوئین خون

بس کنم این زیرکان را خود بس است ❊ بانگ دو کردم اگر در دہ کس است
بس کرون کرتا ہی یہ عاقل کو بس ❊ بانگ دو دین گھر مین ہی گر کوئی کس

حاصل آن ہامان بدان گفتار بد ❊ اینچنین راہے بر آن فرعون زد
۵۳ آخر اس ہامان نے بد تقریر سے ❊ اسطرح رہ بند کی فرعون پے

لقمۂ دولت رسیدہ تا دہان ❊ از گلوے او بریدہ ناگہان
منہ تلک لقمہ جو دولت کا گیا ❊ حلق سے اسکے کیا ناگہ جدا

۵۱ تیغ اسکو ہی ۔ شعر تیغ اسکے واسطے ہی جو گردن بلند رکھتا ہی اور کوئی سایہ عاجز کو زخمی نہین کرتا ہے سروری ایک رہ غن نقطہ ہی اور آتش ہی ای برادر آتش پر کیونکر چل سکتا ہی اور جو شے کہ زمین کے برابر ہووے وہ تیر کا نشانہ کیسے بنے جب زمین سے سر کو اٹھائے نشانہ کے مانند وہ زخم تیر کھائے یہ خودی مخلوق کی نردبان ہے نردبان سے آخر وہ گرے وہ بڑا احمق ہے جو زیادہ چڑھے اُس کی ہڈیان زیادہ ٹوٹین گی وہ اس کی اصل اور اس کی یہ بلا شاخ ہے کہ بلندی شرکت خدا کی رکھتی ہے یعنی سرداری جہان کی آفت ہے جو زیادہ بلند مرتبہ ہوگا اُس کو گرنے مین زیادہ زحمت ہوگی فافہم ۱۲ ۵۲ نے مرا الخ ۶ شعر نہ اسکے ساتھ مرا اور نہ زندہ ہوا ملک مین شرکت چاہی باغی بنا وہ خود وہی ہے جو اُس سے زندہ ہوا وہ محض وحدت ہے اور شرکت کیا ہے اس کی شرح اعمال سے ڈھونڈھ لے اور اس قال سے تو نہ سمجھے جو کچھ کہ دل مین رکھتا ہون اگر کہون اُسکے سننے سے خون ہووین بہت سے جگر بس کرون کہ یہ عاقل کو بس کرتا ہے دو بانگ، دین اگر گھر مین آدمی ہی آگے رجوع بقصہ ہے آخر کار اُس ہامان نے بد تقریر سے اس طرح راہ فرعون پر بند کی یعنی خود وہی ہے کہ جو اُس سے زندہ ہوا محض وہ وحدت ہی اور شرکت اسمین کب ہے اور اس توحید کی شرح آئینۂ اعمال اپنے سے ڈھونڈھ لے اس قال سے تو کب سمجھ سکتا ہے آگے رجوع بقصہ ہامان ہے فافہم ۱۲ ۵۳ منہ تلک الخ ۳ شعر جو دولت کا لقمہ منہ تک گیا حلق سے اسکے ناگاہ جدا کیا اُسنے خرمن فرعون کا تباہ کیا ایسا وزیر بادشاہ کا خدا کرے کوئی نہ ہو ایسے بد کے ہرگز مت ساتھ ہو تو کبھی اللہ جانتا ہے ساتھ یقین کے آگے نامہ ہونا موسیٰ علیہ السلام کا بیان ہے فافہم ۱۲

خرمن فرعون را داد او بباد
زینچنین ہمراہ بد دوری گزین
ہیچ شہ را اینچنین صاحب مباد
زینہار اللہ اعلم بالیقین

خرمن فرعون کیا اُس نے تباہ
ساتھ ایسے بد کے ہو ہر گز نہین
بس ہوا ایسا وزیر بادشاہ
تو کبھی واللہ اعلم بالیقین

## نومید شدن موسی علیہ السلام از ایمان فرعون وجا یافتن سخن ہامان در دل فرعون

## نا امید ہونا موسی علیہ السلام کا فرعون کے ایمان سے اور اثر کرنا کلام ہامان کا دل فرعون مین

گفت موسی لطف بنمودیم وجود
خود خداوندیت را روزی نبود
آن خداوندی کہ نبود در آستین
مردرا نے دست دان نی آستین
آن خداوندی کہ دزدیدہ شود
بیدل و بیجان و بے دیدہ بود
آن خداوندی کہ دادندت عوام
باز بستانندت از تو ہمچو دام
آن خداوندی تو از بندگی
کمترست ار بازدانی اندکے
وہ خداوندی عاریت بحق
تا خداوندیت بخشد متفق

بولے[١] موسی لطف تو مین نے کیا
پر خداوندی کے تو لائق نہ تھا
وہ خداوندی کہ نے اسمین یقین
جانے نے دست اسکو اور نی آستین
وہ خداوندی کہ چوری سے ہو وہ
بیدل اور بیجان اور بے آنکھ ہوا
وہ خداوندی کہ دی ہے عام نے
پھیر لیوین تجھسے وہ جون قرض کے
وہ خداوندی تری ہے کمترین
بندگی سے گر تو جانے بالیقین
دے خداوندی خدا کو عارضی
تا خداوندی وہ دے پایندگی

## منازعت کردن امیران عرب با رسول خدا کہ ملک را مقاسمہ کن تا نزاع نباشد وجواب رسول ایشانرا

## جھگڑا کرنا امیران عرب کا جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ ملک کو بانٹ دیجیے اور جواب دینا حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ مین مامور ہون اس سرداری مین اور بحث کرنا طرفین سے

[١] بولے موسی آخر ٦ شعر موسی نے کہا کہ مین نے تو لطف کیا ولیکن تو خداوندی کے لائق نہ تھا وہ خداوندی کہ اس مین یقین نہین نہ دست اُس کو جانے اور نہ آستین وہ خداوندی کہ وہ چوری سے ہو بیدل و بے جان و بے آنکھ ہو وہ خداوندی کہ عام نے دی ہے وہ پھیر لیوین تجھسے مانند قرض کے وہ خداوندی تیری بندگی سے کمتر ہے اگر تو بالیقین جانے وہ خداوندی عارضی خدا کو دے تاکہ وہ خداوندی ہمیشگی کی دے یعنی یہ دنیا کی بادشاہت جو عارضی ہے خدا کو دے تاکہ وہ بادشاہت ہمیشگی کی تجکو عنایت کرے چنانچہ اس کی مثال مین امیران عرب کا قصہ آگے فرماتے ہین فافہم ١٢

آن امیران عرب گرد آمدند — نزد پیغمبر منازع می شدند
کہ تو میری ہر یک از ما ہم امیر — بخش کن این ملک و بخش خود بگیر
ہر یکے در بخش خود انصاف جو — تو ز بخش ما و دست خود بشو
گفت میری مر مرا حق دادہ است — سروری و امر مطلق دادہ است
کاین قرآن احمد ست و دور او — ہین بگیرید امر او را اتقوا
قوم گفتندش کہ ما ہم زان قضا — حاکمیم و داد امیری مان خدا
گفت لیکن مر مرا حق ملک داد — مر شما را عاریہ از بہر زاد
میری من تا قیامت باقی است — میری عاریتی خواہد شکست
قوم گفتندش کہ افزونی مجو — چیست حجت بر فزون جوئی بگو

## دریافت کرنا موسے علیہ السلام کا حضرت جل جلالہ سے لم خلقت خلقا فاہلکتہ اور جواب آنا حضرت عزت سے

کیا اسے پیدا کیا تو نے مخلوق کو پھر ہلاک کیا اسکو ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| گفت موسی ای خداوند حساب | نقش کردی باز چون کردی خراب | [۲] بولے موسی اے خداوند حساب | تو بنا کر نقش کیون کرتا خراب |
| نر و مادہ نقش کردی جانفزا | وانگہی ویران کنی آن را چرا | نقش نر مادہ بناتا خوب ہی | پھر خراب اسکو تو کرتا کس لئے |
| گفت حق دانم کہ این پرسش ترا | نیست از انکار و غفلت وز ہوا | بولا حق مین جانتا ہون یہ پرسش تجھے | ہی نہ غفلت اور ہوا انکار سے |
| ورنہ تادیب و عتابت کردمے | بہر این پرسش ترا آزردمے | ورنہ مین دیتا ادب از رہ عتاب | تجکو اس پرسش کی بدلے بیحساب |

۱ پس نقوش الخ ۲ شعر پس نقوش اہل زمین اور چرخ کے حکمت نہین ہین وہ اس واسطے ہون اگر حکیم نہین ہے تو کیون ترتیب ہے اور اگر حکیم ہے فعل خالی کس لئے ہے یعنی فعل الحکیم لا یخلو عن الحکمۃ آگے اس کی مثال ہو حمام وخضاب نے کوئی بنائے سوائے قصد صواب وناصواب کے جو نشانی تو عالم مین دیکھتا ہو وہ معنی وحکمت کے لئے ہو یعنی دنیا مین جو چیز ہے وہ بہ معنی حکمت کے ہے جس سے خداوند تعالی انسان کو پیدا کرتا و مارتا ہے واسطے حکمت کے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

۲ بولے الخ ۶ شعر موسے نے کہا کہ اے خداوند حساب تو نقش بنا کر کیون خراب کرتا ہے نقش نر مادہ کا خوب بناتا ہی پھر اسکو خراب کسواسطے کرتا ہے حق نے کہا کہ مین جانتا ہون یہ پرسش سبب تجھے غفلت وہوا وانکار سے نہین ہو ورنہ مین از راہ عتاب کے تجکو ادب دیتا اس پرسش کے بدلے بیحساب ولیکن تو چاہتا ہے کہ میرے فعلون مین حکمت ڈھونڈھ اسرار قضا سے تاکہ اس سے تو واقف کرے عالم کو اور پختہ کرے اس سے خام کو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

لیک میخواهی که در افعال ما | باز جوئی حکمت و سر قضا
تا ازان واقف کنی مر عام را | پخته گردانی بدین هر خام را
قاصدا سائل شدی از کاشفی | بهر عامه ارچه تو زان واقفی
زانکه نیم علم آمد این سوال | هر برونی را نباشد این مجال
هم سوال از علم خیزد هم جواب | همچنانکه خار و گل از خاک و آب
هم ضلال از علم خیزد هم هدا | همچنانکه تلخ و شیرین از ندا
ز آشنائی خیزد این بغض و ولا | در غذاے خوش بود سقم و شفا
مستفیدی اعجمی شد آن کلیم | تا عجمیان را کند زان سر علیم
ما هم از وی اعجمی سازیم خویش | پاسخش آریم چون بیگانه پیش
خرفروشان خصم همدیگر شدند | تا کلید قفل آن در آمدند
پس بفرمودش خدا اے ذولباب | چون بپرسیدی بیا بشنو جواب
موسیا تخم بکار اندر زمین | تا تو خود هم داد هی انصاف این
چونکه موسی اکشت شد کشتش تمام | خوشه هایش یافت خوبی و نظام
داس بگرفت و مر آنها را برید | پس ندا از غیب در گوشش رسید
که چرا کشتی کنی و پروری | چون کمالے یافت آن را میبری
گفت یارب زان کنم ویران و پست | که در ینجا دانه هست و گاه هست
دانه لائق نیست در انبار کاه | کاه در انبار گندم هم تباه
نیست حکمت این دو را آمیختن | فرق واجب میکند در بیختن

یہ پوچھتا ہے کہ فعلوں میں ہمارے | ڈھونڈھے حکمت و قضا کی بھید
اس سے ناواقف کرے تو عام کو | اور کرے تو پختہ اس سے خام کو
کھولنے میں عام پر سائل ہوا | ہو تو قصدًا اگرچہ اس سے جانتا
کیونکہ آدھا علم آیا یہ سوال | نے ہر اک جاہل کو ہووے یہ مجال
علم سے اٹھے سوال اور ہم جواب | جس طرح ہو خار و گل از خاک و آب
علم سے ہو ہم ضلالت ہم ہدا | جس طرح ہو تلخ و شیرین با ندا
آشنائی سے اٹھے بغض و ولا | اور غذا سے ہو مرض اور ہم شفا
مثل انجانوں کے چاہتا تھا کلیم | تا کرے انجان کو اس سے علیم
ہم بھی انجان اب بنائیں آپ کو | لیں جواب اس سے جوں بیگانہ ہو
جس طرح دلال آپس میں لڑیں | تا کہ کنجی قفل اس در کی بنیں
حق نے فرمایا اسے اے فیضیاب | تونے جو پوچھا تو سن اسکا جواب
اے کلیم اب تو زمین میں تخم بو | تا تو آپ ہی دیوے اس انصاف کو
بویا موسیٰ نے ہوئی کھیتی تمام | خوشے سب پکے رہا نے کوئی خام
پس درانتی لیکے کاٹا سب اسے | پس ندا آئی یہ اسکو غیب سے
کہ اسے بویا و پالا کس لیے | جب کمال آیا تو کاٹا کس لیے
عرض کی اے رب میں کاٹوں اسلیے | کہ اب اسمیں دانہ ہے اور گھاس ہے
دانہ نے لائق ہے اندر گھاس کے | گھاس سے گیہوں تباہی میں پڑے
کب ہے حکمت دونوں یہ باہم رہیں | فرق واجب ہے صفائی میں کریں

۵۱ کھولنے میں آہ ۸ شعر جو تو قصدًا عام پر کھولنے میں سائل ہوا اگرچہ تو اس سے جانتا تھا کیونکہ آدھا علم یہ سوال آیا کہ ہر ایک جاہل کو یہ مجال نہ ہووے آگے اسکی مثال ہے علم سے ہم سوال و ہم جواب اٹھے جس طرح خار و گل خاک و آب سے علم سے ہم ضلالت و ہم ہدایت ہو جس طرح تلخ و شیرین باندا ہو آشنائی سے بغض و ولا اٹھے اور غذا سے ہم مرض و ہم شفا ہووے یعنی علم سے ہدایت ہوتی ہے اور علم سے ضلالت ملتی ہے آگے رجوع بقصہ ہے مثل انجانوں کے کلیم چاہتا تھا کہ انجانوں کو اس سے علیم کرے آگے حقائق ہیں ہم بھی آپ کو انجان بنائیں اور جواب اس سے لیں مانند بیگانے کے جس طرح دلال آپس میں لڑتے ہیں تا کہ کلید و قفل اس دروازہ کے بنیں یعنی خود کو پیش حق انجان بناؤ تا کہ علم حق تجکو بتاوے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ۵۲ حق نے الخ ۸ شعر حق تعالیٰ نے اسے فرمایا اے فیضیاب تونے جو پوچھا تو اس کا جواب سن اے کلیم تو زمین میں تخم بو تا کہ تو آپ ہی اس انصاف کو دے موسیٰ نے بویا اور کھیتی تمام ہوئی خوشے سب پکے اور کوئی خام نہ رہا پس درانتی لیکر اسے سب کاٹا یہ ندا اس کو غیب سے آئی کہ اسے جو بویا اور پالا کسواسطے جب کمال آیا تو کاٹا کسواسطے عرض کی کہ اے رب میں اسواسطے کاٹتا ہوں کہ اب اس میں دانہ اور گھاس ہے دانہ اندر گھاس کے لائق نہیں ہے گھاس سے گیہوں تباہی میں پڑے یہ کب حکمت ہے کہ دونوں باہم رہیں فرق واجب ہے کہ صفائی میں کریں باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

گفت این دانش زکہ آموختی / نور این شمع از کجا افروختی
گفت تمییزم تو دادی اے خدا / گفت پس تمییز چون نبود مرا
ور خلائق روحہاے پاک ہست / روحہاے تیرۂ گلناک ہست
این صدفہا نیست دریک مرتبہ / در یکے دُر ست و در دیگر شبہ
واجبست اظہار این نیک و تبہ / ہمچنان کاظہار گندمہا زکاہ
بہر اظہار ست این خلق جہان / تا نماند گنج حکمتہا نہان

بولا اس دانش کو سیکھا کس سے ہی / شمع یہ روشن کرے کس جاے سے
بولے اے رب یہ دیا تو نے تمیز / بولا مجکو کیون نہ پھر ہووے تمیز
خلق مین از بسکہ روحین پاک ہین / اور روحین تیرۂ گلناک ہین
یہ نہین ہین سب صدف اک طور سے / ایک مین موتی ہین اک مین پوت ہے
کرنا ظاہر نیک و بد واجب ہوے / جیسے ظاہر کرنا گیہون گھاس سے
ہے سبے اظہار یہ خلق جہان / تا نہ رہوے گنج حکمت کا نہان

## بیان آنکہ روح حیوانی و عقل جزوی و وہم و خیال بر مثال دوغ اند و روح وحی کہ باقی ست درین دوغ مانند روغن پوشیدہ است

## بیان اس بات کا کہ روح حیوانی عقل جزوی و وہم و خیال مانند دہی کے ہین اور روح وحی کہ باقی ہے اس دہی مین مانند روغن کے پوشیدہ ہے

کنت کنزاً گفت مخفیاً شنو / جوہر خود گم مکن اظہار شو
جوہر صدقت خفی شد در دروغ / ہمچو طعم روغن اندر طعم دوغ
آن دروغت این تن فانی بود / راستت آن جان ربانی بود
سالہا این دوغ تن پیدا و فاش / روغن جان اندرو فانی و لاش
تا فرستد حق رسولے بندۂ / دوغ را در خمرہ جنبانندۂ
تا بجنباند بہ ہنجار و بفن / تا بدانم من کہ پنہان بود من

کنت کنزاً مخفیاً بولا سنو (تھا میرا خزانہ پوشیدہ ۱۲) / اپنا جوہر گم نہ کر ظاہر تو ہو
سچ کا جوہر جھوٹھ مین مخفی ہوا / جیسے گھی کا ہے دہی مین بس مزا
یہ تن فانی ترا اس جھوٹھ ہی / جان ربانی کو تو سچ جان لے
برسون اس تن کا دہی ظاہر رہا / اور اسمین جان کا گھی تھا چھپا
بھیجا اک اللہ نے بندہ نبی / تا کہ ہانڈی مین ہلا دے وہ دہی
تا ہلاوے اس طریقہ سے بھلا / تا کہ مین جانون کہ پنہان مین ہی تھا

سے ۱ بولا الخ ۲ شعر فرمایا کہ اس دانش کو کس سے سیکھا ہے اور شمع روشن کس جاے سے کی ہی کہا کہ رب یہ تو نے تمیز دیا ہی فرمایا کہ مجکو پھر تمیز کیون نہ ہووے خلق مین از بسکہ روحین پاک ہین اور روحین تیرہ گلناک ہین یہ سب صدف ایک طور پر نہین ہین ایک مین موتی اور ایک مین پوت ہے نیک و بد ظاہر کرنا واجب ہوا ہے جیسے ظاہر کرنا گیہون کا گھاس سے یہ خلق جہان واسطے اظہار کے ہے تا کہ گنج حکمت کا نہ رہوے پوشیدہ یعنی یہ مخلوق واسطے اظہار کے ہے کہ گنج حکمت پوشیدہ نہ رہے چنانچہ اس گنج حکمت کا بیان آگے ہے فافہم ۱۲
سے کنت کنزاً الخ ۶ شعر حق نے کنت کنزاً مخفیاً کو کہا سنو کہ تو اپنا جوہر گم نہ کر ظاہر ہو جوہر سچ کا جھوٹھ مین مخفی ہوا جیسے گھی کا دہی مین مزا ہے یہ تیرا تن فانی جھوٹھ ہی اور جان ربانی کو تو سچ جان لے اس بدن کا دہی برسون ظاہر رہا اور اسمین جان کا گھی چھپا تھا اللہ نے ایک بندہ نبی کو بھیجا تا کہ وہ ہانڈی مین دہی ہلائے تا اس طریقہ سے ہلائے کہ مین جانون کہ مین ہی پوشیدہ تھا یعنی تن دہی اور جان اسمین گھی ہی اور انبیا اور اولیا اس گھی جان کو ہلائے یا محنت سے دہی تن سے ظاہر کر دیتے ہین اسواسطے کسی عارف نے کہا کہ شریعت شیر طریقت دہی حقیقت مسکہ و معرفت روغن خالص ہے

کہ اولیا اسکو علحدہ علحدہ کر دیتے ہین آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲

یا کلام بنده کان جزو اوست در رود در گوش آن کو وحی جوست
اذن مومن وحی ما را واعی است آن چنان گوش قرین داعی است
آنچنانکه گوش طفل از گفت مام پر شود ناطق شود او در کلام
ور نباشد طفل را گوش رشد گفت مادر نشنود گنگے شود
دائماً هر کر اصلی گنگ بود ناطق آن کس شد که از مادر شنود
دانکه گوش کرد گنگ از آفتی است زانکه در گوشش رسیده علتی است
او پذیرای دم و تعلیم نیست لاجرم هر نطق را تسلیم نیست
آنکه بے تعلیم بد ناطق خداست که صفات او ز علتها جداست
یا چو آدم کرد تعلیمش خدا بے حجاب مادر و دایه و را
یا مسیحا که به تعلیم ودود در ولادت ناطق آمد در وجود
از برای رفع تهمت در ولاد که نه زادست از زنا و از فساد
جنبشے بایست اندر اجتهاد تا که دوغ آن روغن اندر دل بزاد
روغن اندر دوغ باشد چون عدم دوغ در هستی بر آورده علم
آنکه هستت می نماید هست پوست وانکه فانی می نماید اصل اوست
دوغ روغن ناگرفتست و کهن تا بگزینی بنه خرجش مکن
هین بگردانش بدانش دست دست تا نماید آنچه پنهان کرده است
آنکه این فانی دلیل باقی ست لابه مستان دلیل ساقی است

یا کلام[سله] بندہ جز اسکا ہو جو وہ سنے جو کان ڈھونڈھے وحی کو
کان مومن کا جو میری وحی سنے کان ایسا قابل اب دعوت کی ہو
جیسے بچہ سنکے ماں کی بات کو باتین کرتا ہو وہ ویسی جان لو
گر نہوتا[سله] کان بچہ کا رسا گونگا ہوتا اور نہ سنتا وہ ذرا
بہرا اصلی گونگا ہوتا ہے سدا وہ ہوا گویا جو مادر سے سنا
جسکا بہرا گونگا کان آفت سے ہو اسلئے وہ کان مین علت رکھے
وہ نہین لائق دم و تعلیم کے اسلئے نے نطق کی طاقت رکھے
جو ہو بے تعلیم ناطق وہ خدا کہ صفات اسکی ہو علت سے جدا
یا جو آدم کو کری تعلیم ہے بے وسیلہ ماں کی بس اللہ نے
یا مسیحا جو بہ تعلیم خدا وقت پیدائش کی بس ناطق ہوا
رفع تہمت کے لئے گویا ہوا پیدا ہونے کے زنا سے تی جدا
جہد مین[سله] بس کرنا حرکت چاہیے تا دہی اس گھی کو دل سے چھوڑ دے
جون عدم اندر دہی کی بس گھی اور ہی مشہور ہستی مین دہی
ہست جو تجکو دکھے وہ پوست ہی اصل ہے اسکی جو وہ فانی دکھے
جس دہی نے گھی کو نے پکڑی ہے خرچ مت کر جب تلک دیکھے نہ تو
ہاتھون ہاتھ اسکو تو دانش سے بلو جو کہ پوشیدہ ہے تا ظاہر وہ ہو
جو کہ یہ فانی ہے باقی کی دلیل مست کا ہے عجز ساقی کی دلیل

سله یا کلام الخ ۳ شعر یا کلام بندہ جو اسکا جزو ہو وہ سنے کہ جو کان وحی کو ڈھونڈ ھے مومن کا کان جو میری وحی سنے ایسا کان قابل دعوت کے ہو آگے اس کی مثال ہو جیسے بچہ ماں کی بات سن کر ویسی باتین کرتا ہو جان لو یعنی جو کان وحی حق ڈھونڈ ھے وہ کان کلام انبیا و اولیا کا سنے کیونکہ ویسا کلام نہ کوئی کہہ سکتا ہو اور نہ کوئی سنتا سمجھتا ہو کسی کی جان نہیں بان کے کان نہیں کان بکو ذہن نہین باقی مثال آگے ہو فافہم ۱۲ سله گر نہوتا الخ ۸ شعر اگر کان بچہ کا رسا نہ ہوتا وہ گونگا ہوتا ہے وہ گویا ہوا کہ جس نے مادر سے سنا سب کا کان بہرا و گونگا آفت سے ہو اس لئے کہ وہ کان مین علت رکھتا ہو وہ لائق نہین ہو دم اور تعلیم کے اس لئے کہ نطق کی طاقت نہین رکھتا ہو جو بغیر تعلیم کے ناطق ہو وہ خدا ہو کہ اُس کی صفات علت سے جُدا ہی یا جو آدم علیہ السلام کو تعلیم کی ہو بغیر وسیلہ ماں کے اللہ نے یا عیسےٰ علیہ السلام جو تعلیم خدا سے وقت پیدائش کے ناطق ہوئے دفع تہمت کے لئے گویا ہوئے پیدا ہوتے ہی کہ زنا سے نہیں جنا ہون یعنی جسکو نطق بغیر تعلیم کے ہو وہ خدا ہے یا خاصان خدا مثل آدم و عیسیٰ علیہما السلام کہ ہین آگے رجوع بقصہ ہو فافہم ۱۲ سله جہد مین الخ ۷ شعر حرکت جہد مین کرنا چاہیے تا دہی اُس گھی کو دل سے چھوڑ دے عدم کی مانند دہی مین گھی ہو اور ہستی مین مشہور دہی ہو جو تجکو ہست دکھے وہ پوست ہی جو فانی دکھے وہ اسکی اصل ہو جب دہی نے گھی کو نہین پکڑی ہو خرچ مت کر تو جب تک نہ دیکھے اُس کو ہاتھون ہاتھ تو دانش سے بلو جو پوشیدہ ہی تا کہ وہ ظاہر ہو جو کہ یہ فانی باقی کی دلیل ہے مست کا عجز ساقی کی دلیل ہے جو دہی مین گھی پوشیدہ ہوتا ہی تو بتائے جو کچھ اُس سے عیان ہو یعنی دانش و ریاضت سے اُس دہی کو تن کو بلو جو گھی جان کا اُس مین پوشیدہ ہی تو ظاہر ہو آگے اس کی دوسری مثال ہی فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| روغن اندر دوغ پنہان میشود | ہر چہ میسازی تواش آن میشود | گھی دہی مین جو کہ ہوتا ہے نہان | تو بنائے جو کچھ اس سے ہو عیان |

## مثال دیگر ہم درین معنے

## مثال دوسری بھی اسی معنی مین

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہست بازیہای آن شیر علم | مخبری از بادہای مکتتم | بازی اس شیر علم کی دے خبر | باد پوشیدہ سے اے نادان بسر |
| گر نبودی جنبش آن بادہا | شیر مردہ کی بجستی در ہوا | گر نہ ہوتی باد کی جنبش ذرا | شیر مردہ کب ہوا مین کودتا |
| زان شناسی باد را گر آن صباست | یا دبورست این بیان آن جفاست | اُس سے جانے باد کو کہ ہے صبا | یا دبور اک ہے بیان اس راز کا |
| این بدن مانند آن شیر علم | فکر می جنباند او را دم بدم | یہ بدن شیر علم کی مثل ہے | فکر حرکت دمبدم بس اسکو دے |
| بادکان از مشرق آید آن صباست | وانکہ از مغرب دبور و با وباست | باد مشرق سے جو آتی ہے صبا | اور دبور آتی ہے مغرب سے ہوا |
| مشرق این باد فکرت دیگرست | مغرب این باد فکرت زان سرست | شرق باد فکر تیری دوسری | غرب باد فکر اُس سو سے ہوئی |
| خور جمادست و بود شرقش جماد | جان جانہا جان بود شرقش فؤاد | خور جماد اور شرق اسکی ہے جماد | جان جانان جان کا مشرق ہے فواد |
| شرق خورشیدی کہ شد باطن فروز | قشر و عکس آن بود خورشید روز | شرق اُس خور کی کہ ہے باطن فروز | پوست اور عکس اسکا ہے خورشید روز |
| زانکہ چون مردہ بود تن بی لہب | پیش او نے روز بنماید نہ شب | جو کہ تن مردہ وہ ہو بے نور لب | آگے اسکے نہ دیکھے دن اور نہ شب |
| ور نباشد آن چو این باشد تمام | بے شب و بے روز دارد انتظام | گر نہ وہ ہووے جو یہ ہووے تمام | بس رکھے بے رات دن کی انتظام |
| ہمچنانکہ چشم می بیند بخواب | بے مہ و خورشید ماہ و آفتاب | خواب مین جس طور دیکھے آنکھ ہے | چاند و سورج بے مہ و خورشید کے |
| نوم ما چون شد اخ الموت ای فلان | زین برادر آن برادر را بدان | جو ہوا ہے نوم اخ الموت یان | بھائی سے اُس بھائی کو جان ای فلان |
| ور بگویندت کہ ہست آن فرع این | مشنو آن را اے مقلد بے یقین | گر کہین اسکو کہ وہ شاخ اسکی ہے | اے مقلد بے یقین تو مت سنے |

لہ بازی الخ ۔ شعر اس شیر علم کی بازی باد پوشیدہ سے خبر دیتی ہے اے نادان اگر باد کی جنبش ذرا نہ ہوتی شیر مردہ ہوا مین کب کودتا اُس سے جانے باد کو کہ صبا ہے یا کہ دبور بیان اس راز کا ہے آگے اس کے حقائق ہین یہ بدن شیر علم کی مثال ہے کہ دمبدم فکر اُس کو حرکت دیے جو باد مشرق سے آتی ہے صبا ہے اور جو باد مغرب سے آتی ہے وہ دبور ہے شرق باد فکر تیری کی دوسری ہے غرب باد فکر کی اُس طرف سے ہے یعنی باد صبا دنیا کی ہے اور باد دبور اُس طرف کی ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

سے خور جماد الخ ۔ شعر خور جماد اور شرق اس کی بھی جماد ہے جان جانان جان کا مشرق دل ہے اُس خورشید کی کہ مشرق کہ باطن افروز ہے پوست و عکس اُس کا خورشید روز ہے جو بدن کہ مردہ ہو سب بے نور ہے آگے اُس کے نہ دن دیکھے اور نہ شب اور اگر وہ مردہ ہووے جو یہ بالکل ہو وے بس بغیر رات دن کے انتظام رکھے یعنی بدن کی روشنی اور ہے اور جان کی روشنی اور ہے اگر روشنی جان کی نہ ہو تو بدن بیجان ہے اور اگر بدن کی روشنی نہ ہو تو جان سب کچھ دیکھ سکتی اور کر سکتی ہے آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲

سے خواب مین الخ ۔ شعر جس طرح خواب مین آنکھ دیکھتی ہے چاند و سورج کو بے ماہ و خورشید کے جو بیان ہوا خواب بھائی موت کا بس ایک بھائی سے اُس بھائی کو جان اگر تجکو کہین کہ وہ شاخ اس موت کی ہے اے مقلد تو بغیر یقین کے مت سن خواب مین جان تیری وصال دیکھے کہ بیداری مین نہیں دیکھ سکتی تو دوڑے اسکی تعبیر کے لئے اولیاء اللہ کے پاس کہ راز اُس کا کھلے کہ اس خواب کی تعبیر کیا ہے یہ جو اُس تعبیر کو شاخ اس خواب کا جانتا ہے وہ خواب عام کی ہے اور یہ خاص کی کہ ابرار و خواص اسکو دیکھتے ہین یعنی خواب بھائی موت کا ہے اور اس خواب کی شاخ موت کی مت جانو بلکہ موت کے برابر ہے مگر وہ خواب خاصون کا ہے نہ عام کا آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲

می بیند خواب جانت وصف حال — کہ بہ بیداری نہ بینی بیست سال
خواب مین جان تیری دیکھے وصف حال — کہ نہ بیداری مین دیکھے بیس سال

در پے تعبیر آن تو عمرہا — می دوی سوی شہان یادہا
دوڑے تو تعبیر اسکی کے لئے — پاس شاہون کے کہ راز اسکا کھلے

کہ بگو این خواب را تعبیر چیست — فرع گفتن اینچنین سر راسگی ست
کہ کہو اس خواب کی تعبیر کیا — کہنا شاخ اس بھید کو کب ہے روا

خواب عامہ ست این و خود خواب خاص — باشد اصل اجتبا و اختصاص
عام کو وہ خواب ہے یہ خواب خاص — دیکھتے اسکو ہین ابرار و خواص

پیل باید تا چو خسپد او ستان — خواب بیند خطۂ ہندوستان
چاہیئے[1] ہاتھی کہ تا سوئے کھڑا — خواب مین ہندوستان دیکھے سدا

خر نہ بیند ہیچ ہندوستان بخواب — خر ز ہندوستان نکردہ است اغتراب
خواب مین نے ہند دیکھے خر کبھی — خر نے ہندوستان سے نے غربت کری

جان ہمچون پیل باید نیک زفت — تا بخواب او ہند تاند رفت تفت
چاہیئے جان مثل ہاتھی کے بڑی — خواب مین تا ہند کو جاوے کبھی

ذکر ہندوستان کند پیل از طلب — پس مصور گردد آن ذکرش بشب
ذکر شوق ہند کا ہاتھی کرے — رات کو وہ ذکر اب صورت بنے

اذکروا اللہ کار ہر اوباش نیست — ارجعی بر پای ہر قلاش نیست
اذکروا اللہ کام نے اوباش کا (ذکر کرو تم اللہ کا ۱۲) — ارجعی نی پانون ہر قلاش کا

لیک تو آیس مشو ہم پیل باش — ور نہ پیلی در پے تبدیل باش
مت ہو نا امید تو او ر پیل ہو — گر نہین ہے پیل تو تبدیل ہو

کیمیا سازان گردون را ببین — بشنو از مینا گران ہر دم طنین
آسمانی[2] کیمیا گر دیکھ تو — مینا گر سے سن صدا آواز کو

نقش بندانند در جو فلک — کار سازانند بہر لی و لک
نقش بند ہین دائرے مین چرخ کے — کار ساز اک ہین مرے تیرے لئے

گر نہ بینی خلق مشکین جیب را — بنگر ای شبکور آن آسیب را
خلق مشکین کی تو گر نے پائے بو — دیکھ اندھے انکی بس ہیبت کو تو

ہر دم آسیبی ست بر ادراک تو — نبت نو نو رستہ بین از خاک تو
ہیبت ہر دم ہے تری ادراک پے — دیکھ اُگتے ہے سبزۂ نو خاک سے

زین بد ابراہیم ادہم دید خواب — بسط ہندوستان دل را بیحجاب
دیکھا ابراہیم ادہم نے یہ خواب — بسط ہندوستان دل کو بیحجاب

لاجرم زنجیرہا را بر درید — مملکت برہم زد و شد ناپدید
توڑ ڈالا اس لئے زنجیر کو — ملک چھوڑا اور ہوا پوشیدہ وہ

این نشان دید ہندوستان بود — کہ جہد از خواب و دیوانہ شود
یہ نشان[3] بس دید ہندوستان کا ہے — خواب سے اُٹھے وہ دیوانہ بنے

[1] چاہیئے الخ شعر ہاتھی چاہیئے کہ تا کھڑا سوئے اور خواب مین ہندوستان ہمیشہ دیکھے خر کبھی خواب مین ہندوستان نہین دیکھتا ہے کہ خر نے ہندوستان سے غربت نہین کی ہے جان چاہیئے مثل ہاتھی کے بڑی تا خواب مین ہندوستان کو کبھی جاوے ذکر شوق ہندوستان کا ہاتھی کرے اور اسکو وہ ذکر ایک صورت بنے ذکر کرنا اللہ کا اوباش کا کام نہین رجوع کرنا پانون ہر تلاش کا نہین تو نا امید مت ہو اور پیل ہو اگر پیل نہین ہے تو تبدیل ہو یعنی تو رحمت حق سے نا امید مت ہو اگر پیل نہین ہے تو خواب مین اپنے وطن کو دیکھے تبدیل ہو کر منزل مقصود کو پہونچے یعنی مرشد حاصل کر کہ وہ تجھے بدل دیوے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] آسمانی الخ شعر تو آسمانی کیمیا گر کو دیکھ اور مینا گر سے تو سن ہمیشہ آواز کو نقشبند ہین چرخ کے دائرہ مین اور ایک کارساز ہین میرے و تیرے واسطے اگر تو بو خلق مشکین کی نپائے تو اے اندھے تو دیکھ انکی ہیبت کو تیرے ادراک پر ہر دم ہیبت ہے دیکھ اُگتا ہے سبزۂ نو خاک سے ابراہیم ادہم نے یہ خواب دیکھا بسط ہندوستان دل کو بیحجاب اس لئے زنجیر کو توڑ ڈالا ملک چھوڑا اور وہ پوشیدہ ہوا یعنی خواب ابرار کا یہ ہے کہ ما فیہا سے دل برداشتہ ہو جاوے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [3] یہ نشان الخ شعر یہ نشان دید ہندوستان کا ہے کہ خواب سے اُٹھے اور دیوانہ بنے تدبیر پر خاک ڈالتا ہے اور علاقے سب زنجیر کے توڑتا ہے ملک دنیا چھوڑ دیوے سر بسر اور تعلق ترک کر دیوے بیشتر جیسے حضرت نے فور سے کہا ہے کہ اسکا نشان اندر دل کے ہے کہ اجتناب رکھے دنیا سے اور امید رکھے عقبیٰ سے واسطے شرح کلام مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی تو ایک داستان سن اے یار صفا یعنی یہ نشان کشود باطن کا ہے کہ خواب دنیا مین اپنا وطن اصلی دیکھے اور دنیا کو ترک کر دے چنانچہ اس کا نقشہ بیان مین آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲

می فشاند خاک بر تدبیرها — می دراند حلقه از زنجیرها
ترک گیرد ملک دنیا سربسر — جملگی به هم زند آید بدر
آنچنان که گفت پیغمبر ز نور — که نشانش آن بود اندر صدور
که تجافی دارد از دار الغرور — هم انابت دارد از دار السرور
بهر شرح این حدیث مصطفی — داستانی بشنو ای یار صفا

ڈالتا ہے خاک بس تدبیر پا — توڑتا ہی حلقے سب زنجیر کے
چھوڑ دیوے ملک دنیا سربسر — اور تعلق ترک کر دے بیشتر
جیسے حضرت نے کہا ہی نور سے — کہ نشان اسکا وہ اندر دلکے ہی
کہ تجافی رکھے یا دار الغرور (جناب رکھے دار غرور) — اور انابت رکھے یا دار السرور (امید رکھے عیش سے ۱۲)
واسطے شرح کلام مصطفے — داستان اک سن تو ای یار صفا

حکایت آن بادشاهزاده که بادشاه
حقیقی بوی روی نمود و یوم یفر المرء
من اخیه نقد وقت او شده بادشاهی
این خاک توده که کودک طبعان قلعه گیری
نام کنند آن کودکی که چیره آید بر سر خاک
توده بر آید ولاف زند که قلعه مراست
کودکان دیگر بروی رشک برند که التراب
ربیع الصبیان آن بادشاهزاده چون
از قید رنگها برست گفت من این
خاکهای رنگین را همان توده خاک دون
میگویم و زر و اطلس و اکسون نمی گویم

حکایت اس بادشاہزادہ کی کہ بادشاہ حقیقی
نے اُسے مُنھ دکھلایا ویوم یفر المرء (جس دن کہ بھاگے)
من اخیہ نقد حال اُسکا ہوا اس خاک کے ڈھیر (بھائی اپنے سے ۱۲)
کی بادشاہی کہ طفل طبع قلعہ گیری جانتے
ہین جیسے ایک لڑکا خاک کی ڈھیری پر
غالب آکر دعوی کرے کہ قلعہ میرا ہے
اور دوسرے لڑکے اُسپر رشک کرین کہ التراب (مٹی)
ربیع الصبیان وہ بادشاہزادہ جو قید رنگون (لڑکون کی کھیل ہے ۱۲)
سے چھوٹا بولا کہ مین اس خاک رنگین کو وہی خاک
کی ڈھیری کہتا ہون اور زر و اطلس و کمخواب
نہین جانتا ہون اور اس کمخواب کو ہرن جانتا

زین اکسون رہزن رستم و بیک سو
جستم و آتیناہ الحکم صبیا و ارشاد
حق راہ رو رسالہا حاجت نیست در قدرت
کن فیکون کس سخن از قابلیت نگوید

اور ساتھ ایک سمت فنا کے بھاگا اور آتیناہ
(اور دیا ہمنے اسکو)
الحکم صبیا اور حکم خدا کو گذرنے برسون کی
(حکم لڑکپن مین ۱۲)
حاجت نہین ہی قدرت کن فیکون مین کوئی
قابلیت سے بات نہین کہتا ہے

بادشاہے داشت یک زیبا پسر — باطن و ظاہر مزین از ہنر
خواب دید او کان پسر ناگہ بمرد — صافی عالم بران شہ گشت درد
خشک شد از تاب آتش مشک او — کہ نماند از تف آتش اشک او
آنچنان پر شد ز دود و درد شاہ — کہ نمی یابید در وے راہ آہ
خواست مردن قالبش بیکار شد — عمر ماندہ بود شہ بیدار شد
شادی آمد ز بیداریش پیش — کو ندیدہ بود اندر عمر خویش
کہ ز شادی خواست ہم فانی شدن — پس مطوق آمد این جان با بدن
از دم غم می بمیرد این چراغ — وز دم شادی بمیرد اینت لاغ
در میان این دو مرگ او زندہ است — این مطوق شکل جای خندہ است
شاہ با خود گفت شادی را سبب — آنچنان غم بود از تسبیب رب
این عجب یک چیز از یک روی مرگ — وز یکی رو زندگی و رخت و برگ

بادشہ[۱] رکھتا تھا اک لڑکا جوان — ظاہر و باطن ہنر سے کامران
خواب مین دیکھا وہ لڑکا مر گیا — بس جہان تاریک شہ پر ہوگیا
تاب آتش سے ہوئی خشک اسکی مشک — کہ نہ گرمی سے رہا اک اسکی اشک
یہ ہوا ایسا دھوئین سے درد کے — کہ نہو سکتی تھی آہ اُس شاہ سے
چاہا مرنا اور تن عاجز ہوا — عمر باقی تھی تو وہ شہ جگ گیا
شادی[۲] جگنے مین اُسے ایسی ہوئی — کہ نہ دیکھی عمر بھر ایسی خوشی
چاہا اُسنے بھی خوشی سے ہون فنا — جان تن سے ہوگئی زنجیر پا
پس دم غم سے یہ بجھتا ہی چراغ — اور خوشی کے دم سے اُجڑ ہی یہ باغ
درمیان دو موت کے زندہ ہی وہ — اس مقید شکل پر خندان تو ہو
شاہ سوچا یہ سبب شادی کا تھا — ایسا وہ غم کہ سبب حق سے دکھا
یہ عجب[۳] ہی چیز اک سو مرگ ہی — اور اک سو زندگی و برگ ہی

[۱] بادشہ الخ ۵ شعر بادشاہ ایک لڑکا جوان رکھتا تھا ظاہر و باطن ہنر سے با مقصد تھا خواب مین دیکھا کہ وہ لڑکا مر گیا بادشاہ پر جہان تاریک ہوگیا تاب آتش سے اس کی مشک خشک ہوگئی کہ گرمی سے اُس کے ایک اشک نہ رہا درد کے دھوئین سے ایسا پر ہوا کہ اس شاہ سے آہ تک نہین ہو سکتی تھی مرنا چاہا اور تن عاجز ہوا عمر باقی تھی تو وہ شاہ جگ گیا باقی حال آگے ہی فافہم
[۲] شادی الخ ۵ شعر اُسے شادی جگنے مین ایسی ہوئی کہ عمر بھر وہ خوشی ایسی نہ دیکھی تھی اُسنے چاہا کہ خوشی سے بھی فنا ہون جان تن سے زنجیر پا ہوگئی آگے اسکے حقائق ہین دم غم سے یہ چراغ بجھتا ہی اور دم خوشی سے یہ باغ اجڑ جاتا ہی درمیان دو موت کے وہ زندہ ہی اس مقید شکل پر تو خندہ ہو یعنی انسان دنیا مین اندر دو موت کے مبتلا ہی کہ شادی سے بھی مرتا ہی اور غم سے بھی مرتا ہے آگے رجوع بقصہ ہی شاہ سوچا کہ یہ سبب شادی کا تھا ایسا وہ غم کہ حق سے یہ سبب دکھا آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ [۳] یہ عجب الخ ۸ شعر یہ عجب چیز ہی کہ ایک طرف مرگ ہی اور ایک طرف زندگی و برگ ہی ایک نسبت سے وہ حالت موت ہی دوسری جانب سے آسایش رکھتی ہی تن کی خوشی کو طرف دنیا کے کمال ہی اور طرف آخرت کے نقصان و زوال ہی ہنسنے کی خواب مین یہ تعبیر جان کہ گریہ کریگا بارنج و زیان خواب مین گریہ سے خوشی ہوتی ہی یہی تعبیر اسکی ہی آگے رجوع بقصہ ہی بادشاہ سوچا کہ یہ غم دیگیا دکین اس بدظنی سے جان ہا نہیں ہے اگر کانٹا قدم مین یہ کانٹا چبھے اگر گل جائے یادگاری چاہیئے یعنی فقرست ملکیو اگر ایسا ہی ہو یادگاری چاہئیے اگر وہ جائیے خواب مین جو روتا ہی وہ بیداری مین ہنستا ہی اور جو خواب مین ہنستا ہی وہ بیداری مین روتا ہی پس یہی اُس خواب کی تعبیر ہی آگے اسکے حقائق ہین فہم

آن یکی نسبت بدان حالت ہلاک ‏ باز ہم از سوے دیگر امساک
شادی تن سوے دنیاوی کمال ‏ سوے روز عاقبت نقص و زوال
خندہ را در خواب ہم تعبیر خوان ‏ گریہ گوید با دریغ و اندہان
گریہ را در خواب شادی و فرح ‏ ہست در تعبیر ای صاحب مرح
شاہ اندیشید کاین غم خود گذشت ‏ لیک جان از جنس این بد ظن نگشت
گر رسد خارے چنین اندر قدم ‏ گر رود گل یادگاری بایدم
چشم زخمی زین مبادا کہ شود ‏ یادگاری بایدم گر او رود
چون فنا را شد سبب بے منتہا ‏ پس کدامین راہ را بندیم ما
صد دریچہ در سوے مرگ لدیغ ‏ میکند اندر گشادن ژیغ ژیغ
ژیغ ژیغ تلخ آن درہاے مرگ ‏ نشنود گوش حریص از حرص برگ
از سوے تن دردہا بانگ درست ‏ وز سوے خصمان جفا بانگ دیت
جان من برخوان دمی فہرست طب ‏ نار علتہا نظر کن ملتہب
در کتاب طب چو بینی ای فتا ‏ بر شمار ریگ بینی رنجہا
زان ہمہ عزہا درین خانہ رہ است ‏ ہر دو گامی پر ز کژدمہا چہ است
باد تند ست و چراغ ابترے ‏ زو بگیرانم چراغ دیگرے
تا بود کز ہر دو یک وافی بود ‏ گر بباد آن چراغ از جا رود
ہمچو عارف کز تن ناقص چراغ ‏ شمع دل افروخت از بہر فراغ
تا کہ روزی کاین بمیرد ناگہان ‏ پیش چشم خود نہد او شمع جان
او نکرد این فہم از راہ غرور ‏ شمع فانی را بفانی داد نور
چارہ اندیشید لیکن چارہ نے ‏ گفت باخود نیست بیرون رفتنی

ایک نسبت سے وہ حالت موت ہے ‏ دوسری جانب سے آسائش کی ہے
تن کی شادی کو سوے دنیا کمال ‏ اور سوے آخرت نقص و زوال
خواب مین ہنسنے کی تعبیر جان ‏ کہ کریگا گریہ با رنج و زیان
خواب مین گریہ سے ہوتی ہے خوشی ‏ ہے یہی تعبیر اس کی اے اخی
شاہ سوچا کہ یہ غم تو بس گیا ‏ پر نہین اس بدظنی سے جان ہا
گر قدم مین کاش یہ کانٹا چبھے ‏ جائے گر گل یادگاری چاہیے
مت نظر لگیو اگر ایسا ہی ہو ‏ یادگاری چاہیئے گر جائے وو
جو فنا کے ہین سبب بے انتہا ‏ کونسا مین راستہ روکون بھلا
سمت مرگ اکثر دریچے اور در ‏ دیتے ہین آواز کھلنے مین مگر
تلخ آواز ان درون سے مرگ کے ‏ نہ سنے گوش حریص اک حرص سے
و.ز دسو تن سے ہی آواز در ‏ اور جفاد شمن سے ہی آواز در
جان من فہرست طب کی دیکھ تو ‏ علتون کی آگ جلتی دیکھ تو
گر کتاب طب کو دیکھے مستفا ‏ رنج لاکھون پائے تو بلکہ سوا
جملہ ان رنجون کی رہ اس گھر مین ہے ‏ بچھوون سے ہین قدم دونون بھرے
ہے ہوا تیز اور چراغ آفت زدہ ‏ لیلون اس سے مین چراغ اک دوسرا
تا کفایت ایک دونون سے کرے ‏ گر ہوا سے وہ چراغ آخر بجھے
اس طرح عارف چراغ جسم سے ‏ بہر فرحت شمع دل روشن کرے
تا کہ اک دن جو بجھے یہ ناگہان ‏ آنکھ کے آگے رکھے وہ شمع جان
یہ نہ سمجھا وہ بس از راہ غرور ‏ شمع فانی کو دیا فانی سے نور
سوچی تدبیر اور نہین تدبیر وہ ‏ سوچا دل مین کی یہان سے کوچ ہے

۵۱ جو فنا کے الخ یہ شعر جو فنا کے سبب بے انتہا ہین مین کونسا راستہ روکون مرگ کی طرف اکثر دریچہ اور در کھلے ہین آواز دیتے ہین ولیکن آواز تلخ مرگ کے ان درون سے گوش حریص حرص سے نہ سنیگا ور سوے تن سے آواز درد ہے اور جفاء دشمن سے اے جان میری فہرست طب کی تو دیکھ علتون کی آگ جلتی تو دیکھ اگر تو کتاب طب کو دیکھے رنج لاکھون تو پائے بلکہ سوا جملہ ان رنجون کے راہ اس گھر مین ہے دونون بچھوون سے بھرے ہین یعنی درد بدن و جفاے دشمن آواز کھلنے در کی ہے طرف مرگ کے تو کتاب طب سے فہرست اسکی دیکھ لے کہ اس خانہ تن مین جملہ رنجون کی راہ ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ۵۲ ہے ہوا الخ یہ شعر ہوا تیز اور چراغ آفت زدہ ہے اس سے مین ایک چراغ دوسرا لیلین تا کہ دونون سے ایک کفایت کرے اگر ہوا سے آخر وہ چراغ بجھے آگے اسکے حقائق ہین اس طرح عارف چراغ جسم سے واسطے فرحت کے چراغ دل روشن کرتا ہے تا کہ ایکدن جو یہ ناگہان بجھے پیش چشم وہ شمع جان رکھے آگے رجوع بقصہ ہے یہ نہ سمجھا وہ کہ از راہ غرور شمع فانی کو فانی سے نور دیا تدبیر سوچی اور تدبیر نہین تھی دل مین سوچا کہ یہان سے نہین جاونگا یعنی جو تدبیر سوچی وہ تدبیر نہین تھی کیونکہ یہ جانتا تھا کہ مین دنیا سے نہین جاونگا نا فہمی تھی آگے اس مختصر کا بیان ہے

## زن خواستن جہت فرزند بہ امید آنکہ نسل بماند

پس عروسے خواست باید بہر او — تا بگردد زین تزوج نسل جو
گر رود سوئے فنا این باز باز — فرخ او گردد ز بعد باز باز
صورتِ این باز گر زینجا رود — معنی او در ولد باقی بود
بہر این فرمود آن شاہ نبیہ — مصطفٰے کہ الولد سر ابیہ
بہر این معنی ہمہ خلق از شغف — می بیاموزند طفلان را حرف
تا بماند آن معانی در جہان — چون شود آن قالب ایشان نہان
حق بحکمت حرص شان داد ست جد — بہر رشد ہر صغیر مستعد
من ز بہر دوام نسل خویش — جفت خواہم پور خود را خوب کیش
دخترے خواہم ز نسل صالحے — نے ز نسل پادشاہے طالحے
شاہ خود آن صالح ست آزاد او — نے اسیر حرص فرج است و گلو
مر اسیران را لقب کردند شاہ — عکس چون کافور نام آن سیاہ
شد مفازہ بادیہ خون خوارہ نام — نیکبخت آن پیش را گویند عام
بر اسیر شہوت و حرص و امل — بر نوشتہ میر یا صدر اجل
این اسیران اجل را عام داد — نام امیران اجل اندر بلاد

## تلاش کرنا عورت کا لڑکے کے لئے اس امید پر کہ نسل باقی رہے

ڈھونڈھی[۱] لڑکی اسکی شادی کیلئے — تاکہ باقی نسل شادی سے رہے
جائے گر یہ باز پھر سوئے فنا — اسکا بچہ باز ہووے دوسرا
جائے صورت باز کی اس جائے سے — معنی وہ اولاد مین باقی رہے
اس لئے فرماتے ہین شاہ نبیہ — مصطفٰے کہ الولد سر ابیہ
اس لئے از راہ شفقت سب بشر — اپنے بچون کو سکھاتے ہین ہنر
تا معانی وہ رہے اندر جہان — جبکہ قالب انکا ہو جاوے نہان
حق نے حکمت سے انھین دی حرص ہے — راستی پر لانے بچون کے لئے
مین[۲] بھی قائم نسل رکھنے کیلئے — شادی کرتا ہون مین لڑکے کیلئے
چاہتا ہون لڑکی مین نسل نیک سے — اور نہ نسل بد سے شاہ وقت کے
شاہ خود صالح و آزاد و امیر — حرص شہوت اور غذا کا نہ اسیر
قیدیون کا بس لقب سلطان کیا — نام کافور عکس زنگی کا رکھا
ہے مفازہ بادیہ پر خون کا نام — نیکبخت اب کہتے لونڈی کو ہیں عام
حرص[۳] اور شہوت کے ہین جو کہ اسیر — انکو کہین صدر عالی یا امیر
شہر مین جو ہین اسیران اجل — عام انھین کہوین امیران اجل

سلہ ۱ ڈھونڈھی الخ ۲ شعر لڑکی ڈھونڈھی اُس کی شادی کے لئے تاکہ شادی سے نسل باقی رہے اگر یہ باز پھر سوئے فنا جائے اسکا بچہ دوسرا باز ہووے اس جگہ سے باز کی صورت جائے وہ معنی اولاد مین باقی رہے آگے اس کے حقائق ہین اسواسطے شاہ خبردار محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہین ترجمہ کہ بیٹا نشانی باپ کی ہے اسواسطے از راہ شفقت کے سب بشر اپنے بچون کو ہنر سکھاتے ہین تاکہ وہ معانی جہان مین رہین جب کہ انکا قالب نہان ہووے حق نے حرص انھین حکمت سے دی ہے بچون کو راستی پر لانے کے لئے یعنی بیٹا نشانی باپ کی ہے جب کہ باپ اس جہان سے جائے تو وہ بیٹا اس کی جا یہان رہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ سلہ ۲ مین بھی الخ ۵ شعر مین بھی نسل قائم رکھنے کے لئے شادی لڑکے کی کرتا ہون مین لڑکی چاہتا ہون نیک نسل سے اور نہ شاہ وقت کی نسل بد سے شاہ خود صالح و آزاد امیر تھا اور حرص و شہوت و غذا کا اسیر نہ تھا آگے مثال ہے قیدیون کا لقب سلطان کیا زنگی کا نام برعکس کافور رکھا جنگل پرخون کا نام مفازہ ہو اور عام لونڈی کو نیکبخت کہتے ہین یعنی دنیا مین برعکس معاملہ ہے آخرت سے باقی مثال آگے ہو فافہم ۱۲ سلہ ۳ حرص الخ ۳ شعر جو کہ اسیر حرص و شہوت کے ہین اُن کو صدر اعلیٰ یا امیر کہوین جو شہر مین امیران اجل ہین عام اُن کو امیران اجل کہتے ہین صدر کہین جو کہ اجر مین صف کے اندر ہین یعنی صاحب مال ہین آگے زاہد کی لڑکی کو اختیار کرنے کا بیان ہے فافہم ۱۲

صدر خواند ش در وصف فعال
این سخن را نیست پایان خوا جفت

جان او بسته است یعنی جاه و مال
بهر پور خویشتن شاه از نهفت

صدر کہوین جو کہ ہین آخیر بین
اس سخن کی بس نہین کچھ انتہا

صف ہے اندر یعنی صاحب ال این
شہ نے چاہا جوڑا اپنے پور کا

## اختیار کردن بادشاه دختر زاهد را از جهت پسر و اعتراض کردن اهلبیت و ننگ داشتن از پیوند درویشان

## اختیار کرنا بادشاہ کا زاہد کی لڑکی کو واسطے اپنے لڑکے کے اور اعتراض کرنا اہل خاندان کا اور ننگ کرنا رشتہ داری سے درویش کی

شاه چون با زاهدی خویشی گزید
مادر شهزاده گفت از نقص عقل
تو ز شح و بخل خواهی ورد ها
گفت صالح را گدا گفتن خطاست
در قناعت می گریزد از تقا
قلتی کان از قناعت وز تقاست
حبه آن گر بیابد سر نهد
شه که او از حرص قصد هر حرام
گفت کو شهر و قلاع او ز جهیز
گفت رو هر کو غم دین بر گزید
غالب آمد شاه و دادش دختری
در ملاحت خود نظیر خود نداشت

این خبر در گوش خاتونان رسید
شرط کفویت بود در عقل و نقل
تا به بندی پور ما را بر گدا
کو غنی القلب از داد خداست
نز لئیمی و کسل هم چون گدا
آن ز فقر و قلت دونان جداست
وین ز گنج زر به همت می جهد
می کند او را گدا گوید همام
یا نثار گوهر و دینار ریز
باقی غمها خدا از وی برید
از نژاد صالحی خوش جوهری
چهره اش تابان تر از خورشید چاشت

شاہ نے زاہد سے جو رشتہ کیا
بولی شہزادہ کی ماں کم عقل سے
بخل سے چہتا ہی تو اور عقل سے
بولا صالح کو گدا کہنا خطا
اتقا سے وہ قناعت کو رکھے
ہی قناعت اتقا سے مفلسی
ایک دانہ گر وہ پائے سر رکھے
نفث ہی اسیر حرص سے چاہے حرام
بولی انکا ملک و سامان ہی کہان
بولا چپ جس نے کہ غم دین کا لیا
غالب آیا شاہ و دختر اسکے کی
نے ملاحت مین نظیر اپنا رکھے

اس خبر کو بیگمون نے جب سنا
شرط کفویت ہی عقل و نقل سے
کہ گدا سے باندھے لڑکے کو مرے
وہ غنی دل جو حق سے ہی سدا
نی لئیمی سے گدا کے مثل ہے
فقر کی ہی مفلسی وہ دوسری
گنج سے یہ از رہ ہمت پھرے
خاص کہتے ہین گدا اسکو تمام
یا زر و گوہر تصدق کے کہان
باقی غم حق نے کیا اس سے جدا
خاندان نیک سے از رہ خوشی
اور روشن تر تھی وہ خورشید سے

ف۱ شاہ نے آٹھ شعر جب شاہ نے زاہد سے رشتہ کیا اس خبر کو بیگمون نے سنا شہزادے کی ماں نے کم عقلی سے کہا کہ کفویت عقل و نقل سے شرط ہی تو بخل سے چاہتا ہی اور عقل سے کہ گدا سے میرے لڑکے کو باندھے شاہ نے کہا کہ صالح کو گدا کہنا خطا ہی کہ وہ غنی دل بخشش حق سے ہمیشہ ہے وہ قناعت اتقا سے رکھتا ہی لئیمی سے مثل گدا کے قناعت اتقا سے مفلسی ہی اور فقر کی مفلسی وہ دوسری ہی اگر وہ ایک دانہ پائے سر رکھے اور یہ آزاد ہمت گنج سے پھرے آگے اسکے حقائق ہین اسیر نفث ہی کہ حرص سے حرام چاہے خاص لوگ اسکو گدا کہتے ہین بالکل یعنی وہ کمترین بندگان ہی کہ جو حرص سے حرام کو چاہے اسیر نفث ہو جیو آگے رجوع بقصہ ہی فافہم ۱۲ ف۲ بولی آٹھ شعر شاہزادے کی ماں نے کہا کہ اسکی ملک و سامان کہان ہی یا زر و گوہر تصدق کے کہان ہین شاہ نے کہا چپ رہ کہ جس نے غم دین کا لیا باقی غم حق نے اس سے جدا کیا بادشاہ غالب آیا اسکی دختر کی خاندان نیک سے از راہ خوشی کے کہ وہ ملاحت مین اپنا نظیر نہین رکھتی اور وہ روشن سوا تھی خورشید سے حسن و خصلت لڑکی مین ایسا عیان تھا کہ خوبی سے بیان نہین ہوتا تھا آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| حسن دختر این خصالش آنچنان | گر نگوئی می نہ گنجد در بیان | حسن خصلت ایسا لڑکی میں جیسا | کہ نہیں خوبی سے ہوتا تھا بیان |
| صید دین کن تا رسد اندر تبع | حسن و مال و جاہ و بخت منتفع | دین لے تا پیروی میں پائے تو | حسن و مال و جاہ اور بخت نکو |
| آخرت قطار اشتر دان عمو | در تبع دنیاش ہمچون پشک و مو | آخرت کو تو قطار اونٹوں کی جان | مثل پشم مینگنی حب جہان |
| پشم بگزینی شتر نبود ترا | ور بود اشتر چہ قیمت پشم را | پشم تو لیوے شتر نے ہوں ترے | گر شتر ہو پشم کیا قیمت رکھے |
| چون بر آمد این نکاح آن شاہ را | با نژاد صالحان بے مرا | ہوگیا جبکہ نکاح اس شاہ کا | ساتھ صالحہ کے کہ تھی وہ پارسا |

## جادوئی کردن کمپیرک و فریفتہ شدن شاہزادہ

## سحر کرنا پیر زال کا اور فریفتہ ہونا شاہزادہ کا

| | | | |
|---|---|---|---|
| از قضا کمپیرک جادو کہ بود | عاشق شہزادہ با حسن وجود | اتفاقاً ساحرہ اک پیر زن | عاشق شہزادہ تھی با حسن تن |
| جادوئے کردش عجوز کابلی | کہ بروتان رشک سحر بابلی | اُس پیر زال کابلی نے بس کیا | سحر کہ تھا سحر بابل سے سوا |
| شہ بچہ شد عاشق کمپیر زشت | تا عروس و آن عروسی را بہشت | شاہزادہ زال پر عاشق ہوا | چھوڑی دولہن اپنی اور اسکو گیا |
| یک سیہ رو دیو کابولی زنے | گشت بر شہزادہ ناگہ رہزنے | اک سیہ رو دیو کابل کی وہ زن | شاہزادہ کی ہوئی بس راہزن |
| زان سیہ روئی خبیثے نابکار | گشت آن شہزادہ مدہوش و نزار | اُس خبیث و روسیہ بدکار نے | کھویا شہزادہ کو بالکل ہوش سے |
| این نود سالہ عجوز گندہ پیر | نہ خرد ہشت آن ملک را نہ ضمیر | بد ہیئت نوے برس کی زال نے | عقل اور دل لیلیا اُس شاہ سے |
| تا بسالے بود شہزادہ اسیر | بوسہ جایش نعل کفش گندہ پیر | اک برس تک شاہزادہ قید تھا | نعل کفش اُس زال کا تھا چومتا |
| صحبت کمپیر او را می ربود | تا ز کاہش نیم جانے ماندہ بود | زال کی صحبت گلاتی اسکو تھی | یاں تلک کہ جان آدھی رہ گئی |

**ف ۱** دین لے الخ ۴ شعر دین لے تا کہ پیروی میں تو پائے حسن و مال و جاہ و بخت نکو آگے مثال ہے آخرت کو قطار اونٹوں کی تو جان اور مانند پشم اور مینگنی کے حب جہان کی تو پشم لیوے شتر تیرے نہ ہوں اگر شتر ہووے پشم کیا قیمت رکھتی ہے جبکہ نکاح اُس شاہ کا ہوگیا صالحہ کے ساتھ کہ وہ پارسا تھی یعنی دین کے حاصل ہونے سے حسن و مال و جاہ ملتا ہے آگے سحر کرنا پیر زال کا بیان ہے فافہم ۱۲ **ف ۲** اتفاقاً الخ ۶ شعر اتفاقاً ایک پیر زن ساحرہ شاہزادے کے حسن تن پر عاشق تھی اُس پیر زال کابلی نے سحر کیا کہ سحر بابل سے سوا تھا شاہزادہ اُس زال پر عاشق ہوا اپنی دلہن چھوڑی اور اُسکو گیا وہ زن سیاہ روحہ کابل کی شاہزادہ کی راہزن ہوئی اُس خبیث و روسیاہ و بدکار نے شاہزادے کو بالکل چھوڑا ہوش سے نوے برس کی زال بد ہیئت نے عقل و ہوش لے لیا اُس شاہزادے سے باقی حال آگے ہے فافہم **ف ۳** اک برس الخ ۵ شعر شاہزادہ ایک برس تک قید تھا نعل کفش اُس پیر زال کا چومتا تھا زال کی صحبت اُس کو گلاتی تھی یہاں تک کہ آدھی جان رہ گئی دوسرے اُس کے ضعف و درد سے وہ کشتۂ سحر سے خود بے خبر تھا شاہ پر یہ جہان زندان ہوا اُس کے رونے سے پسر خندان ہوا شاد ہوا عاجز بر دوماہ میں رات دن صدقہ دیتا تھا اور زکوٰۃ باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

دیگران از ضعفت وی باد ردسر — او ز سکر سحر از خود بیخبر
این جہان بر شاہ چون زندان شدہ — وین پسر بر گریۂ شان خندان شدہ
شاہ بس بیچارہ شد در برد و مات — روز و شب میکرد قربان و زکات
زانکہ ہر چارہ کہ میکرد آن پدر — عشق کمپیرک ہمی شد بیشتر
پس یقین گشتش کہ مطلق آن سریست — چارہ او را بعد ازین لابہ گریست
سجدہ میکرد او کہ ہم فرمان تراست — غیر حق بر ملک حق فرمان کراست
لیک این مسکین ہمی سوزد چو عود — دستگیرش ای رحیم ای ودود

دوسرے ضعف اسکے سے باد ردسر — وہ نشے سے سحر کے خود بیخبر
بادشہ پر یہ جہان زندان ہوا — اُسکے گریہ پر پسر خندان ہوا
شہ ہوا بس عاجز اندر برد و مات — رات دن دیتا تھا صدقہ اور زکات
جسقدر[1] کرتا علاج اسکا پدر — پیرزن کا عشق ہوتا بیشتر
اُس نے جانا کہ یہ ہے اُس سمت سے — بس علاج اسکا دعا اور عجز ہے
سجدہ وہ کرتا کہ تیرا حکم ہے — ملک حق پر غیر کب حاکم بنے
پر یہ مسکین جلتا ہے مانند عود — کر مدد تو اے رحیم اے ودود

## مستجاب شدن دعاے بادشاہ در خلاص پسر از جادوے

## مقبول ہونا دعاے بادشاہ کا رہائی پسر مین جادو سے

تا ز یارب یارب و افغان شاہ — ساحرے استاد پیش آمد ز راہ
او شنیدہ بود از دور این خبر — کہ اسیر پیرزن گشت آن پسر
کان عجوزہ بود اندر جادوئی — بے نظیر و ایمن از مثل و دوئی
دست بر بالاے دستست ای فتا — در فن و در زور تا دست خدا
منتہاے دستہا دست خداست — بحر بیشک منتہاے جویہاست
ہم ازو گیرند مایہ ابرہا — ہم بدو باشد نہایت سیلہا
گفت شاہش کین پسر از دست رفت — گفت اینک آمدم درمان زفت

اللہ اللہ[2] کرنے سے اُس شاہ کی — ساحر اک اُستاد آیا دور سے
کہ سنی تھی دور یہ اُسنے خبر — کہ پھنسا ہے زال سے شہ کا پسر
کہ وہ زال زشت اندر سحر کے — بے نظیر و ایمن اپنی مثل سے
دست اوپر دست کے ہے اے عارفا — زور مین اور فن مین تا دست خدا
انتہا دستون کا ہے دست خدا — بحر بیشک انتہا سب نہر کا
بھی اُسی سے ابر لیتا ہے تری — بھی اُسی تک انتہا ہے سیل کی
بولا شہ[3] اب ہاتھ سے لڑکا گیا — بولا مین آیا علاج اسکا بڑا

[1] جسقدر الخ ۴ شعر جسقدر اس کا باپ علاج کرتا تھا عشق پیرزن کا زیادہ ہوتا تھا اُس نے جانا کہ اس سمت سے ہے اس کا علاج دعا و عجز ہے وہ سجدہ کرتا تھا کہ تیرا حکم ہے ملک حق پر غیر کب حاکم بنے ولیکن یہ مسکین مانند عود کے جلتا ہے تو رحم کر اسے رحیم و اسے ودود آگے قبول ہونا دعا کا بیان ہے فافہم ۱۲ [2] اللہ اللہ الخ ۶ شعر اس شاہ کی اللہ اللہ کرنے سے ایک اُستاد ساحر دور سے آیا کہ اس نے دور سے یہ خبر سنی تھی کہ زال سے شاہزادہ پھنسا ہے کہ وہ زال زشت سحر مین بے نظیر ہے اور اپنے مثل سے ایمن ہے آگے اسکے حقائق ہین دست اوپر دست کے ہے اے عارف زور و فن مین دست خدا تک انتہا تک ستونکا ہے دست خدا اور انتہا سب نہرون کا ہے بیشک دریا بھی اسی سے ابر تری لیتا ہے بھی اُسی تک انتہا سیل کی ہے یعنی بیعت پیر کی عین بیعت حق کی ہے کیونکہ دست بدست انتہا دست خدا ہے اس راہ سے ید اللہ فوق ایدیہم ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ [3] بولا شہ الخ ۸ شعر شاہ نے کہا کہ اب ہاتھ سے لڑکا گیا کہا کہ مین اسکو بڑا علاج آیا کوئی ساحرون سے مقابل زال کے نہین مجھ سا کہ مین آیا اس طرف سے ہون یعنی زال دنیا نے پسر آدم خلیفۃ اللہ کو فریفتہ خود کیا تھا کہ جناب رسول مقبول صلعم نے اسکو دنیا سے بچایا یا ہم دست موسی علیہ السلام کے حکم خدا سے اسکا معجزہ سحر سے جدا کردون کہ یہ علم اس طرف سے مجھے آیا ہے یہ سحر شاگردی سے نہین سیکھا ہے مین آیا کہ اسکے سحر کو کھولون تا شاہزادہ زرد رو نہ رہے جا سمت گورستان کے سحر کو زیر دیوار ایک سفید گور ہے جانب قبلہ تو اُس گور کو کھود کہ تجھ پر قدرت اللہ ظاہر ہو وے

یہ حکایت بڑی ہے تو طول ہے مین خلاصہ کہتا ہون فضول کو چھوڑتا ہون آگے بیان سحر ہے فافہم ۱۲

نیست ہمتا زال را زین ساحران — جز من راہی سپیدہ زان کران
چون کف موسیٰ بامر کردگار — نک برآرم من ز سحر او دمار
کہ مرا این علم آمد زان طرف — نے ز شاگردی بسحر مستخف
آمدم تا برگشایم سحر او — تا نماند شاہزادہ زرد رو
سوے گورستان برو وقتِ سحور — پہلوِ دیوار ہست اسپید گور
سوے قبلہ باز کاو آن گور را — تا بہ بینی قدرت و صنع خدا
پس دراز ست این حکایت تو ملول — زبدہ گویم رہا کردم فضول
سوے گورستان برفت آن شاہ زود — گور را آن شاہ آن دم برکشود
جادوی ہا دید پنہان اندرو — صد گرہ بربستہ بر یک تار مو
آن گرہ ہاے گران را برکشاد — پس ز محنت پور شہ را راہ داد
آن پسر با خویش آمد شد روان — سوے تخت شاہ با صد امتحان
سجدہ کرد و بر زمین میزد ذقن — در بغل کردہ پسر تیغ و کفن
شاہ آئین بست و اہل شہر شاد — وان عروسے ناامید و بے مراد
عالم از سر زندہ گشت و پر فروز — اے عجب آن روز روز امروز روز
یک عروسے کرد شاہ او را چنان — کہ جلاب و قند بد پیشِ سگان
جادوِ کمپیر از غصہ بمرد — روے خوے زشت با مالک سپرد
شاہزادہ در تعجب ماندہ بود — کز من او عقل و بصر چون در ربود
نو عروسے دید ہمچون شاہِ حسن — کہ ہمی زد بر ملیحان راہ حسن
گشت بیہوش و بر و اندر فتاد — تا سہ روز از جسم او گم شد فواد

ساحرون سے نے مقابل زال کے — مجھ سوا کہ آیا مین اُس سمت سے
مثلِ دست موسیٰ باحکم خدا — معجزہ اسکا سحر سے کر دون جدا
کہ یہ آیا علم اس سو سے مجھے — نے یہ سیکھا سحر شاگردی سے ہی
آیا مین تا کھولون اسکے سحر کو — تا نہ رہوے شاہزادہ زرد رو
جا سحر کو سمت گورستان کے — زیر دیوار اب سفید اک گور ہے
جانب قبلہ تو کھود اُس گور کو — تجھ پہ ظاہر قدرت اللہ ہو
یہ حکایت ہی بڑی تو ہے ملول — مین خلاصہ کہتا ہون چھوڑا فضول
سوئے گورستان گیا جلدی سے وہ — اور کھودا شہ نے اُس دم گور کو
سحر دیکھا اُس مین پنہان شاہ نے — دی ہوئی تھین سو گرہ کہ بال پے
اُن گرہ مشکل کو کھولا جس گھڑی — شاہزادے کی وہ محنت سب گئی
ہوش مین شہزادہ آیا اور گیا — امتحان صدہا سے سوئے تخت شاہ
سجدہ کرتا خاک پر ملتا ذقن — اور لئے تھا وہ پسر تیغ و کفن
خوش تھے اہل شہر شہ کو تھی خوشی — اور بس وہ زال اس غم سے مری
عالم اک زندہ ہوا دیکھا علاج — اے عجب اک دن تھا وہ اک دن ہے آج
جشن اک شہ نے کیا اس طور سے — کہ گلاب و قند کتون کو ملے
ساحرہ وہ زال غصہ سے مری — اپنی بدخو مالک دوزخ کو دی
اُس سے شہزادہ کو حیرانی ہوئی — کہ مری عقل و بصر کیونکر سے لی
پس دُلہن دیکھی نئی جون شاہِ حسن — کہ حسینون کی وہ مارے راہ حسن
ہو کے وہ بیہوش اوندھا گر پڑا — تین دن تک جسم و جان سے گم رہا

لے سوے گورستان ۶ شعر وہ جلدی سے طرف گورستان کے گیا اور شاہ نے گور کو اُس دم کھودا شاہ نے اس مین سحر پوشیدہ دیکھا کہ ایک بال پر سو گرہ دی ہوئی تھین جس دم اُن گرہ مشکل کو کھولا وہ شاہزادے کی سب محنت گئی شاہزادہ ہوش مین آیا اور گیا صدہا امتحان سے طرف تخت شاہ کے خاک پر وہ سجدہ کرتا اور ذقن ملتا اور وہ پسر تیغ و کفن لیے ہوئے تھا اہل شہر خوش تھے اور شاہ نے خوشی کی اور وہ پیر زال اس غم سے مری باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲
ے عالم اک آخ ۶ شعر ایک عالم زندہ ہوا اور علاج دیکھا اے عجب ایک وہ دن تھا اور ایک آج دن ہے شاہ نے ایک جشن اس طور سے کیا کہ گلاب و قند کتون کو ملا وہ زال ساحرہ غصہ سے مری اور خوے بد اپنی مالک دوزخ کو دی اس سے شہزادے کو حیرانی ہوئی کہ میری عقل و بصر کیونکر سے لی پس دلہن دیکھی نئی مانند شاہ حسن کے کہ حسینون کی وہ راہ حسن سے مارتی تھی وہ بے ہوش ہو کر اوندھا گر پڑا اور تین دن تک جسم و جان سے گم رہا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| سہ شبان روز او زخود بیہوش گشت | تا کہ خلق از غشی او در جوش گشت | تین شب۵۱ اور تین دن بیخود رہا | اس غشی سے خلق گھبرائی سوا |
| از گلاب و از علاج آمد بخود | اندک اندک فہم گشتش نیک و بد | پس گلاب و عطر سے آیا بخود | تھوڑا تھوڑا اُسنے سمجھا نیک و بد |
| بعد سالے گفت شاہش در سخن | کاے پسر یاد آر آن یار کہن | اک برس کے بعد از راہِ ہنسی | شہ نے فرمایا ہی یاد اُس یار کی |
| یاد آور زان ضجیع و زان فراش | تا بدین حد بیوفا و مر مباش | یاد کر وہ صحبت و ہم بستری | بیوفا اتنا نہ ہو اے جان مری |
| گفت رو من یافتم دار السرور | وارہیدم از چہ دار الغرور | بولا مین نے پایا اب دار السرور | اور چھٹا یہ چاہ و یہ دار الغرور |
| ہمچنان باشد چو مومن راہ یافت | سوے نور حق ز ظلمت رو بتافت | اس طرح پاتا ہی مومن جبکہ راہ | نور مین ظلمت سے لیتا ہی پناہ |
| مخلص این قصہ بر گفتم تمام | تا بدانی مقصد خود والسلام | الغرض قصہ کہا مین نے تمام | تا تو جانے اپنا مقصد والسلام |

## در بیان آنکہ آن شاہزادہ آدمی زادہ است پدرش آدم صفی ست خلیفۂ حق وکمپیر کابلی دنیاست کہ آدمی بچہ را از پدر ببرید بسحر و انبیا و اولیا آن طبیب اند وتدارک کنندہ

## بیان مین اسکے کہ وہ شاہزادہ آدم زاد ہی اور باپ اُسکا آدم صفی خلیفۃ اللہ ہی اور پیر زال دنیا ہی کہ بچہ آدم باپ سے جادو کر کے چھین لیا اور انبیا و اولیا طبیب اور چارہ گر ہین

| | | | |
|---|---|---|---|
| اے برادر دانکہ شہزادہ توی | در جہان کہنہ زادہ از نوی | اے۵۲ برادر جان شہزادہ تو ہی | عالم کہنہ مین نو پیدا تو ہی |
| کابلی ساحرہ دنیاست کو | کردہ مردان را اسیر رنگ و بو | زال دنیا کابلی ہے ساحرہ | رنگ و بو کا قیدی مردونکو کیا |

۵۱ تین شب آلخ ۷ شعر مین دن اور تین شب بیخود رہا اس غشی سے خلق گھبرائی پس گلاب و عطر سے ہوش مین آیا تھوڑا تھوڑا اُس نے نیک و بد جانا ایک برس کے بعد از راہ ہنسی کے شاہ نے فرمایا کہ اُس یار کی یاد ہے وہ یاد کر صحبت و ہمبستری اتنا بے وفا نہ ہو اے میری جان کہا کہ اب مین نے پایا گھر خوشی کا اور چھوٹا یہ چاہ اور یہ گھر غم کا آگے اس کے حقائق ہین اس طرح جبکہ مومن راہ پاتا ہی نور مین ظلمت سے پناہ لیتا ہے الغرض مین نے قصہ تمام کہا تا کہ تو اپنا مقصد پاوے اور سلام یعنی جب مومن کو نور دل حاصل ہوتا ہے تو ظلمت دنیا سے بھاگتا ہے آگے اس حکایت کے نتیجہ کا بیان ہی فافہم ۱۲ ۵۲ اے برادر آلخ ۵ شعر اے برادر جان کہ شہزادہ تو بھی ہے اور عالم کہنہ مین نو پیدا تو ہی دنیا زال کابلی ساحرہ ہی کہ مردون کو رنگ و بو کا قید کیا اس آلودگی مین جو تجکو پھانسا ہی پس تو ہر دم پڑھکر پھونک قل اعوذ کو تا کہ تو سحر سے چھوٹے اور تعلق نہ ہو اور رد چاہ رب کھولنے والے سے دنیا کو ساحرہ حضرت رسول مقبول صلعم نے فرمایا کہ افسون سے مخلوق کو چاہ مین قید کیا یعنی سورہ معوذتین واسطے دفع سحر کے مجرب ہین اسواسطے مولانا اُن سورتون کی طرف اشارہ فرماتے ہین کہ اہل دنیا اس زال دنیا کے سحر مین مسخر ہین بقول جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس سے نجات ہو کہ جیسے



معوذتین سحر ظاہر کو دفع کرتی ہین اُسی طرح سحر دنیا کو بھی دفع کرتی ہین باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

چون در افگندت درین آلوده رود — دمبدم میخوان و میدم قل اعوذ
تا رہی زین جادوئی و زین قلق — استعانت خواہ از رب الفلق
زان نبی دنیات را سحارہ خواند — کو بافسون خلق را در چہ نشاند
ہین فسون گرم دارد گندہ پیر — کردہ شاہان را دم گرمش اسیر
در درون سینہ نفاثات اوست — عقدہاے سحر را اثبات اوست
ساحرہ دنیا قوی دانا زنیست — حل سحر او بپاے عامہ نیست
ور کشادے عقد او را عقلہا — انبیا را کے فرستادے خدا
ہین طلب کن خوش دمے عقدہ کشا — رازدان یفعل اللہ ما یشاء
ہمچو ماہی بستہ است او بشست — شاہزادہ ماند سالے و تو شصت
شصت سال از شست او در محنتے — نے خوشی نے بر طریق سنتے
فاسقے بدبخت نے دین و نے خوب — نے رہیدہ از وبال و از ذنوب
نفخ او این عقدہا را سخت کرد — پس طلب کن نفخۂ خلاق فرد
تا نفخت فیہ من روحی ترا — وارہاند زین و گوید بر تر آ
جز بسر نفخ حق نسوزد نفخ سحر — نفخ قہرست این و آن دم نفخ مہر
رحمت او سابق ست از قہر او — سابقی خواہی برو سابق بجو
تا رسی اندر نفوس زوجت — کاے شہ مسحور اینک مخرجت
با وجود زال ناید انحلال — در شبیکہ در برت آن غنج و دلال

پھانسا اس آلودگی مین تجکو جب — پھونک ہر دم پڑھکے قل اعوذ کو
سحر سے تا چھوٹے تو نے ہو قلق — اور مدد تو چاہ یا رب الفلق
ساحرہ دنیا کو حضرت نے کہا — کہ فسون سے خلق کو چہ مین کیا
۱ـه تیز افسون زال دنیا کی رکھے — تیز دم سے قید شاہون کو کرے
پس وہی سینہ مین نفاثات ہے — عقدہاے سحر کو ثابت رکھے
زال دنیا اک بڑی ہی ساحرا — سحر اُسکا عام سے کب حل ہوا
کاش عقدہ اُسکے کھلتے عقل سے — انبیا کو بھیجتا حق کس لئے
ایک خوش دم چاہ تو عقدہ کشا — رازدان یفعل اللہ ما یشاء
۲ـه شست مین اسکی پھنسا ماہی مثال — (کرتا ہی اللہ جو چاہتا ہے) اک برس شہزادہ اور تو ساٹھ سال
ساٹھ سال اُس شست سے محنت مین ہے — نے خوشی نے اتباع کی راہ سے
اے شقی فاسق نہ دنیا خوب ہے — نے چھٹا اُسکے وبال و جرم سے
سخت اُسکے نفخ نے عقدے کیے — پس طلب کر نفخ تو اللہ سے
تا نفخت فیہ من روحی تجھے — پس چھڑائے اس سے اور باہر کرے
نے جلے جز نفخ حق کے نفخ سحر — یہ ہے نفخ قہر وہ ہی نفخ مہر
رحمت اسکی غالب اُسکے قہر سے — ہونا غالب چاہے تو غالب کو لے
پہونچے تا اندر نفوس زوجت — اے پھنسے جادو کے شہ یہ مخرجت
۳ـه زال کی موجودگی مین وہ حلال (نفسونکو جوڑا گیا) — تیری ہمصحبت تہو صاحب جمال

۱ـه تیز افسون الخ ۵ شعر زال دنیا کی افسون تیز رکھتی ہے وہ تیز دم سے شاہون کو قید کرتی ہے پس سینہ مین وہی افسون پھونکا ہوا ہے کہ عقدہاے سحر کو ثابت رکھتا ہے زال دنیا ایک بڑی ساحرہ ہے کب عام سے اس کا سحر حل ہوا کاش اسکے عقدے عقل سے کھلتے کس واسطے حق انبیا کو بھیجتا ایک عقدہ کشا خوش دم تو چاہ کہ رازدان ہو یفعل ما یشاء کا یعنی تو سحر دنیا مین جو گرفتار ہے ایک مرشد کامل تو حاصل کر کہ وہ تیرے عقدۂ مشکل کو کھول دے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ ۲ـه شست مین الخ ۸ شعر اسکی شست مین تو ماہی کے مانند پھنسا ہے شہزادہ ایک برس اور تو ساٹھ برس سے اُس شست سے ساٹھ برس سے تو محنت مین ہے نہ خوشی سے اور نہ اتباع کی راہ سے اے شقی فاسق دنیا خوب نہین ہے اور اسکے وبال و جرم سے تو چھٹا نہین ہے اُسکے نفخ نے سخت عقدے کئے پس تو نفخ طلب کر اللہ سے نفخت فیہ من روحی تجھے چھڑائے اُس سے اور باہر کرے سواے نفخ حق کے نہ جلے نفخ سحر یہ نفخ قہر ہے اور وہ نفخ مہر ہے اسکی رحمت غالب ہے اسکے قہر سے اگر غالب ہونا چاہتا ہے تو غالب کو حاصل کر تا پہونچے اندر نفوس زوجت کے اے شاہ پھنسے جادو کے یہی جاے خروج یعنی تو دام دنیا مین پھنسا ہے نفخ دنیا کا سخت ہے پس تو نفخ حق سے طلب کر کہ پھونکے حق تجھ مین روح اپنی سے کیونکہ رحمت حق غالب ہے قہر سے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۳ـه زال الخ ۶ شعر موجودگی مین زال کی وہ حلال تیری ہم صحبت صاحب جمال نہین یہ کہتے ہین وہ شاہ امتحان کر یہ دونون جہان آپس مین سوتین ہین اس سے ملے تو اس سے جدا ہو اس تن کی صحت مرض جان کا ہو اگرچہ فرقت اس جہان کی سخت ہے اُس جہان کی فرقت سخت تر ہے جان نقش فرقت جو تجھے سخت آئی نقاش سے فرقت سخت تر ہو گی اے صبر تجکو دنیا سے نہین ہے صبر اللہ سے تجکو کیسے ہے یعنی جبکہ خواہشات دنیا کی فرقت کا صبر نہین ہے تو خدا کی فرقت کا کب صبر ہو سکے گا آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

نے بگفت ست آن سراج امتحان / این جهان و آن جهان را ضرتان
نے یہ کہتے ہین وہ شاہ امتحان / سوت ہین آپس مین یہ دونون جہان

پس وصال این فراق آن بود / صحت این تن سقام جان بود
پس ملے اس سے تو اُس سے ہو جدا / صحت اس تن کی مرض اس جان کا

سخت چون آید فراق این مقر / پس فراق آن مقر دان سخت تر
سخت فرقت اس جہان کی ہو اگر / جان فرقت اُس جہانکی سخت تر

چون فراق نقش سخت آید ترا / تا چه سخت آید ز نقاشش جدا
نقش کی فرقت جو سخت آئی تجھے / سخت فرقت ہو یگی نقاش سے

ای که صبرت نیست از دنیای دون / چونت صبرست از خدا ای دوست چون
ای نہین ہی صبر دنیا سے تجھے / کیسے تجکو صبر ہے اللہ سے

چونکه صبرت نیست زین آب سیاه / چون صبوری داری از چشمه آله
صبر ١ اس آب سیہ سے نی تجھے / چشمۂ یزدان سے کیونکر صبر ہے

چونکه بی این شرب کم داری سکون / چون ز ابراری جدا وز یشربون
بے پیئے اسکے نہین تجکو سکون / کیون ہو بے ابرار اور بے یشربون

گر ببینی یک نفس حسن ودود / اندر آتش افکنی جان و وجود
گر تو دم بھر دیکھ لے حسن ودود / آگ مین تو ڈالدے بس جان وجود (نیکون سے ١٢)

جیفه بینی بعد از آن این شرب را / چون ببینی کر و فر قرب را
بعدہٗ مردار جانے شرب کو / جو تو دیکھے کر و فر قرب کو

همچو شهزاده رسی در یار خویش / پس برون آری ز پا تو خار خویش
یار سے تو مثل شہزادہ ملے / بس نکالے خار کو تو پاؤن سے

جهد کن در بیخودی خود را بیاب / زود تر و الله اعلم بالصواب
بیخودی مین کر تو کوشش بیحساب / جلد تر و اللہ اعلم بالصواب

هر زمانه هین مشو با خویش جفت / هر زمان چون خر در آب و گل مفت
ہر گھڑی ٢ خود بینی اپنی مت کرے / ہر گھڑی کیچڑ مین جون خر مت پھنسے

از قصور چشم باشد آن عثور / که نه بیند شیب و بالا را ز دور
ہی قصور چشم سے لغزش تجھے / کہ نہ دیکھے اونچا نیچا دور سے

بوی پیراهان یوسف کن سند / زانکه بویش چشم روشن میکند
بوے پیراہان یوسف کو تو لے / کیونکہ روشن چشم بو اسکی کرے

صورت پنهان و آن نور جبین / کرده چشم انبیا را دوربین
صورت پنہان وہ اور نور جبین / کرتی چشم انبیا کو دوربین

نور آن رخسار برهاند ز نار / هین مشو قانع به نور مستعار
نور اُس رخ کا چھڑائے نار سے / قانع مت ہو عارضی تو نور پے

چشم را این نور حالی بین کند / چشم و عقل و روح را گرگین کند
حال بین یہ نور آنکھون کو کرے / روح و عقل و آنکھ کو حیران رکھے

صورتش نورست و در تحقیق نار / گر ضیا خواهی و دست از وی بدار
نور کی صورت وہ باطن نار ہے / گر ضیا چاہے تو چھوڑ اب تو اُسے

---

قوم موسیٰ شو بخور این آب را | صلح کن با مہ ببین مہتاب را
قوم موسیٰ ہو و کھا اس آب کو | صلح کر مہ سے و دیا مہتاب کو

صد ہزاران ظلمت است از خشم تو | بر عباد اللہ اندر چشم تو
سیکڑون ظلمت ہی تیرے خشم سے | بندهٔ حق پر ہے اندر چشم کے

خشم بنشان چشم بکشا شاد شو | عبرت از یاران بگیر استاد شو
خشم کھو اور چشم کھول اور شاد ہو | عبرتین یارون سے لے استاد ہو

کے طفیل من شوی در اعتراف | چون ترا کفریست ہمچون کوه قاف
کب طفیلی ہو مرا با اعتراف | جو ہے تیرا کفر مثل کوه قاف

کوه در سوراخ سوزن کے رود | جز مگر آن کوه برگ کہ شود
کوه ناکے مین سوئی کے کب گھسے | اُس سوا کہ سے جو برگ کہ بنے

کوه را کہ کن باستغفار خوش | جام مغفوران بگیر و خوش بکش
کوه کو کہ کر تو استغفار سے | جام مغفورون کا پی تو پیار سے

تو بدین تزویر چون نوشی از ان | چون حرامش کرد حق بر کافران
کب تو اسکو پی سکے اس مکر سے | کہ حرام اسکو کیا کفار پے

خالق تزویر تزویر ترا | کے خرد اے مفتری مفتری
مکر کا خلاق تیرے مکر کو | کب خریدے اے فریبی مکر جو

آل موسیٰ شو کہ حیلت سود نیست | حیلہ ات بادِ تہی پیمود نیست
آل موسیٰ ہو و حیلہ مت کرے | فعل عبث ہی حیلہ کرنا بس تجھے

زہره دارد آب کز امر صمد | گردد او با کافران آبے کند
آپ کو طاقت کہ حکم اللہ سے | بس پھرے اور کافرونکو آب دے

سا ۵۱ نیل سے آلخ ۵ شعر پانی نیل سے پیالہ مین بھرا اور اُس سے منھ لگا کر آدھا پیا اور پیالہ جھکایا طرف اُس آب خواه کے کہ تو پی اور وہ خون سیاه ہوگیا اور جب ادھر پھیرا تو خون پانی ہوا قبطی اس غصہ سے آگ مین جلا تھوڑی دیر ٹھہرا تا غصہ گیا بعدهٔ کہا کہ اے سیف خدا اے برادر اس رنج کی دوا کیا ہے کہا کہ وہ شخص کھاے کہ جو متقی ہے آگے اس کے حقائق ہین فافهم ۱۲ ۵۲ متقی آلخ
۸ شعر وہ متقی ہے کہ جو بیزار ہوا راه فرعون سے اور موسیٰ سے ملے قوم موسیٰ ہو اور اس آب کو کھا ماه سے صلح کر و ماہتاب کو با تیرے خشم سے سیکڑون ظلمت ہے بندهٔ حق پر اندر چشم کے خشم کھو اور چشم کھول اور شاد ہو یارون سے عبرتین لے تا استاد ہو تو کب طفیلی میرا با اعتراف ہو چلو بھر پانی مین جو تیرا کفر مانند کوه قاف کے ہے ناکے مین سوئی کے کب گھسے سوا اُس کو مگے کہ جو برگ کاه بنے پس تو کوه کو کاه کر استغفار سے اور جام مغفورون کا پی تو پیار سے تو اسکو کب پی سکے اس مکر سے کہ اسکو حرام کیا ہے کفار پر یعنی وہ متقی ہے کہ جو نفس سے بیزار ہوا اور روح سے اپنی ملا پس تو نفس کو کھو اور بینا ہو اور یارون سے عبرت پکڑ اور اپنے نفس کو لاغر کر استغفار سے آگے اسکا بیان ہے فافهم ۱۲ ۵۳ مکر کا آلخ ۴ شعر خالق مکر کا تیرے مکر کو کب خریدے اے فریبی مکار آل موسیٰ ہو و حیلہ مت کر حیلہ کرنا تجکو اے فعل عبث ہے آب کو طاقت ہے کہ اللہ کے حکم سے پھرے اور کافرون کو آب دے یا تو جانے کہ تو روٹی کھاتا ہے زہر ہلاہل اور آگ جان کی کھاتا ہے وہ روٹی اصلاح جان کہان کرتی ہے حکم حق سے وہ کہان دل کو پھیرتی ہے یا تو جانے کہ حرف مثنوی جو تو پڑھے رائگان سبھی ہو وے یا کلام رمز اور حکمت بھرے ہوئے سہل کان مین آ گئے تا اہل کے سہل آئے ولیکن کہانی کی مثال پوست کے کھلائے مغز در کمال تھین یعنی کلام اہل اللہ کے کان مین ہر نا اہل کے کب آ سکتے ہین اور اگر کان مین آئین

صد تو مثل کہانی کے پوست ہوں باقی حال آگے ہے فافهم ۱۲

یا تو پنداری که تو نان میخوری — زہر مار و کاہش جان میخوری
نان کجا اصلاح آن جانی کند — کو دل از فرمان جانان دہ برکند
یا تو پنداری کہ حرف مثنوی — چون بخوانی رایگانش بشنوی
یا کلام حکمت و سر نہان — اندر آید سہل در گوش کہان
اندر آید لیک چون افسانہا — پوست بنماید نہ مغز و دانہا
در سرو در رو کشیدہ چادرے — رو نہان کردہ ز چشمت دلبرے
شاہنامہ یا کلیلہ پیش تو — ہمچنان باشد کہ قرآن از عتو
فرق آنگہ باشد از حق و مجاز — کہ کند کحل عنایت چشم باز
ورنہ پشک و مشک پیش اخشمی — ہر دو یکسان ست چون نبود شمی
خویشتن مشغول کردن از ملال — باشدش قصہ ز کلام ذوالجلال
کآتش وسواس را و غصہ را — زان سخن بنشاند و سازد دوا
بہر این مقدار آتش شاندن — آب پاک و بول یکسان شد بتن
آتش وسواس را این بول آب — ہر دو بنشانند ہمچون خمر و خواب
لیک گر واقف شوی زین آب پاک — کہ کلام ایزدست و روحناک
نیست گردد وسوسہ کلی ز جان — دل بیابد رہ بسوے گلستان
زانکہ در باغی و در جوی پرد — ہر کہ از سر صحف بوے برد
یا تو پنداری کہ روے انبیا — آنچنان کہ ہست می بینیم ما

یا تو جانے کہ تو روٹی کھائے ہے — زہر مار اور آگ جان کی کھائے ہے
وہ کہاں روٹی کرے اصلاح جان — حکم حق سے دل کو پھیرے وہ کہاں
یا تو جانے کہ حروف مثنوی — جو پڑھے تو رائگان ہووے سبھی
یا کلام رمز اور حکمت بھرے — سہل آئے کان میں نااہل کے
سہل آئے پر کہانی کی مثال — پوست دکھلائے نہیں مغز و کمال
۵۱ ڈالا برقع سر پہ اور رخسار پے — اور چھپایا تجھسے منہ دلدار نے
شاہنامہ اور کلیلہ بس تجھے — سرکشی سے ہووے جون قرآن کی
حق و باطل سے ہو فرق اسدم تجھے — چشم جو سرمہ عنایت سے کھلے
ورنہ مشک و مینگنی کو اخشمی — ایکسان جانے جو نے بوئیدگی
خود کو شاغل رفع وحشت کیلئے — جو تو کرتا ہے کلام اللہ سے
۵۲ کہ بجھائے وسوسہ غصہ کی نار — اس کلام حق سے تا ہووے بہار
اس طرح آتش بجھانے میں ولا — آب پاک اور بول اک سا ہو گیا
آتش وسواس کو یہ بول آب — بس بجھائے جس طرح خواب و شراب
گر تو واقف ہو اس آب پاک سے — کہ خدا کا یہ کلام اک پاک ہے
دور بالکل وسوسہ ہو جان سے — گلستان کی راہ بس دل کو ملے
کیونکہ نہر و گلستان میں وہ اڑے — بھید سے قرآن کے جسکو بو ملے
۵۳ یا تو جانے ہے کہ روے انبیا — جیسا ہے ویسا ہوں اسکو دیکھتا

۵۱ ڈالا برقع الخ ۵ شعر برقع ڈالا سر پہ در رخسار پر دلدار نے اور تجھسے منہ چھپایا یا تجھ کو شاہنامہ اور کلیلہ سرکشی سے قرآن کے مانند معلوم ہووے اسدم تجھکو حق و باطل سے فرق ہو کہ جو سرمہ عنایت سے چشم کھلے ورنہ مشک و مینگنی کو بھنڈا یکسان جانے جو بوئیدگی نہ ہو دفع وحشت کے لئے جو تو خود کو شاغل کرتا ہے کلام اللہ سے یعنی سرمۂ عنایت سے جسدم تیری آنکھ کھلے اسوقت کلام مثنوی و کلیلہ و شاہنامہ میں تجکو فرق معلوم ہو کہ یہ حق ہیں اور وہ کہانی قصہ ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۲ کہ بجھائے الخ ۶ شعر کہ وسوسہ و غصہ کی نار بجھائے اس کلام حق سے تا بہار ہووے اس طرح آگ بجھانے میں آب پاک و بول یکسان ہے آتش وسواس کو یہ پیشاب و آب بجھائے جس طرح خواب و شراب بجھاتی ہے اگر تو آب پاک سے واقف ہو کہ یہ خدا کا کلام پاک ہے وسوسہ دور بالکل جان سے ہو اور گلستان کی راہ دل کو ملے کیونکہ نہر و گلستان میں وہ اڑتا ہے جس کو قرآن کے بھید سے بو ملتی ہے یعنی کلام حق مثل آب پاک کے ہے اگرچہ اک وحشت دل کی بجھاتی ہے ولیکن وسواس جان کو دور کرتا ہے اور معنی میں راہ دیتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۳ یا تو الخ ۷ شعر یا تو جانتا ہے کہ روے انبیا جیسا کہ ہے ویسا میں دیکھتا ہوں پس مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم تعجب میں رہے کو ہمیشہ مومن میرا منھ کیون نہیں دیکھتے ہیں نور منھ کا کیون نہیں دیکھتے ہیں کہ وہ روشن زیادہ ہے خورشید سے اور دیکھتے ہیں تو یہ حیرت کسواسطے ہے اسدم وحی آئی کہ وہ منھ حجاب رکھتا ہے کہ تیری جانب ماہ ہے اور خلق کی جانب ابر ہے کہ تا کوئی کافر وہ تیرا منھ نہ دیکھے تیری جانب دانہ اور خلق کی جانب دام ہے تا نے خاص کو کوئی خام نہ پیئے حق نے کہا ترجمہ کہ دیکھتا ہے تو انکو جو دیکھتے ہیں تجھکو نقش حمامی ہیں ترجمہ وہ نہیں دیکھتے ہیں یعنی منھ انبیا علیہ السلام کا جو اہل معنی دیکھتے تھے وہ عام نہیں دیکھ سکتے تھے کہ اہل ظاہر کو پوست دکھتا ہے اور اہل معنی کو مغز مشاہدہ

معلوم ہوتا ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲

در تعجب ماندہ پیغمبر ازان
چون نمی بینند نور روم خلق
در ہمی بینند این حیرت چرم سے
سوے تو ماہ ست و سوے خلق ابر
سوے تو دانہ است سوے خلق دام
گفت یزدان کہ تراہم ینظرون
می نماید صورت اے صورت پرست
پیش آن چشم نقش می آری ادب
از چہ پس بے پاسخ ست این نقش لیک
می نہ جنباند سر و سبلت ز جود
حق اگرچہ سر نجنباند برون
کہ دو صد جنباندن سر ارزد آن
عقل را خدمت کنی در اجتہاد
حق بجنباند بظاہر سر ترا
مر ترا چیزے دہد یزدان نہان
آن چنان کہ داد سنگی را ہنر
قطرۂ آبے بیابد لطف حق

چون نمی بینند رویم مومنان
کہ سبق بردہ است بر خورشید شرق
تا کہ وحی آمد کہ این رو در خفاست
تا نہ بینند رائگان روے تو گبر
تا نہ نوشد زین شراب خاص و عام
نقش حمام اند ہم لا یبصرون
کان دو چشم مردہ او ناظر ست
کہ چرا پاسم نمی دارد عجب
کہ نمی گوید سلامم را علیک
پاس آنکہ کردمش من صد سجود
پاس آن ذوقی دہد در اندرون
سر چنین جنباند آخر عقل و جان
پاس عقل آنست کافزاید رشاد
لیک سازد بر سران سرور ترا
کہ سجود تو کنند اہل جہان
تا عزیز خلق شد یعنی کہ زر
گوہرے گردد برد از زر سبق

پس تعجب مین تھے پیغمبر سدا
نور منہ کا کیون نہین ہین دیکھتے
دیکھتے ہین پھیر پر حسرت کس لیے
تیری سو ہی ماہ ہے سو خلق ابر
تیری سو دانہ ہے سوے خلق دام
بولا یزدان کہ تراہم ینظرون
کہ تجھے اے بت پرست اک بت دکھے
تو ادب اُس چشم کے آگے کرے
کس لیے یہ نقش ہے اب بیجواب
نے ہلاتا ہے وہ سر از راہ جود
گرچہ حق نے سر ہلاے نہ ظاہرا
سجدے کرنا دو سو لائق ہے اُسے
عقل کی تو جہد مین خدمت کرے
ظاہرا حق گو نہ جنبش سر کو دے
خاص تجکو چیز اک دے حق نہان
جیسے پتھر کو دیا ہے اک ہنر
لطف حق کو پائے قطرہ آب کا

کیون نہین منہ دیکھتے مومن مرا
کہ ہے روشن زیادہ وہ خورشید سے
وحی آئی کہ وہ منہ پردہ در رکھے
تا وہ منہ تیرا نہ دیکھے کوئی گبر
تا پئے نے خاص کو کوئی نہ عام
نقش حمامی ہین ہم لا یبصرون
کہ دو چشم مردہ وہ ناظر رکھے
کہ مرا تو پاس اب کیون نہ رکھے
کہ سلام ہو نگا نہ دے میرے جواب
اسکی خاطر سو کیے ہین نے سجود
اسکی خاطر ذوق دے ہے باطنا
کہ ہلاتا سر ہے عقل و جان کے
تجھکو خوبی دے یہ پاس عقل ہے
تجھکو حاکم وہ نگر سر پر کرے
کہ کرین سجدہ تجھے اہل جہان
تا عزیز خلق ہے یعنی کہ زر
ہووے گوہر زر سے قیمت مین سوا

ف۱ کہ تجھے آہ ے شعر اے بت پرست اگر تجھ کو ایک بت دکھے کہ دو چشم مردہ ناظر رکھے تو ادب اُس چشم کے آگے کرے گا تو میرا پاس اب کیون نہین رکھتا ہے کسواسطے یہ نقش سب بے جواب ہے کہ میر سلامون کا جواب نہین دیتا ہے نہ سر ہلاتا ہے از راہ جود کہ اُس کی خاطر مین نے دو سو سجدے کیے آگے جواب مومن کا ہے اگرچہ حق بھی ظاہراً سر نہین ہلاتا ہے لیکن اُس کی خاطر باطناً ذوق دیتا ہے اُسے مومن کو سجدے کرنا لائق ہو کہ عقل جان کا سر ہلاتا ہے تو عقل کی جہد مین خدمت کرے تجکو خوبی دے یہ پاس عقل کا ہے یعنی تو بتان دنیا کے روبرو سر جھکاتا ہے کہ وہ جواب تک تجکو نہین دیتے ہین اور خدا کے روبرو سر نہین جھکاتا ہے کہ وہ عقل و جان کو تیرے رونق دیتا ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ ف۲ ظاہرا حق آلخ ے شعر حق بظاہر سر کو جنبش نہین دیتا ہے ولیکن تجکو سر پر سردار کرتا ہے حق تجکو ایک چیز خاص پوشیدہ دے کہ اہل جہان تجھے سجدہ کرین جیسے پتھر کو ایک ہنر دیا ہے کہ عزیز خلق کا ہو گیا ہے یعنی وہ زر ہے قطرۂ آب اگر لطف حق کو پائے گوہر ہووے قیمت مین زر سے سوا جو حق نے چمک جسم خاکی کو دی ماہ کے مانند عالم کی تسخیر کی یہ طلسم و نقش مردہ ہے لیکن احمقون کو اس کی آنکھ نے پھیرا ہے جس نے خود کرد کھلائے اور آنکھ مارے بے وقوف اس کو سند جانتے ہین یعنی یہ جسم عنصری مردہ ہے مگر اس مین حق تعالی نے ایک چمک دی ہے کہ وہ عالم کو تسخیر کرتا ہے اور احمق اس جسم کی گردش چشم کو دیکھ کر جسم کو بہتر جانتے ہین اور اسیر مرتے ہین اور اس چمک کو نہین پہچانتے ہین پس اس پہچاننے کو دید و مشاہدہ کہتے ہین فافہم ۱۲

جسم خاک ست و چو حق تابیش داد / در جہانگیری چو مہ شد اوستاد
ہین طلسم ست این نقش مردہ است / احمقان را چشمش انرہ بردہ است
می نماید آن کہ چشمے میزند / ابلہان سازیدہ اند آنرا ست

جسم خاکی کو چمک جو حق نے دی / مثل مہ تسخیر اک عالم کی کی
یہ طلسم و نقش مردہ ہی وے / احمقون کو پھیرا اُسکی آنکھ نے
آنکھ مارے خود کو دکھلائے جسے / بیوقوف اُس کو ستا ہین جانتے

## درخواستن قبطی دعاے خیر وہدایت از سبطی و دعا کردن سبطی قبطی را بخیر و مستجاب شدن آن دعا از اکرم الاکرمین حق تعالی

## چاہنا قبطی کا دعاے خیر اور ہدایت سبطی سے اور مانگنا دعاے خیر سبطی کا قبطی کیلئے اور مستجاب ہونا اُس دعا کا بدرگاہ مجیب الدعوات

گفت قبطی تو دعائے کن کہ من / از سیاہی دل ندارم آن دہن
تا بود کہ قفل این در وا شود / زشت را در بزم خوبان جا شود
از تو مسخی صاحب خوبی شود / یا بلیسی باز کروبی شود
تا بفر دستِ مریم بوی مشک / یابد و تری و میوہ شاخ خشک
سبطی آندم در سجود افتاد و گفت / کای خدائے عالم سر نہفت
سبطی و قبطی ہمہ بندہ توانر / عاجزِ امرِ تو اند و مستمند
جز تو پیش کہ بر آرد بندہ دست / ہم دعا و ہم اجابت از تو ست
ہم اول تو دہی میل دعا / تو دہی آخر دعاہا را جزا
اول و آخر توئی ما درمیان / ہیچ ہیچے کہ نیاید در بیان
اینچنین میگفت تا افتاد طشت / از سر بام و دلش بیہوش گشت
باز آمد او بہوش اندر دعا / لیس للانسان الا ما سعی

سلہ بولا قبطی تو دعا کر مہربان / مین سیہ دل سے نرکھون وہ دہان
ایسا ہو کہ قفل اس در کا کھلے / زشت کو جا بزم خوبان مین ملے
تجھ سے مسخی صاحب خوبی بنے / یا کہ پھر ابلیس کروبی بنے
یا طفیل دست مریم بوے مشک / اور تری اور میوہ پاے شاخ خشک
پس گرا سجدے مین سبطی اور کہا / اے علیم راز پنہان اے خدا
سبطی و قبطی ہین سب بندے ترے / عاجز و ناچار تیرے حکم سے
سکہ کس سے حاجت چاہے بندہ تجھ سوا / ہے تجھی سے ہم اجابت ہم دعا
تو ہی دیتا پہلے ہے میل دعا / اور تو ہی آخر دعا کی دے جزا
اول و آخر تو ہی ہم درمیان / کچھ نہین کیا کچھ نہین کا ہو بیان
یہ ہی کہتا تھا کہ راز اک کھل گیا / اور بیہوش اُس کا دل ہو گیا
آیا پھر وہ ہوش مین اندر دعا / لیس للانسان الا ما سعی

سلہ بولا قبطی الخ ۴ شعر قبطی نے کہا کہ تو دعا کر اے مہربان کہ مین تیرہ دلی سے وہ دہان نہین رکھتا ہون ایسا ہو کہ اس در کا قفل کھلے اور زشت کو بزم خوبان مین جا ملے مسخی تجھ سے صاحب خوبی بنے یا بطفیل دست مریم کے بوے مشک اور تری میوے کی شاخ خشک پائے پس سبطی سجدے مین گرا اور کہا کہ اے علیم راز پنہان و اے خدا سبطی قبطی سب تیرے بندے ہین اور عاجز و ناچار ہین تیرے حکم سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سکہ کس سے الخ ۵ شعر تجھ سوا بندہ حاجت کس سے چاہے کہ تجھی سے ہم اجابت و ہم دعا ہے تو ہی اول میل دعا دیتا ہے اور تو ہی آخر دعا کی جزا دیتا ہے اول آخر تو ہے اور ہم ہین درمیان کچھ نہین ہین اور کچھ نہین کا کیا بیان ہو یہ ہی کہتا تھا کہ راز کھل گیا اور اسکا دل بیہوش ہو گیا پھر وہ ہوش مین آیا اندر دعا کے ترجمہ نہین ہے واسطے انسان کے مگر وہ جو کہ کوشش کرے یعنی خوش اعتقادی سے راز کھلتا ہے طالب پر کہ وہ جویندہ اسرار کا ہو مگر حق کی جانب سے اس کی توفیق ہے کہ وہی میل دعا دیتا ہو اور وہی دعا قبول کرتا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

در دعا بود او کہ ناگہ نعرهٔ — از دل قبطی بجست و غرهٔ
کہ ہلا بشتاب و ایمان عرضہ کن — تا ببرم زود زنار کہن
آتشے در جان من انداختند — مر بلیسے را بجان بنواختند
دوستی تو ز حب نا شگفت — حمد لله عاقبت دستم گرفت
کیمیاسے بود صحبت ہائے تو — کم مباد از خانهٔ دل پائے تو
تو یکے شاخے بدی از نخل خلد — چون گرفتم او مرا تا خلد برد
سیل بود آنکہ تنم را در ربود — برد سیلم تا لب دریاے جود
من بہوے آب رفتم سوے سیل — بحر دیدم در گرفتم کیل کیل
طاس آوردش کہ اکنون آب گیر — گفت روشد آبہا پیشم حقیر
شربتے خوردم ز الله اشتری — تا بہ محشر تشنگی ناید مرا
آنکہ جوے و چشمہا را آب داد — چشمهٔ اندر درون من کشاد
این جگر کہ بود گرم و آبخوار — گشت پیش ہمت او آب خوار
کاف کافی آمد او بہر عباد — صدق وعدہ کہیعص
کافیم بدہم ترا من جملہ خیر — بے سبب بے واسطہ یاری غیر
کافیم بے نان ترا سیری دہم — بے سپاہ و لشکرت میری دہم
کافیم بے دارو ت درمان کنم — کوہ را و چاہ را میدان کنم
بے کتاب و اوستا تلقین دہم — بے بہارت نرگس و نسرین دہم

سله وہ دعا مین تھا کہ ناگہ اک بڑا — نعرہ اس قبطی نے بس دل سے کیا
اور کہا ایمان بتا دے مجھکو تو — تا کہ کاٹون جلد مین زنار کو
کہ لگائی جان مین آتش مرے — اور بلیسی کو نوازا جان سے
دوستی تجھسے تھی میری سرسری — حمد للہ دستگیری کی مری
کیمیا تھین صحبتین تیری و لے — کم نہو تیرا قدم دل سے مرے
ایک تھا تو شاخ نخل خلد سے — لے گئی تا خلد جو پکڑا اُسے
سله سیل تھا وہ تن کہ میرے لیگیا — لیگیا مجھکو وہ تا بحر سخا
لینے پانی سیل کی جانب گیا — بحر پایا مین بہت مین نے پیا
جام بھر لایا کہ پی تو اے امیر — بولا ہے پانی مرے آگے حقیر
کھایا شربت مین نے للہ شتری — حشر تک نے تشنگی ہووے ذرا
جس نے چشمے نہر کو پانی دیا — جاری چشمہ میرے اندر کر دیا
یہ جگر کہ چاہتا تھا آب نیل — اسکے آگے اب ہوا پانی ذلیل
سله کاف کافی ہو گیا بہر عباد — صدق وعدہ کہیعص
مین ہون کافی خیر دون جملہ تجھے — بے سبب اور بے مدد بس غیر کے
مین ہون کافی سیر بے روٹی کرون — بے سپہ کے تجھکو سرداری مین دون
مین ہون کافی بے دوا دارو کرون — کوہ کو اور چاہ کو میدان کرون
بے کتاب اُستاد کی تلقین کرون — بے بہار اب نرگس و نسرین دون

سله وہ دعا مین الخ ۶ شعر وہ سبطی دعا مین تھا کہ ناگاہ ایک بڑا نعرہ اُس قبطی نے دل سے کیا اور کہا کہ تو مجکو ایمان بتادے تاکہ مین زنار کو جلدی کاٹون کہ میری جان مین آگ لگائی اور ابلیسی کو جان سے نوازا تجھ سے دوستی میری سرسری تھی الحمد للہ کہ میری دستگیری کری تیری ہم صحبتی کیمیا تھی ولیکن تیرا قدم خانۂ دل سے میرے گم نہو ایک تو شاخ تھا نخل خلد سے جو اُس کو پکڑو خلد تک لے گئی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سله سیل تھا الخ ۶ شعر سیل تھا کہ وہ میرے تن کو لے گیا اور لے گیا مجکو بحر سخا تک مین سیل کی جانب پانی لینے گیا دریا پایا اور بہت مین نے پیا وہ جام بھر کے لایا کہ تو نوش کر کہا کہ میرے آگے پانی حقیر ہے کہ مین نے کھایا شربت اللہ خرید اور ہے حشر تک تشنگی ذرا نہ ہووے جس نے نہر و چشمہ کو پانی دیا اور میرے اندر چشمہ جاری کیا آگے حقائق ہین یہ جگہ آب نیل چاہتا تھا آگے اُس کے پانی ذلیل ہوا یعنی مین تو پانی چاہتا تھا کہ مجکو دریاے معنی مل گیا کہ میرے دل مین اُس سے چشمہ جاری ہے آگے قول حق تعالے کا بطور حقائق کے ہے فافہم ۱۲ سله کاف کافی الخ ۷ شعر کاف واسطے بندون کے کافی ہو گیا کہ سچا وعدہ ہے کہیعص مین کافی ہون بے روٹی کے سیر کرون اور بغیر سپاہ کے مین تجکو سرداری دون مین کافی ہون بغیر دوا کے معالجہ کرون کوہ و چاہ کو میدان کرون بغیر کتاب و استاد کے تلقین کرون اور بغیر بہار کے نرگس و نسرین دون جو ایک عصا سے موسیٰ کو دل دون وہ ایک عالم پر شمشیر کو مارے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

موسیے را دل دہم با یک عصا
تا زند بر عالمے شمشیرہا

دست موسی را دہم یک نور و تاب
کہ طپانچہ می زند بر آفتاب

چوب را مارے کنم من ہفت سر
کہ نزاید مادہ مار او را ز نر

خون نیامیزم در آب نیل من
خود کنم خون عین آبش را بفن

شادیت را غم کنم چون آب نیل
کہ نیابی سوے شادیہا دلیل

باز چون تجدید ایمان بر تنی
باز از فرعون بیزاری کنی

موسی رحمت بہ بینی آمدہ
نیل خون بینی ازو آبے شدہ

چون سر رشتہ نگہداری درون
نیل ذوق تو نگردد ہیچ خون

من گمان بردم کہ ایمان آورم
تا ازین طوفان خود آبی خورم

من چہ دانستم کہ تبدیلی کند
در نہاد من مرا نیلی کند

سوے چشم من یکے نیلم روان
برقرارم پیش چشم دیگران

ہمچنانکہ این جہان پیش نبی
غرق تسبیحست و پیش ما غبی

پیش پیغمبر جہان پر عشق و داد
پیش چشم دیگران مردہ جماد

پست و بالا پیش چشمش تیز رو
از کلوخ و سنگ او نکتہ شنو

باعوام این جملہ بستہ و مردہ
زین عجب تر من ندیدم پردہ

گورہا یکسان بہ پیش چشم ما
روضہ و حفرہ بہ چشم انبیا

عام گفتندے کہ پیغمبر ترش
از چہ گشتہ ست چہ شد ست او ذوق کش

اک عصا سے دل موسی کو جو
مارے اک عالم پہ وہ شمشیر کو

دست موسی کو میں دوں اک نور سے
کہ طپانچہ مارے وہ خورشید پے

سات سر کا سانپ کردوں چوب کے
کہ نہ پیدا مادہ اور نر سے ہو وہ

نے ملاؤں خون آب نیل میں
خون کروں خود عین آب اسکی کو میں

میں کروں شادی کو غم مثل آب نیل
کہ سوے شادی نہ پائے تو دلیل

پھر کرے تجدید ایمان کی جو تو
اور پھر بیزار فرعون سے ہو تو

دیکھے موسی رحمت آئی آپ سے
دیکھے نیل خون کہ اس سے آب ہی

جو خیال اسکا تو رکھے اندرون
نیل ذوق ہووے تیرا مثل خون

تھا گمان مجکو کہ ایمان لاؤنگا میں
پانی اس طوفان خون سے پاؤنگا میں

کب یقین تھا کہ بدل دیگا مجھے
نیل باطن میں مجھے جاری کرے

نیل اک جاری ہو میرے سامنے
میں ہوں قائم دوسروں کے سامنے

جیسے یہ عالم نبی کے سامنے
غرق تسبیح ساکت اپنے سامنے

پیش پیغمبر جہان پر عشق ہے
اور مردہ دوسروں کے سامنے

پست و بالا ان کے آگے تیز رو
نکتے سنتے ڈھیلے پتھر سے ہیں وہ

عام کے نزدیک یہ مردہ جہان
اس سوا پردہ نہ دیکھا میں نے یان

گور سب اک سان ہمارے سامنے
روضہ حفرہ انبیا کے سامنے

عام کہتے تھے نبی ہے ترش رو
کس سبب سے اور چھوڑا ذوق کو

۵۱ دست موسی الخ یہ شعر دست موسی کو ایک نور سے میں دون کہ وہ طپانچہ خورشید پر مارے عصا کو سات سر کا سانپ کردون کہ وہ نہ پیدا نر مادہ سے ہو خون نہ ملاؤن آب نیل میں عین آب اسکے کو میں خون کردوں میں شادی کو غم کردون مانند آب نیل کے کہ جانب شادی کے تو دلیل نہ پاوے تو جو پھر تجدید ایمان کی کرے اور تو پھر بیزار فرعون سے ہوا اے موسی دیکھ رحمت آئی آپ سے دیکھ نیل خون کو کہ اس سے آب ہو جو اسکا خیال تو اندر رکھے نیل ذوق تیرا مثل خون کے ہووے یعنی جو دل میں خیال یار کا رکھے اسکا ذوق نہ زائل ہووے کیونکہ یار ہر حال میں مددگار ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ۵۲ تھا گمان الخ یہ شعر مجکو گمان تھا کہ میں ایمان لاؤن اور پانی اس طوفان خون سے پاؤں مجکو کب یقین تھا کہ وہ بدل دیگا اور نیل باطن میں جاری کریگا میرے روبرو ایک نیل جاری ہے اور میں دوسروں کے روبرو قائم ہوں آگے اس کی مثال ہے جیسے یہ عالم نبی کے روبرو غرق تسبیح ہے اور اپنے روبرو ساکت ہے پیغمبر کے روبرو جہان پر عشق ہے اور دوسروں کے روبرو مردہ ہے پست و بالا آگے روبرو تیز رو اور ڈھیلے پتھر سے وہ نکتے سنتے ہیں یعنی انبیا کے روبرو جہان اور ہی ایک حال رکھتا ہے کہ وہ حال عوام نہیں دیکھ سکتے ہیں باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۳ عام کے الخ یہ شعر عام کے نزدیک یہ جہان مردہ ہے اسکے سوا میں نے پردہ نہیں دیکھا ہے آگے مثال ہے ہمارے روبرو سب گور اک سان ہیں اور روضہ حفرہ انبیا کے سامنے ہیں عام کہتے تھے کہ نبی ترش رو ہے کس سبب ذوق کو چھوڑا خاص یہ کہتے تھے کہ تمہارے روبرو ترش دکھتا ہے اے امت نیکو دم بھر ہماری آنکھوں میں آؤ اہل عالی سے اگلی فرحت تم پاؤ جو نخل امرود لمبے دکھتی ہے صورت الٹی تو نخل ہے اگر آ تیری ہستی درخت امرود کا ہے تو جبتک ہاں ہے نیچے کو نہ دکھتا ہے یعنی جب تک تو خود کو دیکھتا ہے دوسرون کو برا جانتا ہے اور جبکہ تو بیخود ہوا سب تیری نظر میں بہتر معلوم ہوں گے باقی حقائق آگے ہیں فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| خاص گفتندے کہ پیش چشم تان | می نماید او ترش اے اُمتان | خاص کہتے تھے تمھارے روبرو | ترش دکھتا ہو وہ اے امت نکو |
| یک زمان در چشم ما آئید تا | خندہ ہا بینید اندر ہل اتیٰ | دم بھر آنکھون مین ہماری آؤ تم | ہل اتیٰ سے اُنکی فرحت پاؤ تم |
| از سر امرود بن بنماید آن | منعکس صورت بزیر آی جوان | دکھتی ہے جو نخل سے امرود کے | صورت اُلٹی تو اتر آ نخل سے |
| آن درخت ہستیست امرود بن | تا در آنجائے نماید نو کہن | تیری ہستی ہی درخت امرود کا | تو ہی جبتک وان دکھے کہنہ نیا |
| تا دران جائے بہ بینی خار زار | پر ز کژدم ہائے خشم و پُر ز مار | جبتک اُس جا ہی تو دیکھے خار زار | اور پر غصہ کے بچھو اور مار |
| چون فرود آئی بہ بینی رائگان | یک جہان پر گلرخان و دائگان | جو تو اُترے نیچے دیکھے رائگان | گلرخون اور دائیون سے پُر جہان |
| چون فرود آئی فرود آید ترا | در درون اسرار فیض کبریا | جو تو نیچے اُترے تو اُترین ترے | دل مین بس اسرار فیض اللہ کے |

## حکایت آن زن پلید کار کہ شوہر را گفت این خیالات از سر امرود بن می نماید فرود آتا آن خیالات برود و اگر کسے گوید کہ انچہ مرد میدید خیال نبود جواب آنست کہ این مثال است نہ مثل و ہمین کافی است

## حکایت اُس زن فاحشہ کی کہ خاوند سے کہا کہ یہ خیالات تاثیر درخت امرود سے دکھتے ہین تو نیچے اُتر آ کہ یہ خیالات جاتے رہین اگر کوئی کہے کہ جو مرد دیکھتا تھا وہ خیال نہ تھا جواب اُسکا یہ مثال ہے مثل نہین ہے بس یہی کفایت کرتی ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| آن زنی میخواست تا با مول خود | بر زند در پیش شوے گول خود | چاہا اک عورت نے اپنے یار سے | سامنے خاوند کی صحبت کرے |
| پس بشوہر گفت زن کای نیکبخت | من بر آیم میوہ چینیم اندر درخت | پس کہا عورت نے یہ خاوند سے | کہ مین چڑھ کر میوہ توڑون نخل سے |

۱ جبتک الخ ۴ شعر تو جب تک اُس جا ہے خار زار دیکھے اور غصہ کے بچھو و مار تیرہ دیکھے جو تو اوپر سے نیچے اُترے رائگان دیکھے گلرخون اور دائیون سے جہان بھرا ہو جو تو نیچے اُترے تو تیرے دل مین اُترین فیض اللہ کے یعنی تو اپنی ہستی کو چھوڑدے کہ فیضان الٰہی تیرے دل مین نزول کرین آگے حکایت زن فاحشہ کی اس کی مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲

۲ چاہا الخ ۶ شعر ایک عورت نے اپنے یار سے چاہا کہ روبرو خاوند کے صحبت کرے پس عورت نے یہ خاوند سے کہا کہ مین درخت پر چڑھکر میوہ توڑون جب کہ درخت پر چڑھی رونے لگی آپ ہی شوہر کی جانب دیکھکر اور شوہر سے کہا کہ اے مابون بھلا لوطی تجھپر چڑھا ہے تو اُس کے نیچے مثل عورت کے پڑا ہے اے بھڑوے اب تو مخنث ہو گیا شوہر نے کہا کہ کیا تیرا سر گھوما ہے ورنہ یہان پر میرے سوا کوئی نہین ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

چون برآمد بر درخت آن زن گریست ۔ چون ز بالا سوے شوہر بنگریست
گفت شوہر را کہ ای مأبون رد ۔ کیست آن لوطی کہ بر تو می فتد
تو بزیر آن چو زن بغنودۂ ۔ اے فلان تو خود مخنث بودۂ
گفت شوہر نی سرت گوئی بگشت ۔ ورنہ اینجا نیست غیر من بدشت
زن مکرر کرد کاے با برطلہ ۔ کیست بر پشتت فرو خفتہ بلا
گفت ای زن ہین فرود آ از درخت ۔ کہ سرت گشت و خرف گشتی تو سخت
چون فرود آمد برآمد شوہرش ۔ زن کشید آن مول را اندر برش
گفت شوہر کیست این ای روسپی ۔ کہ بیالاے تو آمد چون کپی
گفت زن نی نیست اینجا غیر من ۔ ہین سرت برگشتہ شد ہرزہ متن
او مکرر کرد بر زن آن سخن ۔ گفت زن اینست از امرود بن
ز سر امرود بن من ہم چنان ۔ کژ ہمی دیدم کہ تو ای قلتبان
پس فرود آ تا ببینی ہیچ نیست ۔ این ہمہ تخییل از امرود نیست
ہزل تعلیم ست آنرا جد شنو ۔ تو مشو بر ظاہر ہزلش گرو
ہر جدے ہزل است پیش ہازلان ۔ ہزلہا جد ست پیش عاقلان
کاہلان امرود بن جویند لیک ۔ تا بدان امرود بن راہیست نیک
نقل کن ز امرود بن اکنون برو ۔ گشتۂ تو خیرہ چشم و خیرہ رو
این منی و ہستی اول بود ۔ کہ از و دیدہ کژ و احول بود

جب درخت اوپر چڑھی رونے لگی ۔ دیکھکر شوہر کی جانب آ ابھی
اور کہا شوہر سے ای مأبون بھلا ۔ کون ہے لوطی یہ تیرے پر چڑھا
اُسکے نیچے مثل عورت کے پڑا ۔ اے تو بھڑوے اب مخنث ہو گیا
بولا شوہر کیا یہ گھوما سر ترا ۔ ورنہ یان پر نہ کوئی میرے سوا
پھر کہا عورت نے اسکو اب بھلا [سلہ] ۔ کون ہے یہ پشت پر تیری چڑھا
بولا اے عورت اُتر آ تو ابھی ۔ کہ ترا سر گھوما دیوانی ہوئی
جب وہ اُتری اور شوہر خود چڑھا ۔ یار کو آغوش مین زن نے لیا
بولا شوہر کون ہے یہ فاحشہ ۔ کہ یہ تجھپر مثل بندر کے چڑھا
بولی عورت نے کوئی یان مجھ سوا ۔ تیرا سر گھوما نہ ہذیان بک ذرا
اُسنے پھر یہ بات عورت سے کہی ۔ بولی یہ تاثیر ہے اس نخل کی
نخل [سلہ] پر سے مجکو بھی اسطور سے ۔ تھا دکھا برعکس جو تجکو دکھے
بس اُتر کے دیکھ تو یان کچھ نہین ۔ یہ خیال اس نخل کے ہین بالیقین
ہزل کی تعلیم ہی نیک اسکو جان ۔ ہزل کی ظاہر پہ مت کر میل جان
ہزل جانین نیک کو پس ہازلان ۔ نیک جانین ہزل کو پس عاقلان
ڈھونڈھتے کاہل ہین نخل امرود کا ۔ لیک اس امرود تک فرق ہے بڑا
نخل سے امرود کے تو نقل کر ۔ کہ ہوا تو خیرہ چشم و خیرہ سر
یہ غرور ہستی سب اول ہین ہے ۔ چشم تیری احول اور کج اُس سے ہی

سلہ پھر کہا آہ الخ ۶ شعر پھر عورت نے اسکو کہا کہ یہ کون تیری پشت پر چڑھا ہے کہا کہ اے عورت اب تو اُتر آ کہ تیرا سر گھوما اور تو دیوانی ہوئی ہے جب وہ اُتری اور پھر شوہر چڑھا زن نے یار کو آغوش مین لیا شوہر نے کہا یہ کون ہے اے فاحشہ کہ تجھپر مثل بندر کے چڑھا ہے عورت نے کہا کہ یہان مجھ سوا کوئی نہین ہے تیرا سر گھوما ہے ہذیان تو مت بک اُسنے عورت سے پھر یہ بات کہی عورت نے کہا کہ یہ تاثیر اس درخت کی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سلہ نخل پر سے آلخ ۷ شعر درخت پر سے مجکو بھی اسی طور سے دکھائی دیا تھا برعکس کہ جو تجکو دکھا ہے بس اُتر کر دیکھ یہان کچھ نہین ہے یہ خیال اس درخت کے ہین بالیقین یہ تعلیم ہزل کی ہے اس کو نیک جان اور ہزل کے ظاہر پہ میل مت کر نیک کو ہزل جانتے ہین ہازل اور ہزل کو نیک جانتے ہین عاقل کاہل نخل امرود کا ڈھونڈھتے ہین لیکن اس امرود تک بڑا فرق ہے آگے اسکے حقائق ہین تو نخل امرود سے نقل کر کہ تو خیرہ چشم اور خیرہ سر ہوا ہے یہ غرور و ہستی اول ہین ہے چشم احول اور کج اُس سے بنتی ہے یعنی وجود نخل امرود ہے تو اس سے اُتر کہ تو خیرہ چشم و خیرہ سر ہے کیونکہ غرور ہستی چشم کو احول و کج بین کرتی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

چون فرود آئی ز زین امرود بن
یک درخت سخت بینی گشته این
چون فرود آئی ازو گردے جدا
راست بینی گردی آسان چنین
گفت بنما جزو جزو از فوق و پست
زین تواضع گر فرود آئی خدا
بعد از آن بر رو بران امرود بن
چون درخت موسوی شد آن درخت
آتش او را سبز و خرم میکند
زیر ظلش جملہ حاجات روا
آن منی و هستیت باشد حلال

گر نماید فکرت چشم سخن
شاخ او بر آسمان هفتمین
مبدلش گرداند از رحمت خدا
مصطفےؐ کے خواستی از رب دین
آنچنانکہ هست تو آن جزو هست
راست بینی بخشد آن چشم ترا
کہ مبدل گشت و سبز از امر کن
چون سو موسی کشاندی تو رخت
شاخ او انی انا اللہ میزند
این چنین باشد الٰہی کیمیا
کہ درو بینی صفات ذو الجلال

جو تو اترے نخل سے امرود کے
نخل سخت اس غرہ کا تجکو دکھے
جو تو اترے اور ہوا اس سے جدا
راست بینی ہوتی گر آسان اسے
بولا بتلا جزو جزو آفاق سے
گر تو اترے اس تواضع سے خدا
بعدہ چڑھ نخل پر امرود کے
سوے موسیٰ لایا تو اسباب کو
آتش اسکو سبز و خرم کرتی ہے
جملہ حاجت اسکے سائے مین روا
ہو غرور ہستی وہ تجکو حلال

چشم و فکر و بات سب ٹیڑھی دکھے
شاخ اسکی ساتوین افلاک پے
پس بدل دیتے تجکو رحمت خدا
مصطفےؐ کب چاہتے اللہ سے
تیرے آگے جس طرح وہ جزو تھا
راست بینی تجکو بخشے ظاہرا
کہ ہوا تبدیل کن کے امر سے
نخل موسیٰ ہوگیا پس نخل وہ
اسکی شاخ انی انا اللہ کہتی ہے
ایسی ہوتی ہے الٰہی کیمیا
اسمین تو دیکھے صفات ذو الجلال

## باقی قصہ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام

## باقی قصہ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا

شد درخت کج مقوم حق نما
آمدش پیغام از وحی مہم
این درخت تن عصائے موسی است
تا ببینی خیر او هم شر او
پیش ز افگندن نبود او غیر چوب

اصلہ ثابت و فرعہ فی السما
کہ کژی بگذار اکنون فاستقم
کامرش آمد کہ بیندازش ز دست
بعد از آن برگیر او را ز امر هو
چون بامرش برگرفتی گشت خوب

نخل کج سیدھا ہوا اور حق نما
آیا پیغام ان کو با وحی مہم
یہ درخت تن عصا موسیٰ کا ہے
تاکہ دیکھے اسمین خیر و شر کو تو
ڈالنے سے پہلے تھا وہ ایک چوب

اصلہا ثابت و فرعہ فی السما
اس کجی کو چھوڑ اب ہو فاستقم
حکم آیا اسکو ڈال اب ہاتھ سے
بعدہ اسکو اٹھا با حکم ہو
جو اٹھایا حکم سے پایا وہ خوب

۵۱ جو تو اترے الخ ۴ شعر جو تو نخل امرود سے اترے چشم و فکر و بات سب ٹیڑھی دکھے تجکو نخل سخت اس غرہ کا دکھے اور شاخ اسکی ساتوین آسمان پر ہے جو تو اترے اور اس سے جدا ہووے پس رحمت سے حق تجکو بدل دیوے اگر راست بینی آسان ہوتی اسکو مصطفےؐ اصلم کب اللہ سے چاہتے یعنی راست بینی اگر آسان ہوتی بموجب حدیث شریف کے اللہم ارنا الاشیاء کما ھی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۲ بولا الخ ۷ شعر فرمایا کہ بتلا جزو جزو آفاق سے تیرے آگے جس طور سے وہ جزو ہے تو اترے اس تواضع سے تجکو خدا راست بینی بخشے ظاہر بعدہ نخل امرود پر چڑھ کہ تبدیل ہوا امر کن سے موسیٰ کی طرف تو لایا اسباب کو نخل موسیٰ ہوگیا وہ نخل یعنی مرشد کی جانب جو یہ بات لایا متجلی ہوگیا مثل نخل ایمن موسیٰ علیہ السلام کے اس کو آتش سبز و خرم کرتی ہے اسکی شاخ انی انا اللہ کہتی ہے اسکے سائے مین جملہ حاجت روا ہے الٰہی کیمیا ایسی ہوتی ہے وہ غرور و ہستی تجکو حلال ہو کہ تو اس مین دیکھے صفات ذو الجلال کی یعنی وہ درخت وجود تیرا صحبت مرشد سے متجلی ہوکر انی انا اللہ مثل نخل ایمن کے کہے آگے قصہ موسیٰ علیہ السلام کا ہے فافہم ۱۲ ۵۳ نخل کج الخ ۲ شعر نخل کج سیدھا ہوا اور حق نما ترجمہ کہ جڑ اسکی زمین میں اور شاخ اسکی آسمان پر انکو پیغام آیا وحی خدا سے کہ اس کجی کو چھوڑ اور قائم ہو باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۴ یہ درخت الخ ۶ شعر درخت بدن موسیٰ کا عصا ہے اس کو حکم آیا کہ اب ہاتھ سے ڈالدے تا اسکے خیر و شر کو تو دیکھے بعدہ اسکو اٹھا حکم موسیٰ سے وہ اول ڈالنے سے ایک چوب تھا جو حکم سے اٹھایا اسکو خوب پایا وہ پہلے آلہ سے تھے جھاڑنے بکری کا تھا پھر وہ معجزہ کفار کا ہوا فرعون پر حکمران ہوگیا

انکے پانی کو ظاہر خون کر دیا ان کے کھیتون سے قحط و مرگ اگا کہ جو ٹیڑیون نے ان کے برگ کھائے تھے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

اول او بد برگ افشان برہ را — گشت معجز آن گروہ غرہ را
گشت حاکم بر سر فرعونیان — آب شان خون کرد کف سر عیان
از ہر زرع شان برآمد قحط و مرگ — از ملخ ہا کہ بخوردند برگ
تا برآمد بیخود از موسیٰ دعا — چون نظر افتادش اندر منتہی
کاین ہمہ اعجاز و کوشیدن چرا — چون نخواہند این جماعت گشت راست
امرش آمد کہ اتباع نوح کن — ترک پایان بینی و مشروح کن
منکر آخر نا کہ تو داعی رہی — امر بلّغ ہست آن نبود تہی
کمترین حکمت کزین الحاح تو — جلوہ گردد آن لجاج و آن عتو
تا کہ رہ بنمودن و اضلال حق — فاش گردد بہ ہمہ اہل فرق
چونکہ مقصود از وجود اظہار بود — بایدش از پند و اغوا آزمود
دیو الحاح غوایت می کند — شیخ الحاح ہدایت می کند
بازگرد و قصۂ قبطی بگو — گرد کفر از باطن خود زود شو

پہلے تھے جھاڑ تا بکری کو تھا — پھر ہوا وہ معجزہ کفار کا
ہو گیا فرعونیون پے حکمران — کر دیا خون انکے پانی کو عیان
اُنکے کھیتون سے اگا بس قحط و مرگ — ٹیڑیون نے جو کھائے انکے برگ
نکلی تا موسیٰ سے بیخود بد دعا — جو انھون نے انکی دیکھی انتہا
کیون ہے یہ اعجاز اور کوشش سعی — جو نچاہے یہ جماعت راستی
حکم ہو سنجا پیروی نوح کر — انتہا کی شرح مت پوچھ اے بشر
انتہا کو دیکھ مت تو داعی ہو — حکم ہو سنجا بانہ خالی بھید سے
ادنی حکمت تیرے اس الحاح کی — ہوگی ظاہر اور عجز و سرکشی
تا ہدایت اور ضلالت حق کی سب — عاقل و دانا پہ کھلجائیگی اب
جو غرض تخلیق سے اظہار تھا — امتحان بس پند و اغوا سے کیا
دیو کرتا ہے ضلالت کی دعا — شیخ کرتا ہے ہدایت کی دعا
لوٹ تو اور قصہ قبطی کا کہو — اپنے باطن سے غبار کفر دھو

## سخت شدن کار بر قبطیان و شفاعت کردن فرعون

## مشکل ہونا کام کا قبطیون پر اور شفاعت چاہنا فرعون کی

چون بپایہ گشت آن امر شگون — نیل می آمد سراسر جملہ خون
جو وہ پے در پے ہوا امر عظیم — خون ہوا سب نیل بارے اے حکیم

سلہ نکلی الخ ۶ شعر تا موسےٰ سے بد دعا بیخود نکلی جو اُن کی انتہا انھون نے دیکھی یہ سب اعجاز اور کوشش کس واسطے ہیں جو یہ جماعت راستی نہ چاہے حکم ہو سنجا کہ پیروی نوح کی کر اور انتہا کی شرح مت پوچھ اے بشر انتہا کو مت دیکھ کہ تو دعوت کرنے والا ہے حکم ہو سنجا خالی بھید سے نہیں ہے ادنی حکمت اس دعا سے تیری ظاہر ہوگی وعجز و سرکشی تا ہدایت و ضلالت حق کی سب عاقل و دانا پر اب کھل جائے گی یعنی تو ہدایت مخلوق کی کر اور انتہا راز کی دریافت نہ کر بھید اس کا خود کھل جائیگا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سلہ جو غرض الخ ۳ شعر جو کہ غرض تخلیق سے اظہار تھا امتحان پند و اغوا سے کیا دیو ضلالت کی دعا کرتا ہے اور شیخ ہدایت کی دعا کرتا ہے تو لوٹ اور قصہ قبطی کا کہہ اور اپنے باطن سے غبار کفر کا دھو آگے قبطیون کا بیان ہے فافہم ۱۲

سلہ جو وہ الخ ۹ شعر جو وہ پے در پے امر عظیم ہوا نیل سب خون ہوا اے کلیم اللہ یہ غضب فرعون اپنی ذات سے آیا خوشامد کی اور اس بات سے جھکا میں سے تجھ کو کیا تو اے سلطان مت کر میرا کیا منہ ہے کہ حجت بات پر لاؤن میں نے تیرے حکم میں رخنے ڈالے تو سخت مت پکڑ کہ میں باعزت ہون تو اب لب ہلا رحمت سے تاکہ یہ دہان آتشین بند ہووے عرض کی کہ یارب وہ مجھے فریب دیتا ہے اس فریبندہ تیرے کو فریب دیتا ہے مین سنون یا مین بھی اسکو فریب دون تا وہ ظاہر شاخ جانے اصل غیب کو ہر حیلہ کی اصل میرے پاس ہے جو خاک پر ہے تو جو اس کی جز شاخ پر ہے حق نے فرمایا کہ وہ سگ اسکے لائق نہیں ہے آگے سگ کے ہڈی دور سے پھینک یعنی تو اس کو فریب مت دے وہ کُتا ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| تا بنفس خویش فرعون آمدش | لابه میگردد و تا گشته قدش | آیا تب فرعون اپنی ذات سے | کی خوشامد اور جھکا اس بات سے |
| کانچه ما کردیم اے سلطان مکن | نیست ما را روے ایراد سخن | جو کیا مین نے تو اے سلطان نکر | کیا مرا منھ لاؤن حجت بات پر |
| پاره پاره کردمت فرمان پذیر | من بعزت خوگرم سختم مگیر | مین نے رخنے ڈالے تیرے حکم مین | سخت مت پکڑے کہ با عزت ہون مین |
| هین بجنبان لب برحمت ای امین | تا ببند این دہان آتشین | لب ہلا رحمت سے اپنے اے امین | تا کہ بند ہو یہ دہان آتشین |
| گفت یارب می فریبد او مرا | می فریبد او فریبیده ترا | بولے یارب وہ مجھے دیوے فریب | اس فریبیدہ کو تیرے دے فریب |
| بشنوم یا من دہم آن خدعه اش | تا دواند اصل را آن فرع کش | مین سنون یا مین بھی دون اسکو فریب | تا وہ ظاہر شاخ جالے اصل |
| اصل ہر مکری و حیلت پیش ماست | ہرچه بر خاک است اصلش بر سماست | اصل ہر حیلے کی ہے میرے پاس ہے | خاک پر جو ہی جڑ اسکی چرخ ہے |
| گفت حق آن سگ نیرزد ہم بدان | پیش سگ انداز از دور استخوان | بولا حق وہ سگ نہ لائق اسکے ہے | آگے سگ کے پھینک ہڈی دور سے |
| ہین بجنبان آن عصا تا خاکہا | وا دہد ہرچه ملخ کردش ہبا | تو ہلا اپنا عصا تا خاک سے | پھر اُگے ٹیڑی نے کھایا جو کہ ہے |
| و آن ملخہا در زمان گردد سیاه | تا ببیند خلق تبدیل اله | ٹیڑیان ہون بھر کے اسدم سیاہ | تا کہ جانے خلق تبدیل اله |
| که سببہا نیست حاجت مر مرا | آن سبب بہر حجابست و غطا | کہ نہین حاجت سبب کی کچھ مجھے | وہ سبب ہین محض پردہ کے لیے |
| تا طبیبے خویش بر دارو زند | تا منجم رو به استاره کند | تا طبیعت اپنی دارو پر رکھے | تا منجم رو ستارہ پر کرے |
| تا منافق از حریصی بامداد | سوے بازار آید از بیم کساد | تا منافق حرص سے ہر صبح کو | سوے بازار آوے تا نقصان نہو |
| بندگی ناکرده و ناشسته رو | لقمهٔ دوزخ بگشته لقمه جو | بے کئے وہ بندگی بے دھوئے رو | لقمہ دوزخ کا ہوا وہ لقمہ جو |
| آکل و ماکول آمد جان عام | ہمچو آن بره چرنده از حطام | آکل و ماکول آئی جان عام | جیسے بھس کھائے وہ بکری صبح و شام |
| می چرد آن بره و قصاب شاد | که برائے ما چرد برگ مراد | چرتی ہے بکری و خوش قصاب ہے | کہ وہ چرتی خوب ہے میرے لیے |
| کار دوزخ می کنی در خوردنی | بہر او خود را تو فربه میکنی | کار دوزخ کرتا تو کھانے مین ہے | خود کو فربہ کرتا ہے اسکے لیے |
| کار خود کن روزی حکمت بچر | تا شود فربه دل با کر و فر | کام اپنا کر غذا حکمت کی کھا | تا کہ فربہ ہووے دل اس سے ترا |
| خوردن تن مانع این خوردنست | جان چو بازرگان و تن چون رہزنست | اس غذا کی مانع ہے تن کی غذا | جان تاجر تن ہے رہزن باطنا |

سلہ تو ہلا الخ ۶ شعر تو اپنا عصا ہلا تا خاک سے پھر اُگے جو ٹیڑی نے کھایا ہے اسدم سب ٹیڑیان مرکر سیاہ ہون تا کہ مخلوق جانے تبدیل خدا کی مجھے کچھ حاجت سبب کی نہین ہے وہ سبب محض پردے کے واسطے ہین یا طبیعت خود کو دارو پر رکھے و تا منجم رو ستارہ پر کرے تا منافق حرص سے ہر ایک صبح کو جانب بازار کے آئے تا کہ نقصان نہ ہووے بے بندگی کئے و بے منھ دھوئے لقمہ دوزخ کا ہوا وہ لقمہ جو آگے اسکے حقائق ہین یعنی فعل حق کو حاجت سبب کی نہین اور یہ سب محض پردے کے واسطے ہین آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ آکل و ماکول الخ ۷ شعر جان عوام کی اکل و ماکول آئی جیسے بکری بھس کھائے صبح و شام بکری چرتی ہے اور قصاب خوش ہے کہ وہ میرے واسطے خوب چرتی ہے کام دوزخ کا تو کھانے مین کرتا ہے کہ خود کو فربہ کرتا ہے اُسکے واسطے اپنا کام کر اور غذا حکمت کی کھا تا کہ دل تیرا اس سے فربہ ہووے اس غذا کی مانع تن کی غذا ہے کہ جان تاجر ہے اور بدن رہزن باطن مین ہے شمع تاجر کی چور وحشی ہوئی جان رہزن کی مثل ہیزم کے جلی خود کو گم نہ کر کہ تو ایک ہوش ہے اور باقی ہوش سب یہ دہ پوش ہین یعنی جہان مین جتنی شے پیدا ہوئی ہے سب آپس مین آکل و ماکول ہین پس تو غذا تن کی کم کر کہ غذا جان کی زیادہ ہووے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

شمع تاجر آن که هست افروخته — که بود در رهزن چو هیزم سوخته
خویشتن را گم مکن یاوه مکوش — که تو آن هوشی و باقی هوش پوش
وانکه هر شهوت چو خمر ست و چو بنگ — پردهٔ هوش ست و عاقل زو دنگ
خمر تنها نیست سر مستی هوش — هر چه شهوانیست بندد چشم و گوش
ترک شهوت کن اگر خواهی تو هوش — وانکه شهوت باز بندد چشم و گوش
آن بلیس از خمر خوردن دور بود — مست بود او از تکبر وز جحود
مست آن باشد که آن بیند که نیست — زر نماید انچه مس و آهنی ست
این سخن پایان ندارد موسیا — لب بجنبان تا برون آید گیا

شمع تاجر کی جو وہ روشن ہوئی — جان رہزن مثل ہیزم کے جلی
گم نہ کر خود کو کہ تو ہی ایک ہوش — اور باقی ہوش ہین سب پردہ پوش
جان ہر خواہش ہے مثل خمر و بنگ — ہوش کا پردہ وہ عاقل اس سے دنگ
مے نہین ہے صرف مستی در ہوش — جو ہر خواہش ہے حجاب چشم و گوش
چھوڑ خواہش کو اگر چاہے تو ہوش — بند کرتین خواہشین ہین چشم و گوش
تھا وہ میخواری سے بس ابلیس دور — تھا تکبر سے وہ مست اور پر غرور
مست وہ ہی کہ وہ دیکھے نیست کو — مثل تانبا لوہا دیکھے زر کو وہ
بات یہ بے انتہا ہی موسیا — لب ہلا تو تا کہ پیدا ہو گیا

## دعا کردن موسیٰ علیہ السلام و سبز شدن کشت

## دعا کرنا موسیٰ علیہ السلام کا اور سبز ہونا کھیتون کا اور برسنا پانی کا

همچنان کرد و هم اندر دم زمین — سبزه گشت از سنبل و حب ثمین
اندر افتادند در قوت آن نفر — قحط دیده مرده از جوع البقر
چند روزی سیر خوردند از عطا — آن دمی و آدمی و چارپا
چون شکم پر گشت و بر نعمت زدند — وان ضرورت رفت و طاغی آمدند
نفس فرعونیست هان سیرش مکن — تا نیارد یاد زان کفر کهن
بے تف آتش نگردد نفس خوب — تا نشد آهن چو اخگر هین مکوب

پس کیا ویسا زمین بھی اس گھڑی — سنبل و سبزہ سے تازہ تر ہوئی
پڑ گئے کھانے کے اندر وہ نفر — قحط سے جنکو کہ تھی جوع البقر
تھوڑے دن بخشش سے کھایا پیٹ بھر — ہو گئے سب سیر مردم جانور
جب بھرا پیٹ اور آسودہ ہوئے — اور ضرورت وہ گئی باغی بنے
نفس ہے فرعون پیٹ اسکا نہ بھر — تا نہ کفر اپنا کرے یاد اے بشر
نفس بے تیز آگ کے نے ہو نکو — تا نہ لوہا سرخ ہو مت کوٹ تو

۱؎ جان الخ ۶ شعر جان لے ہر ایک خواہش ہے مثل خمر و بنگ کے ہوش کا پردہ ہے اور عاقل اس سے دنگ ہے کچھ مے ہی سرور مستی و ہوش کی نہین ہے جو خواہش وہ چشم گوش کی حجاب ہے خواہش کو چھوڑ اگر تو ہوش چاہتا ہے کہ خواہشین چشم و گوش بند کرتی ہین اس میخواری سے ابلیس دور تھا بلکہ تکبر سے وہ مست اور پر غرور تھا وہ مست ہے کہ وہ نیست کو دیکھے اور مثل تانبا و لوہا دیکھے زر کو بات یہ بے انتہا ہے موسیا تو لب ہلا تا کہ گیاہ پیدا ہو یعنی تو اپنی خواہشات کو چھوڑ کہ با ہوش ہو کیونکہ خواہشات اندھا و بہرا کرتی ہین آگے دعا موسیٰ علیہ السلام کا بیان ہے فافہم ۱۲

۲؎ پس کیا الخ ۶ شعر یعنی ویسا کیا زمین بھی اس گھڑی پر سنبل و سبزہ سے تازہ تر ہوئی کھانے کے اندر پڑ گئے وہ نفر جن کو قحط کے مارے جوع البقر تھی تھوڑے دن بخشش سے پیٹ بھر کے کھایا سب جانور و مردم سیر ہو گئے جب پیٹ بھرا اور آسودہ ہوگئے وہ ضرورت گئی اور باغی ہوئے آگے اس کے حقائق ہین نفس فرعون ہے اس کا پیٹ مت بھر تا کہ اپنا کفر یاد نہ کرے نفس بغیر آتش تیز کے خشک نہ ہووے جب تک لوہا سرخ نہ ہووے اسے مت کوٹ یعنی نفس بغیر آتش عشق کے راستی پر نہین آتا ہے پس تو آتش عشق پیدا کر کہ تجھی نفس سے تجکو نجات ہووے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

بیجاعت نیست تن جنبش کنان ‏ آہن سرد ست میکوبی ازان
ور بنالد ور بگرید زار زار ‏ او نخواہد شد مسلمان ہوشدار
او چہ فرعون ست در قحط آنچنان ‏ پیش موسیٰ سر نہد لابہ کنان
چونکہ مستغنی شد او طاغی شود ‏ خر چو بار انداخت اسکیزہ زند
پس فراموشش شود چون رفت پیش ‏ کار او از آہ و زاریہاے خویش
سالہا مردے کہ در شہرے بود ‏ یک زمان کش چشم در خوابے رود
شہر دیگر بیند او پر نیک و بد ‏ ہیچ در یادش نیاید شہر خود
کہ من آنجا بودہ ام این شہر نو ‏ نیست آن من درین جایم گرو
بل چنان داند کہ خود پیوستہ او ‏ ہم درین شہرش بد ابداع و خو
چہ عجب گر روح موطنہاے خویش ‏ کہ بدستش مسکن و میلاد پیش
می نیارد یاد کاین دنیا چو خواب ‏ می فرو پوشد چو اختر را سحاب
چند نوبت آزمودی خواب را ‏ خواب دنیا را ہمان بین انتہا
خاصہ چندین شہرہا را کوفتہ ‏ گردہا از درگہ او ناروفتہ
اجتہاد گرم ناکردہ کہ تا ‏ دل شود صافی و بیند ماجرا

[1] تن نہین حرکت کرے بے بھوک کے ‏ کوٹتا ہے تو کہ لوہا سرد ہے
گر تو روئے یا بہت نالہ کرے ‏ وہ نہ ہوویگا مسلمان جان لے
مثل فرعون ہے وہ ایسے قحط سے ‏ آگے موسیٰ کے خوشامد بس کرے
جبکہ مستغنی ہو وہ باغی بنے ‏ مثل خر لاتین اُچھالے بے لدے
پس وہ اسکو بھول جائے لاکلام ‏ آہ و زاری سے جو گذرے اسکا کام
[2] شہر مین اک مرد رہوے سالہا ‏ خواب سے ہو آنکھ دم بھر آشنا
دوسرا اک شہر اسکو گر دکھے ‏ شہر اپنا کچھ نہ یاد آئے اُسے
کہ مین وان رہتا ہون میرا شہر ہے ‏ یہ نہین ہی شہر میرے ملک سے
بل یہ جانے کہ یہین رہتا ہون مین ‏ اور اسی بس شہر کا پیدا ہین ہون
کیا عجب گر روح اپنے وطن کو ‏ کہ ہوا مولد و مسکن اسکا وو
یاد نے لائے کہ دنیا مثل خواب ‏ ہی چھپائے جیسے اختر کو سحاب
آزمایا تمنے اکثر خواب کو ‏ خواب دنیا کو بھی یوہین جان لو
خاصکر شہرون مین تو اکثر پھرا ‏ گرد در اسکی کو نے دفع کیا
کی نہ کوشش تونے کامل بس کہ تا ‏ دیکھتا دل صاف ہو کر ماجرا

## بیان اطوار خلقت آدمی در فطرت ‏ بیان اقسام خلقت آدمی کا پیدائش مین

سر برون آرد دلش از بحر راز ‏ اول و آخر ببیند چشم باز
[3] دل نکلتا تیرا بحر راز سے ‏ اول آخر دکھتا چشم باز سے

سلہ تن نہین آلخ ۵ شعر تن حرکت نہ کرے بغیر بھوک کے تو کوٹتا ہو کہ لوہا سرد ہو اگر تو روئے یا بہت نالہ کرے وہ نفس مسلمان نہو گا وہ مثل فرعون کے ہے ایسے قحط سے آگے موسے کے خوشامد کرے جب کہ وہ مستغنی ہو باغی بنے اور مانند خر کے لاتین اُچھالے بغیر لدے پس اسکو بھول جائے ضرور کر جو آہ و زاری سے اسکا کام گذرے یعنی نفس آہ و زاری سے راستی پر نہین آتا ہو اگر اُسپر تنگی ہو خوشامد کرے جبکہ مستغنی ہو مثل خر کے لاتین اُچھالے و باغی بنے آگے اسکی مثال ہو فافہم ۱۲ سلہ شہر مین الخ ۹ شعر ایک مرد شہر مین برسون رہے اور ایک دم بھر آنکھ خواب سے آشنا ہووے اگر دوسرا ایک شہر اسکو دکھے اپنا شہر اسکو کچھ یاد نہین آئے کہ مین وہان رہتا ہون میرا شہر ہے اور یہ شہر میرے ملک سے نہین ہے بلکہ یہ جانے کہ مین یہین رہتا ہون اور اسی شہر کا مین پیدا ہون کیا عجب ہو کہ اگر روح اپنے وطن کو کہ مولد و مسکن وہ اسکا ہو یاد نہ لائے کہ دنیا مثل خواب کے چھپاتی ہو جیسے گھٹا ستارون کو تمنے اکثر خواب کو آزمایا ہے خواب دنیا کو بھی یون ہی ہین جان لو خاصکر تو شہرون مین اکثر پھرا اسکی گرد درگاہ کو دفع نہ کیا تو نے کامل کوشش نہ کی کہ دل صاف ہو کر ماجرا دیکھتا یعنی تو خواب دنیا مین ایسا غافل ہوا کہ اپنے وطن اصلی کو بھول گیا اور کوشش کامل نہ کی کہ تیرا دل صاف ہو کر ماجرا دیکھتا آگے اقسام آدمیون کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ دل نکلتا الخ ۵ شعر تیرا دل نکلتا دریاے راز سے اول و آخر دیکھتا کھلی آنکھ سے اول اقلیم جمادی مین گیا پھر جمادی سے خیالی مین پڑا برسون نباتی مین رہا مگر کچھ یاد جمادی سے نہ رہا جبکہ نباتی سے وہ حیوانی مین گیا کچھ نباتی سے اسکو یاد نہ رہا سواے رغبت کے کہ اسکی جانب رکھے خاصکر گل کی فصل مین آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲

آمده اول باقلیم جماد     وز نباتی و جمادی اوفتاد
سالها اندر نباتی عمر کرد     وز جمادی یاد ناورد از نبرد
وز نباتی چون بحیوانی فتاد     نامدش حال نباتی هیچ یاد
جز همان میلے که دارد سوے آن     خاصه در وقت بهار و ضیمران
همچو میل کودکان با مادران     سر میل خود نداند در لبان
همچو میل مفرط هر نو مرید     سوے آن پیر جوان بخت مجید
جزو عقل این از ان عقل کل ست     جنبش این سایه زان شاخ گل ست
سایه‌اش فانی شود آخر درو     پس بداند سر میل و جستجو
سایهٔ شاخ درخت ای نیکبخت     کی بجنبد گر نه جنبد این درخت
باز از حیوان سوے انسانیش     می کشد آن خالقی که دانیش
هم چنین اقلیم تا اقلیم رفت     تا شد اکنون عاقل و دانا و زفت
عقلهاے اولینش یاد نیست     هم ازین عقلش تحول کردنیست
تا رهد زین عقل پر حرص و طلب     صد هزاران عقل بیند بو العجب
گرچه خفته گشت و شد ناسی ز پیش     کی گذارندش دران نسیان خویش
باز از ان خوابش به بیداری کشند     که کند بر حالت خود ریشخند
که چه غم بود آنکه میخوردم بخواب     چون فراموشم شد احوال صواب
چون ندانستم که آن غم و اعتلال     فعل خوابست و فریبست و خیال

پہلے اقلیم جمادی مین گیا     پھر جمادی سے نباتی مین پڑا
برسون وه اندر نباتی کے رہا     کچھ نہ یاد اس کو جمادی سے رہا
جب نباتی سے وه حیوان مین گیا     کچھ نباتی سے نہ یاد اسکو رہا
جز وه رغبت کی کہ رکھے اسکے سو     خاصہ گل کی فصل مین انکی کچھ
ف۱ جیسے بچہ مان کی خود رغبت رکھے     بھید رغبت کا نہ جانے آپ سے
جیسے رغبت زیادہ رکھے نو مرید     پیر سے کہ ہے جوان بخت و سعید
جزو عقل اسکی اُس عقل کل سے ہے     جنبش اس سایہ کی شاخ گل سے ہے
سایہ اسکا فانی آخر اسمین ہو     جانے تب رغبت کی تو اسرار کو
سایہ شاخ نخل کا ای نیکبخت     کب ہلے گر نہ ہلے شاخ درخت
پھر اُسے حیوان سے انسانی کی سو     کھینچتا ہے حق کہ جانے جسکو تو
ف۲ ایسے ہی اقلیم تا اقلیم وه     بس گیا تا پہونچا درجہ عقل کو
پہلی عقلین جو نہین ہین یاد اُسے     ہے گذرنے والا ابھی اس عقل سے
تا یہ جائے عقل پر حرص و طلب     اور ہزارون عقل دیکھے بو العجب
گرچہ سویا بھولا اگلی عقل سے     چھوڑین کب اُس بھول مین اپنی اسے
پھر کرین بیدار اسکو خواب سے     کہ تمسخر حال پر اپنے کرے
کہ کیا غم تھا کہ کھاتا تھا بخواب     کس لئے مین بھولا احوال صواب
کیون نہین جانا کہ وه رنج و ملال     خواب کا ہے فعل اور مکر و خیال

ف۱ جیسے بچہ الخ ۶ شعر جیسے بچہ مان کی رغبت رکھے مگر بھید رغبت آپ سے نہ جانے جیسے رغبت نو مرید زیادہ رکھے پیر سے کہ جوان بخت سعید ہے اُس کی جزو عقل کل سے ہے جنبش اس سایہ کی شاخ گل سے ہے اُس کا سایہ فانی آخر اسمین ہو تب تو جانے رغبت کے اسرار کو سایہ شاخ نخل کا کب ہلے اگر شاخ درخت نہ ہلے پھر حیوان سے انسانی کی جانب کو حق کھینچتا ہے کہ جس کو تو جانے یعنی انسان سایہ حق کا ہے جو کہ سایہ حرکت بغیر اپنی اصل کے نہین کرتا ہے اسی طرح انسان بے حکم خدا حرکت نہین کرتا ہے آگے بیان اقسام خلقت انسان کا ہے فافہم ۱۲ ف۲ ایسے ہی الخ ۷ شعر ایسے ہی اقلیم سے اقلیم تک وه گیا تا پہونچا درجہ عقل کو جو اُس کو پہلی عقلین یاد نہین ہین اس عقل سے بھی گذرنے والا ہے تا یہ عقل پر حرص و طلب جائے اور ہزارون عقل بو العجب دیکھے اگرچہ سویا بھولا اگلی عقل سے کب چھوڑین اُس بھول اپنی مین اُسے پھر اس کو بیدار کرین خواب سے کہ اپنے حال پر تمسخر کرے وه کیا غم تھا کہ کھاتا تھا خواب مین کس واسطے مین بھولا احوال صواب کو کیون نہین جانا کہ وه رنج و ملال خواب کا فعل و مکر و خیال ہے یعنی انسان اول اقلیم جماد مین آیا و پھر نباتی مین آیا و پھر حیوان مین آیا و پھر انسان مین اسی طرح اقلیم بہ اقلیم منتقل ہو کر درجۂ عقل کو پہونچا پس پہلی عقلین اُسکو یاد نہین ہین اس عقل سے بھی گذرنے والا ہے یہ یاد کب رہے گی کس واسطے کہ دنیا خواب و خیال ہے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

همچنین دنیا که حلم نائم است / خفته پندارد که این خود قائم است
تا بر آید ناگهان صبح اجل / وا رهد از ظلمت ظن و دغل
خنده اش گیرد از آن غمهای خویش / چون ببیند مستقر و جای خویش
هر چه تو در خواب بینی نیک و بد / روز محشر یک بیک پیدا شود
آنچه کردی اندرین خواب جهان / گرددت هنگام بیداری عیان
تا نه پنداری که این بد کردنیست / اندرین خواب و ترا تعبیر نیست
بلکه این خنده بود گریه و نفیر / روز تعبیر ای ستمگر بر اسیر
گریه و درد و غم و زاری خود / شادمانی دان به بیداری خود
ای دریده پوستین یوسفان / گرگ برخیزی ازین خواب گران
گشته گرگان یک بیک خوهای تو / میدرانند از غضب اعضای تو
خون نخسپد بعد مرگت در قصاص / تو مگو که میرم و یابم خلاص
این قصاص نقد حیلت سازیست / پیش زخم آن قصاص این بازیست
این لعب خواندست دنیا را خدا / کاین جزا لعبیست پیش آن جزا
این جزا تسکین جنگ و فتنه است / آن چو اخصاء است این چون ختنه است
این سخن پایان ندارد موسیا / هین رها کن این خران را در گیا
تا همه زان خوش علف فربه شوند / هین که گرگان اند مارا خشم‌مند

یون ہی دنیا خفتگونکی خواب ہی / خفتہ جانے کہ یہ خود قائم رہے
ناگہان صبح اجل ہووے عیان / اور جائے ظلمت مکر و گمان
ان غمون سے بس ہنسی آئے تجھے / جب وطن اپنا تجھے ظاہر دکھے
خواب مین تو نیک و بد دیکھے ہی جو / حشر کے دن یک بیک ظاہر ہووو
خواب مین عالم کے جو تو نے کیا / وقت بیداری کے ہو وہ برملا
تو نہین سمجھا کہ اندر خواب کے / جو کیا اُس کی نہین تعبیر ہے
سلہ بلکہ یہ ہنسنا ہو دن تعبیر کے / اے ستمگر نالہ و گریہ تجھے
درد و غم اور گریہ و زاری تجھے / وقت بیداری کے ہو شادی تجھے
اے تو پھاڑے یوسفونکے پوست کو / خواب غفلت سے جو اُٹھے گرگ ہو
گرگ ہوئی ہین عادتین تیرے سبھی / تیرے اعضا پھاڑتے ہین خشم سے
خون نہ سوئیگا قصاص اندر ترا / بعد مرنے کے تو مت کہہ مین چھٹا
حیلہ سازی ہے دیت اندر قصاص / آگے ان زخمون قصاصی کے ہے خاص
سلہ اُس سے دنیا کو لعب کہوے خدا / اُس جزا آگے لعب ہے یہ جزا
یہ جزا تسکین فتنہ کے لئے / وہ ہے مثل خصی اور ختنہ یہ ہے
بات یہ بے انتہا ہے موسیا / ان گدھون کو چھوڑ دے اندر گیا
تا یہ اُس خوش گھاس سے فربہ بنین / کہ ہمارے خشمگین یہ گرگ ہین

## بیان آنکه خلق دوزخ گرسنگان

## بیان اسکا کہ خلق دوزخ کی بھوکی ہے

سلہ یون ہی آلخ ۶ شعر اسی طرح دنیا خواب خفتگون کی ہے خفتہ جانتا ہے کہ یہ خود قائم رہے گی ناگہان صبح اجل عیان ہووے اور ظلمت کرے گمان جاوے گی ان غمون سے ہنسی تجھے آئے جبکہ وطن تجکو ظاہر دکھے جو خواب مین تو نیک و بد دیکھے حشر کے روز وہ ایک ایک ظاہر ہووے جو تو نے خواب عالم مین کیا ہے وقت بیداری کے وہ ظاہر ہووے تو نہین سمجھا کہ خواب مین جو کیا اسکی تعبیر نہین ہے یعنی جو خواب مین کرتا ہے اُسکی تعبیر بیداری مین ظہور پکڑتی ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ ۵۲ بلکہ یہ ہنسنا آلخ ۶ شعر بلکہ یہ ہنسنا تعبیر کے دن نالہ و گریہ تجھے ہووے اور درد و غم و گریہ و زاری تجھے وقت بیداری کے شادی ہووے اے تو پھاڑتا ہے یوسفون کے پوست کو تو خواب غفلت سے اُٹھے تو تیری عادتین گرگ ہو گئی ہین ولیکن اعضا تیرے خشم سے پھاڑتے ہین تیرا خون قصاص مین ہوئیگا تو مت کہہ کہ مرنے کے بعد چھوٹ نا قصاص مین دیت حیلہ سازی ہے اُن زخمون قصاصی کے آگے یعنی جو خواب مین ہنستا ہے وہ بیداری مین روتا ہے پس تو اس خواب دنیا مین پر غم رہ کہ بعد مرگ کے خوشی ابدی ملے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ ۵۳ اس سے آلخ ۴ شعر اس سبب سے دنیا کو خدا کھیل کہتا ہے کہ اُس جزا کے آگے یہ جزا کھیل ہے یہ جزا تسکین ہے فتنہ کے واسطے وہ مثل خصی کے ہے اور یہ مانند ختنہ کی ہے یہ بات بے انتہا ہے اے موسیٰ ان گدھون کو اندر گھاس کے چھوڑ دے تاکہ یہ اُس گھاس کی خوشی سے فربہ بنین کہ یہ ہمارے گرگ خشمگین ہین آگے قول حق تعالی کا بیان ہے فافہم ۱۲

## و نالاندو از حق خواہان کہ روزیہاے مارا فربہ کن و بما برسان

## اور نالان ہے اور خدا سے چاہتی ہے کہ روزی ہماری کو موٹا کر اور ہمکو دے

نالۂ گرگان خود را موقنیم ۔ این خران را طعمۂ ایشان کنیم
این خران را کیمیای خوش دمی ۔ از لبِ تو خواست کردن آدمی
تو بسے کردی بدعوت لطفہا بود ۔ آن خران را طالع و روزی نبود
پس فرو پوشان لحاف نعمتی ۔ تا بروخسان زود خواب غفلتی
تا بجوشند از چنین خواب این رده ۔ شمع مرده باشد و ساقی شده
داشت طغیان شان ترا در حیرتی ۔ پس بنوشد از جزا ہم حسرتی
تا کہ عدلِ ما قدم بیرون نہد ۔ و ز جزا ہر زشت را در خورد ہد
کان شہی کہ می ندیدند اش فاش ۔ بود با ایشان نہان اندر معاش
چون خرد با تست مشرف بر تنت ۔ گرچہ زد قاصر بود این دیدنت
نیست قاصر دیدن آن ای فلان ۔ از سکون و جنبشت در امتحان
